وضاحتی کتابیات

وضاحتی کتابیات

اٹھارویں جلد

1995ء

مظفر حنفی

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

وزارتِ ترقی انسانی وسائل، حکومتِ ہند

ویسٹ بلاک۔1، آر. کے. پورم، نئی دہلی110066

پیش لفظ

انسان اور حیوان میں بنیادی فرق نطق اور شعور کا ہے۔ ان دو خداداد صلاحیتوں نے انسان کو نہ صرف اشرف المخلوقات کا درجہ دیا بلکہ اسے کائنات کے اُن اسرار و رموز سے بھی آشنا کیا جو اسے ذہنی اور روحانی ترقی کی معراج تک لے جاسکتے تھے۔ حیات و کائنات کے مخفی عوامل سے آگہی کا نام ہی علم ہے۔ علم کی دو اساسی شاخیں ہیں باطنی علوم اور ظاہری علوم۔ باطنی علوم کا تعلق انسان کی داخلی دنیا اور اس دنیا کی تہذیب و تطہیر سے رہا ہے۔ مقدس پیغمبروں کے علاوہ، خدارسیدہ بزرگوں، سچے صوفیوں اور سنتوں اور فکر رسا رکھنے والے شاعروں نے انسان کے باطن کو سنوارنے اور نکھارنے کے لیے جو کوششیں کی ہیں وہ سب اسی سلسلے کی مختلف کڑیاں ہیں۔ ظاہری علوم کا تعلق انسان کی خارجی دنیا اور اس کی تشکیل و تعمیر سے ہے۔ تاریخ اور فلسفہ، سیاست اور اقتصاد، سماج اور سائنس وغیرہ علم کے ایسے ہی شعبے ہیں۔ علوم داخلی ہوں یا خارجی ان کے تحفظ و ترویج میں بنیادی کردار لفظ نے ادا کیا ہے۔ بولا ہوا لفظ ہو یا لکھا ہوا لفظ، ایک نسل سے دوسری نسل تک علم کی منتقلی کا سب سے موثر وسیلہ رہا ہے۔ لکھے ہوئے لفظ کی عمر بولے ہوئے لفظ سے زیادہ ہوتی ہے۔ اسی لیے انسان نے تحریر کا فن ایجاد کیا اور جب آگے چل کر چھپائی کا فن ایجاد ہوا تو لفظ کی زندگی اور اس کے حلقۂ اثر میں اور بھی اضافہ ہوگیا۔

کتابیں لفظوں کا ذخیرہ ہیں اور اسی نسبت سے مختلف علوم و فنون کا سرچشمہ۔ قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کا بنیادی مقصد اردو میں اچھی کتابیں طبع کرنا اور انھیں کم سے کم قیمت پر علم و ادب کے شائقین تک پہنچانا ہے۔ اردو پورے ملک میں سمجھی جانے والی بولی جانے والی اور پڑھی جانے والی زبان ہے بلکہ اس کے سمجھنے، بولنے اور پڑھنے والے اب

ساری دنیا میں پھیل گئے ہیں۔ کونسل کی کوشش ہے کہ عوام اور خواص میں یکساں مقبول اس ہر دلعزیز زبان میں اچھی نصابی اور غیر نصابی کتابیں تیار کرائی جائیں اور انھیں بہتر سے بہتر انداز میں شائع کیا جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے کونسل نے مختلف النوع موضوعات پر طبع زاد کتابوں کے ساتھ ساتھ دوسری زبانوں کی معیاری کتابوں کے تراجم کی اشاعت پر بھی پوری توجہ صرف کی ہے۔

یہ امر ہمارے لیے موجب اطمینان ہے کہ ترقی اردو بیورو نے اور اپنی تشکیل کے بعد قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے مختلف علوم و فنون کی جو کتابیں شائع کیں ہیں، اردو قارئین نے ان کی بھرپور پذیرائی کی ہے۔ کونسل نے اب ایک مرتب پروگرام کے تحت بنیادی اہمیت کی کتابیں چھاپنے کا پروگرام شروع کیا ہے، یہ کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جو امید ہے کہ ایک اہم علمی ضرورت کو پورا کرے گی۔

اہلِ علم سے میں یہ گزارش بھی کروں گا کہ اگر کتاب میں انھیں کوئی بات نادرست نظر آئے تو ہمیں لکھیں تاکہ جو خامی رہ گئی ہو وہ اگلی اشاعت میں دور کردی جائے۔

ڈاکٹر محمد حمیداللہ بھٹ
ڈائرکٹر
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارتِ ترقیِ انسانی وسائل، حکومتِ ہند، نئی دہلی

سید اشفاق احمد ہاشمی

محمد منصور

محمد شکیل

اور

خالد ندیم

کے نام

جن کا وجود ہے مری تکمیل کی طرح

مقدمہ

1995 میں ہمارے ملک میں اردو کی کتابیں پچھلے دس برسوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ شائع ہوئیں۔ صورتِ حال کی وضاحت مندرجہ ذیل گوشوارے پر نظر ڈالنے کے بعد ہو جائے گی۔

اس برس چھپنے والی اردو کتابیں :

(1)	ادبی تنقید و تحقیق	157
(2)	شاعری	128
(3)	ناول/داستان	59
(4)	افسانہ/لوک کتھا	49
(5)	ڈراما	8
(6)	انشائیہ/خاکہ/مضمون	18
(7)	سوانح/انٹرویو/یادداشت	50
(8)	سفرنامہ/رپورتاژ/مکتوبات	14
(9)	زبان	36
(10)	تاریخ/تہذیب/سیاسیات	40
(11)	تعلیم	14
(12)	سائنسی علوم	21
(13)	مذہبیات	91
(14)	ادبِ اطفال	54

(15)	درسیات	58
(16)	متفرقات	11
	کل میزان	808

دس سال پہلے یعنی 1985 میں کل 652 کتابیں شائع ہوئی تھیں جن کے مقابلے میں امسال تنقید و تحقیق کی باسٹھ، شاعری کی انچاس، ڈرامے کی گیارہ، سوانح عمریوں کی تیرہ، مذہبیات کی چودہ، ادبِ اطفال کی پچیس اور درسیات کی پندرہ کتابیں زیادہ چھپی ہیں۔ البتہ ناولوں کا گراف خاصا گر گیا ہے یعنی 1985 کے مقابلے میں اس برس ہماری زبان میں ننانوے ناول کم چھپے ہیں۔

کتابیاتی منصوبے کی تکمیل کے آخری مرحلے پر اخبارات اور رسائل میں اپیلیں اور اعلانات شائع کیے گئے اور فرداً فرداً اردو کے بڑے ناشرین نیز دیگر اداروں کو خطوط لکھے گئے کہ اپنی مطبوعات سے متعلق جانکاری ارسال کریں تاکہ کتابیات میں ان کے اندراجات کی شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان اپیلوں کے ردِ عمل میں زیادہ تر جانکاریاں سرکاری اور نیم سرکاری اشاعتی اداروں کی جانب سے موصول ہوئیں۔ دس پندرہ مصنفین نے بھی مطلوبہ معلومات فراہم کیں، جن کی بنا پر ان کتابوں کے بارے میں مزید تصدیق و توثیق کرنے میں سہولت ہوئی لیکن کچھ مطبوعات تک ہماری دسترس مصنفوں کی فراہم کردہ جانکاری کے باوجود نہیں ہو سکی۔ ان کے سلسلے میں دوبارہ متعلقہ صاحب کتاب سے گزارش کی گئی کہ کتاب کے Imprint Page اور فہرست مضامین کی زیراکس (Xerox) کاپی ارسال کریں۔ بعض جگہوں سے اس فرمائش کی تکمیل نہیں کی گئی چنانچہ ان غیر مصدقہ مطبوعات کے کتابیات میں مندرج کرنے کا کوئی جواز نہیں تھا۔ امید ہے ان کے مصنفین اس اصولی معذوری کے پیش نظر کبیدہ خاطر نہ ہوں گے۔

مندرجہ ذیل اداروں نے اپنی مطبوعات کے بارے میں مطلوبہ معلومات کتابیات کے لیے فراہم کیں:۔

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک منڈل (پونے)، بہار ٹکسٹ بک کارپوریشن (پٹنہ)، مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم (بھوپال)، کرناٹک اسٹیٹ اردو اکیڈمی (بنگلور)، ہریانہ اردو اکادمی (پنچکولہ)، مدھیہ پردیش اردو اکیڈمی (بھوپال) اور دہلی اردو اکیڈمی میں اداروں کا اور ان کے متعلقہ عہدیداروں کا صمیم قلب سے شکر گزار ہوں کہ ان کی معاونت نے اس دشوار کام کو قدرے آسان بنایا۔

کشمیری لال ذاکر (پنچکولہ) جناب غلام نبی مومن (پونہ) ارشد اللہ (دہلی) محمد خلیل (کلکتہ) محمد منصور (پونہ) رفعت سروش (نوئیڈا) وقیع احمد (بھوپال) ڈاکٹر عبدالغفار شکیل (گلبرگہ) اقبال احمد (کلکتہ) بھی میرے شکریے کے حق دار ہیں کہ کسی نہ کسی نہج سے اس کام میں معاون ہوئے۔ اعانت کے لیے تہہ دل سے ڈاکٹر محبوب راہی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ عزیزی فضیل مظفر نے حسبِ دستور بھرپور مدد کی۔ ان کے لیے دعائیں۔

مظفر حنفی

(پروفیسر اقبال چیئر، کلکتہ یونی ورسٹی)

17/نومبر 2000

D/40 بٹلہ ہاؤس

نئی دہلی-25

فہرست

1- ادبی تنقید و تحقیق

2- شاعری

3- ناول

4- افسانہ / لوک کتھا

5- ڈراما

6- انشائیہ / خاکہ / مضمون

7- سوانح / انٹرویو / یادداشت

8- سفرنامہ / رپورتاژ / مکتوبات

9- زبان

10- تاریخ / تہذیب / سیاسیات

11- تعلیم

12- سائنسی علوم

13- مذہبیات

14-ادب اطفال

15- درسیات

-3	اردو قاعدہ مع انتخاب نثر و نظم	ہارون ایوب	375
-4	اردو کی پہلی کتاب 1	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	376
-5	اردو کی کتاب 2	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	376
-6	اردو کی کتاب 3	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	376
-7	اردو کی کتاب 5	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	377
-8	اردو کی کتاب 6	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	377
-9	اردو کی کتاب 7	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	378
-10	اردو کی کتاب 8	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	378
-11	اردو کی نئی کتاب	محمد صابرین، فرحت حسین	378
-12	ارمغان حجاز	اقبالؔ	379
-13	امکان	ابوبکر صدیقی	379
-14	انتخاب منظومات (حصہ دوم)	محمود الٰہی وغیرہ	380
-15	انتخاب نثر (حصہ اوّل)	اتر پردیش اردو اکادمی	380
-16	اندھ وشواس بڑے کام	رام کمار	380
-17	انڈین ہسٹری	ہارون الرشید، ریاض افضل	381
-18	انشا اور معلومات (سوم)	متین طارق	381
-19	اے کمپلیٹ بک آف لائف سائنس	خورشید اقبال	382
-20	بال جبریل	اقبال	382
-21	پرائمری تاریخ	محمد ابوحسن انصاری	382
-22	پرائمری لائف سائنس	محمد ابوحسن انصاری	383
-23	پڑھی لکھی عورت کی کہانی	راج پال	383
-24	تاریخ	ایم. ایم. افتخار حسین حسینی	384
-25	تاریخ	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	384
-26	تاریخ و جغرافیہ	مغربی بنگال اسکول آف ایجوکیشن	385

-27	تدریسی متن انتخاب نظم ونثر	سلیم رضوی	385
-28	جدید فزیکل سائنس	مختار عالم	385
-29	جغرافیہ	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	386
-30	جمہوری نظام	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	386
-31	جوہی ٹیبل بک	ایم عالم	386
-32	رہبر اردو خوشخطی	عثمانیہ بک ڈپو	387
-33	رہبر طلبہ	خواجہ عمر	387
-34	ریاضی	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	388
-35	سائنس	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	388
-36	سلیس اردو	اسد الزماں	388
-37	سونو ٹیبل بک	فیروز عالم	389
-38	شاہکار نظم	نذیر احمد	389
-39	صدف اردو	قیصر شمیم	389
-40	عام معلومات	منظور الحسن ہاشمی	390
-41	قدیم اردو نظم	فہمیدہ بیگم	390
-42	گاؤں کا مسیحا	رام کمار	391
-43	گولڈن جغرافیہ	ایم اسلم	391
-44	گھر گھر علم سے روشن ہو	راج پال	392
-45	لازمی نصاب	اترپردیش اردو اکادمی	392
-46	لائف سائنس	جاوید صدیقی	392
-47	مطالعہ ماحولیات (درجہ پنجم)	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	393
-48	مطالعہ ماحولیات (درجہ ششم)	مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم	393
-49	معیاری ادب: انتخاب نظم ونثر	سلیم رضوی	394
-50	نیچرل سائنس (دوسرا حصہ)	مغربی بنگال اسکول ایجوکیشن	394

16- متفرقات

1-ادبی تنقید و تحقیق

آبشار ادب

مصنف : ایم۔ آئی۔ ساجد

ناشر : مصنف، کھام گاؤں

قیمت : چھبیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 132 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

مصنف کے چودہ علمی، ادبی، تنقیدی اور تحقیقی مضامین مختلف عنوانات کے تحت شامل کتاب ہیں۔ چند کے عنوانات ہیں۔ اقبال کا انسان کامل، اردو میں افسانہ، شعرائے برار کا مختصر جائزہ، اردو میں اولیت کا مسئلہ وغیرہ ابتدائی صفحات پر ڈاکٹر خواجہ علی نجم کا مقدمہ، نور احمد میرٹھی کا پیش لفظ، ایڈووکیٹ لیٹین مومن کی دو باتیں اور صابر براری کی مصنف کے بارے میں رائے شامل ہیں۔

کتاب کی اشاعت میں فخر الدین علی احمد میموریل اردو کمیٹی لکھنؤ کا مالی تعاون شامل ہے۔

آغا شاعر قزلباش دہلوی
شخصیت و شاعری

مصنف : سید فیضان حسن

ناشر : مصنف، دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اپنے عہد کے مشہور ادیب و شاعر آغا شاعر قزلباش دہلوی کی شخصیت وشاعری کے جائزے پر مشتمل ہے۔

اس میں آغا شاعر کی شاعری کا مطالعہ مختلف اصناف کے حوالے سے کیا گیا ہے۔ نیز ان کے منظوم تراجم قرآن حکیم کا منظوم ترجمہ اور رباعیات عمر خیام کے منظوم ترجمہ کا بھی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

کتاب اردو اکادمی دہلی کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

آنند نرائن ملاّ شاعر اور دانش ور

ناشر : غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب مارگ، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 148 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

آنند نرائن ملاّ کی شخصیت اور ان کے فن سے متعلق مختلف اہل قلم نے اس کتاب کے لیے مضامین قلمبند کیے ہیں۔ چند کے نام درج کیے جاتے ہیں:۔

خلیق انجم، آل احمد سرور، مسعود حسین، امیر حسن عابدی، عمر انصاری، کمال احمد صدیقی، ولی الحق انصاری، علی رضوان انصاری، آصفہ زمانی، ایم حبیب خاں وغیرہ۔ کتاب کے لیے پیش لفظ نذیر احمد نے لکھا ہے۔

آوارہ گرد اشعار

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 106 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں قاضی عبدالودود نے اردو کے ان اشعار کو تلاش کیا ہے اوران کے بارے میں اظہار خیال کیا ہے جن کے خالقوں کے بارے میں عام طور پر لوگوں کو علم نہیں ہے۔
کتاب میں ضمیمے بھی شامل ہیں

آئینۂ غالب

غالب 'آج کل' میں

مرتب : ادارہ آج کل

ناشر : ڈائرکٹر پبلی کیشنز ڈویژن، وزارت اطلاعات و نشریات حکومت ہند، نئی دہلی

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 262 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

'آج کل' (اردو) میں شائع ہونے والے غالبیات سے متعلق مضامین کو اس کتاب میں یکجا کر دیا گیا ہے۔ کتاب میں شامل مضامین کی تعداد بائیس ہے ان کے مصنفین ہیں:

حمید احمد خاں، محمد عتیق، اثر لکھنوی، خواجہ احمد فاروقی، امتیاز علی عرشی، قاضی عبدالودود، تنویر احمد علوی، محمد حسن، غلام رسول مہر، مالک رام، عطاکاکوی، عبادت بریلوی، وجاہت علی سندیلوی، مرزا جعفر حسین وغیرہ۔

اپٹا اور اردو ڈراما

مصنف : محمد شاہد رزمی

ناشر : تخلیق کار پبلشر کوچہ دکنی رائے، دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

شاہد رزمی کی زیر نظر کتاب ڈرامے کی تنقید پر مشتمل ہے بطور خاص 'اپٹا' کیا اردو ڈراما سے متعلق کارکردگیوں کو اُجاگر کیا گیا ہے۔

احتساب

مصنف : وجیب الرحمٰن

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولا مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

وجیب الرحمٰن کی زیر نظر کتاب میں ان کی تنقیدی نگارشات شامل ہیں۔ کتاب میں "ادب، زندگی اور سیاست" "ترقی پسند شاعری" "نئی اردو شاعری" "تکنیکی اسلوب اور کلامِ اقبال" "اختر الایمان کی شاعری" "واہی کی مزاحیہ شاعری اور واقعیت پسندی" کے عنوانات پر مشتمل تنقیدی مضامین شامل ہیں۔

احتشام حسین حیات، شخصیت اور کارنامے

مصنف : فداء المصطفےٰ فدوی

ناشر : مصنف، ناگپور

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 336 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

یہ مصنف کا پی ایچ ڈی کا مقالہ ہے۔ جس پر ناگپور یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کی سند تفویض کی ہے۔ یہ مقالہ گیارہ ابواب پر مشتمل ہے۔ جن میں پہلا مقدمہ، دوسرا احتشام حسین کی سوانح شخصیت اور کردار، تیسرا ان کی تنقید نگاری، چوتھا تبصرہ نگاری پانچواں علم لسانیات، چھٹا ان کی تصنیف ساحل اور سمندر کا تجزیہ، ساتواں شاعری، آٹھواں افسانہ نگاری، نواں ڈرامہ نگاری اور دسواں مکتوب نگاری ہے گویا احتشام حسین کی مکمل زندگی اور کارناموں کا احاطہ ان ابواب میں کرلیا

گیا ہے۔ گیارہواں باب کنایات پر مبنی ہے۔ یہ کتاب مہاراشٹر اردو اکادمی کے مالی اشتراک سے شائع ہوئی ہے۔

ادب کی آبرو

مصنف : دیوندر اسرؔ
ناشر : پبلشرز اینڈ ایڈورٹائزرز، جے 16 کرشنا نگر، دہلی 51
قیمت : ستتر روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

دیوندر اسرؔ کے مضامین پر مشتمل زیر نظر کتاب ''نئی صدی کی دہلیز'' سے شروع ہوتی ہے۔ اس کے بعد سوالات اور شبہات کے تحت ''ادب کی آبرو'' کے عنوان سے ایک طویل مضمون شامل ہے۔ مابعد جدیدیت کے تحت چار مضامین، مابعد جدیدیت کا منظر نامہ، تحریر ثانی، وغیرہ شامل اشاعت ہیں۔

ادبیات فارسی

مرتب : ادارہ
ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ
قیمت : ایک سو روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب۔ دیانرائن نگم کے رسالہ ''زمانہ'' کانپور 1903 سے 1942 تک کے شماروں سے انتخاب پر مشتمل ہے اس میں اٹھارہ مضامین شامل ہیں۔ تین مضامین خسرو سے متعلق اور دو حافظ شیرازی سے متعلق ہیں۔ اس کے علاوہ ابوسعید ابوالخیر، عمر خیام، مرزا بیدل، رومی، عراقی، مخفی، پورداؤ، فارسی کے ہندو شعرا سے متعلق تین مضامین اور ایک مضمون لطائف شعرائے عجم کے عنوان سے اسلم جیراجپوری کا لکھا ہوا ہے۔ مقالہ نگاروں میں پروفیسر محمد اسحاق، سید مقبول

حسین احدپوری، مولانا کیفی چریاکوٹی، حامد حسن قادری وغیرہ ہیں۔

ادبی تجزیے

مصنف : صابر سنبھلی

ناشر : پبلشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : سولہ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 272 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ. تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

'ادبی تجزیے' صابر سنبھلی کے تنقیدی و تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے جس میں شامل مقالات اردو ادب کے مختلف مسائل اور مراحل پر روشنی ڈالتے ہیں۔

ادبی نثر کا ارتقاء

مصنف : شہناز انجم

ناشر : مصنف، 1747، فرسٹ فلور، میر جملہ لین، لال کنواں، دہلی 6

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 372 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں شمالی ہند میں اردو کی ادبی نثر کے ارتقا سے متعلق تفصیلات شامل ہیں۔ اس میں اردو نثر کا آغاز و ارتقاء، داستانی ادب، مکتوباتی ادب، صحافتی ادب جیسے عنوانات کے تحت مباحث چھیڑے گئے ہیں۔ یہ دراصل مصنفہ کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر انہیں جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض کی تھی۔

اردو ادب اور جدیدیت

مرتب : شمع افروز زیدی

ناشر : بیسویں صدی پبلی کیشنز، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : تین سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 416 صفحات، اڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب دو حصوں (نظریاتی بحث اور تجزیاتی مطالعے) پر مبنی ہے۔ نظریاتی بحث میں تیرہ مضامین اور تجزیاتی مطالعے میں 14 مضامین شامل کیے گئے ہیں۔ اہم لکھنے والوں میں مجنوں گورکھپوری، آل احمد سرور، مظفر حنفی، انور سدید، وحید اختر، عمیق حنفی، گوپی چند نارنگ، وغیرہ شامل ہیں۔ کتاب کی اشاعت میں فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کا مالی تعاون شامل ہے۔

اردو افسانے کے ابتدائی نقوش

ایک تنقیدی جائزہ

مصنف : فیاض رفعت

ناشر : ایم۔ عالم۔ پبلشنگ ہاؤس 175 موتی شاہ روڈ، بمبئی، 27

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد ضخامت 120 صفحات، اڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ کتاب کے عنوان سے ظاہر ہے اور اسی عنوان کا ایک مضمون، اردو افسانے کے ابتدائی نقوش، بھی شامل کتاب ہے۔ اس میں اردو افسانے کے آغاز اور امکانات پر مختلف عنوانات کے تحت پندرہ مضامین شامل ہیں۔ چند عنوانات اس طرح ہیں۔ (1) مشرق میں افسانے کی روایت (2) قدیم سنسکرت قصے (3) مغرب میں افسانے کی روایت (4) یونان میں قصے کی روایت (5) اردو میں قصہ نگاری کی روایت۔ اس کے علاوہ رانی کیتکی، طلسم ہوشربا، بوستان خیال وغیرہ سے مثالیں دے کر مستقبل کے امکانات اور جدید حقیقت پسندانہ ادب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ابتدائی صفحات میں احوال واقعی کے تحت مصنف کا سوانحی خاکہ اور سخن مختصر کے تحت کتاب کے محرکات پر خود مصنف نے پیش لفظ کے بطور روشنی ڈالی ہے۔

کتاب کی اشاعت میں مہاراشٹر اردو اکادمی کی جزوی مالی اعانت شامل ہے۔

اردو تنقید کا ارتقا

مصنف : عبادت بریلوی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، مسلم یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 480 صفحات، ایڈیشن پہلا (جدید)، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اردو تنقید سے متعلق ہے۔ اس کتاب کو نو ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باب اول میں فن تنقید پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔ دوسرے باب میں اردو کی قدیم روایات تنقید کی تفصیل ہے۔ تیسرے باب میں غدر کے بعد نئے خیالات اور نئے حالات کے زیر اثر جو تنقید شروع ہوئی اس کا ذکر ہے۔ چوتھے باب میں نقادوں کی تنقیدی بصیرت کا احوال ہے۔ پانچویں باب میں تحقیق و تنقید کے رابطے، چھٹا اور ساتواں باب اردو تنقید پر مغرب کے اثر سے متعلق ہیں۔ آٹھویں باب میں تنقید کے جدید رجحانات اور نویں باب میں ادبی تاریخوں اور رسالوں کی تنقید کا بیان ہے۔

کتاب کا مقدمہ مولوی عبدالحق نے لکھا ہے۔ یہ کتاب پہلے پاکستان میں شائع ہو چکی ہے۔

اردو تنقید کے نئے دبستانی ابعاد

مصنف : نیلو فر مرتضیٰ

ناشر : مصنفہ، 36/بی۔ بنیاپوکھر روڈ، کلکتہ 14

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 252 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اردو تنقید کی توضیح و جائزے پر مشتمل ہے جو آٹھ ابواب پر پھیلی ہے۔

ان میں اردو تنقید کا آغاز، رومانی، جمالیاتی، تاثراتی، نفسیاتی، مارکسی، تنقیدوں اور نقادوں کی کارکردگی کا مفصل جائزہ اور تنقید کے نئے رجحانات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ نیلوفر کے اسی مقالہ پر کلکتہ یونیورسٹی نے پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض کی تھی۔

اردو تھیٹر: کل اور آج

مصنف : مخمور سعیدی، انیس اعظمی

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 276 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب دہلی اردو اکادمی کے اردو تھیٹر سمینار میں پیش کردہ مضامین اور مباحث پر مبنی ہے۔ اس میں اردو تھیٹر کی ابتداء اور اس کی عہد بہ عہد صورت حال کا تفصیلی ذکر، تھیٹریکل کمپنیوں اور تھیٹر سے وابستہ ڈرامانگاروں کے کوائف شامل ہیں۔

اردو جرائد

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 66 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ خدابخش لائبریری میں ایک صدی سے محفوظ جریدوں سے متعلق معلومات کا ذخیرہ ہے جس میں ان پندرہ روزہ، ہفت روزہ اور سہ روز جرائد کی فہرستیں شائع کی گئی ہیں۔ جو خدابخش لائبریری میں جمع ہوگئے ہیں۔

اردو ڈراما (تاریخ و تنقید)

مصنف : عشرت رحمانی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 400 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں عہد آغاز سے دور حاضرہ تک اردو ڈراما نگاری و فنِ تمثیل کا تنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ کتاب 14 ابواب میں پھیلی ہوئی ہے جن کی تفصیل یہ ہے:۔

ڈراما کا فنی کردار۔ ڈراما کے عناصر ترکیبی، ڈراما اور تھیٹر، بر صغیر ہندوپاک میں ڈراما، اردو ڈراما کے اجزائے ترکیبی، اردو ڈراما پیدائش اور تربیت، اردو ڈراما اور تھیٹر بنگال میں، اردو ڈراما اور تھیٹر بمبئی میں، اردو ڈراما کی تدریجی ترقی، اردو تھیٹر ترقی کے میدان میں، اردو ڈراما نگاری پر ایک نظر، عبوری دور، ادبی ڈراما اور ایکانکی کھیل، اردو ڈراما نگاری۔ علاوہ ازیں فریاد کی لے، کے عنوان سے مصنف نے اردو ڈراما پر مقدمہ قلمبند کیا ہے۔

اردو سفر ناموں کا تنقیدی مطالعہ

مصنف : خالد محمود

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی

قیمت : دوسو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 327 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کا پی ایچ ڈی کے لیے تحریر کردہ مقالہ ہے جس کے نگراں مظفر حنفی تھے۔ اس کتاب کو پانچ ابواب میں بانٹا گیا ہے، جس کے عنوان اس طرح ہیں:۔

(پہلا باب) سفر اور اس کی اہمیت۔ (دوسرا باب) سفر نامے کا فن اور تاریخی ارتقا (تیسرا باب) اردو سفر نامے کا ابتدائی دور آغاز سے انیسویں صدی کے اختتام تک (چوتھا باب) اردو میں سفر نامہ 1900 سے 1947 تک (پانچواں باب) عصر حاضر میں اردو سفر ناموں کی سمت و رفتار کا جائزہ۔

یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی اشتراک سے شائع ہوئی ہے۔

اردو شاعری میں قومی یکجہتی کے عناصر

مصنف : مجاور حسین

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 472 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب انیس ابواب پر مشتمل ہے اس کے اہم عنوانات میں قومی تہذیب اور اس کا ارتقاء، دبستان دہلی۔ مشترک جذبات کی ترجمانی، غیر ملکی اثرات اور قوم پرستی، جہد آزادی اور وحدت پسند جذبات، وغیرہ ہیں۔

اردو شعر وادب: چند مطالعے

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 330 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ان مضامین کا مجموعہ ہے جو قدیم شعراء کے دواوین، احوال، کارناموں سے متعلق قاضی عبدالودود نے لکھے تھے۔ ان میں کچھ بہار کے شعراء اور کچھ قدیم، متوسط، عہد جدید کے نثر نگاروں کے مطالعات شامل ہیں۔

اردو غزل

مرتب : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب 1940 کے شعراء کے کلام پر بطور تنقید لکھی ں ہے۔ جس میں 1940 کے شعراء کی غزلوں پر کلیم الدین احمد، آل احمد سرور، مجنوں گورکھپوری، دین محمد تاثیر اور نیاز فتح پوری کے تنقیدی مضامین شامل ہیں۔

اردو غزل کے نشتر

مصنف : مسعود حسین

ناشر : غالب بک سنٹر، غالب اکیڈمی، حضرت نظام الدین نئی دہلی 13

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"اردو غزل کے نشتر" میں قلی قطب شاہ سے میر تقی میر تک کی کہانی قلمبند کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ "دکنی غزل" سے متعلق مفصل مضمون اور مبارک آبرو، حاتم، میر درد وغیرہ کے اوصاف اور نمونہ غزل شامل اشاعت ہیں۔

اردو غزل گجرات میں

مصنف : ظہیر الدین مدنی

ناشر : ساہتیہ اردو کادمی، حکومت گجرات، گاندھی نگر

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 226 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں گجرات میں کہی گئی اردو غزلوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس میں دکن کی غزل ولی سے قبل کا جائزہ، نمونہ کلام گجرات ودکن، ولی کے شاگرد وہمعصروں کا نمونہ کلام اور وہاں کی غزلوں کے ارتقائی سفر کا محاکمہ عہد بہ عہد کیا گیا ہے۔

اردو غزل میں شاہد بازی

مصنف : ظہور شہوار اظہر

ناشر : گلشن پبلشرز سرینگر

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب پانچ حصوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ پہلے حصے میں فارسی شاعری تیسری صدی سے دسویں صدی ہجری تک کا جائزہ لیا گیا ہے۔ دوسرے حصے میں دلی کے معاشرے میں شاہد بازی کا تجزیہ کیا گیا ہے اور اردو غزل میں اس کے عمل دخل پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرے حصے میں 'المجاز قنطوۃ الحقیقت' کے عنوان کے تحت صوفیوں کے دبستانوں کا جائزہ ہے۔ چوتھے حصے میں آبرو، قائم، میر، غالب، مصحفی کے کلام میں شاہد بازی کا مجمل جائزہ شامل ہے اور پانچویں حصے میں ان اصطلاحات کا تجزیہ کیا گیا ہے جو غزل میں شاہد بازی سے متعلق مستعمل ہیں۔

اردو غزل میں علامت نگاری

مصنف : انیس اشفاق

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 384 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مصنف نے اردو غزل میں علامت نگاری کا تاریخی تنقیدی اور تجزیاتی جائزہ پیش کیا ہے:۔ علامت کیا ہے، اور کیونکر بنتی ہے، اظہار میں علامت کی اہمیت اور دائرہ عمل، اردو شاعری کا علامتی نظام، فارسی روایت سے استفادہ اور اس کے حدود، فارسی روایت سے انحراف اور اس کی توسیع، اردو کے چند نمائندہ شاعروں کا تصور علامت۔

کتاب کے آخر میں کتابیات اور اشاریہ بھی شائع کر دیا گیا ہے۔

اس کا پیش لفظ محمود الٰہی نے قلم بند کیا ہے۔

اردو قصیدہ نگاری

مصنف : اُم ہانی اشرف

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن نیا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں قصیدہ کے فن اس کی تاریخ، ادبی اہمیت، اس کے آغاز وارتقاء عروج زوال، اور اس کی موجودہ صورتِ حال پر مضامین کے علاوہ سودا سے محسن کاکوری تک چھ بڑے قصیدہ نگاروں کے بارے میں حالی سے لے کر موجودہ مشاہیر ادب کی نگارشات کو یکجا کر دیا گیا ہے۔

اس کا ابتدائیہ مرتب نے قلم بند کیا ہے۔

اردو قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ

مصنف : محمود الٰہی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : بتیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 488 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کے پی ایچ ڈی کے مقالے کی مطبوعہ شکل ہے۔ یہ کتاب مختلف یونیورسٹیوں کے نصاب میں بھی شامل ہے۔ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔

قصیدہ صنف سخن کی حیثیت سے۔ عربی اور فارسی قصیدے۔ اردو قصیدہ نگاری کا

ابتدائی دور۔ شمالی ہند میں قصیدہ نگاری کا ابتدائی دور۔ سودا کی قصیدہ نگاری۔ متوسطین کی قصیدہ نگاری، قصیدہ نگاری کا آخری عہد۔ قصیدہ نگاری: 1857 کے بعد ادبی صنف کی حیثیت سے اس کا مرتبہ آخر میں کتابیات بھی شائع کردی گئی ہے۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1983 میں شائع ہوا تھا۔

اردو کا علامتی افسانہ

مصنف : مجید مضمر

ناشر : مصنف، سری نگر

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 212 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

جدیدیت کے زیر اثر اردو میں علامتی افسانے کا رواج ہوا۔ اس کتاب میں ان علامتی افسانوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ سب سے پہلے ادب اور علامت کی ہم رشتگی سے بحث کی گئی ہے۔ بعد ازاں اردو افسانہ میں علامتی برتاؤ کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس کے بعد مختلف ابواب میں قرۃ العین حیدر، انتظار حسین، انور سجاد کی افسانہ نگاری میں علامت کے عمل دخل کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ کتاب کا دیباچہ حامدی کاشمیری نے لکھا ہے۔

اردو کے چند نامور ادیب اور شاعر

مصنف : حامد اللہ ندوی

ناشر : ماڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولہ مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : دو سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 312 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

کتاب مصنف کے سولہ مضامین پر مشتمل ہے۔ سید سلیمان ندوی، قاضی عبدالغفار، احتشام حسین، یونس اگاسکر، گوپال متل، فیض، جاں نثار اختر، کیفی اعظمی وغیرہ کے بارے میں

مضامین تاثراتی تنقید کا نمونہ کہے جاسکتے ہیں۔

اردو مراٹھی کے تہذیبی رشتے

مصنف : یحییٰ نشیط

ناشر : انور حسین، جل گاؤں

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

مصنف نے اپنے چھ مضامین کے حوالوں سے اردو اور مراٹھی کے تہذیبی رشتوں کی نشاندہی کی ہے۔ ٹائٹل کے عنوان کے علاوہ "مراٹھی کے مسلم شعراء کی اردو کاوش" اردو مراٹھی ثقافتی ہم آہنگی، مراٹھی سنتوں کی اردو دانی، شیخ محمد کا اردو کلام۔ مراٹھی اور اردو (فارسی) عروض مشمولہ مضامین کے عنوانات ہیں۔ ابتداء میں مصنف کا سات صفحات پر مشتمل دیباچہ شامل ہے۔ نیز آخری صفحات میں "تقابلی مطالعہ" کے تحت اشخاص، کتابیات اور مقامات کے حوالے دیئے گئے ہیں۔

اس کتاب کی اشاعت مہاراشٹر اردو اکادمی کے جزوی مالی تعاون سے ہوئی ہے۔

اردو مرثیہ

مصنف : شارب ردولوی

ناشر : دہلی اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی 2

قیمت : سرسٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 448 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

غالب اکیڈمی دہلی کے زیر اہتمام دو روزہ سمینار 20-30 مارچ 1987 میں پڑھے گئے مرثیے سے متعلق مختلف نقادوں کے مقالات کا مجموعہ ہے۔ کتاب کا پہلا ایڈیشن 1991 میں شائع ہوا تھا۔

اردو میں دانشوری

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ڈھائی سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 656 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب خدابخش لائبریری کے دانشوری سمینار منعقدہ 1986 میں پڑھے گئے مقالات، روداددں اور بحثوں پر محیط ہے۔ کتاب ان آٹھ ابواب پر مشتمل ہے:(1)دانشوری سمینار کے مقالات (2)انیسویں صدی کے چند نمونے / صوفیاء وعلما(3) پچھلے پچاس سال کا ادب(4) تازہ دانشوری:شاعری (5)افسانہ (6)افکار (7)مذہبی نگارشات (8)انشائیہ۔ ان موضوعات پر مختلف ارباب نظر کے مقالے اور بحثیں شامل اشاعت ہیں۔

اردو نقاد کی حیثیت سے فراق کا جائزہ

مصنف : مہتاب عالم

ناشر : مصنف، پورنیا، بہار

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کے پی ایچ ڈی کے مقالے کی مطبوعہ شکل ہے یہ کتاب سات ابواب میں پھیلی ہوئی ہے۔ پہلا باب فراق کی شخصیت کے تشکیلی عناصر کے عنوان سے ہے دوسرے باب کا عنوان فراق کا سماجی ماحول ہے باب سوم:فراق کا علمی پس منظر ہے ۔ باب چہارم:۔فراق کے ادبی معرکے ، باب پنجم :فراق کے نظریۂ تنقید کے تشکیلی مآخذ کی تلاش، باب ششم : فراق کی تنقید نگاری کی انفرادیت۔ بابِ ہفتم: فراق کا اردو نقاد کی حیثیت سے مرتبہ، کے عنوانات کے تحت قلم بند کیے گئے ہیں۔

یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

ارزش ادب

مصنف : طلحہ رضوی برق

ناشر : ادارہ اصحابِ قلم، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

پیش نظر کتاب طلحہ رضوی برق کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے کتاب میں شامل مضامین کی تعداد بیس ہے۔ جن میں چند کے عنوانات نیچے لکھے جاتے ہیں:۔

دیوانِ حالی، غنی بنارسی، اقبال کی فارسی غزل گوئی، عکس کی ہجرت: ایک مطالعہ، نازش سخن نازش، رباعی اور دوبیتی، رباعیات ناوک حمزہ پوری، ساختیاتی تنقید، اصلاحِ سخن کی ضرورت، مثنوی کتھا ترنگ، اردو مثنوی میں دانشوری آزادی کے بعد، عبدالمالک آروی، قومی یکجہتی اور اردو ادب وغیرہ۔ کتاب بہار اردو اکادمی پٹنہ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

افسانے، تجزیے اور مقالات

مرتبین : معین الدین عثمانی و صغیر احمد

ناشر : ادارہ شاہین لائبریری، شاہو نگر، جلگاؤں 425001

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 116 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں افسانے کے فن اور اردو میں افسانوی ادب کی سمت و رفتار پر مضامین نیز افسانوں کے تجزیے شامل ہیں۔

افکار اقبال

مصنف : صابر ابوہری

ناشر : مصنف، ایگرو کنگز کورٹ روڈ، جگادھری ہریانہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں اقبال کے منتخب فارسی کلام کا اردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ اس کے مندرجہ اس طرح ہیں:۔

فہرست: رباعیات، اقوال عارف ہندی، مفرد اشعار، اقبال کی دعا

علاوہ ازیں اقبال سے متعلق دو نظمیں بھی شامل اشاعت ہیں۔ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔ خلیق انجم نے مصنف کے فن پر روشنی ڈالی ہے۔ سرورق کی پشت پر گوپی چند نارنگ کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔

اقبال اور اسلامی معاشرہ

مصنف : الطاف حسین

ناشر : گلشن پبلشرز، سرینگر، کشمیر

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

الطاف حسین نے اقبال کی نگارشات میں اسلامی معاشرے کی عکاسی کا جائزہ لیا ہے۔ کتاب کے مندرجات اس طرح ہیں:۔ قرآن کریم، خودی، عشق، تقدیر، تصوف، ملّائیت، صلوٰۃ اور مناجات، تفرقہ وفرقہ بازی، معاشی نظام، سیاسی نظام، سوشلزم، مغربی تہذیب، مقام نسواں، شعر وشاعری، کتاب کے لیے ایک تاثر احمد ندیم قاسمی نے لکھا ہے۔

اقبال سہیل —— حیات اور شاعری

مصنف : منور انجم

ناشر : مصنف، لکھنؤ

قیمت : دوسوروپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 320 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اقبال سہیل کی سوانح و شخصیت، عہد و ماحول، قومی و ملی شاعری، فلسفیانہ و متصوفانہ شاعری، عشقیہ شاعری، نعتیہ و منقبتی شاعری کے جائزے پر مشتمل ہے۔ یہ مصنف کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر انھیں گورکھپور یونیورسٹی نے پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض کی تھی۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

اقبال: شاعر اور سیاست داں

مصنف : رفیق ذکریا/ مترجم: عبدالستار دلوی

ناشر : انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی

قیمت : سوروپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 274 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب 'اقبال شاعر اور سیاست داں' اور حیات اقبال کے مہ وسال مقالوں پر مبنی ہے۔ جس میں مصنف نے ان لوگوں کو جواب دینے کی کوشش کی ہے جو اقبال کی وطن پرستی پر شک کرتے ہیں۔

حرف آغاز، عبدالستار دلوی تعارف خشونت سنگھ پیش لفظ رفیق ذکریا، حرفے چند جگن ناتھ آزاد نے لکھے ہیں۔

اقبال: فکر اسلام کی تشکیلِ جدید

مرتب : حسین محمد جعفری

ناشر : اسلامک بک فاؤنڈیشن، 1781۔ حوض سوئی والان، نئی دہلی 2

قیمت : پچانوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 324 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت

آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب میں سید حسین جعفری نے گیارہ اربابِ نظر کے مضامین بہ عنوان "فکر اسلامی کے ارتقاء کا ایک تاریخی جائزہ" "اقبال اور عصر جدید میں اسلامی ریاست کا تصور" "عصر حاضر کے تقاضے اقبال اور اجتہاد" "خدا، خودی زمان و مکان" "سرمایہ اجتہاد میں اقبال کا حصہ" سے متعلق مقالات یکجا کر دیے ہیں۔ اندرونی صفحات پر سید حسین محمد جعفری نے تعارف لکھا ہے۔ "فکر اقبال: تنقیدی مطالعے کی ضرورت" کے عنوان سے ڈاکٹر جمیل جالبی کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔

انجمن ناز

مرتب : شمہ رضوی

ناشر : مرتبہ، لکھنؤ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 208 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب میں ہندوستان اور پاکستان کی مشہور شاعرات کی زندگی اور فن پر مضامین شامل ہیں نیز ان شاعرات کا منتخب کلام بھی شائع کیا گیا ہے۔

انگارے کا تاریخی پس منظر اور ترقی پسند تحریک

مصنف : خالد علوی

ناشر : مصنف، اے 295 ڈیفنس کالونی، نئی دہلی 24

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب انگارے (افسانوں مجموعے کے) بارے میں مصنف کا مقالہ ہے جو انڈیا آفس (لندن) سے حاصل کردہ مواد کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔ اس میں تین مضامین شامل ہیں۔ جن کے

عنوان ہیں:۔

"انگارے کا تاریخی پس منظر""انگارے کا فنی جائزہ""انگارے کے مصنفین"

انیس اور فردوسی کا تقابلی مطالعہ

مصنف : فدا حسین

ناشر : مصنف

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 504 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

فدا حسین کی زیر نظر کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔

اس کا اول باب فردوسی اور انیس کے موازنہ اور مقابلہ کی نوعیت پر محیط ہے، باب دوم مثنوی اور مرثیہ، سوم کردار نگاری اور چہارم منظر نگاری سے متعلق ہیں دیگر ابواب میں ان شاعروں کے ہاں اخلاقی مسائل، واقعہ نگاری اور فنی مسائل سے متعلق مضامین ہیں۔

بازدید

مصنف : مخمور سعیدی

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولا مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 162 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مولانا آزاد، جگر مراد آبادی، ساحر لدھیانوی، مشفق خواجہ، کرشن موہن، زبیر رضوی، وغیرہ کی شاعری کے بارے میں تاثراتی اور تجزیاتی مضامین شامل ہیں۔

بازیافت

مصنف : خالد علوی

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، کوچہ پنڈت، لال کنواں، دہلی 6

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب خالد علوی کے دس تنقیدی و تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے۔اس میں "انگارے کا تاریخی پس منظر، " غالب کا سال پیدائش "اردو تنقید کے اولین اشارے "خواجہ احمد عباس کا تخلیقی شعور"، "پاکستان میں غزل کے چند رجحانات" وغیرہ کے عنوانات سے مضامین شامل ہیں۔

بر صغیر میں اردو ناول

مصنف : خالد اشرف

ناشر : مصنف، غالب اپارٹمنٹ پٹیم پورہ، نئی دہلی

قیمت : دو سو بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 414 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش میں لکھے جانے والے عصر حاضر تک کے ناولوں کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے ابواب اس طرح ہیں:۔

تقسیم سے قبل کی روایت، معاشرتی موضوعات، فسادات، ہجرت اور نوستالجیا، سیاست اور احتجاج، تاریخ کی باز گوئی، نفسیات اور جنس۔ کتاب کا 'حرف اول' قمر رئیس نے لکھا ہے۔ اس کی پشت پر شارب ردولوی کی رائے شامل اشاعت ہے۔

برہان اقبال

مصنف : محمد منور

ناشر : گلشن پبلشرز، سرینگر

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 288 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب محمد منور کے سات مضامین کا مجموعہ ہے جو علامہ اقبال سے متعلق ہیں۔
ان مضامین کے عنوانات اس طرح ہیں:

(1) قرآنی تصور تاریخ اور علامہ اقبال (2) علامہ اقبال۔ مرد یقین

(3) قرآن کی تعلیمی جہت اور علامہ اقبال (4) علامہ اقبال اور کتاب زندہ

(5) علامہ اقبال بحضور قرآن (6) جہانِ اقبال۔ جہانِ قرآن

(7) علامہ اقبال اور اجتہاد۔

کتاب میں اشاریہ شامل کیا گیا ہے۔ اس کا مقدمہ غلام مصطفےٰ خان نے قلم بند کیا ہے۔

بہار کے اخبار پٹنہ ہرکارا کی روشنی میں

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 74 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

جنگ آزادی (غدر 1857) سے قبل جن اہم اخباروں کا سراغ ملتا ہے، ان میں پٹنہ (عظیم آباد) کا "پٹنہ ہرکارا" بھی شامل ہے۔

زیر نظر کتاب میں مصنف نے اس اخبار کے دو سال 1855 اور 1856 کے شماروں کا تعارف قلمبند کیا ہے۔

بہار میں اردو افسانہ نگاری (ابتدا تا حال)

مصنف : قیام نیّر

ناشر : مصنف، مدھوبنی، بہار

قیمت : دو سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 492 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

پیش نظر کتاب قیام نیر کی تحقیقی و تنقیدی تصنیف ہے۔ یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے جو مندرجہ ذیل ہیں:۔

پہلا باب:۔ افسانہ کیا ہے ؟ دوسرا باب: ہندستان میں اردو افسانہ۔ تیسرا باب: بہار کے نمائندہ افسانہ نگاروں سے متعلق ہے۔ چوتھا باب: بہار کے اُبھرتے ہوئے افسانہ نگاروں کے بارے میں ہے پانچواں باب: بہار میں اردو افسانہ ماضی، حال اور مستقبل کے عنوان سے ہے اور چھٹا باب 'ماحصل' ہے آخر میں کتابیات بھی درج ہے یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

بیسویں صدی میں اردو ناول

مصنف : یوسف سرمست

ناشر : ترقی اردو بیورو، دہلی

قیمت : اٹھاون روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 544 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

یوسف سرمست کی اس کتاب کا پیش لفظ فہمیدہ بیگم نے اور تعارف رفیعہ سلطانہ نے لکھا ہے۔ سات ابواب کی کتاب میں پہلا باب ناول کی شروعات، دوسرے میں بیسویں صدی کا شعور، تیسرے میں پہلے پچیس برسوں میں لکھے گئے ناول، چوتھے میں پریم چند، پانچویں میں 1926 تا 1936 لکھے جانے والے ناول، چھٹے میں ترقی پسند تحریک اور اس کا اثر ناول پر اور ساتویں میں 1947 تا 1950 کے ناولوں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

پروفیسر آل احمد سرور

مرتب : خلیق انجم

ناشر : ماہنامہ کتاب نما، نئی دہلی۔25

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب نامور نقاد آل احمد سرور کی ادبی خدمات کا جائزہ لینے کے لیے لکھے گئے مختلف مضامین پر مشتمل ہے۔ ابتدائی تین مقالوں میں سرور صاحب کی خود نوشت سوانح خواب باقی ہیں کا جائزہ لیا گیا ہے یہ مقالے گیان چند جین، شافع قدوائی اور خلیق انجم نے لکھے ہیں، ان کے علاوہ ،عبد المغنی، نور الحسن نقوی، عتیق احمد صدیقی، رفیعہ سلطانہ، کمال احمد صدیقی، ایم حبیب خاں، ذکاء الدین شایاں، اطہر پرویز، وغیرہ کے مقالے کتاب میں شامل ہیں اداریہ خلیق انجم نے لکھا ہے۔

پروفیسر مسعود حسین خاں کی ادبی خدمات

مصنف : ریحانہ سلطانہ

ناشر : دکن پبلشرز، یاقوت پورہ، حیدر آباد

قیمت : ایک سو دس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 324 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت لیتھو

ریحانہ سلطانہ کی زیر نظر کتاب سات ابواب میں پھیلی ہوئی ہے۔ یہ ان کے پی ایچ ڈی کے مقالہ کی مطبوعہ شکل ہے جس کے ابواب ہیں۔ حیات اور شخصیت، ادبی تنقید، لسانیات وصوتیات، تحقیق و تدوینِ متن، نعت نگاری، تخلیق ادب، نگارشات مسعود، آخر میں کتابیات بھی شامل اشاعت ہے۔

اس کتاب کا پیش لفظ مغنی تبسم نے لکھا ہے۔ یہ فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے منظر عام پر آئی ہے۔

پریم چند: کہانی کا رہنما

مصنف : جعفر رضا

ناشر : مصنف بینک روڈ، الہ آباد

قیمت : تین سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 336 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت

آفسیٹ

جعفر رضا کی اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1969 میں شائع ہوا تھا۔ اس کو چھ ابواب میں پھیلایا گیا ہے۔ پہلے باب میں کہانی کی ماہیت، کہانی کا فن اور پریم چند، کہانی کی تعریف پلاٹ وغیرہ کا بیان ہے۔

دوسرا باب: فنی نظریے۔ فنی مباحث اور پریم چند، ادب کا مقصد، ادیب کی ذمہ داری، نفسیاتی رویے وغیرہ۔

تیسرا باب: سماجی نظریے۔ سماجی مباحث اور پریم چند، سماجی پس منظر، گاؤں کے مسائل، عورت کا تصور وغیرہ۔

چوتھا باب: سیاسی نظریے۔ سیاسی مباحث اور پریم چند، سیاسی منظر نامہ، تحریک آزادی

پانچواں باب: زبان و بیان کے مسائل۔ زبان و بیان کے مباحث اور پریم چند، لفظ و معنی کا رشتہ۔

چھٹا باب: بنیادی حقائق۔ بنیادی حقائق اور پریم چند، کہانیوں کی تعداد وغیرہ۔

کتاب کا فلیپ فراق گورکھپوری اور اوپیندر ناتھ اشک نے لکھا ہے۔

پریم چند کے ناولوں میں خواتین کے مسائل کی عکاسی

مصنف : سیما فاروقی

ناشر : نصرت پبلشرز، حیدری مارکٹ، امین آباد، لکھنؤ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 218 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنفہ کے پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لیے لکھے گئے مقالے کی مطبوعہ شکل ہے جو چار ابواب میں پھیلی ہوئی ہے۔ کتاب میں شامل ابواب کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

(1) پریم چند کے ابتدائی دور کے ناولوں میں خواتین کے مسائل کی عکاسی۔

(2) پریم چند کے دوسرے دور کے ناولوں میں خواتین کے مسائل کی عکاسی۔

(3) پریم چند کے تیسرے دور کے ناولوں میں خواتین کے مسائل کی عکاسی۔

(4) پریم چند کے ناولوں میں خواتین کے مسائل کی عکاسی کی مجموعی صورت حال۔

اس کا مقدمہ اختر بستوی نے لکھا ہے۔ کتاب اتر پردیش اردو اکادمی کے مالی اشتراک سے شائع ہوئی ہے۔

پریم چند: متفرقات

مرتب : خدابخش اورینٹل لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 212 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

دیا نرائن نگم کے رسالہ زمانہ سے انتخاب ہے۔ اس مجموعۂ مضامین میں شامل چند نگارشات کے عنوان ہیں:۔

ہندو تہذیب اور رفاہ عام، قدیم ہندو علم ریاضی، رانا پرتاپ، سوامی ودیکانند، ہنسی، گالیاں، دور قدیم وجدید، ہندوستانی ریلوں کی ساٹھ سالہ تاریخ، قحط الرجال، جون آف آرک، فن تصویر، زرعی ترقی کیونکر ہو سکتی ہے۔ وغیرہ۔

مجموعے کی کچھ تحریریں پریم چند کے بارے میں ہیں مثلاً منشی پریم چند اور زمانہ، آزاد، الہامی تاریخ وفات۔

پنڈت آنند نرائن ملاّ کی ادبی خدمات

مصنف : خلیق انجم

ناشر : انجمن ترقی اردو ہند، اردو گھر، 212 راؤز ایوینو، نئی دہلی 2

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 104 صفحات، اڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب انجمن ترقی اردو ہند کے منعقد کردہ سمینار میں پیش کردہ مقالوں کا مجموعہ ہے۔ یہ مقالے پنڈت آنند نرائن ملا کی زندگی ان کے نثری افکار شاعری اور اردو کے تئیں ان کی خدمات وغیرہ کے متعلق تھے۔

مضامین کے آخر میں ملاؔ کی غزلوں کا انتخاب شامل ہے۔

پیشہ تو سپہ گری کا بھلا

مصنف : وارث علوی

ناشر : گجرات اردو اکادمی، گاندھی نگر

قیمت : چھپن روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 254 صفحات، اڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

تنقید نگار وارث علوی کے مختلف عنوانات پر مشتمل آٹھ تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔ ڈیڑھ صفحہ کا روایتی پیش لفظ سکریٹری گجرات اردو اکادمی کا ہے۔ مضامین کے عنوانات اس طرح ہیں (1) پیشہ تو سپہ گری کا بھلا (2) پیروی مغربی (3) قصہ قدیم وجدید (4) آئیڈیالوجی کا مسئلہ (5) آواں گارد (6) شعر مرا بہ مدرسہ کہ برد (7) خواجہ احمد عباس کا ناول ''انقلاب'' (8) محمد علوی کی شاعری۔

کتاب گجرات اردو اکادمی نے شائع کی ہے۔

پیمانۂ صفات

مرتب : شہپر رسول

ناشر : مرتب۔ نئی دہلی

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 480 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب پروفیسر عنوان چشتی کی حیات اور ان کے کارناموں پر لکھے گئے مضامین اور ان کی تصنیفات پر کیے گئے تبصروں پر مشتمل ہے۔

سوانحی خاکہ مرتب نے ترتیب دیا ہے مرقعے ظفر نظامی اور احمد جمال پاشا نے لکھے ہیں۔ درون خانہ کے عنوان سے ان کی گھریلو زندگی کے بارے میں موصوف کی اہلیہ سیدہ عنوان چشتی نے لکھا ہے۔ دیگر مضامین معروف نقادوں، شاعروں اور ادیبوں کے لکھے ہوئے ہیں۔

تاریخ اور افسانہ

مصنف : نزہت سمیع الزماں

ناشر : مصنف، دانش محل، امین آباد، لکھنؤ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

فخر الدین علی احمد یادگار کمیٹی حکومت اتر پردیش کے مالی تعاون سے شائع ہونے والی یہ کتاب تین مضامین پر مشتمل ہے جن میں "والٹر اسکاٹ اور الگزنڈر پشکن" خاص ہیں۔ یہ مضامین فکشن میں تاریخ کی شمولیت سے متعلق ہیں۔

تاریخ گویانِ بدایون

مصنف : صداقت اللہ خاں یوسفی

ناشر : مرتب، بدایوں

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 142 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں بدایوں کے تاریخ گو اردو شعراء کی سوانح حیات قلمبند کی گئی ہے جس میں ان کے حالات زندگی کے علاوہ منتخب کلام بھی شائع کیا گیا ہے۔

تحقیق و تنقید: اردو زبان وادب پر ایک نظر

مصنف : صادق علی ٹونکی

ناشر : راجستھان اردو اکادمی، سبھاش مارگ، جے پور

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 76 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

صادق ٹونکی کی تحقیق و تنقید سے متعلق اس کتاب میں چار ابواب شامل ہیں۔

یہ چاروں ابواب مندرجہ ذیل ہیں:۔

(1) آزادی وطن کی تحریک میں اردو زبان وادب کا کردار (2) روزگار۔ اردو کا بنیادی مسئلہ۔

(3) اردو کی صورت حال : راجستھان کے تناظر میں (4) ایکتا ایوم بھائی چارے کی پرتیک اردو۔

تحقیقی گوشے

مصنف : رئیس انور

ناشر : مصنف، دربھنگہ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"تحقیقی گوشے" مصنف کا تحقیقی مجموعہ ہے۔ جس میں ان کے گیارہ مضمون ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:۔

(1) کلکتہ میں علوم شرقیہ کے ادارے (2) کلکتہ میں علوم شرقیہ کے مطابع اور مطبوعات (3) بنگالی ہندوؤں کی غزلیہ شاعری (4) سکھ مت پر مسلمانوں کی اردو نگارشات (5) منتخبات۔ ایک کمیاب کتاب اور مآخذ (6) علامہ قتیل داتا پوری اور ان کے دو رسالے (7) فراہمی مواد کی جدید کاری (8) مدون کتاب پر تبصرہ (9) الفاظ۔ ماہیت کا مطالعہ (10) اردو الفاظ۔ مطالعے کا ایک پہلو (11) اردو یونیورسٹی دو رُخ۔

تذکرہ ریاض الفصحا

مصنف : غلام ہمدانی مصحفی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : انیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 392 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، اکادمی ایڈیشن، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اتر پردیش اردو اکادمی نے ان کلاسیکی ادب پاروں کو، جو کمیاب ہو رہے ہیں کم قیمت پر شائع کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ پیش نظر کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں مصحفی کا مشہور تذکرہ 'ریاض الفصحا' شائع کیا گیا ہے۔

تذکرۂ ریختہ گویاں

مولف : علی الحسینی گردیزی / مرتب: اکبر حیدری کاشمیری

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : چھبیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 196 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب گردیزی کا تالیف کردہ ریختہ گویوں کا تذکرہ ہے جس میں ستانوے شاعروں کے مختصر حالات زندگی تعارف اور نمونۂ کلام شامل کیا گیا ہے۔ کتاب کا پیش لفظ محمود الٰہی نے اور مقدمہ مرتب نے لکھا ہے۔

تذکرہ شعرائے اردو

مرتب : میر حسن

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : دس روپے پچاس پیسے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 216 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ اکادمی ایڈیشن، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میر حسن کا مشہور تذکرہ ہے یہ اتر پردیش اردو اکادمی کے اپنے اشاعتی پروگرام کے سلسلے کی ایک کڑی ہے اور اکادمی کا پہلا ایڈیشن ہے۔ اس میں 304 شعراء کا تذکرہ شامل ہے جو حرف تہجی کے اعتبار سے مرتب ہوا ہے۔

تعین زمانہ

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 52 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

'تعین یا تعیین' عنوان سے مضمون کی کئی قسطیں قاضی عبدالودود کے اپنے جریدے 'تحقیق' میں شائع ہوئی تھیں۔ پیش نظر کتاب میں اسکی سات قسطیں شامل ہیں جو 1951 سے 1963 کے دوران چھپی تھیں، اس کتاب میں متعلقہ مواد کا انڈکس بھی شامل ہے۔

تلاش و تعبیر

مصنف : منظر اعظمی

ناشر : مصنف، موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکٹ، نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 216 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب منظر اعظمی کے تحقیقی و تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔ اس کتاب میں شامل مضامین کی تعداد سترہ ہے۔ کتاب کا پیش لفظ مصنف نے ہی لکھا ہے اس میں شامل مضامین میں سے چند کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

اردو شاعری اور عصری تقاضے۔ میر ایک عظیم ہندوستانی شاعر۔ شوخی انداز گفتار، غالب کے کلام میں امید ویاس، دستور عشاق کا ماخذ۔ اردو کی تمثیلی تخلیقات ۔اردو شاعری میں کرشن کی مرلی، ادب میں انفرادیت کا تصور، منفرد آواز کا شاعر، اقبال اور اہل زبان، غزل اس کی لفظیات اور اقبال وغیرہ۔

تنقیدی بصیرت

مصنف : مشتاق احمد

ناشر : مصنف، پٹنہ، بہار

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

"تنقیدی بصیرت" مشتاق احمد کے تیرہ مضامین پر مشتمل پہلا مجموعہ ہے جس میں مختلف ادبی موضوعات پر تنقیدی مضامین شامل ہیں۔ یہ کتاب بہار اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

تواتر اور تسلسل

مصنف : بلراج کومل

ناشر : ادب پبلی کیشنز، چراغ، نئی دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 262 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بلراج کومل کے سینتیس تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔ اس میں ان کی تحریریں تین شقوں کے تحت شامل ہیں "ادبی مطالعے" کے تحت راجندر سنگھ بیدی اور اختر الایمان سے لے کر اوکتاویو پاز تک کل اٹھائیس مضامین شامل ہیں، چار مضامین کتابوں کے تبصروں پر اور پانچ مضامین شخصیات کے بارے میں ہیں۔ کتاب کے پیش لفظ میں خورشید عالم نے اس کی نوعیت پر روشنی ڈالی ہے۔

توضیحی اشاریہ غالب نامہ

مصنف : فاروق انصاری

ناشر : غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوانِ غالب مارگ، نئی دہلی2

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں غالب سے متعلق وہ مضامین شامل ہیں جو غالب نامہ (دہلی) میں چھپ چکے ہیں۔ غالب کے عہد، سوانح، شخصیت، شاعری، تحقیق، تنقید، نثر اور تراجم سے متعلق مضامین کے علاوہ غالب کے ہم عصر، فارسی ادبیات اور غالب انسٹی کے خصوصی نمبر کا تفصیلی جائزہ بھی اس کتاب میں لیا گیا ہے۔

جدید اردو غزل

مصنف : ضیا فاطمہ

ناشر : مصنفہ، مالویہ نگر الہ آباد

قیمت : دو سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 456 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

اس مقالے پر الہ آباد یونیورسٹی نے ضیاء فاطمہ کو پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض کی ہے۔
کتاب کو دس ابواب میں پھیلایا گیا ہے، جن کے عنوان حسبِ ذیل ہیں:۔

(1) جدیدیت کے معانی ومفاہیم (2) منفرد رجحانات اور میلانات (3) روایت اور جدت پسندی (4) کلاسیکی اور جمالیاتی مزاج (5) رومانی اور انقلابی شعراء (6) صبح آزادی کے تناظر میں (7) جدید تجربات (8) علامتی اظہار (9) عصری منظر نامہ (10) اسلوبی مطالعہ

یہ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

جدید غزل گو

(1941 کی ایک دستاویز)

مرتب : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 322 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب تینتیس جدید غزل گو شعرا کی خود نوشت اور انتخاب پر مشتمل ہے۔ یہ سلسلہ نیاز فتحپوری نے شروع کیا تھا اور یہ سوانح "نگار" میں شائع ہوئی تھیں۔ ان میں دو شعراء کا اضافہ کر کے اسے دوبارہ شائع کیا گیا ہے تاکہ شعرا کی اپنی پسند اور اس زمانے کے رنگ طبیعت کا پتہ چل سکے۔ زیادہ تر شعرا کی اسی زمانے کی تصاویر بھی شریک ہیں، اس سے بھی اس کتاب کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔

جگت موہن لال رواں اور ان کی شاعری

مصنف : محمد اشفاق عارف

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولا مارکیٹ، دریا گنج، دہلی 2

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 263 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

جبلپور یونیورسٹی سے اس مقالے پر مصنف کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی گئی ہے۔

کتاب کو آٹھ ابواب میں بانٹا گیا ہے (1) رواں کی حیات اور شخصیت (2) سیاسی سماجی ادبی پس منظر (3) رواں کی مثنوی نگاری (4) نظم گوئی (5) غزل گوئی (6) رباعی (7) خلاصۂ کلام (8) منظومات وغزلیات رواں کی بحریں۔ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

جہان غالب

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 294 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب قاضی عبدالودود کے مضامین کا مجموعہ ہے یہ مضامین 1951 سے 1973 کے دوران جہان غالب کے عنوان سے مختلف رسالوں میں شائع ہو چکے تھے۔

چار بیت: تعارف وانتخاب

مصنف : شبیر علی خاں شکیب

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 320 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

شکیب نے اس کتاب میں اردو کی عوامی سطح پر [illegible] قدیم صنف سخن چار بیت کا تعارف رقم کیا ہے اور کچھ منتخب چار بیتیں بھی شائع کی ہیں۔ کتاب کے مشمولات اس طرح ہیں:۔
چار بیت کی تعریف، ہیئت، اوزان وبحور، آغاز وارتقاء جدید رنگ رام پور کے موجودہ

چار بیت، اکھاڑے، چار بیت حمد چار بیت نعت۔

حالی اور سرزمین حالی

مصنف : کشمیری لال ذاکر رناشر نقوی

ناشر : ہریانہ اردو اکادمی، پنچکولہ

قیمت : بتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 170 صفحات، ایڈیشن پہلا ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مرتبین نے مختلف اہل قلم کے وہ مضامین یکجا کردیے ہیں جن میں خواجہ الطاف حسین حالی کی حیات و خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے نیز پانی پت اور اس جوار کے احوال رقم کیے گئے ہیں۔

حیات و آثار مرزا مشرف جہاں قزوینی

مرتب : میر فضل الدین علی خاں

ناشر : مرتب

قیمت : پانچ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 700 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب سولہویں صدی عیسوی کے مشہور فارسی شاعر مرزا مشرف جہاں قزوینی کی حیات و کلام پر مشتمل ہے جو عصر صفویہ میں فارسی ادب سے منسلک تھا۔ تاریخی پس منظر اور ادبی ماحول کے بعد مرتب نے پہلے سوانح حیات بعد ازاں تجزیہ کلام پیش کیا ہے۔ 108 صفحہ سے 442 صفحہ تک کلیات ہے۔ تعلیقات کتابیات وغیرہ بھی درج ہیں اس کے بعد علاحدہ 253 صفحات پر اپنے مقالے کا انگریزی ترجمہ کتاب میں شریک کیا گیا ہے۔

حیدر آباد کے بنسی راجہ

مصنف : بھاسکر راج سکسینہ

ناشر : مکتبہ شعر و حکمت پنچہ گٹہ، حیدر آباد

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں حیدر آباد کے راجہ گردھاری پرشاد باقی کے حالات زندگی اور ان کے کارنامے بیان کیے گئے ہیں نیز ان کا منتخب کلام بھی شائع کیا گیا ہے۔ کتاب کا پیش لفظ جعفر نظام نے لکھا ہے۔ اس کا دیباچہ مصنف کا ہی قلم بند کیا ہوا ہے۔

خسرو کا ذہنی سفر

مصنف : ظ۔ انصاری

ناشر : انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 151 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1977 میں شائع ہوا تھا۔ اس دوسرے ایڈیشن میں ظ۔ انصاری کا پہلے ایڈیشن میں شامل دیباچہ بھی ہے۔ دوسرے ایڈیشن کے لیے ظ۔ انصاری نے چھ صفحات کا طویل دیباچہ شامل کیا ہے۔ صفحہ 17 تا 77 آٹھ ابواب میں خسرو کے ذہنی سفر پر ظ صاحب نے ناقدانہ نظر ڈالی ہے۔ 78 تا اختتام، حوالے اور حاشیے "انتخاب کلام (مع ترجمہ) خمسہ، مثنویات قطعات، غزلیات قرآن السعدین، اور غزلیات کلیات کی صورت میں یکجا کی گئی ہیں۔ چند صفحات کے اس مقالے میں خسرو کا کل کلام شامل کر کے ظ۔ انصاری نے اس کتاب کو دستاویزی شکل عطا کر دی ہے۔ انتساب اس وقت کے صدر جمہوریہ شنکر دیال شرما کے نام کیا گیا ہے۔

خلیق انجم (شخصیت اور ادبی خدمات)

مرتب : ایم حبیب خاں

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی25

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ماہنامہ کتاب نما، (نئی دہلی) نے اپنا یہ خصوصی شمارہ کتابی شکل میں شائع کیا ہے یہ کتاب خلیق انجم کی شخصیت ادبی اور لسانی خدمات پر ہند اور بیرون ہند کے ادیبوں کے مضامین کا مجموعہ ہے ان مضامین میں خلیق انجم کی زندگی کا احوال شامل ہے اور ان کی علمی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔

خواجہ احمد فاروقی

شخصیت اور ادبی خدمات (کتاب نما خصوصی شمارہ)

مرتب : خلیق انجم

ناشر : ماہنامہ کتاب نما، نئی دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 103 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب خواجہ احمد فاروقی کی شخصیت اور ادبی خدمات پر لکھے گئے مضامین اور مقالوں پر مشتمل ہے۔ اداریہ اور سوانحی خاکہ خلیق انجم نے لکھا ہے۔ ان کے علاوہ خلیق احمد نظامی، سید حامد، محمد حسن، عزیز قریشی، ظہیر احمد صدیقی، کمال احمد صدیقی کے مضامین اس کتاب میں شامل ہیں، شمیم جہاں نے خواجہ فاروقی سے متعلق اسلم پرویز، ضمیر حسن دہلوی، آصفہ زمانی اور ایم حبیب خاں، ادیبوں کی رائے کا انتخاب کیا ہے۔

داستان امیر حمزہ اور طلسم ہوش رُبا

مصنف : شکیل الرحمٰن

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس گولہ مارکیٹ، نئی دہلی2

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

داستان امیر حمزہ اور اسی سلسلے کی توسیع طلسم ہوشربا کا تجزیاتی مطالعہ شکیل الرحمان نے اپنے مخصوص زاویۂ نظر سے کیا ہے۔

اس کا حرف اول عصمت شکیل نے اور دیباچہ مصنف نے قلم بند کیا ہے۔

دکنی کی مخصوص شعری اصناف اور دوسرے مضامین

مصنف : حبیب نثار

ناشر : اردو ریسرچ سینٹر حیدر آباد

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 138 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب حبیب نثار کے تحقیقی و تنقیدی مضامین کا پہلا مجموعہ ہے اس کتاب میں شامل مضامین کی تعداد دس ہے جو مندرجہ ذیل ہیں:۔

دکنی کی مخصوص شعری اصناف۔ دکنی کی نثری داستانیں: تحقیقی تنقیدی مطالعہ، جمیل جالبی ایک مطالعہ، مطالعہ مثنوی ہاشمی بیجاپوری، چند دکنی مثنویوں میں موسیقی کے نقوش، موسیقی اور مخطوطات، اورنگ زیب اور موسیقی۔ میرے نالہ کو بھی اعتبار نغمہ ہے۔

مہاراجہ سرکشن پرشاد شاد: اردو کا مردے افگن عشق۔

تعارف مجاور حسین رضوی اور مقدمہ گیان چند جین نے لکھا ہے۔

دلت مراٹھی ادب شناسی

مؤلف : انیس چشتی

ناشر : انیس چشتی

قیمت : چار روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

دلت مراٹھی ادب کے تعارف، تبصرے اور تجزیے پر مبنی اس ادبی تصنیف کی تفصیلات کو مؤلف نے دو ابواب پر منقسم کیا ہے پہلا طویل مختصر اور دوسرا طویل تر۔ اس کتاب سے مراٹھی دلت ادب کی سمت ورفتار کے سمجھنے میں خاصی مدد ملتی ہے۔ مؤلف نے ''ناشناسی'' عنوان کے تحت اپنا پیش لفظ بھی شامل کیا ہے۔

ڈاکٹر شجاعت علی سندیلوی: حیات اور ادبی خدمات

مصنفہ : عارفین بانو

ناشر : مصنفہ، 22، اصطبل چار باغ، مولوی گنج، لکھنؤ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

عارفین بانو کی چار ابواب پر مشتمل اس کتاب میں شجاعت علی سندیلوی کی حیات ادبی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کتاب کا پہلا باب سوانح اور شخصیت سے متعلق ہے۔ دوسرے باب میں استاد کی حیثیت سے شجاعت سندیلوی کے کردار اور منصب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرے باب میں ان کے ادبی کارناموں کا احاطہ کیا گیا ہے اور چوتھے باب میں ان کی مجموعی علمی ادبی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

اس کے فلیپ پر کتاب سے متعلق نورالحسن ہاشمی، ظہیر احمد صدیقی اور محمد رضوان علوی کے تاثرات شائع کیے گئے ہیں۔

ڈاکٹر طیب انصاری: ادبی خدمات کی ربع صدی

مصنف : جلیل تنویر

ناشر : مصنف، غالب کالونی، جیلانی آباد، گلبرگہ 3

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب طیب انصاری کی پچیس سالہ ادبی خدمات کے اعتراف میں تحریر کی گئی ہے۔ اس میں مصنف کے حالات زندگی کا اجمالی خاکہ رقم کیا گیا ہے اور ان کی علمی وادبی خدمات کو اُجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

رشیدیات

مرتب : میر الٰہی ندیم

ناشر : شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 56 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"رشیدیات" کے مرتب نے اس کتابچہ میں رشید احمد صدیقی کی تقریباً تمام تخلیقات اور ان پر لکھی گئی تحریروں کا احاطہ کیا ہے۔ اس میں ان کی تصنیفات، خطبات، خطوط کے مجموعے، تراجم تبصرے، مقدمے، رسائل میں شائع شدہ مضامین، شخصیت اور فن پر مضامین، تحقیق اور مشاہیر ادب کے خطوط وغیرہ کی فہرست شامل اشاعت ہے۔

ساحر ہوشیار پوری: ایک مطالعہ

مصنف : خورشید عالم

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولا مارکیٹ، دریا گنج نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ساحر ہوشیار پوری کے منتخب اشعار اور ان سے لیے گئے انٹرویوز پر

مشتمل ہے۔ یہ اشعار اور انٹرویو، ان کی شخصیت، بصیرت اور ذہانت کو روشن کرتے ہیں۔ کتاب کے ابتدائی صفحات پر مخمور سعیدی کا مضمون "ذکر یارِ مہرباں" کے عنوان سے ہے یہ مضمون بھی ساحر کی زندگی کے خاص خاص کوائف کو اُجاگر کرتا ہے۔

ساغر نظامی: حیات اور ادبی خدمات

مصنفہ : سلمیٰ شاہین

ناشر : مصنفہ نزد مسجد بخشی پور، گورکھپور یوپی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 300 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنفہ کا تحقیقی مقالہ ہے یہ کتاب چھ ابواب پر محیط ہے پہلا باب ساغر کی سوانح و سیرت سے متعلق ہے دوسرا باب ان کی نظمیہ شاعری اور تیسرا باب غزلیات و رباعیات کے جائزے پر مشتمل ہے۔ کتاب کا چوتھا باب ساغر کی طویل نظموں سے متعلق ہے اور پانچویں باب میں ان کے منظوم ڈراموں کا احاطہ کیا گیا ہے چھٹا باب موصوف کے نثری ادب سے متعلق ہے۔ کتاب کے آخر میں کتابیات کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

سب رس پر ایک نظر

مصنف : سہیل بخاری

ناشر : ہمانشو پبلکیشنز، یتیم پورہ، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں ملا وجہی کی سب رس کا 'فنی تجزیہ' سب رس کی زبان، سب رس اور اردو، سب رس اور ہریانی، سب رس کی فرہنگ وغیرہ کے بارے میں نگارشات شامل ہیں، پیش لفظ

مصنف نے ہی لکھا ہے۔

سخنورانِ شاہجہانپور

مصنف : مبارک شمیم

ناشر : مصنف، محلہ احمد پورہ، شاہجہانپور

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 360 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب شاہجہانپور کے شعراء کے کلام اور ان کے حالات زندگی پر مبنی ہے۔ کتاب میں 228 شعراء کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ شعراء قدیم میں 77 شعرائے کرام اور بیسویں صدی کے شعراء میں سے ایک سو پچاس شعراء کا تذکرہ شامل ہے۔ مقدمہ طویل ہے اور مصنف نے لکھا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت میں فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کا مالی تعاون شامل ہے۔

سکندر علی وجد: شاعر و شخص

مصنفہ : اختر جہاں

ناشر : نیشنل بکڈپو، حیدر آباد

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 276 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

سکندر علی وجد کا شمار دکن کے اہم شعرا میں ہوتا ہے۔ اس کتاب میں وجد کے حالات زندگی ان کی نظم نگاری اور غزل گوئی وغیرہ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔

کتاب کے لیے "پیش گفتار" سلیمان اطہر جاوید نے لکھا ہے۔

سیاہ فام ادب

مرتب : شمیم حنفی، سہیل احمد فاروقی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب افریقی یا سیاہ فام ادب سے روشناس کرانے کی غرض سے ترتیب دی گئی ہے ساہتیہ اکادمی نے اس موضوع پر 1994 میں ایک سمینار منعقد کیا تھا۔ اس سمینار میں ہونے والے مباحثوں اور تقریروں کا یہ ایک طرح سے انتخاب ہے۔ چند اہم سیاہ فام تحریروں کا اردو ترجمہ بھی نمونے کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔

سید احمد قادری: شخصیت اور فن

مرتبہ : شیریں اختر

ناشر : مرتبہ، مریم منزل، کریم گنج، گیا، (بہار)

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول "ملاقات" کے عنوان سے ہے اس میں قادری سے شہنشاہ مرزا اور نثار احمد صدیقی کے لیے گئے انٹرویوز شامل ہیں۔ حصہ دوم ان کے ادبی کارناموں اور حصۂ سوم مقالات کے جائزوں پر مبنی ہے، اس میں تیرہ اہل نظر کے مضامین شامل ہیں۔ آخری حصے میں ارباب نظر کے تاثرات شائع کیے گئے ہیں۔

شاد عظیم آبادی

مصنف : قیس رضوی عظیم آبادی

ناشر : خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 84 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

کتاب کا مقدمہ عبدالقیوم انصاری نے لکھا ہے۔ کتاب میں سوانح شاد، پیدائش خاندانی

حالات، تعلیم، تصانیف، شاعری، مذہب، سکونت، عادات واخلاق، حلیہ، لباس وپوشاک، خدمات اور صلہ وغیرہ پر روشنی ڈالی ہے۔

شاد عظیم آبادی کے بارے میں

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 208 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں قاضی عبدالودود نے شاد عظیم آبادی کی زندگی کی کہانی بیان کی ہے نیز ان کے مکتوبات، اور الہامات شاد پر تحقیقی نگاہ ڈالی ہے۔

شعراء کے تذکرے

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 388 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب قاضی عبدالودود کے مضامین کا مجموعہ ہے۔ یہ اکیس مقالات پر مشتمل مجموعہ ہے جن میں سے چند کے عنوانات نیچے رقم کیے جاتے ہیں:۔

فارسی تذکرے اور ریختہ گو شعرا، اقتباسات سفینہ خوشگو، بیدل اور تذکرہ خوشگو، گلشن سخن، تذکرہ یوسف علی خاں، تذکرہ شورش، گلشن ہند، گلشن بے خار، طبقات الشعرا ہند، گلستان سخن، بیاض عنایت حسین خان، مہجور بنارسی، آب حیات کے دو مآخذ، سوز اور آب حیات وغیرہ۔

شعریات بال جبریل

مصنف : توقیر احمد خاں

ناشر : توقیر احمد خاں، نئی دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

توقیر احمد خاں کو اس تحقیقی مقالے پر دہلی یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی سند مل چکی ہے۔

اس کے مندرجات ہیں:

(باب اول) امیجری کیا ہے۔ اس کے اقسام، اہمیت، پیکروں کا بننا، امیجری اور آئیڈیا امیجری کی اردو اصطلاح امیجری اور اقبال، شعریات اقبال۔

(باب دوم) بال جبریل کا تعارف۔ بال جبریل کا عنوان، بال جبریل کی زبان، بال جبریل کا اسلوب، بال جبریل کی ترتیب، بال جبریل کی امیجری وغیرہ۔

آخر میں کتابیات بھی شائع کی گئی ہے، کتاب کا پیش لفظ مصنف نے ہی لکھا ہے۔

عبدالحق بحیثیت محقق

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل، پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سوپچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 250 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب عبدالحق کے تحقیقی کارناموں کے جائزے پر مشتمل ہے۔ یہ جائزہ نامور محقق قاضی عبدالودود نے لیا ہے۔ کتاب کے عنوانات درج ذیل ہیں تصحیح واضافہ۔ تتمۂ انتخاب کلام میر۔ گلشن ہند، گارساں دتاسی، عقد ثریا۔

عصری ہندی کہانیاں

مرتب : دھننجے ورما/ مترجم: سلام بن رزاق

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی16

قیمت : اڑسٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت330 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ہندی کے اہم قلم کاروں کی مختلف طرز اظہار کی حامل بیس کہانیوں کا انتخاب ہے۔ کتاب میں ہندی کہانی کے عصری وابستگی کے منظر نامے کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

عکس در عکس

مصنف : محمد یعقوب اسلم عمری

ناشر : تمل ناڈو اردو پبلی کیشنز، مدراس

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد سات سو چھیاسی، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں شامل مضامین کے وسیلے سے علیم صبانویدی کی شخصیت کا جائزہ پیش کیا گیا ہے، کتاب کا پیش لفظ پی نثار احمد نے اور مقدمہ محمد علی اثر نے لکھا ہے۔

علامت سے امیج تک

مصنف : رفعت اختر

ناشر : نازش بک سینٹر، گھیر میر عالم خاں، امیر گنج، ٹونک (راجستھان) 304001

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب "علامت" اور "امیج" کی تعریف و تفہیم اور اس کے متعلقہ امور کے بارے میں سیر حاصل بحث پر مشتمل ہے۔ مصنف نے پہلے حصے میں علامت نگاری کی تعریف بیان کرنے کے بعد تشبیہ، استعارہ، کنایہ اور تمثیل سے بحث کی ہے۔ کتاب کے دوسرا حصے میں پیکر نگاری کے مفہوم کی وضاحت کی گئی ہے۔

علیم صاحب

مرتب : محمد سالم قدوائی

ناشر : ادارۂ علوم اسلامیہ، نئی دہلی

قیمت : دوسوروپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 344 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مشہور مارکسی دانشور، ترقی اردو بورڈ کے چیئرمین اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر عبدالعلیم کی سوانح حیات اور ان کی خدمات کے بارے میں متعدد ادباء کے مضامین کا مجموعہ ہے۔

عنوان چشتی: شخص اور شعور

مصنف : عبدالشکور

ناشر : دبستان، جامعہ نگر، نئی دہلی، 25

قیمت : سوروپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب معروف شاعر اور نقاد پروفیسر عنوان چشتی کی شخصیت، سوانح اور ادبی کارناموں کے جائزے پر مشتمل ہے۔

ابتداء میں ان کے خاندانی اور سوانحی کوائف درج ہیں۔ بعدازاں شخصیت، نظریہ

حیات، تنقید نگاری، غزل گوئی، نظم نگاری، اور خاکہ نگاری کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔
اس مقالے پر عثمانیہ یونیورسٹی نے مصنف کو ایم فل کی ڈگری تفویض کی۔

عہد وسطیٰ کی ہندی ادبیات میں مسلمانوں کا حصہ

مصنف : سید حسن عسکری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب سید حسن عسکری کے نو آزادانہ مضامین پر مشتمل ہے۔ عسکری کو عہد وسطیٰ کے ہندستان کی تاریخ و تہذیب پر ان کی گراں قدر خدمات کے لیے مگدھ یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری سے نوازا تھا۔

اس کتاب میں شامل مضامین کے عنوانات اس طرح ہیں:۔ اولین مسلمان اور دیشی بھاشائیں، اردو ہندی زبانیں، دکھنی اردو کے مخطوطات کا ایک مجموعہ، شمالی ہند کے صوفیاء کرام کی ہندی دوستی، ہندی بھاشامیں ایک مسلمان کی منظوم کتاب۔

غالب بہ حیثیت محقق

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 338 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

قاضی عبدالودود نے اس مجموعے کے مضامین میں غالب کی تحقیقی بصیرت کو آنکنے کی سعی کی ہے۔ کتاب کے مشمولات درج ذیل ہیں:۔

مقدمہ (غالب کی راست نگاری) قاضی عبدالودود نے قلم بند کیا ہے۔ غالب بحیثیت محقق اس مجموعے کا کلیدی مقالہ ہے۔ دوسری تحریریں ہیں:

ضمیمے: غالب بحیثیت محقق (پہلا ورژن)

'فرہنگ غالب" غالب کا ایک فرضی استاد: عبداصمد' اور 'ہرمزد ثم عبدالصمد'

"غالب سے اقبال تک" (جلد دوم)

کلاسیکی شعراء پر تنقیدی مضامین

مرتب : ایم۔ حبیب خاں

ناشر : عبدالحق اکادمی، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن ساتواں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اردو شعر وادب کے صف اول کے ناقدین کے مختلف موضوعات اور شخصیات پر تیرہ تنقیدی مضامین مرتب کر کے ایم۔ حبیب خاں نے پروفیسر محمد حسن کے تعارف اور حرف آغاز کے تحت اپنے مختصر پیش لفظ کے ساتھ کتابی شکل میں پیش کیے ہیں ناقدین میں آل احمد سرور، فراق، شبلی نعمانی، ڈاکٹر سید اعجاز حسین، شجاعت سندیلوی، گوپی چند نارنگ، پروفیسر مسعود حسین جیسے اہل قلم نے غالب، ذوق، مومن، انیس، داغ، حالی، چکبست، شاد عظیم آبادی اور اقبال جیسے شعراء کے فن پر مختلف انداز میں روشنی ڈالی ہے۔ کتاب کا ساتواں ایڈیشن اس کی افادیت کی دلیل ہے۔ انجمن ترقی اردو ہند نے یہ کتاب شائع کی ہے۔

غالب: شخص اور شاعر

مصنف : مجنوں گورکھپوری

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 126 صفحات، ایڈیشن پہلا ہندستانی، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مجنوں گورکھپوری کی چار تقریریں شائع کی گئی ہیں جوانہوں نے پریس کلب کراچی کے جلسوں میں کی تھیں، یہ کتاب پہلے پاکستان میں شائع ہو چکی ہے۔ اس کے ابواب اس طرح ہیں:۔

"غالب اور ہم"۔ "غالب کا عہد اور غالب"۔ "غالب :فکر و نظر"۔ "غالب : اندازِ بیان"

اس کے بارے میں بعنوان 'گفتنی' شبنم رومانی نے لکھا ہے اور آخر میں "حق تو یہ ہے" کے عنوان سے مجنوں گورکھپوری نے گفتگو کی ہے۔

غالب کے چند نقاد

مصنف : سلیمان اطہر جاوید

ناشر : غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب مارگ، نئی دہلی 2

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں، مصنف نے غالب پر کی گئی تنقیدوں کا جائزہ لیا ہے اور بے شمار کتابوں و مقالوں کی روشنی میں غالب کی شخصیت اور شاعری ناقدین کے وسیلے سے پیش کی ہے۔ غالب کے ان ناقدین میں غلام رسول مہر، یگانہ چنگیزی، شیخ محمد اکرام، مجنوں گورکھپوری، رشید احمد صدیقی، سردار جعفری، ظ۔ انصاری، آل احمد سرور شامل ہیں۔

فارسی شعر و ادب۔ چند مطالعے

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 208 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

قاضی عبدالودود کے وہ تحقیقی مضامین جن میں فارسی شعر و ادب کے مطالعات شامل ہیں، اس کتاب میں یکجا کر دیے گئے ہیں۔

فکرِ روشن

مصنف : آل احمد سرور

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب آل احمد سرور کے بیس مضامین پر مشتمل ہے۔اہم عنوانات میں اردو میں دانشوری کی روایت' مولانا آزاد کا اسلوب نثر' بیدی کی افسانہ نگاری' رشید صاحب: فن اور شخصیت، آب گم: ایک تاثر وغیرہ شامل ہیں۔

فلسطین کے چار ممتاز شعرا

مصنف : عبدالحق حقانی القاسمی

ناشر : مصنف، پانڈو نگر، دہلی 92

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب فلسطین کی آزادی کی جنگ اور اس سلسلے میں وہاں کے شعرا کے رویوں سے ہمیں آشنا کراتی ہے۔

مصنف کا مقدمہ اس لحاظ سے اہم ہے کہ اردو شعرا فلسطینیوں کی جدوجہد سے کس طور پر متاثر ہوئے ہیں اس سے اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کتاب میں فلسطین کا تاریخی وسیاسی پس منظر اور فلسطین کا جدید شعری منظر نامہ بیان کیا گیا ہے۔ چار فلسطینی شعرا کا تفصیلی ذکر ہے۔

یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

فنِ تنقید اور اردو تنقید نگاری

مصنف : نورالحسن نقوی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مصنف نے فن تنقید کی تعریف بیان کی ہے۔ اس میں مصنف نے تنقید کا مفہوم اور اہمیت، ادبی تنقید کے اصول، تنقیدی دبستان اردو کے اولین نمونے اور شعرائے اردو کے تذکرے جیسے امور واضح کیے ہیں نیز اردو تنقید نگاری کے عنوان سے ۱۸ تنقید نگاروں کے کارناموں پر روشنی ڈالی ہے۔ ان نقادوں میں سے چند کے نام ہیں:۔

سر سید احمد خاں، محمد حسین آزاد، الطاف حسین حالی، شبلی نعمانی، مولوی عبدالحق، نیاز فتحپوری، آل احمد سرور وغیرہ۔

فیاض علی۔ حیات اور ادبی خدمات

مصنفہ : جہاں آرا

ناشر : جہاں آرا، دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 264 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

"شمیم "اور "انور" اردو کے بڑے مقبول قدیم ناول ہیں مگر کم ہی لوگوں کو ان کے مصنف کے نام اور حالاتِ زندگی سے واقفیت ہوگی۔ ان ناولوں کے مصنف فیاض علی تھے۔ جن کی ابتدائی زندگی فیض آباد اور متھرا میں گزری بعد میں وہ مشرقی پاکستان چلے گئے۔ مصنفہ نے بڑی تگ ودو اور تحقیق کے بعد ان کے حالات زندگی مرتب کیے ہیں۔

یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

فیض احمد فیض: روایت اور انفرادیت

مصنف : نصرت چودھری
ناشر : سیمانت پرکاشن، نئی دہلی
قیمت : تیس روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 352 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب فیض کے روایت سے تعلق اور ان کی انفرادیت کے جائزے پر مشتمل ہے ابتدائی باب میں روایت اور انفرادیت کے مفہوم کو واضح کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ فیض کی شخصیت، ان کی شاعری میں روایت کا شعور، دیگر شعرا سے فیض کا مقابلہ، نئے ذہن کے لیے فیض کی معنویت، کو اس کتاب میں موضوع بنایا گیا ہے آخر میں فیض سے ایک گفتگو شائع کی گئی ہے۔

قاسم امین کی سماجی و ادبی خدمات

مصنفہ : سطوت ریحانہ
ناشر : اسلامک بک فاؤنڈیشن دریا گنج، نئی دہلی 2
قیمت : دو سو روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 126 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنفہ کے ایم فل کی ڈگری کے لیے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں لکھے گئے تحقیقی مقالے کی مطبوعہ شکل ہے جس میں مصنفہ نے مصری ادیب قاسم امین کی زندگی کے

مختلف پہلوؤں پر چارابواب میں روشنی ڈالی ہے۔ پہلے باب میں مصر کی سیاسی، ثقافتی اور سماجی صورت حال کا جائزہ لیا گیا ہے۔ دوسرے باب میں قاسم امین کے احوال پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرے باب میں قاسم امین کو تصانیف کی روشنی میں دیکھا گیا ہے اور چوتھے باب میں قاسم امین کو ممتاز ادیب کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے۔ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

قرۃ العین حیدر کا فن

مصنف : عبدالمغنی

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 185 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب قرۃ العین حیدر کے فن کے متعلق مباحث پر مبنی ہے۔ اس کتاب میں قرۃ العین حیدر کی انفرادیت، قرۃ العین حیدر کے نسوانی کردار، قرۃ العین حیدر کے اسلوب نگارش پر اظہار خیال کے ساتھ ان کے افسانوں اور چند ناولوں کا تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۸۵ء میں شائع ہوا تھا۔

قطب مشتری ایک تنقیدی جائزہ

مصنف : وہاب اشرفی

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 360 صفحات، ایڈیشن سوئم، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مصنف نے سولہ ابواب کے تحت صنف مثنوی، قطب مشتری کے خالق

وجہی کی زندگی کا پس منظر اور قطب مشتری میں ماجرا نگاری، کردار نگاری، دکنی تمدن، اور اس کے لسانی امتیازات وغیرہ پر بحث کی ہے۔ آخر میں کتابیات کا حصہ شامل ہے۔

کارنامۂ نذیر

مرتبہ : ریحانہ خاتون

ناشر : انڈو پرشین سوسائٹی۔ دہلی

قیمت : پانچ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 544 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

نذیر احمد فارسی زبان وادب کے نامور محقق اور استاد ہیں۔ ان کی ۸۰ ویں سالگرہ پر اس کتاب کے ذریعہ خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ پیش لفظ شریف حسین قاسمی صدر شعبہ فارسی دلی یونیورسٹی نے لکھا ہے، اولیں 79 صفحے تک عرض مصنف، والد صاحب قبلہ کے بارے میں، کچھ دوستوں، ہمعصروں اور شاگردوں کے قلم سے تحریریں شامل ہیں اس کے بعد نذیر احمد کے تحقیقی اور تنقیدی مضامین کتاب میں شامل ہیں، زیادہ مضامین فارسی ادبیات سے متعلق ہیں اردو کے جو ادیب وشاعر موضوع سخن بنے ہیں ان میں مومن، مسعود حسن رضوی ادیب، امتیاز علی عرشی، قاضی عبدالودود اور حافظ محمود شیرانی خاص ہیں۔

کچھ بچالایا ہوں

مصنف : وارث علوی

ناشر : گجرات اردو اکادمی، گاندھی نگر

قیمت : اکیاون روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 234 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

وارث علوی کے نو تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے، کتاب کے ابتدائی ڈیڑھ صفحے پر سکریٹری گجرات اردو اکادمی کا روایتی پیش لفظ ہے۔ مشمولہ مضامین کے عنوانات کچھ اس طرح

ہیں (1) کچھ بچالایا ہوں (2) لحن داؤدی (3) مغنّی کون سی چٹان پر بیٹھا ہے (4) احتجاجی ادب کا مسئلہ (5) جمالیات اور اخلاقیات کی کشمکش (6) غالب کی شاعری کے متعلق ہمارا رویہ (7) بغاوت کی جدلیات اور باقر مہدی (8) قرۃ العین حیدر کا ناول "آخر شب کے ہمسفر" اور (9) شاعری۔ فلسفیانہ شاعری اور اقبال۔ ان مضامین کے حوالے سے وارث علوی نے اپنے منفرد تنقیدی نظریات پیش کیے ہیں۔

کتاب گجرات اردو اکادمی نے شائع کی ہے۔

کچھ غالب کے بارے میں (حصہ اوّل)

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : دو سو پچاس روپے (دو حصوں کی)

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب قاضی عبدالودود کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو غالب سے متعلق ہیں۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ اس کے مشمولات مندرجہ ذیل ہیں:۔

حصہ اول: کتب خانہ خدابخش اور غالب، غالب کی عظمت، غالب کے اشعار فارسی کا ایک مجموعہ، غالب کا ایک فارسی قصیدہ، غالب اور خان آرزو، مکتوبات غالب، غالب کے فارسی خطوط، غالب اور بہار، مجموعہ دہلی اور غالب وغیرہ۔

حصہ دوم: برہان قاطع اور ہندوستان، لطائف غیبی، سوالات عبدالکریم، آغا احمد علی اور غالب، دساتیر، غالب اور ذال فارسی، غالب کا عروضی اعتراض، خطوط غالب، تبصرہ خطوط غالب، مطالعہ غالب، سرگزشت غالب وغیرہ۔

کچھ غالب کے بارے میں (حصہ دوم)

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : دوسو پچاس روپے (دونوں حصوں کی)

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 576 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

قاضی عبدالودود کے قلمبند کردہ غالب سے متعلق تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے جس کے مندرجات اس طرح ہیں:۔

برہان قاطع اور ہندوستان، محرق قاطع برہان، ایک رسالہ، شمشیر تیز تر درفش کاویانی، طبع پاکستان، غالب زبان پہلوی، استر اور غالب، نوادرات غالب، ذکر غالب احوال غالب، مطالعہ غالب۔

کتاب دو حصوں میں پھیلی ہوئی ہے یہ کتاب کا دوسرا حصہ ہے۔

کرشن چند کے افسانوی ادب میں حقیقت نگاری

مصنف : شکیب نیازی

ناشر : مصنف، موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولا مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی

قیمت : دوسو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 320 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں کرشن چندر کے فن کو کئی ابعاد سے پیش کیا گیا ہے۔ جس میں ان کے افسانوں میں حقیقت پسندی، فطرت پسندی، اشتراکی نظریہ کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ افسانوی ادب میں حقیقت نگاری کی روایت، میلان رومانیت فنطاسیہ اور سماجی فکر پر بحث کی گئی ہے۔

گلزار نسیم

مصنف : پنڈت دیا شنکر نسیم لکھنوی / مرتب: رشید حسن خان

ناشر : انجمن ترقی اردو ہند، اردو گھر، 212 راؤز ایونیو، نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو دس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 724 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب تین حصص پر مشتمل ہے۔ اول حصہ تمہید کا ہے جس میں گلزار نسیم کی ادبی اور نصابی اہمیت کے علاوہ قصے کا محل وقوع، اجزا اور انداز اور نسیم کے حالات زندگی درج ہیں۔ دوسرے حصہ تصنیفات میں "گلزار نسیم سے متعلق روایتیں ہیں جبکہ تیسرے حصہ میں گلزار نسیم کی اشاعت اول، نسخہ مطبع مسیحائی، مطبع مصطفائی، مطبع چکبست، مطبع عبدالودود اور مطبع شیرازہ ہیں۔ اس کے علاوہ "باغ وبہار۔ مذہب عشق" "باغ وبہار۔ گلزار نسیم" کے موضوعات پر تفصیل سے اظہار خیال کیا گیا ہے۔ اور گلزار نسیم کا متن تنقید کے اصول کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے "پیش لفظ" خلیق انجم نے لکھا ہے۔

گنجینۂ غالب

غالب 'آج کل' میں

مرتب : ڈائرکٹر پبلی کیشنز ڈویژن حکومت ہند، نئی دہلی

ناشر : ڈائرکٹر پبلی کیشنز ڈویژن حکومت ہند، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس مجموعے میں غالب سے متعلق وہ مضامین یکجا کر دیے گئے ہیں جو ماہنامہ 'آج کل' میں شائع ہوئے تھے۔ لکھنے والوں میں شامل اہل قلم کے نام اس طرح ہیں:

امتیاز علی عرشی، مالک رام، قاضی عبدالودود، غلام رسول مہر، ظ انصاری، اعجاز حسین، نثار احمد فاروقی، قدرت نقوی، حسن عسکری، خواجہ احمد فاروقی وغیرہ۔

گوپی چند نارنگ اور ادبی نظریہ سازی

مصنف : مناظر عاشق ہرگانوی

ناشر : ادب پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 138 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس تنقیدی کتاب میں گوپی چند نارنگ کے فکر انگیز علمی اور تنقیدی کارناموں کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ اور نارنگ کی فکری پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب کی پشت پر مشفق خواجہ، وزیر آغا، قمر جمیل، شمس الرحمٰن فاروقی، وہاب اشرفی وغیرہ کی آراء بھی شائع کی گئی ہیں۔

گوپی چند نارنگ: حیات و خدمات

مصنف : محمد حامد علی خاں

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، دہلی

قیمت : دوسونوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 528 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

یہ ایک تحقیقی مقالہ ہے جس میں مختلف ابواب کے تحت گوپی چند نارنگ کی حیات اور خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ ادب سے متعلق ان کے تصورات اور اردو تنقید میں ان کے کارناموں کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ آخر میں کتابیات کا حصہ شامل ہے۔

لفظوں سے آگے

مصنف : مغنی تبسم

ناشر : مکتبہ شعر و حکمت، 6-3/659/2 سوماجی گوڑہ، حیدر آباد۔500482

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس مجموعے کے مشمولات میں مغنی تبسم کے تبصرے، تجزیے اور تعارفی نوٹ شامل ہیں۔ ان کے عنوان ہیں: "اقبال کا نظریۂ فن" "اقبال کا نودریافت شدہ مضمون" "مطالعہ بیدل: فکر

برگساں کی روشنی میں" نیز "اردو تنقید کو پروفیسر مسعود حسین خان کی دین" کتاب میں ان۔ م۔ راشد کی دو نظموں "مرگِ اسرافیل" اور مجھے وداع کر" پر تجزیاتی مضمون بھی شامل ہیں۔

لفظوں کے سائے تلے

مصنف : نذیر فتحپوری

ناشر : مصنف، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے۔ جس میں ان کے گیارہ مقالات شامل ہیں۔ چند کے عنوان نیچے رقم کیے جاتے ہیں:۔

شعور غم حسین اور کالی داس گپتا رضا، پاکستان کے پہلے ترانے کے خالق: جگن ناتھ آزاد، عصمت چغتائی سے ایک ملاقات، کھنکتے لہجے کا شاعر: رشید اعجاز، میرے اساتذہ، ٹونک کا سفر، پونہ کے مشاعروں کے مشہور شعر، دوسری کربلا وغیرہ۔ کتاب مسلم کوآپریٹو بنک پونہ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

مبادیاتِ صحافت

مصنف : جاوید حیات

ناشر : مکتبہ آزاد پبولین، گلزار باغ، پٹنہ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اخبار نویسی سے متعلق اساسی معلومات پر مشتمل اس کتاب کا مقدمہ شافع قدوائی نے لکھا ہے۔

یہ پینتیس عنوانات کے تحت لکھی گئی ہے چند عنوان مندرجہ ذیل ہیں:۔ صحافت کیا ہے۔ ادارتی شعبہ، فیچر نگاری، تبصرہ، خبر نویسی، اقسامِ صحافت، روزنامہ، رسائل، ریڈیائی صحافت،

صحافت کے دیگر معاون ادارے وغیرہ۔

محمد عثمان عارف: شخصیت اور فن

مصنفہ : عمر جہاں

ناشر : نازش بک سینٹر، ٹونک

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

عمر جہاں کی یہ تصنیف مندرجہ ذیل پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔

(اول) بیکانیر۔ تاریخی، سماجی، تہذیبی اور ادبی پس منظر

(دوم) علامہ بیدل بیکانیری مرحوم، (سوم) عثمان عارف: حالاتِ زندگی۔

(چہارم) عثمان عارف کی شاعری اور فن، غزل گوئی اور دیگر اصناف سخن

(پنجم) عثمان عارف کے تلامذہ

تصنیف کے آخر میں انتخابِ کلام عارف بھی شامل کیا گیا ہے۔ اس کا پیش لفظ مصنفہ نے ہی لکھا ہے فلیپ پر پی وی نرسمہاراؤ اور اندرا گاندھی کے پیامات شائع کیے گئے ہیں۔

مختصر اردو افسانے کا سماجیاتی مطالعہ

مصنفہ : عائشہ سلطانہ

ناشر : ساقی بکڈپو، 4157۔اے اردو بازار دہلی 6

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 448 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب عائشہ سلطانہ کے مقالے پر مشتمل ہے اس پر دہلی یونیورسٹی نے مصنفہ کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری تفویض کی ہے۔ سات ابواب پر مشتمل اس کتاب میں ہندوستان کی آزادی سے چند سال پیشتر سے لے کر 1981 تک کے تغیر پذیر حالات کا جائزہ لیا گیا ہے اور اس کے تناظر میں

ہم عصر اردو افسانے زیر بحث لائے گئے ہیں۔

مخزن الشعراء

مصنف : قاضی نورالدین فائق

ناشر : اترپردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : سات روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

قاضی نورالدین فائق کی زیر نظر کتاب گجرات کے شعراء کا تذکرہ ہے جس میں متعلقہ شاعروں کے نمونۂ کلام میں بھی شامل ہیں۔

مرزا رسوا کے ناولوں کے نسوانی کردار

مصنف : توحید خاں

ناشر : مصنف، شاہین کاٹج، ذاکر نگر، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 124 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے جن کے کئی ذیلی عنوانات ہیں پہلے حصے میں عورتوں سے متعلق دنیا کے مختلف مذاہب کے نظریات و فرمودات پیش کیے گئے ہیں پھر عالمی اور ہندوستانی سماج میں عورت کے حالات پر بحث کی گئی ہے، دوسرے حصے میں رسوا کے دو ناولوں امراؤ جان ادا، اور شریف زادہ کے نسوانی کرداروں سے بحث کی گئی ہے ان کرداروں کا موازنہ بھی کیا گیا ہے۔ یہ کتاب دہلی اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔ کتاب کا پیش لفظ مصنف نے ہی لکھا ہے۔

مشاہیر شعراء اردو کی فارسی شاعری از مظہر تا مظہری

مصنف : انیس ادیب

ناشر : مصنف، محلہ کادیپورہ، موناتھ بھنجن

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 380 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ ، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کا تحقیقی مقالہ ہے۔ اس میں 1707 سے 1980 تک کے اردو مشاہیر شعراء کی فارسی شاعری کو پردۂ خفا سے منظر عام پر لانے کی سعی کی گئی ہے۔ کتاب میں شاعروں کے مختصر حالاتِ زندگی، نقوشِ شخصیت، فارسی شاعری کی خصوصیات، تنقید و تشریح اور انتخاب کلام شامل ہے۔

مضامین اقبال

مرتب : تصدق حسین تاج

ناشر : مرتب۔ حیدر آباد

قیمت : اٹھائیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 282 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1944 میں مرتب ہی نے شائع کیا تھا اب اتنے عرصے بعد تین مضامین کے اضافے کے ساتھ اس کا دوسرا ایڈیشن شائع ہوا ہے۔ اس میں اقبال کے کے وہ مضامین شامل ہیں جو انہوں نے اپنی مختلف کتابوں میں دیباچے کے طور پر لکھے ہیں اس کے علاوہ خطبات صدارت بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔ ختم نبوت، جغرافیائی حدود اور مسلمان، حیات بعد موت کا اسلامی نظریہ 'ملت بیضا پر ایک عمرانی نظر وغیرہ مضامین کتاب میں شامل ہیں۔

مضامین خالد

مصنف : محمد خالد عابدی

ناشر : مصنف، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت150 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"مضامین خالد" مصنف کے بارہ تحقیقی و تنقیدی مضامین کا پہلا مجموعہ ہے۔ جن کے عنوان یہ ہیں:۔(1) اجین کے ہندو شعراء (2) فراق کی تحریروں میں شعرائے مدھیہ پردیش (3) رفعت سروش کے ڈرامے (4) آغا حشر کشمیری پر ایک تعزیتی رپورٹ (5) فصیح الملک: ایک قدیم رسالہ (6) چمنستانِ خلیل: ریاست ٹونک کا ایک گلدستہ (7) نواب شاہ جہاں بیگم آف بھوپال اور ان کے کلکتہ کے سفر (8) رضا نقوی واہی اور ان کے منظوم خطوط (9) بہزاد لکھنوی کے خطوط نشتر اندوری کے نام (10) میر سید علی شائق دہلوی: حیات اور ادبی خدمات (11) درسی کتب میں مولانا ابوالکلام آزاد (12) نازش پرتاپ گڑھی کی شاعری میں قومی یک جہتی۔

مطالعہ مثنویاتِ مصحفی

مصنفہ : سعیدہ وارثی

ناشر : مصنفہ، رانچی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت232 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سعیدہ وارثی کی پی ایچ ڈی کا مقالہ ہے جو مندرجہ ذیل چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ (1) حیات مصحفی (2) عہد مصحفی (3) مصحفی۔ تذکروں میں (4) مصحفی بحیثیت مثنوی نگار (5) مثنویات مصحفی۔ ایک جائزہ (6) مصحفی اور دوسرے اہم مثنوی نگار شعراء۔ مثنویات مصحفی کے متون بھی شامل اشاعت ہیں۔ یہ کتاب بہار اردو اکادمی کے جزوی مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

مطلع افکار

مصنف : سیما صغیر

ناشر : مصنف، سرسید نگر، علی گڑھ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

سیما صغیر کے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں تیرہ مضامین شامل ہیں ان کے عنوانات ہیں:۔

اردو ہندی افسانہ منظر اور پس منظر، علامہ، راشد الخیری، ڈاکٹر رشید جہاں، پریم چند کا افسانہ کفن، عصمت چغتائی، خوجی ایک عظیم کردار، تغزل کیا ہے۔ نظم جدید کا آغاز، کرشن چندر تاریخ کے جھروکوں سے وغیرہ کتاب کی پشت پر شہریار کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی کی مالی امداد سے منظر عام پر آئی ہے۔

معنی کی تلاش

مصنف : وہاب اشرفی

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، لال کنواں، دہلی 6

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب وہاب اشرفی کے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں ان کے چودہ مضامین شامل ہیں چند کے عنوانات نیچے درج کیے جاتے ہیں:۔

افسانے کا منصب، نثری نظم، احتشام حسین کا تنقیدی رویہ، شعر اقبال کا علامتی پہلو، جمیل مظہری کا تخلیقی رویہ، لمحوں کا سفر، جوگندر پال کی افسانہ نگاری، فنی تنقید کے چند سال، ظہیر صدیقی: ایک جدید شاعر، اردو نثر کی روایت اور غالب کی انشاء پردازی وغیرہ۔

مغربی تنقید کے اصول

مصنف : سجاد باقر رضوی

ناشر : نصرت پبلشرز، حیدری مارکیٹ، امین آباد، لکھنؤ

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 340 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

سجاد باقر رضوی کی یہ تنقیدی کتاب قبل ازیں پاکستان میں چھپی تھی اب ہندوستانی قارئین کے لیے بھی دستیاب ہے۔ اس کے مشمولات ہیں:۔

تنقید افلاطون سے پہلے، افلاطون، ارسطو، عہد روما کی تنقید، لانجائنس، دانتے، سر فلپ سڈنی، ڈرائڈن، ڈاکٹر جانسن، نوکلاسکی اقدار کے خلاف رد عمل اور جدید طرزِ احساس کی ابتداء، ورڈزورتھ، کولرج، ایڈگرایلین پو، طین اور ساں بو، رسکن کروچے، ٹی ایس ایلیٹ۔

ملیالم ادب کی تاریخ

مصنف : نائر، پی کے پرمیشورن / مترجم: سید سجاد حسین

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رویندر بھون، 35 فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 391 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب History of Malayalame Litrature کا اردو ترجمہ ہے۔ اس میں ملیالم ادب کی تاریخ کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔

مولانا باقر آگاہ۔ شخصیت اور فن

مصنفہ : ذاکرہ غوث

ناشر : مصنفہ، 144، لائیڈز روڈ، مدراس، 86

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 616 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب باقر آگاہ دہلوی کے فن اور شخصیت نیز ان کی تخلیقات کے تعارف و تنقید

پر مشتمل ہے کتاب کا تعارف علیم صبانویدی نے لکھا ہے اور مقدمہ سید سجاد حسین کا ہے۔

مومن: شخصیت اور فن

مصنف : ظہیر احمد صدیقی

ناشر : غالب اکادمی، حضرت نظام الدین، نئی دہلی 13

قیمت : تین سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 478 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ظہیر احمد صدیقی کی زیر نظر کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ اول باب میں سیاسی، سماجی ادبی پس منظر بیان کیا گیا ہے۔ نیز سکھوں، مرہٹے، انگریز، مغلیہ سلطنت، شاہ ولی اللہؒ، شیخ محمد ابن الوہاب وغیرہ کا جائزہ شامل ہے۔ باب دوم مومن کی حیات وسیرت سے متعلق ہے۔ اس میں مومن کے خاندان، ان کی سوانح حیات اور معاشقے کا تذکرہ ہے، باب سوم میں مومن کی اردو شاعری (قصیدہ نگاری، غزل، مرثیہ، مثنویات، واسوخت) کی تفصیلات ہیں دیگر ابواب میں ان کی فارسی تصانیف، تنقید اور اردو شاعری میں ان کے مقام سے بحث کی گئی ہے۔

مہک اور محک

مصنفہ : سیدہ جعفر

ناشر : ادارۂ پیکر، حیدر آباد

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنفہ کے تنقیدی مضامین پر مشتمل مجموعہ ہے۔ اس سے قبل بھی مصنفہ کے تنقیدی مضامین کے مجموعے منظر عام پر آچکے ہیں۔ اس مجموعے میں ان کے سترہ مضامین شامل ہیں۔ چند کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں۔ ''اردو افسانے کی نئی جہتیں''۔ ''حقیقت ورومان کا شاعر...... فیض''

''اقبال کا تصور فن''۔ ''داغ حیدر آباد میں''۔ ''ابوالکلام آزاد کا اسلوب بیان''۔ ''اقبال کی پیروڈی'' وغیرہ۔

میر

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

قیمت : ایک سوپچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 390 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

میر تقی میر سے متعلق قاضی عبدالودود کے تحقیقی مضامین کا مجموعہ ہے۔

میر امن دہلوی کی نثری خدمات

مصنف : عبدالمنان

ناشر : مصنف، کلکتہ

قیمت : دوسوروپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 264 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد تین سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب عبدالمنان (شعبہ اردو کلکتہ یونیورسٹی) کے تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی کی مطبوعہ شکل ہے جو میر امن دہلوی کی نثری خدمات کا محاسبہ و محاکمہ کرتی ہے۔ اس مقالے پر موصوف کو کلکتہ یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ تفویض ہوئی تھی۔

میر تقی میر: شخصیت اور فن

مصنف : خوشحال زیدی

ناشر : بزم خضر راہ، انتظار لاج، غفار منزل، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : ایک سوپچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں میر کی شخصیت ان کی شاعرانہ عظمت اور فن کا تعارف قلمبند کیا گیا

ہے نیز اردو زبان اور اردو شاعری میں ان کی خدمات کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ کتاب میں شامل ابواب میں سے چند اس طرح ہیں:۔

عہد میر: سیاسی اور سماجی ماحول، سوانحی حالات، سیرت و شخصیت، میر کا غم، میر کا فن، میر کی شاعری میں ہندی عناصر، مثنویاتِ میر، ذکر میر، میر کا مرتبہ وغیرہ۔

میرزا یگانہ: شخصیت اور فن

مصنف : مشفق خواجہ، پاشار حمان، آمنہ مشفق

ناشر : ثمر آفسیٹ پریس، نئی دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 226 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب یگانہ چنگیزی پر ناقدینِ ادب کے مضامین کا مجموعہ ہے۔ یہ پہلے پاکستان میں چھپی تھی اب ہندوستانی قارئین کے لیے دستیاب ہے۔ کتاب کے متعلق ایم۔ حبیب خاں کے تاثرات بھی شاملِ اشاعت ہیں۔

نذرِ منظور

مرتب : اسلوب احمد انصاری

ناشر : مرتب، علی گڑھ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 322 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

خواجہ منظور حسین کو نذر کردہ اس کتاب میں ان کی حیات و خدمات پر مضامین شامل ہیں۔ مزید برآں اس کتاب میں وقار حسین، نذیر احمد، وحید الدین، آفتاب احمد خاں، شمس الرحمٰن فاروقی، اسلوب احمد انصاری، وزیر آغا، شکیل الرحمٰن وغیرہ کے علم و ادب سے متعلق چودہ مقالے

شامل ہیں جو بیشتر اردو شاعری کی تنقید و تفہیم سے متعلق ہیں۔

نظامی بدایونی اور نظامی پریس کی ادبی خدمات

مصنف : شمس بدایونی

ناشر : مصنف، بدایوں

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 423 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب نظامی بدایونی اور ان کے قائم کردہ نظامی پریس کے کارناموں کے جائزے پر مشتمل ہے۔ نظامی بدایونی اردو کی ایک اہم شخصیت تھے۔ ان کی تخلیقی، تالیفی، صحافتی اور طباعتی خدمات قابل توجہ ہیں انہوں نے اخبار ذوالقرنین کے ذریعہ تقریباً چالیس سال تک اردو کی خدمت کی 1905 میں انہوں نے نظامی پریس قائم کیا۔ اس پریس سے اردو کی بے مثال کتابیں شائع ہوئیں اسی پریس سے دیوان غالب مع شرح نظامی 1920 میں شائع ہوا۔ زیر نظر کتاب ان تمام حقائق پر مشتمل ہے۔

اس مقالے پر مصنف کو 1992 میں روہیل کھنڈ یونیورسٹی نے پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض کی۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش کے مالی تعاون سے شائع کی گئی۔

نعت پاک کی اہمیت

مرتب : ساجد صدیقی لکھنوی

ناشر : مرتب، سلیمان قدر، مر [illegible] لکھنؤ

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 304 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

پیش نظر کتاب میں نعت پاک کی اہمیت سے متعلق شجاعت علی سندیلوی، ولی الحق انصاری، ملک زادہ منظور احمد، سعادت علی صدیقی، ندیم صدیقی، حسن ندوی، والی آسی، ساجد

صدیقی وغیرہ کے مضامین شامل ہیں یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

نیا اردو افسانہ

انتخاب، تجزیے اور مباحث

مرتب : گوپی چند نارنگ

ناشر : اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 632 صفحات، ایڈیشن سوم، تعداد، درج نہیں طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب دہلی اردو اکادمی کے سمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات کا مجموعہ ہے۔ کتاب کا اول حصہ مضامین پر مشتمل ہے جس میں صالحہ عابد حسین، شمس الرحمٰن فاروقی اور گوپی چند نارنگ کے مضامین بعنوان "کہانی کی کہانی" "افسانہ میں بیانیہ اور کردار کی کشمکش" نیز "نیا افسانہ: علامت، تمثیل اور کہانی کا جوہر" شامل ہیں۔ دوسرے حصے میں اہم و معروف افسانہ نگاروں کے افسانے اور افسانوں پر ناقدینِ ادب کے تجزیے ہیں اور آخر میں مباحث کی روداد شائع کی گئی ہے۔ اس کا "حرفِ آغاز اشتیاق عابدی نے لکھا ہے اور گوپی چند نارنگ نے دیباچہ قلم بند کیا ہے کتاب کے فلیپ پر قاضی عبدالستار، رام لعل کی آرا اور ادبی جریدوں کے تاثرات چھپے ہیں۔

نیاز حیدر: شخصیت اور شاعری

مصنف : ظفر الدین

ناشر : پرنٹ آرٹ، شیش محل، آزاد مارکٹ، دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کا ایم فل کی ڈگری کے لیے لکھا گیا مقالہ ہے جس کی یہ مطبوعہ شکل ہے۔ کتاب چار ابواب میں منقسم ہے پہلے باب میں نیاز کا سوانحی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ دوسرے باب میں ان کی شخصیت سے بحث کی گئی ہے تیسرا باب ترقی پسند شعری روایت کے عنوان سے ہے اور چوتھے باب میں نیاز کی شاعری کا جائزہ لیا گیا ہے، کتاب کی پشت پر قمر رئیس کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔ یہ کتاب اردو اکادمی دہلی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

واجد علی شاہ کی ادبی اور ثقافتی خدمات

مصنف : کوکب قدر سجاد علی مرزا

ناشر : ترقی اردو بیورو، ویسٹ بلاک، آر کے پورم، نئی دہلی 66

قیمت : ستانوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 700 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں واجد علی شاہ کی ادبی اور ثقافتی کارگزاریوں کا احاطہ کیا گیا ہے، جس میں واجد علی شاہ کی زندگی سے متعلق اہم باتیں، ان کے عروج و زوال اور ان کے عہد کی سیاسی، سماجی، مذہبی تحریکوں کا تذکرہ کیا گیا ہے، نیز ان کی تصنیفات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں تصاویر بھی شائع کی گئی ہیں۔ اس کا مقدمہ اے اے منشی نے لکھا ہے۔

2- شاعری

آب زر

مصنف : اکرام کاوش

ناشر : مصنف، میسور

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 108، صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اکرام کاوش کی نظموں پر مشتمل ہے وہ ایک انسان دوست شاعر ہیں ان کی شاعری میں انسانی محبت اور اخوت پر زور دیا گیا ہے۔

کتاب کا مقدمہ علیم صبا نویدی نے لکھا ہے۔ تعارف پروفیسر میر محمود حسین نے نیز مضمون ”نئے افق کی طرف“ سلیمان اطہر جاوید کا قلمبند کردہ ہے۔

آتش خاموش

مصنف : راودھار من جوشؔ

ناشر : مصنف، بدایوں

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 140 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت لیتھو

آتش خاموش راودھار من جوش کا شعری مجموعہ ہے۔

آتش زیرپا

مصنفہ : ساجدہ زیدی

ناشر : مصنفہ، علی گڑھ

قیمت : ڈیڑھ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 196 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب مصنفہ کی تازہ نظموں اور غزلوں کا مجموعہ ہے۔ ساجدہ زیدی ہمارے عہد کی معروف شاعرہ ہیں۔ اس سے پہلے ان کے کئی شعری مجموعے منظر عام پر آچکے ہیں۔

اس کتاب کے فلیپ پر تاراچندر ستوگی، عنوان چشتی اور علیم اللہ حالی کی رائیں شائع کی گئی ہیں۔

مضمون "سب اپنے ہی حسن کا درپن تھے"۔ ساجدہ زیدی نے اپنی شعری سفر کے بارے میں لکھا ہے۔ یہ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

آوارہ خوشبو

مصنف : ظہور قریشی عنبر

ناشر : مصنف، گل ہما ٹریڈر، بھوپال

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ جس میں ان کی ایک حمد، ایک نعت اور تقریباً نوے غزلیں شامل ہیں۔

شاعر کے بارے میں ظفر صہبائی کی رائے بھی شامل اشاعت ہے یہ کتاب مدھیہ پردیش اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

آئینہ آئینہ عکس

مصنف : عرفان پربھنوی

ناشر : عرفان پر بھنوی، ناگپور

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس شعری مجموعے میں عرفان کی 74 غزلیں اور دو نعتیں شامل ہیں۔ بشر نواز کے پیش لفظ اور منشاء الرحمٰن منشاء کے تعارف کے علاوہ شاعر نے بھی "کچھ اپنے بارے میں" لکھا ہے۔

اس کتاب کی اشاعت میں مہاراشٹر اردو اکادمی کا جزوی مالی تعاون شامل ہے۔

آئینۂ حیات

مصنف : بشیر امجد

ناشر : محمد فصیح الدین، حیدر آباد

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت لیتھو

زیر نظر کتاب بشیر امجد کی غزلوں کا مجموعہ ہے جس میں مصنف کی سو غزلیں شامل ہیں۔ کتاب کا آغاز حمد اور نعت سے ہوا ہے۔

اس مجموعہ کلام کا تعارف بشیر الدین احمد نے لکھا ہے اور احمد اللہ خاں نے بھی اپنے تاثرات قلمبند کیے ہیں۔

آیات سخن

مرتبین : افضال عاقل، احمد کمال حشمی

ناشر : اثبات و نفی پبلی کیشنز، کلکتہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

کلکتہ کے مضافات کے تینتالیس شعراء کے کلام کا انتخاب ہے۔ کتاب کی ابتداء

میں افضال عاقل نے ان شعراء سے کلام حاصل کرنے میں پیش آنے والی دشواریوں کا ذکر قلمبند کیا ہے۔ ہر شاعر کی زندگی کے مختصر کوائف بھی شائع کیے گئے ہیں۔

احساس غزل

مصنف : محمود نشتری

ناشر : مولانا آزاد اکیڈمی اندور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

محمود نشتر کے اس شعری مجموعے میں ستاون غزلیں ایک نعت اور ایک سلام شامل ہیں۔ عبدالاحد عباسی کا مختصر پیش لفظ کتاب میں شامل ہے۔ فلیپ پر راحت اندوری کی رائے درج ہے۔ کتاب کی اشاعت میں فخر الدین علی احمد میموریل اردو کمیٹی حکومت یوپی کا جزوی مالی تعاون شامل ہے۔

ادھورے خواب

مصنف : بھیم سین تیاگی

ناشر : ارون پبلیشنگ ہاؤس، چنڈی گڑھ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 162 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب بھیم سین کی نظموں غزلوں اور متفرق اشعار پر مشتمل ہے۔ کتاب میں شاعر کی رومانی قسم کی ہلکی پھلکی غزلیں اور حکایت کے انداز کی چھوٹی چھوٹی نظمیں، اور دہشت پسندی کے خلاف نظمیں شامل ہیں۔

اردو نظم (1960 کے بعد)

مرتبہ : دہلی اردو اکادمی

ناشر : اردو اکادمی، دہلی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں 1960 کے بعد کہی جانے والی نئی نظم کو نئے میزان میں رکھ کر پرکھا اور آنکا گیا ہے۔ کتاب میں جدید نظم کے منظر نامہ، شعریات اور بیانیہ، اسلوب، امکان و آفاق پر مختلف ارباب ادب کے مضامین شامل ہیں۔

اضطراب

مصنف : نیاز احمد اعظمی

ناشر : نثار پبلیکیشنز، 675 مولانا آزاد روڈ، غیبی نگر، بھیونڈی 2

قیمت : ستر روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب نیاز احمد اعظمی کا مجموعہ کلام ہے۔

اعجازِ سخن

مصنف : ابرار نغمی

ناشر : مصنف، بھوپال

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 141 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"اعجاز سخن" مصنف کا پہلا شعری مجموعہ کلام ہے۔ جو ایک سو بارہ غزلوں پر مشتمل ہے۔ مجموعے میں "ابرار نغمی اور ان کی شاعری" اور "ابرار نغمی۔ چراغ تہہ داماں" کے عنوان سے عبدالمجید خاں اور اختر سعید خاں اختر کے مضمون بھی شامل ہیں۔ 'حرفے چند' مختار شیمم نے قلم بند کیا ہے۔

افکار محبّ

مصنف : ذاکر گلشن آبادی

ناشر : مدھیہ پردیش، اردو اکادمی، ملار موزی سنسکرتی بھون، بان گنگا روڈ، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت116 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ذاکر گلشن آبادی کا مجموعہ کلام ہے۔ اس کا پیش لفظ سکریٹری ایم پی۔ اردو اکادمی نے قلم بند کیا ہے۔

اکیلی

مصنفہ : شبنم عشائی

ناشر : ذہن جدید، پوسٹ باکس7042 نئی دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد ضخامت، صفحات112، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر مجموعے میں شاعرہ کی نثری نظمیں شائع کی گئی ہیں۔ ان میں غزلیہ آہنگ کی بوباس کے بجائے فکری عوامل موجود ہیں۔

انتخابِ اکبر الہ آبادی

مرتب : صدیق الرحمٰن قدوائی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی25

قیمت : چھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت160 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ مکتبہ جامعہ لمیٹڈ کی جیبی کتابوں کی اشاعت کی ایک کڑی ہے، اس کتاب میں اکبر الہ آبادی کا منتخب کلام شائع کیا گیا ہے۔

انتخاب (طرحی مشاعرہ)

مصنف : سرور ساجد

ناشر : عنبر پبلی کیشنز، رانچی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 44 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتابچہ میں رانچی میں منعقد ہونے والے دو طرحی مشاعروں کا انتخاب شامل ہے۔

انتخاب عمیق حنفی

مرتب : شمیم حنفی

ناشر : اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج نئی، دہلی 2

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کا مقدمہ عمیق حنفی کے حالات زندگی اور ادبی کاموں سے متعلق ہے جو شمیم حنفی نے لکھا ہے بعد ازاں اس مجموعے میں عمیق کے منتخب کلام کو مرتب کر دیا گیا ہے۔ یہ کتاب دہلی اردو اکادمی کے مخصوص اشاعتی پروگرام کے تحت چھپی ہے۔

انتخاب قصائد اردو

مرتب : ابو محمد سحر

ناشر : مرتب، بھوپال

قیمت : ایک سو تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 400 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ابو محمد سحر نے اردو کے ان قصیدوں کا انتخاب شائع کیا ہے جو مختلف یونیورسٹیوں کے نصابوں میں شامل ہیں۔ کتاب کی ابتداء میں مقدمہ کے تحت مرتب نے اردو قصائد کے عہد بہ عہد ارتقاء پر روشنی ڈالی ہے نیز قصیدے کی ہیئت، اس کے فن اور اجزائے ترکیبی کی نشاندہی کی ہے۔ اس انتخاب میں مندرجہ ذیل شعراء کے قصیدے شامل ہیں:۔ قطب شاہ، غواصی، شاہی، نصرتی، ولی، حاتم، سودا، میر، انشاء، مصحفی، ذوق، مومن، غالب، سحر، محسن، منیر، عزیز، امیر، داغ، جلال، حالی وغیرہ۔

انتخابِ کلامِ حسرت موہانی

مرتب : خلیق انجم

ناشر . : انجمن ترقی اردو (ہند) اردو گھر راؤز ایونیو، نئی دلی 2

قیمت : چھیالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب حسرت موہانی کی غزلوں کا انتخاب ہے۔ اس شعری مجموعے کے ابتدائی صفحات پر مرتب نے حسرت کی شاعری سے متعلق مضمون لکھا ہے۔

انتخاب مخمور جالندھری

مرتب : بلراج کومل

ناشر : اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، دریاگنج، نئی دہلی 2

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مخمور جالندھری نے زیادہ تر ترجمے کیے اور رسالوں کے مدیر رہے۔ وہ ایک قابل لحاظ ترقی پسند شاعر بھی تھے دہلی اردو اکادمی کے لیے اس شاعر کے کلام کا انتخاب بلراج کومل نے ترتیب

دیا ہے اور مقدمے میں مخمور جالندھری کی زندگی اور فن سے متعلق معلومات بھی فراہم کی ہیں۔

انتخاب مراثی

مرتب : اتر پردیش اردو اکادمی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : سات روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں ہاشم علی، سودا، ضمیر، انیس، دبیر، جوش کے منتخب مرثیے شائع کیے گئے ہیں:۔ افراد مرثیہ اور حالات مرثیہ کے بارے میں معلومات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

انتخاب ولی

مرتب : ظہیر الدین مدنی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی 25

قیمت : بیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب جموں و کشمیر حکومت کے مالی تعاون سے جامعہ مکتبہ لمیٹڈ کے اشاعتی منصوبے، معیاری ادب، کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ کتاب میں ولی محمد ولی دکنی کے کلام کا انتخاب شائع کیا گیا ہے۔ نیز ولی کا تعارف بھی قلمبند کا کیا گیا ہے۔

انکار

مصنفہ : پروین شاکر

ناشر : ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت196 صفحات، ایڈیشن پہلا (ہندستانی)، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مشہور پاکستانی شاعرہ پروین شاکر کا مجموعہ کلام ہے جو قبل ازیں پاکستان میں شائع ہوا تھا اب اس کا ہندوستانی ایڈیشن چھپ کر آیا ہے۔

اوراقِ پریشاں

مصنف : پرویز انجم

ناشر : اظہار محمود، معرفت خضر پور لٹریری سوسائٹی، 50بی ڈائمنڈ ہار بر روڈ، کلکتہ 27

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب پرویز انجم کی غزلوں اور نظموں کا مجموعہ ہے کتاب کے آخری صفحات پر کچھ قطعات بھی ہیں۔ ابتداء میں شاعر کے متعلق احسن مفتاحی، محمد نظام شمیم اور بشیر الدین جوہر وغیرہ کے تاثرات شائع کیے گئے ہیں۔

باپو کے چرنوں میں

مرتب : پریم گوپال متل

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 110 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ملک کے مشاہیر شعراء نے باپو کی خدمت میں جو کلام بطور خراج عقیدت پیش کیا وہ اس کتاب میں یکجا کر دیا گیا ہے۔ لکھنے والوں میں شامل ہیں:۔

آنند نرائن ملا، اسرار الحق مجاز، جگر مراد آبادی، جوش ملیح آبادی، حفیظ بنارسی، رفعت

سروش، ساحر رشیدی، ساغر نظامی، کالی داس گپتا، مظہر امام، یوسف ناظم وغیرہ۔

بیاض مریم

مصنف : سکندر علی وجد

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی 25

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ کے جیبی کتابوں کی اشاعت کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں سکندر علی وجد کی غزلیں شامل ہیں۔

بیاض نور

مصنف : عقیل ہاشمی

ناشر : مصنف حیدر آباد

قیمت : ایک سو بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"بیاض نور" عقیل ہاشمی کی حمد، نعت، منقبت اور نعتیہ تضمینوں کا مجموعہ ہے۔

کتاب کا پیش لفظ طلحہ رضوی برق نے لکھا ہے۔ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

بیکراں

مصنف : جگن ناتھ آزاد

ناشر : محروم میموریل لٹریری سوسائٹی، نئی دہلی

قیمت : نوے روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 352 صفحات، ایڈیشن ساتواں، تعداد یک ہزار، طباعت آفسیٹ

"بیکراں" جگن ناتھ آزاد کا شعری مجموعہ ہے۔ جس کا یہ ساتواں ایڈیشن ہے اس کتاب کا پیش لفظ فراق گورکھپوری نے قلم بند کیا ہے۔ زیر نظر کتاب میں جگن ناتھ آزاد کا 1949 تک کا کلام شامل ہے۔ کتاب کی پشت پر نیاز فتحپوری کی رائے بھی شامل اشاعت ہے۔

بے نام شجر

مصنفہ : نورجہاں ثروت

ناشر : شجر پبلی کیشنز، دہلی

قیمت : ایک سو پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

نورجہاں ثروت کے اس پہلے مجموعہ کلام میں ان کی چونتیس غزلیں اور بیالیس نظمیں شریک اشاعت ہیں۔ کتاب کے فلیپ پر شارب ردولوی اور شمیم حنفی کی آراء شامل ہیں۔ پس لفظ گوپی چند نارنگ نے لکھا ہے۔ تنویر احمد علوی اور ابوالفیض سحر کے مضمون بھی شائع کیے گئے ہیں۔ چند نظموں کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

بازگشت، لمحے، بے اماں شجر، کھیل دھوپ چھاؤں کا۔

پچھلے موسم کی آوازیں

مرتب : انجم عباسی

ناشر : کوکن اردو رائٹرس گلڈ (موڈرن پبلیشنگ ہاؤس) نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مرتب نے کوکن کے تین معروف شعراء کا تعارف قلم بند کیا ہے اور ان کا منتخب کلام یکجا کر دیا ہے۔ یہ شاعر ہیں:۔

(1) باغی بانکوٹی (2) فروغ تمکنت (3) خطیب شہبالی

پردہ سخن کا

مصنف : مظفر حنفی

ناشر : مصنف، تقسیم کار بیسویں صدی پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ دریاگنج، نئی دہلی 2

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

مظفر حنفی کی ایک سو غزلوں کا مجموعہ جو پہلی بار 1986 میں شائع ہوا تھا۔ اس میں شاعر کے دیگر آٹھ مجموعوں کے منتخب اشعار بھی شامل اشاعت ہیں اور مندرجہ ذیل ناقدین کے مضامین سے شاعر کے فن پر اقتباسات بھی شائع کیے گئے ہیں۔

خلیل الرحمٰن اعظمی، شمس الرحمٰن فاروقی، مخدوم محی الدین، محمد حسن، گوپی چند نارنگ، وزیر آغا، ظ۔ انصاری وغیرہ۔

پلک پلک تیشہ

مرتب : صابر زاہد

ناشر : بزم یاران قہقہہ فروش، جلگاؤں

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد تین سو، طباعت لیتھو

شہر جلگاؤں (خاندیش) کے بارہ شعراء کا مشترکہ مجموعہ غزلیات جس میں ہر شاعر کی پانچ پانچ غزلوں کے ساتھ ایک ایک صفحہ پر باتصویر خود نوشت تعارف (صرف مرحوم سلطان

نقشبندی کا تعارف دو صفحات پر صابر زاہد نے لکھا ہے)شامل ہے۔ ابتداء میں "کڑوا کڑوا تھو"۔ عنوان کے تحت صابر زاہد نے مقدمہ شامل کیا ہے۔ محمد فاروق اعظمی کا پیش لفظ ہے۔ اس کتاب سے شہر جلگاؤں کی شعری صورت حال کا اندازہ لگانے میں مدد ملتی ہے۔

پھول تمہارے خار ہمارے

مصنف : فیروز ظفر بدایونی

ناشر : مصنف

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کا چوتھا مجموعہ کلام ہے جس میں غزلیں کچھ نظمیں، قطعات، متفرقات وغیرہ شامل ہیں اس سے پہلے شائع ہونے والے تین مجموعوں کے نام اس طرح ہیں (1) شہر گل 1970 میں (2) کانٹوں کی خوشبو 1983 میں (3) گل تہہ خاک 1987 میں۔

تار نفس

مصنف : محمود بیگ ساز

ناشر : مدھیہ پردیش اردو اکادمی، ملا رموزی سنسکرتی بھون بان گنگا روڈ، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کی شکل میں مدھیہ پردیش اردو اکادمی نے مرزا محمود بیگ ساز کا شعری مجموعہ زیور طبع سے آراستہ کیا ہے۔ محمود بیگ ساز دارالسرور برہانپور (ضلع کھنڈوہ) کے معروف شاعر ہیں۔

تخلیقات نذیر

مصنفہ : خورشید نذیر

ناشر : خورشید نذیر، اعظم پورہ ملک پیٹ، حیدر آباد

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنفہ کا شعری مجموعہ ہے۔ یہ کتاب موصوفہ کی غزلوں اور نظموں پر مشتمل ہے شاعرہ کے فن پر اظہار خیال سوز عابدی نے کیا ہے۔ چند نظموں کے عنوانات درج کیے جاتے ہیں:۔

ساقی نامہ، انقلاب اور شاعر، التماس، مینار نور، بھاگ متی وغیرہ۔

ترکش

مصنف : جاوید اختر

ناشر : ساحر پبلشنگ ہاؤس، جوہو چرچ، بمبئی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 60 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب جاوید اختر کا شعری مجموعہ ہے۔ جس میں مصنف کی چھبیس نظمیں، اور 23 غزلیں شامل ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ قرۃ العین حیدر نے لکھا ہے اور فلیپ پر گوپی چند نارنگ کی رائے بھی شامل ہے۔ جاوید اختر کی چند نظموں کے عنوان ہیں:۔

میرا آنگن میرا پیڑ، بھوک، بنجارہ، ایک مہرے کا سفر، بیمار کی رات، وقت شکست، ہجر، دشواری، غم بکتے ہیں، بے گھر، جرم اور سزا وغیرہ

تعزیر حیات

مصنف : کرن کمار سفیر

ناشر : منوہر سا نکھوی یشونت نگر

قیمت : پینسٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب کرن کمار سفیر کا نیا شعری مجموعہ ہے۔

ٹکڑے ٹکڑے آئینہ

مصنف : نذیر اثر

ناشر : مصنف اکولہ

قیمت : اکیاون روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر مجموعہ، کلام مصنف کی پہلی تصنیف ہے۔ جس میں حمد، نعت، غزلیات کے علاوہ پابند نظمیں اور قطعات بھی شامل ہیں، غزلیات کی تعداد غالب ہے۔ شاعر کی نگارشات کے بارے میں عنوان چشتی، کالی داس گپتا رضا، غنی اعجاز، صفدر، ندیم صدیقی، صدیق اکبر، کے مضمون کتاب میں شامل اشاعت ہیں پشت پر مظفر حنفی کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔

جدید غزل گو (حصہ اول)

مرتب : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 330 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اہم شعراء کے احوال وانتخاب کلام، تحریروں اور تصویروں پر مشتمل 1941 کی ایک دستاویز ہے اس کتاب کا پہلا ایڈیشن گیارہ سال پہلے شائع ہوا تھا۔

جدید غزل گو (حصہ دوم)

مرتب : خدا بخش اورینٹل، پبلک لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل، پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 318 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں 1985 سے 1995 تک کے 23 غزل گو شعراء کی سوانح عمری اور انتخاب کلام شامل ہے۔ نیز ان کے کلام کا تنقیدی جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ شاعروں میں اجتبیٰ رضوی، احمد ندیم قاسمی، معین احسن جذبی، حسن نعیم، سردار جعفری، آل احمد سرور، مجروح، کیفی، وامق جونپوری وغیرہ شامل ہیں۔

جمال کربلا

مصنف : جمال قریشی

ناشر : جمال قریشی، لکھنؤ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

نعتوں، سلاموں اور منقبتوں کے اس مجموعے کا پہلا ایڈیشن 1956 میں شائع ہوا تھا، اس دوسرے ایڈیشن میں سات نعتوں تیس سلاموں اور گیارہ مذہبی موضوعات پر مبنی نظموں کے ساتھ ساتھ چوالیس قطعات بھی شامل ہیں۔ اعجاز صدیقی مدیر شاعر کے پیش لفظ حبیب الرحمٰن غزنوی کے تاثرات اور عبدالباری کے مقدمے کے علاوہ آخری صفحات پر اس مجموعے کے پہلے ایڈیشن پر خلیل الرحمٰن اعظمی، میکش اکبر آبادی، سعید احمد اکبر آبادی اور شاہ معین الدین احمد ندوی کی آراء بھی شامل ہیں۔

جمالیات

مصنف : بدرالحسن بدر جمالی

ناشر : جمالیات اشاعت کمیٹی، مدراس

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 252 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بدر جمالی کی مختلف اصناف پر لکھی ہوئی تحریروں پر مشتمل ہے اس میں حمد، نعت، منقبت، غزلیں، رباعیات قطعات اور تضمین وغیرہ شامل ہیں۔ ابتداء میں مصنف کی تحریر کردہ آپ بیتی کے علاوہ آٹھ حضرات کے مقالے شامل ہیں جن میں شاعر اور اس کی تخلیقات کے بارے میں خامہ فرسائی کی گئی ہے۔ ان حضرات کے نام ہیں: محبوب پاشا، پروفیسر حسرت سہروردی، عنوان چشتی، محمد محی الدین احمد، حسن فیاض، محمد علی حسین، ایم ایس صمدانی اور صلاح الدین برق۔

چاند پکھراج کا

مصنف : گلزار

ناشر : روپا اینڈ کمپنی، انصاری روڈ، دہلی ۲

قیمت : ایک سو پچانوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

گلزار صرف فلموں سے متعلق مکالمہ نگاری ہی نہیں کرتے انہوں نے افسانے بھی لکھے ہیں اور شاعری بھی کی ہے پیش نظر کتاب گلزار کا شعری مجموعہ ہے۔ کتاب میں پورٹریٹ کے عنوان سے سات نظمیں پینتالیس غزلیں، ترائیلے، تروینی وغیرہ شامل ہیں۔

کتاب کا دیباچہ احمد ندیم قاسمی نے لکھا ہے کتاب میں شامل نظموں کے چند عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:

گلی میں، خانہ بدوش، دنگے، اخبار، وراثت، موڈ، انتظار، اکیلے، فراق، شام، ایک اور سر،

خاموشی، تھکاوٹ، ثبات، گڈمارننگ، احساس، ایک اٹھنی، عادت، تماشے، شناخت، غالب، احمد ندیم قاسمی، بمل رائے وغیرہ۔

چراغ دل

مصنف : سرشار بریلوی

ناشر : مصنف، 139/172 کنکوئیاں کہنہ، بریلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"چراغ دل" سرشار بریلوی کا شعری مجموعہ ہے۔

چنار رنگ

مصنف : بشیر اطہر

ناشر : کتاب گھر، مولانا آزاد روڈ، سرینگر

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 480 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک سو بیس شعراء کی منتخب نظمیں شامل ہیں۔

کتاب کا "پیش گفتار" محمد یوسف ٹینگ نے لکھا ہے۔

چھ دسمبر

مرتب : احمد صغیر

ناشر : ترسیل پبلی کیشنز، ڈمنی مسجد، گلیوال بیگہ گیا (بہار)

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ ان شعری اور نثری تحریروں کا مجموعہ ہے جو بابری مسجد کے انہدام کے رد عمل کے طور پر معرض وجود میں آئیں ان میں ندا فاضلی، گلزار، ظفر گورکھپوری، انیس اشفاق کی نظمیں اور نینا سنگھ کی وہ رپورٹ بھی شامل ہے جو اجودھیا میں رونما ہونے والے واقعات کے عینی مشاہدے پر مبنی ہے۔

حدیث دل

مصنف : نورالدین انور بھوپالی

ناشر : مصنف بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب مجموعہ ہے نورالدین انور بھوپالی کی شعری نگارشات کا۔

حرف بے لباس

مصنف : طاہر تلہری

ناشر : مصنف صدر بازار، پوسٹ، تلہر شاہجہانپور

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 170 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر تصنیف 'حرف بے لباس' طاہر تلہری کا تیسرا شعری مجموعہ ہے، یہ مجموعہ تقریباً 150 غزلوں پر مشتمل ہے۔ آغاز میں نعت پاک ہے، کتاب کا پیش لفظ طاہر تلہری نے اور 'حرف چند' شجاعت علی سندیلوی نے لکھا ہے یہ کتاب اتر پردیش اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

حرف حرف خواب

مرتب : نسیم بن آسی

مصنف : آسی رام نگری

ناشر : ادارہ فکر جدید، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : دوسو روپے

سائز : 20X30/8 مجلد، ضخامت 264 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب آسی رام نگری کا شعری کلیات ہے جس میں ان کی غزلیں اور نظمیں شامل ہیں جن کی تعداد دو سو سے زائد ہے۔

کتاب میں عبد المغنی، ظہیر احمد صدیقی، خوشتر گرامی نے آسی رام نگری کے کلام اور اس کی خصوصیات پر روشنی ڈالی ہے، اس کے لیے فلیپ جگن ناتھ آزاد نے لکھا ہے۔

یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

حصارِ فکر

شاعر : نظمی سکندر آبادی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی 6

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

نظمی سکندر آبادی کا پہلا مجموعہ "کرب احساس" کے نام سے کچھ مدت قبل شائع ہو چکا ہے۔ "حصار فکر" ان کا دوسرا مجموعہ کلام ہے۔ جس میں ان کی غزلوں کے علاوہ رباعیات قطعات، تضمینین، اور نظمیں بھی شائع کی گئی ہیں۔

خم خانہ

مصنف : شمشیر سنگھ شیر

ناشر : اسٹار پبلیکیشن، 4/5 آصف علی روڈ، نئی دہلی 2

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 30+198 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

قطعات ورباعیات پر مشتمل، شمشیر سنگھ شیر کے اس مجموعہ کلام کا پیش لفظ پروفیسر گوپی چند نارنگ نے لکھا ہے۔ کتاب میں شامل اردو رسم الخط میں ہر رباعی اور قطعہ کے ساتھ ہندی رسم الخط میں وہی رباعی یا قطعے درج ہیں۔

خمستاں پارسا

مصنف : پارسا کوثری جے پوری

ناشر : راجستھان اردو اکادمی، سبھاش مارگ، جے پور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 218 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب پارسا کوثری کا شعری مجموعہ ہے جو تمام تر غزلوں پر مشتمل ہے۔ کتاب کا پیش لفظ عبدالحئی نے لکھا ہے۔ مصنف کے فن سے متعلق قاضی ایوب کے تاثرات بھی شائع کیے گئے ہیں۔

خود کلامی

مصنفہ : پروین شاکر

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 184 صفحات، ایڈیشن پہلا (ہندستانی)، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پروین شاکر کا یہ شعری مجموعہ قبل ازیں پاکستان میں شائع ہو چکا ہے اب اس کا ہندستانی ایڈیشن منظر عام پر آیا ہے۔

خوشبوئے محنت

مصنف : شجاع فاروقی

ناشر : مصنف، نیا ملک پیٹ، حیدر آباد

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"خوشبوئے محنت" شجاع فاروقی کا شعری مجموعہ ہے۔ یہ مجموعہ ان کی نظموں غزلوں اور گیتوں پر مشتمل ہے۔

دامنِ کہسار

مصنف : محمد لیاقت حسین شرر

ناشر : علمی اشاعت گھر، مارکوئس اسٹریٹ، کلکتہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں شرر کی پچاس غزلیں اور اکیس نظمیں شامل ہیں۔ یہ ان کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ اس کا مقدمہ علقمہ شبلی نے قلمبند کیا ہے۔ چند منظومات کے عنوان نیچے تحریر کیے جاتے ہیں:۔

غیب کی آواز، ترے آنچل پر 'آس پاس' چمن ہر قدم پر، مرزا غالب، آدم کی تخلیق، بہارِ حیات آہ مائل لکھنوی، نوجوانوں سے خطاب، معرکہ، احساس وغیرہ۔

دائروں کے آگے

مصنف : ڈی ایس شوق

ناشر : سنت نرنکاری مشن، اجین

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

یہ مصنف کی ایک سوچہ غزلوں کا مجموعہ ہے،اس کا پیش لفظ کھیم راج چڑھانے لکھا ہے کتاب میں کچھ قطعات میں شامل ہیں۔

دربار کرم

مصنف : شاغل ادیب

ناشر : نیرنگ ادیب پبلیکیشنز ،زیب منزل، مشیر آباد، حیدر آباد

قیمت : پانچ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات،ایڈیشن ری پرنٹ ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"دربار کرم" شاغل ادیب کی منقبتوں کا مجموعہ ہے۔اس کا پیش لفظ شارق جمال نے لکھا ہے۔

در گت

مصنف : ٹی،این،راز

ناشر : مصنف،1395 سیکٹر15 پنچکولہ ہریانہ

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 152 صفحات،ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"درگت" ٹی،این،راز کا مزاحیہ اور طنزیہ شاعری کا مجموعہ ہے۔کتاب کا تعارف "ہنسی کے خزانے لٹاتا گزر جا" کے عنوان سے ناشر نقوی نے لکھا ہے،اس مجموعہ میں غالب کی زمینوں میں چالیس غزلیں شامل ہیں۔26 غزلیں "حماقتیں" کے عنوان کے تحت شائع کی گئی ہیں۔کتاب کے فلیپ پر قتیل شفائی، ندا فاضلی، ساغر خیامی، بشیر بدر کے رائیں بھی شائع کی گئی ہیں۔

دھوپ اور سائبان

شاعر : نور پیکر

ناشر : کاویز گھاٹ روڈ، شیب پور، ہوڑہ۔2

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

"دھوپ اور سائبان" نور پیکر کی غزلوں پر مشتمل ان کا دوسرا شعری مجموعہ ہے موصوف کا پہلا مجموعہ کلام" سرابوں کے درمیان" 1981 میں منظر عام پر آیا تھا۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔"نور پیکر کی غزلوں کی فضا" کے عنوان سے ظہیر انور نے شاعر کے کلام پر روشنی ڈالی ہے۔

دھوپ اور سایہ

مصنف : پرہلاد رائے دانش

ناشر : فنکار انٹر نیشنل، نئی دہلی، 13

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب پرہلاد دانش کی غزلوں اور چند نظموں پر مشتمل ہے۔ دانش اردو غزل کی روایت سے واقف ہیں۔ بیوی کے بہیمانہ قتل کا اثر ان کی شاعری پر گہرا ہے۔

اس کتاب کے لیے حرفے چند، مصنف نے خود لکھا ہے اور پیش لفظ ممتاز مرزا کی کاوش فکر کا نتیجہ ہے۔

دیوان ابوالکلام آزاد

مرتب : عبدالغفار شکیل

ناشر : ادارہ تحقیقات اردو، پٹنہ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 66 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب مولانا آزاد کے اردو اور فارسی کلام پر مشتمل ہے۔ اس میں غزلیں، نعتیں،

قطعات رباعیات شامل ہیں۔ مولانا آزاد شاعری بھی کرتے تھے کم لوگوں کو اس بات کا علم ہے، اس سلسلے میں مرتب اور ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہاں پوری نے کافی تلاش و تحقیق کے بعد وہ مواد پیش کیا ہے جس پر یہ کتاب مشتمل ہے۔

دیوانِ مصحفی

مصنف : غلام ہمدانی مصحفی

ناشر : خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ غلام ہمدانی مصحفی کے دیوان ہشتم کا عکسی ایڈیشن ہے جس کا مبسوط مقدمہ عابد رضا بیدار نے لکھا ہے۔ اس دیوان میں مصحفی کی غزلیں رباعیاں اور سلام شامل ہیں جن کی کل تعداد 149 ہے۔

دیوان یقین دہلوی

مرتبہ : فرحت فاطمہ

ناشر : انجمن ترقی اردو (ہند) اردو گھر راؤز ایونیو، نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو دس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 348 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

فرحت فاطمہ نے انعام اللہ خاں یقین کے دیوان کا تنقیدی ایڈیشن مرتب کیا ہے جس کا حرف آغاز خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کتاب کا مقدمہ مرتبہ نے ہی لکھا ہے جس میں یقین کے عہد سماجی منظر نامہ، ماحول، حیات، خاندان، وفات، اسباب ہلاکت، تلمیذ، یقین اور مظہر، یقین اور میر، یقین کی شاعرانہ خصوصیات اور ان کے مرتبے کا تعین نیز ان کی ادبی خدمات جیسے ابواب کے تحت

یقین کے فن پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

رات ادھر ادھر روشن

مصنف : محمد علوی

ناشر : اردو ساہتیہ اکادمی گجرات سیکٹر بلڈنگ، گاندھی نگر۔ 382011

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 560 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ محمد علوی کا کلیات ہے۔ جس میں ان کے چاروں مجموعہ ہائے کلام (خالی مکان، آخری دن کی، تلاش تیسری کتاب اور چوتھا آسمان) کو یکجا شائع کیا گیا ہے۔ کتاب کا پیش لفظ ھسو یا گنگ نے اور مقدمہ گوپی چند نارنگ نے لکھا ہے۔

رباعیات انیس

مرتب : محمد حسن بلگرامی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : چھ روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے کتاب میں میر انیس کی رباعیات شائع کی گئی ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ محمود الہٰی نے لکھا ہے اور دیباچہ محمد حسن بلگرامی نے قلمبند کیا ہے۔

رنگ، خوشبو، روشنی

مصنف : قتیل شفائی

ناشر : نئی آواز پبلی کیشنز، نئی دہلی 25

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا ہندستانی، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

معروف شاعر قتیل شفائی کا شعری مجموعہ ہے یہ پہلی بار پاکستان میں شائع ہوا تھا اب ہندوستانی قارئین کے لیے مقامی ایڈیشن چھاپا گیا ہے۔

روشن عبارت

شاعر : سعید رحمانی

ناشر : دارالصحت رحمانی، آر 90 ایس اے فاروقی روڈ، مٹیا برج، کلکتہ 24

قیمت : اکیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد سات سو پچاس، طباعت آفسیٹ

شاعر کا یہ مجموعہ اُڑیسہ اردو اکادمی کے جزوی مالی تعاون سے شائع ہوا ہے اس کے فلیپ پر مظفر حنفی کی رائے شامل ہے۔ کتاب میں شاعر کے متعلق شارق جمال ناگپوری کرشن موہن اور حفیظ اللہ نیولپوری کے مضامین بھی شامل ہیں "نغمات سرمدی" کے تحت "نعت"، شہر غزل کے تحت غزلیں اور چند نظمیں شامل مجموعہ ہیں۔

روشنی دھوپ چاندنی

مصنف : اسد بھوپالی

ناشر : مدھیہ پردیش اردو اکادمی، ملا رموزی سنسکرتی بھون، بان گنگا روڈ، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 135 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ایم۔ پی۔ اردو اکادمی کی شائع کردہ کتاب روشنی، دھوپ، چاندنی، فلموں کے مشہور شاعر اسد بھوپالی کا مجموعہ کلام ہے جو بیشتر غزلوں پر مشتمل ہے۔

زنجیر بجالی جائے

مصنف : انوار نشتر

ناشر : انصار احمد قریشی، آکولہ (مہاراشٹر)

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 178 صفحات، ایڈیشن پہلا ہندستانی، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

"زنجیر بجالی جائے" انوار احمد نشتر کا اولین شعری مجموعہ ہے۔ جس میں ان کی اسی غزلیں کچھ نظمیں اور گیت شامل اشاعت ہیں۔ "ایک نظر نشتر اور اس کی شاعری پر" کے عنوان سے محبوب راہی نے لکھا ہے نیز "کلام نشتر سادگی میں پرکاری" کے عنوان سے بشر نواز کا مضمون بھی شامل ہے۔ یہ کتاب مہاراشٹر اردو اکادمی کے جزوی مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

زیور اخلاق

مصنف : نقی احمد ارشاد

ناشر : ڈاکٹر سید نثار احمد، ایم آئی جی 348، کنکڑ باغ پٹنہ 20

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا ہندستانی، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب دینیات، نصائح اور اخلاقیات سے متعلق نگارشات کا مجموعہ ہے۔ اس شعری مجموعے میں شاعر نے اپنے دین وایمان سے وابستہ اعتقادات تلمیحات، شخصیات، واردات اور واقعات کو قلمبند کیا ہے۔ اس مجموعے میں غزلیات، مراثی اور رباعیات وغیرہ شامل ہیں۔

ساحل سے سفینے تک (جلد اول)

مرتب : شکیل رحمانی

ناشر : غالب اکیڈمی، نجیب آباد

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 202 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر تصنیف ہندستان کے کچھ معروف ومنفرد شعراء کی منتخب غزلیات کا مجموعہ

ہے۔ یہ سلسلہ دو جلدوں پر پھیلا ہے جس کی یہ جلد اول ہے۔اس میں چوالیس شعراء کا انتخاب اور ان کی سوانحی تفصیلات و کوائف بھی شائع کیے گئے ہیں۔

سلسبیل

مصنف : شیخ نورالدین نورانی / ترجمہ: نشاط انصاری

ناشر : ساہتیہ اکادمی، نئی دہلی 1

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 72 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

شیخ نورالدین نورانی کشمیر کی ایک بلند قامت روحانی شخصیت ہیں۔انہیں تندہ رشی کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ان کا روحانی کلام سنسکرت آمیز کشمیری زبان میں ملتا ہے جس کا ترجمہ کرنا نہایت مشکل کام تھا مگر مترجم نے اس کا سلیس ترجمہ نہایت محنت اور جانفشانی سے کیا ہے، اس کتاب میں دو سو ساٹھ اشلوکوں کا ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔اور کتاب کے آخر میں سات صفحات پر مشکل الفاظ اور ان کے معنی درج کر دیے گئے ہیں۔

سناٹے سے آواز تک

مصنف : جگدیش راج فگار

ناشر : مصنف، فیروز پور، کاشی نگر، پنجاب

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب جگدیش راج فگار کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ یہ کتاب ان کی غزلوں پر مشتمل ہے جن کی تعداد اٹھانوے ہے۔

سنہری اُداسیاں

مصنف : شاہد ماہلی

ناشر : معیار پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب شاہد ماہلی کی غزلوں کا مجموعہ ہے۔ کتاب میں شامل غزلوں کی تعداد تقریباً ستر ہے۔ "شاعر سخنِ سوختہ" کے عنوان سے عتیق اللہ نے شاعر کے فن پر روشنی ڈالی ہے۔ گوپی چند نارنگ اور مظہر امام کی آراء کو فلیپ پر شائع کیا گیا ہے۔

ظ۔ انصاری۔ انور سدید، کشور ناہید، مظفر حنفی، حسن نعیم کی آراء بھی کتاب کے آخر میں شائع کی گئی ہیں۔ یہ کتاب دہلی اردو اکادمی کی مالی معاونت سے شائع ہوئی ہے۔

سوچ سمندر

مصنف : جمال قریشی

ناشر : اقبال مرزا، احمد آباد

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

احمد آباد گجرات کے معروف شاعر جمال قریشی کے اس مجموعہ غزلیات میں ان کی بہتر غزلیں شامل ہیں۔ پیش لفظ وارث علوی نے دیباچہ مخمور سعیدی نے اور مقدمہ ش۔ ک۔ نظام نے تحریر فرمایا ہے۔ غزلوں میں جدید رنگ و آہنگ جھلکتا محسوس ہوتا ہے۔ فہرست میں غزلوں کے پہلے مصرعے دیے گئے ہیں۔

سوغات منظر

مصنف : عبدالحمید منظر مرتضیٰ پوری

مرتب : مظہر سلیم

ناشر : تکمیل پبلی کیشنز، بمبئی۔70

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"سوغات منظر" عبدالحمید مرتضیٰ پوری کی غزلوں کا انتخاب ہے۔ جن کا شمار برار کے کہنہ مشق شعراء میں کیا جاتا ہے۔ ان کا دور شاعری چوتھی دہائی سے آٹھویں دہائی کے عرصے پر محیط ہے۔ کتاب کے ابتدائی صفحات پر حمد، دعائیں ہیں اور اس کے بعد ایک سو دو غزلیں شامل ہیں۔

سوکھی ٹہنی پر ہریل

مصنف : عنبر بہرائچی

ناشر : شائستہ عنبر، علی گڑھ

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 151 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کا تیسرا شعری مجموعہ ہے۔ جس میں ان کی باسٹھ نظمیں شامل ہیں۔ اس کا تعارف آل احمد سرور نے لکھا ہے اور فلیپ پر عنوان چشتی و نظام صدیقی کی آراء نیز پشت پر ابوالکلام قاسمی کی رائے شامل اشاعت ہے۔ کچھ نظموں کے عنوان درج ذیل ہیں۔

کچے دھاگوں جیسے رشتے۔ ہم کہاں تھے کچھ نہیں ہم کو خبر۔ تمہاری آنکھوں میں پھولی ہوئی کانس کا جنگل۔

شاد عظیم آبادی

مرتب : قیس رضوی عظیم آبادی

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 82 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار ، طباعت آفسیٹ

یہ مختصر کتاب شاد عظیم آبادی کی سوانح اور ان کے کلام کے انتخاب پر مشتمل ہے۔ کتاب ان کے شاگرد قیس رضوی عظیم آبادی نے ترتیب دی تھی جو بعد میں دریافت کی گئی۔ اس میں شاد کی سوانح، ان کا کلام اور ان کے تلامذہ کا تذکرہ شامل ہے۔

شبنم و گل

مصنف : پیام فتحپوری

ناشر : مصنف، فہیم آباد چمن گنج، کانپور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

''شبنم و گل'' پیام فتحپوری کا کلیات ہے۔ جس کا پیش لفظ قمر رئیس نے اور مقدمہ محمد عقیل نے لکھا ہے کتاب میں مصنف کا مختصر سوانحی خاکہ بھی شائع کیا گیا ہے اس کتاب میں غزلیں نظمیں اور قطعات وغیرہ سبھی شامل ہیں۔ چند نظموں کے عنوان درج کیے جاتے ہیں:۔

جنگ برائے امن، عقل و ضمیر، انتظار مسیحا، خودداری، نئی نسل کے نام۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

شفق کا ایک اور رنگ

ناشر : نور پرکار

ناشر : قلم پبلی کیشنز بمبئی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 110 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

نور پرکار کی چوالیس باعنوان آزاد (نثری) نظموں کا مجموعہ ہے۔ چند عنوانات ہیں ہمارے سوا' بین السطور، ایک نظم بلاعنوان، شاعری کرے تو، یہ بے اماں مکیں، دشت آزار میں' وغیرہ۔ الیاس شوقی کا پیش لفظ اور عبداللہ ساجد کی تہنیتی نظم جس کے ہر مصرعے کے پہلے حرف سے نور پرکار کا نام بنتا ہے ابتدائی صفحات پر درج ہیں، فلیپ اول پر شمس الرحمٰن فاروقی اور آخر پر سعید صفدر ایڈیٹر کویت ٹائمز کی آراء شامل ہیں۔

شہباز

مصنف : شہباز ندیم

ناشر : مصنف، لال کنواں، دہلی

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کا شعری مجموعہ ہے جو غزلوں پر مشتمل ہے چند قطعات بھی شامل کتاب ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ نثار احمد فاروقی نے لکھا ہے مخمور سعیدی کی رائے بھی چھاپی گئی ہے۔ فلیپ پر قتیل شفائی، قتیل راجستھانی اور قیس رام پوری کی آراء شامل ہیں۔

شیشۂ صد رنگ

مصنف : محمد ضیاءاللہ خاں

ناشر : مصنف، سرونج

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ مصنف کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ جس میں ان کی قلم بند کردہ حمد، نعت، اور غزلیں شامل ہیں، کتاب کا مقدمہ اسماعیل ذبیح نے لکھا ہے تاثرات انیس دہلوی اور مخمور سعیدی کے ہیں۔ قمر سنبھلی نے مصنف کا تعارف پیش کیا ہے اور فلیپ پر مظفر حنفی کی رائے شامل ہے۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی کی مالی امداد سے شائع ہوئی ہے۔

صلِ علیٰ، صلِ علیٰ

مرتبین : جاوید اقبال، تابش مہدی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب نعتوں کا مجموعہ ہے جس میں ہندستان و پاکستان کے جن چالیس شعراء کی منتخب نعتوں کو شامل کیا گیا ہے۔ ان کے نام ہیں:۔

فضا ابن فیضی، تابش دہولی، مظفر وارثی، حفیظ میرٹھی، عنوان چشتی، اعجاز رحمانی، ناوک حمزہ پوری، ابوالمجاہد زاہد، طاہر تلہری، شفق طاہری، سہیل زیدی وغیرہ

صہبائے حقیقت

مصنف : شاعر فتحپوری

ناشر : مصنف، چمن گنج، کانپور

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب شاعر فتحپوری کے نعتیہ کلام پر مبنی شعری مجموعہ ہے اس سے قبل مصنف کے دو شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ اس مجموعے میں مصنف کی نعتیں، سلام، منقبت

اور قطعات شامل ہیں، کتاب میں کوثر جائسی، حق بنارسی، قاسم جیبی اور ناظر صدیقی کے تاثرات بھی مرقوم ہیں۔ یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

طلوع وجداں

مصنف : ظفر حمیدی

ناشر : مصنف، مظفرپور

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب ظفر حمیدی کی نظموں اور غزلوں پر مشتمل ہے۔ ظفر حمیدی ایک قادر الکلام معروف شاعر ہیں یہ ان کا چھٹا شعری مجموعہ ہے۔ ابتداء میں منتخب اشعار، نعت،، اور دو نظمیں بعنوان عازمین حج کے لیے اور نوحہ امام حسین شامل ہیں۔ اس کے بعد کتاب میں دیگر نظمیں اور غزلیں شامل ہیں۔

غبار احساس

شاعر : قاضی حسن رضا

ناشر : مصنف، قاضی پورہ، کھنڈوا

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

مجموعہ کلام "میثاق" کے بعد شاعر کی یہ دوسری کتاب ہے اس مجموعے میں ان کی تقریباً سو غزلیں شامل ہیں۔ یہ شعری مجموعہ فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے منظر عام پر آیا ہے۔

غبار دل

مصنفہ : کے پنوں، پرواز

ناشر : مصنف، کمل کالج ماڈل ٹاؤن، پٹیالہ، پنجاب

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنفہ کا پہلا شعری مجموعہ ہے جوان کی نظموں پر مشتمل ہے کتاب میں شامل نظموں کی تعداد تقریباً 89 ہے جن میں سے چند نظموں کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

میری زندگی کا وصال، ایک بھکاری، مغرور افسر، ہے وہی زندگی،، کیسے ہیں لوگ، ایک بار تو آ کے دیکھ خدا، تیری تقدیر، ہڑتال، آج کی شب، مذہبی تعصب، وطن کے پہرے دار وغیرہ۔

یہ کتاب بھاشاو بھاگ پنجاب کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

غزل گلاب

مصنف : کالی داس گپتا رضا

ناشر : ساکار پبلیشرز پرائیویٹ لمیٹڈ، بمبئی 20

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب شاعر کی غزلوں کا انتخاب ہے۔ داغ اسکول سے تعلق رکھنے والے شاعر کالی داس گپتا رضا کی غزلیں عبد اللہ کمال نے مرتب کی ہیں۔

غزلیات شبلی

مصنف : شبلی نعمانی

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 106 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ شبلی نعمانی کی غزلوں کا انتخاب ہے جو ردیف الف سے شروع ہوتا ہے اس میں شامل غزلوں کی تعداد 100 سے زائد ہے۔

کتاب میں شریک مضمون "کچھ شبلی کی غزلوں کے بارے میں" شیخ محمد اکرام نے قلمبند کیا ہے۔

قربتوں کی دھوپ

مصنف : امام اعظم

ناشر : اردو ادبی سرکل، دربھنگہ، بہار

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"قربتوں کی دھوپ" امام اعظم کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ جو ان کی غزلوں، نظموں اور آزاد غزلوں پر مشتمل ہے۔ اس کا پیش لفظ نظیر صدیقی نے لکھا ہے اور فلیپ پر منظر شہاب، مناظر عاشق ہرگانوی، محمد سالم کی آراء بھی شامل اشاعت ہیں۔ کتاب کی اشاعت میں بہار اردو اکادمی کا مالی تعاون شامل ہے۔

قریۂ فکر

مصنف : اسلم عمادی

ناشر : ادارۂ شعر و حکمت، حیدر آباد

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اسلم عمادی کا شمار جدید دکنی شعرا میں ہوتا ہے یہ ان کا چوتھا مجموعہ کلام ہے۔ اس میں تین ادوار کے تحت غزلیں اور نظمیں شامل ہیں۔

یہ ادوار 1980 سے 1987 تک، 1987 سے 1989 تک اور 1989 تا حال مقرر کیے گئے ہیں۔

قصائد و قطعات تاریخ

مصنف : جلیل مانکپوری / مرتب : علی احمد جلیلی

ناشر : ادارہ تحقیقات اردو، پٹنہ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 74 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب فصاحت جنگ جلیل مانکپوری کے غیر مطبوعہ کلام کا مجموعہ ہے جس میں موصوف کے قصیدے اور تاریخی قطعات شامل ہیں۔ جلیل کے سلسلے میں ان کے صاجزادے علی احمد جلیلی کی مرتب کردہ کئی اور کتابیں بھی مختلف اداروں سے شائع ہو چکی ہیں۔

قلقل آب وضو

مصنف : صفدر

ناشر : فیروزہ، بروڈ ضلع امراوتی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 102 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو۔

صفدر ودربھ کے معروف نقاد ہیں کبھی کبھار نظمیں بھی کہتے ہیں۔ یہ صفدر کا شعری مجموعہ ہے جس میں شاعر نے "میرا تخلیقی سفر" کے تحت پیش لفظ لکھا ہے۔

مجموعے میں ان کی بہتر نظمیں شامل ہیں کتاب میں شامل نظموں میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

سبز ہاتھ، پہلی بارش کی نظم، ایسا کیوں ہوتا ہے، پانی پانی زہر، اندھیرے اور اُجالے کے درمیان، کافور کی انگلیاں، آخری ون، دروازہ ہے۔ نام کی تختیاں، کھڑکیاں، گنگا بہتی ہے، محبت

آئینہ ہے۔ خالی ہے آکاش وغیرہ، یہ کتاب مہاراشٹر اسٹیٹ اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

قندِ ہند

مصنف : فیض الحسن خیال

ناشر : ادارہ تجدید ادب (اردو) حیدر آباد

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کا شعری مجموعہ ہے جو تیلگو، ہندی، انگریزی، اور اردو میں ایک ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ کتاب میں راج بہادر گوڑ، مغنی تبسم، یوسف سرمست رحمت یوسف زی وغیرہ کی آراء بھی شامل اشاعت ہیں۔

کتاب صحرا

مصنف : حنیف ترین

ناشر : امان اللہ خالد

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ حنیف ترین کی تقریباً ایک سو بیس نظموں کا مجموعہ ہے۔ منظومات کے علاوہ اس کے فلیپ پر شمس الرحمٰن فاروقی کی رائے شامل ہے اور اندرونی صفحات پر گوپی چند نارنگ، وزیر آغا اور مناظر عاشق ہرگانوی کے مضامین بھی شائع کیے گئے ہیں۔

کلام شاد

مرتب : قاضی عبدالودود

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 218 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب قاضی عبدالودود کے ذریعہ منتخب اور ترتیب دیے گئے شاد عظیم آبادی کے کلام پر مشتمل ہے۔

مقدمہ سید سلیمان ندوی نے لکھا ہے۔ کتاب میں تین ضمیمے بھی شامل ہیں ضمیمہ نمبر 1 سات مختصر مضامین پر مشتمل ہے، ضمیمہ نمبر 2 میں خود نوشت سوانح شاد اور شاد کا اپنا انتخاب کلام شامل ہے۔ ضمیمہ نمبر 3 حسرت موہانی کے انتخاب دیوان شاد پر مشتمل ہے۔

کلیاتِ شاد عارفی

مصنف : شاد عارفی / مرتب: مظفر حنفی

ناشر : نیشنل اکادمی، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 464 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

شاد عارفی کا شعری کلیات مظفر حنفی کے مقدمے کے ساتھ پہلی بار 1974 میں منظر عام پر آیا تھا۔ یہ اس کی طبع مکرر ہے۔ اس کلیات میں شاعر کی دو سو ساٹھ غزلیں، ایک سو اٹھارہ نظمیں، ترانوے رباعیات اور قطعات اور کچھ متفرق اشعار شامل ہیں۔ خاص خاص نظموں کے عنوانات اس طرح ہیں:۔

ٹکڑ گدے، ابھی جبلپور جل رہا ہے۔ آپ سے ملیے۔ رنگیلے راجا کی موت، مرے پڑوس میں کچی شراب بکتی ہے۔ نمائش 1 تا 4، واپسی، شوفر، نوکرانی، مشورہ، بیٹے کی شادی، ان اونچے اونچے محلوں میں، اندھیر نگری، دیوالی، دسہرا، اشنان، غمازہ۔

کلیات فدوی کی تنقیدی تدوین

مرتب : محمد عطاء اللہ خان

ناشر : مرتب، چنچل گوڑہ حیدر آباد

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت106 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد سات سو چھیاسی، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مرتب نے فدوی خان فدوی کا کلیات مرتب کرنے کے علاوہ ان کی نگارشات کا تنقیدی نقطہ نظر سے جائزہ لیا ہے۔ اس کتاب میں فدوی کی ستر تخلیقات ردیف وار شائع کی گئی ہیں۔ تعارف غلام عمر خاں نے قلم بند کیا ہے۔ آخر میں کتابیات بھی درج ہے۔

کمندِ حرف

مصنف : عمران عظیم

ناشر : سائرہ پبلی کیشنز، سہارنپور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت128 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کے مصنف پیشے کے لحاظ سے وکیل ہیں، یہ ان کا اولین شعری مجموعہ ہے جس میں غزلیں اور چند نظمیں شامل ہیں جدید طرز کی غزلیں اسلوب کی تازہ کاری سے پُر ہیں ان میں گھر اور شہر کے جانے پہچانے مسائل کی عکاسی فنکاری کے ساتھ کی گئی ہے۔

کتاب کے فلیپ اور پشت پر وزیر آغا، انور سدید، شہریار اور وحید اختر کی رائیں درج ہیں

”رشتوں کے تناظر میں“ عنوان چشتی نے لکھا ہے۔

اور ”کارگہہ شیشہ گری“ مصنف کا لکھا ہوا اپنا تعارف ہے۔

گاہے گاہے (میری نظمیں میری غزلیں)

مصنف : رولینڈ لارنس

ناشر : نئی آواز، جامعہ نگر، نئی دلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں رولینڈ لارنس کی نظموں اور غزلوں (انگریزی) کے اردو تراجم شائع کیے گئے ہیں۔ کتاب میں دس نظمیں اور دس غزلیں ہیں۔

گرد سفر

مصنف : غنی اعجاز

ناشر : نبیل اشعر، مومن پورہ، آکولہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب غنی اعجاز کا شعری مجموعہ ہے جس میں ان کی پینسٹھ غزلیں، نعت اور حمد شامل ہیں، کتاب میں مظفر حنفی، شہریار، بشیر بدر، گلزار، غلام ربانی تاباں، یوسف ناظم، ندا فاضلی وغیرہ کے شاعر اور شاعری سے متعلق تاثرات بھی شائع کیے گئے ہیں۔ یہ مجموعۂ کلام مہاراشٹر اردو اکادمی کی مالی اعانت سے منظر عام پر آیا ہے۔

گلدستہ

مصنف : مدنی اشرفی / مرتب: طارق سعید

ناشر : مرتب

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 207 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب کچھوچھہ شریف کے سجادہ نشین۔ محمد مدنی اشرفی الجیلانی اختر کے کلیات پر مشتمل ہے۔اس میں ان کی حمدیں، نعتیں سلام اور منقبتیں وغیرہ شامل ہیں۔ کتاب کا مقدمہ

مرتب نے لکھا ہے۔

گلہ صفورہ

مصنفہ : شفیق فاطمہ شعریٰ

ناشر : مصنفہ، حیدر آباد

قیمت : چھتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 108 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد سات پچاس، طباعت آفسیٹ

شفیق فاطمہ شعریٰ کا شمار اہم ہندوستانی شاعرات میں ہوتا ہے، اس کتاب میں ان کی انتالیس نظمیں ایک غزل اور سات قطعات شامل ہیں چند نظمیں اسپین کی جون ریمن جمنیر کی نظموں کے ترجمے ہیں۔

گنج معانی

مصنف : تلوک چند محروم

ناشر : محروم میموریل لٹریری سوسائٹی، نئی دہلی

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 596 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب کا یہ تیسرا ایڈیشن ہے جس کو جگن ناتھ آزاد نے شائع کیا ہے۔ اس میں تلوک چند محروم کی نگارشات حمد و معرفت، جذبات فطرت، مناظر قدرت، رامائن کے سین، پند و نصائح، نکات شیکسپیئر، یادِ رفتگاں، طوفان غم، تقریبات، تضمینات، رباعیات وقطعات شامل اشاعت ہیں۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1932 اور دوسرا 1957 میں شائع ہوا تھا۔ کتاب کا دیباچہ شیخ عبدالقادر نے لکھا ہے۔

لفظوں کا سفر

مصنف : شفیق دہلوی

ناشر : مصنف، 4492، گلی شاہ تارا، اجمیری گیٹ، دہلی 6

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

'لفظوں کا سفر' شفیق دہلوی کا شعری مجموعہ ہے۔

لہو پکارتا ہے

مصنف : علی سردار جعفری

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/16 غیر مجلد، ضخامت 116 صفحات، ایڈیشن دوسرا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

علی سردار جعفری کی نظموں اور غزلوں پر مشتمل جیبی کتاب مکتبہ جامعہ نے شائع کی ہے اس کا پہلا ایڈیشن 1978 میں شائع ہوا تھا۔ کتاب میں شامل چند نظموں کے عنوان ہیں:۔

لہو پکارتا ہے، گفتگو، کون سچ بولے گا، خون کا اجالا، شاعر، چھوٹا سا دل، اقبال کی آواز وغیرہ۔

لہولہان بیساکھی

مرتب : سکمار سرکار

ناشر : نیشنل آرکائیوز آف انڈیا، نئی دہلی

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 175 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ ان چوالیس انقلابی نظموں کا مجموعہ ہے جو برطانوی عہد حکومت میں ضبط کرلی گئی تھیں۔ اور نیشنل آرکائیوز میں محفوظ تھیں۔

متاعِ ہنر

مصنف : محمود سروش

ناشر : فاران پبلشرز، بمبئی

قیمت : ایک سو بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

'متاع ہنر' محمود سروش کی ایک سو پینتیس غزلوں پر مشتمل شعری مجموعہ ہے جس میں پانچ سے لے کر پچیس اشعار تک کی غزلیں شامل ہیں۔ آغاز میں "نوائے سروش" علی سردار جعفری نے "سروش بھائی!" آوارہ سلطانپوری نے اور "مشہور اشعار کے گمنام شاعر" ندیم صدیقی نے تحریر کیے ہیں۔

مثنوی سحر البیان

مصنف : میر حسن

ناشر : اترپردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : چار روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

میر حسن کی مشہور مثنوی کے اس ایڈیشن کا مقدمہ حکم چند نیّر نے لکھا ہے۔ متن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:۔

قصہ سحر البیانَ۔ آغاز داستان، داستان ہری کے دریافت کرنے کی:
داستان بدر منیر کے غم واندوہ میں اور حسن بائی کے بلانے میں
داستان نجم النساء کے جوگن ہونے میں وغیرہ
کتاب کے آخر میں فرہنگ 'سحر البیان' بھی شائع کی گئی ہے۔

مر موز

شاعر : آشا پربھات
ناشر : پبلیشرز زاینڈ ایڈورٹائزز، بے۔6 کرشن نگر، دہلی
قیمت : ساٹھ روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں آشا پربھات کی نظمیں شائع کی گئی ہیں جو غنائیت تہہ داری اور کیف وکم کی حامل ہیں۔ اور ان کا آہنگ ایک پراسرار آہٹ کی طرح ہمیں چونکاتا ہے۔

مشکِ منور

مصنف : کرشن کمار طور
ناشر : مکتبہ سر سبز، دھرم شالہ
قیمت : بارہ روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب کرشن کمار طور کا شعری مجموعہ ہے جو غزلوں پر مشتمل ہے اس کتاب میں مصنف کی پچانوے غزلیں شامل ہیں:۔

کتاب کی پشت پر شمس الرحمٰن فاروقی کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔ یہ محکمہ النہ پنجاب کے جزوی مالی تعاون سے منظر عام پر آسکی ہے۔

مصحفِ عصر

مصنف : عمر انصاری

ناشر : مصنف، لکھنؤ

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب عمر انصاری کا نیا شعری مجموعہ ہے جس میں موصوف کی خود نوشت سوانح عمری اور ان کی چھپن غزلیں اور سولہ نظمیں شامل ہیں۔ نظموں میں سے چند کے عنوانات نیچے درج کیے جاتے ہیں۔

عید الفطر، گڑیا، بابا صاحب امبیڈکر، آہ راجیو گاندھی، آہ جمیل مہدی، وادی خوف، لکھنؤ۔

کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی کی مالی امداد سے منظر عام پر آئی ہے۔ اس کے فلیپ پر نیاز فتحپوری، شجاعت علی سندیلوی، احتشام حسینؒ آل احمد سرور، نشور واحدی، نسیم قریشی کی آراء بھی شائع کی گئی ہیں۔

موجِ رواں

مصنف : اختر آفاق امر تسری

ناشر : گجرات اردو اکادمی، ابھیشک بلڈنگ، گاندھی نگر

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب گجرات اردو اکادمی کے اپنے اشاعتی سلسلہ کی بارہویں کڑی ہے یہ اختر آفاق کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ کتاب میں تقریباً ایک سو غزلیں شامل ہیں مضمون 'یادش بخیر'

رحمت امروہوی نے لکھااور مصنف نیز کتاب کے بارے میں اپنے مضمون میں محمود کاظم حکیم نے روشنی ڈالی ہے۔

میر انیس اور ان کے اخلاف کے مرثیے

مرتب : جعفر حسین خان جونپوری

ناشر : اردو پبلیشرز، لکھنؤ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 456 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میر انیس اور ان کے اخلاف کے تعارف اور مرثیوں پر مشتمل ہے۔ کتاب کے آغاز میں "مرثیہ اور اس کی اہمیت" کے عنوان سے مائل ملیح آبادی کا مضمون اور "تعارف وتبصرہ" کے تحت امیر علی جونپوری کی تحریر اور مرتب کا دیباچہ شامل اشاعت ہے، اس کتاب میں میر انیس، میر مہر علی، سید علی محمد، سید محمد سلیس، میر ہادی، خورشید حسن عروج وغیرہ کے مراثی شائع کیے گئے ہیں۔

میری آواز

شاعر : نور اقبال

ناشر : اقبال اینڈ سنس، بڑلی پاڑہ، آر ایل بی لین، 24 پرگنہ (نارتھ) مغربی بنگال

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

نور اقبال کی زیر نظر کتاب ان کی تیرہ آزاد وپابند نظموں کا مجموعہ ہے۔ "دل کارشتہ" "میری آواز" "دو بہروپیے" "باغی" "مزدور" اس کی اہم نظمیں ہیں۔

مینارۂ فلک بوس

شاعر : ساقی توڑیلوی

ناشر : شان ہند پبلی کیشنز، انصاری مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی2

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ساقی توڑیلوی کی زیر نظر کتاب میں ان کی غزلیں شائع کی گئی ہیں موصوف کے اشعار میں رومانی احساسات و جذبات موجود ہیں۔

میں تنہا شاعر

مصنف : محمد یوسف ہما

ناشر : مصنف، بھوپال

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 150 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"میں تنہا شاعر" یوسف ہما کا شعری مجموعہ ہے۔ جس میں ان کی غزلیں ، نظمیں اور گیت شامل ہیں۔ کتاب کا دیباچہ مصنف نے لکھا ہے نیز "میں نے شاعری کیسے شروع کی"۔ شاعری میری نظر میں"۔ "میری شاعری" کے عنوان سے ان کے تین مضامین بھی شامل اشاعت ہیں۔

ناموسِ قلم

مصنف : عزیز بگھروی

ناشر : ادارۂ ادب اسلامی ہند، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 124 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ ا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

عزیز بگھروی کا مجموعہ کلام ہے جو 'اسلامی ادب' کی نمائندہ تخلیقات پر مشتمل ہے۔ اس میں حمدیات ، مناجات نعتیں ، غزلیں ، قطعات، نظمیں اور ترانہ شامل ہے۔ اپنے مضمون میں عبدالمغنی نے مصنف کے فن پر روشنی ڈالی ہے۔

نشاطِ آگہی

شاعر : عبدالمتین جامی

ناشر : شاعر، رحمت علی بلڈنگ،، دیوان بازار، کٹک

قیمت : اکیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد سات سو پچاس، طباعت لیتھو

عبدالمتین جامی کا یہ مجموعہ کلام اُڑیسہ اردو اکادمی کے جزوی مالی تعاون سے شائع ہوا ہے۔ جس میں تقریباً سو غزلیں اور چند آزاد غزلیں شامل ہیں۔

نغمہ و آہنگ

مصنف : نور جمالی

ناشر : مصنف

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

"نغمہ و آہنگ" مصنف کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ اس میں ان کے ابتدائی دور کی کچھ غزلیں بھی شامل ہیں۔ کتاب کے فلیپ پر تاج الدین اشعر اور گوہر شیخ پوری کی آراء بھی شامل اشاعت ہیں۔ تعارف ناشاد وارثی نے لکھا ہے۔

نکات دانش

مصنف : دانش مالوی

ناشر : مدھیہ پردیش اردو اکادمی، ملا رموزی سنسکرتی بھون، بان گنگا روڈ، بھوپال

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 204 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کی شکل میں اردو اکادمی مدھیہ پردیش نے دانش مالوی کے شعری کلام کا مجموعہ شائع کیا ہے دانش مالوی سرونج (جو کبھی ریاست ٹونک کا حصہ تھا اور اب ضلع ودیشہ میں واقع ہے) کے معروف شاعر ہیں۔

نیرنگ سخن

مصنف : شمر جیلانی قمری / مرتب: طالب محمود

ناشر : طالب محمود علی گڑھ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب شمر جیلانی کی غزلیات اور قطعات کے پچاس سالہ انتخاب پر مشتمل ہے۔

شاعر اور کتاب کا تعارف: غوث محمد غوثی نے لکھا ہے۔ مقدمہ انصار اللہ نظر کا ہے اور تبصرہ کمال الدین اور شمسی طہرانی نے قلمبند کیا ہے۔

نیند کی کرچیں

شاعر : شہریار

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، مسلم یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب شہر یار کی تقریباً پچاس غزلوں اور چالیس نظموں کا مجموعہ ہے۔
چند نظموں کے عنوانات ہیں:

"تماشا"، "ایک میں بھی ہوں"، "لازوال ہونے کا"، "کچے رستوں پر"، "آج کے بعد"، "افق در کھولنے والی"، "دریائے خوں" وغیرہ۔ ابتداء میں شمس الرحمٰن فاروقی نے شہریار کی شاعری سے متعلق پیش لفظ قلمبند کیا ہے۔

وجدان و تواجد

مصنف : عبدالکریم مجروح صدیقی

ناشر : ظفر اقبال صدیقی، بمبئی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 164 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت لیتھو

اس شعری مجموعے میں چوہتر غزلیں، ایک حمد چھ نعتیں ایک سلام، جشن آزادی پر تین قطعات، دعوت جمہور عنوان کے تحت ایک نظم متفرق اشعار اور ایک سہرا شامل ہیں۔ سید نعیم الدین کا مقدمہ سید صفدر کی تقدیم اور ظفر اقبال کا تعارف شامل کتاب ہیں۔

اس کتاب کی اشاعت میں مہاراشٹر اردو اکادمی کی جزوی مالی اعانت شامل ہے۔

وقت کی تحریر

شاعر : خواجہ سنبھلی

ناشر : مصنف، احمد آباد

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 100 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

شاعر کی سینتالیس غزلیات کے علاوہ نعتیں، منقبتیں، قطعات نیز متفرقات کے تحت موضوعاتی شخصی منظومات اور جابجا متفرق اشعار اور قطعات درج کیے گئے ہیں۔ جاوید انصاری کے

پیش لفظ اور زبیر قریشی کی تقریظ کے علاوہ شاعر نے 'عرضِ حال' کے تحت اپنے سوانحی کوائف شامل کتاب کیے ہیں۔ فلیپ پر رشید افروز کی رائے شائع کی گئی ہے۔

ہزار رنگ

مصنف : دلدار ہاشمی

ناشر : دلدار ہاشمی، احمد آباد

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

دلدار کے اس شعری مجموعے میں پچھتر غزلوں، بارہ پابند موضوعاتی نظموں اور نو قطعات کے ساتھ ایک نعت بھی شامل ہے۔ پیش لفظ عبد الاحد ساز نے لکھا ہے۔ کتاب کی اشاعت میں مسلم کوآپریٹو بنک پونہ کا جزوی تعاون شامل ہے۔

ہندستانی شاعری

مصنف : محمد حسن

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، 3108 وکیل اسٹریٹ لال کنواں، دہلی 6

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اہم اردو اور ہندی شعراء کے کلام کا انتخاب ہے جس میں تریسٹھ شعراء کا کلام شائع کیا گیا ہے۔ اس کا تعارف اور دیباچہ مرتب نے قلم بند کیا ہے۔ اس مجموعے میں مندرجہ ذیل شعراء کی منتخب تخلیقات شامل ہیں:۔

امیر خسرو، کبیر، ولی، غالب، اقبال، بال مکند گپت، مہادیوی ورما۔

یدِ بیضا

مصنف : برق موسوی

مرتب : مرزا اکبر علی بیگ

ناشر : مکتبہ شعر و حکمت پنجہ گٹہ، حیدر آباد

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 180 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

اکبر علی بیگ کا مرتب کردہ برق موسوی کا شعری مجموعہ چار حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں جذب و یقین کے عنوان سے نظمیں شامل ہیں، دوسرے حصے میں 'انقلاب وارتقاء' کے عنوان سے سیاسی اور اخلاقی نظمیں شامل ہیں، 'مسکراتے آنسو' کے عنوان سے تیسرے حصے میں عشقیہ نظمیں شامل ہیں اور چوتھا حصہ غزلوں پر مشتمل ہے۔

یہ کتاب آندھرا پردیش اردو اکادمی حیدر آباد کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

3- ناول / داستان

آگے سمندر ہے

مصنف : انتظار حسین

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی25

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 324 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"آگے سمندر ہے" انتظار حسین کا ایک نیا ناول ہے۔ قبل ازیں انتظار حسین کے افسانوں کے کئی مجموعے اور ناول ہندوپاک سے شائع ہو چکے ہیں ان کے ناول کا مرکزی موضوع تقسیم ہند کا المیہ اور ہجرت وطن ہے۔

اجل نامہ

مصنف : محی الدین نواب

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پہلا (ہندستانی)، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

محی الدین نواب کے تہلکہ خیز اور سنسنی انگیز ناول وقتاً فوقتاً پہلے بھی شائع ہوتے رہے ہیں 'اجل نامہ' ان کی نئی تخلیق ہے جس میں تحیر، مہم جوئی اور اسرار کی آمیزش سے قارئین کی دلچسپی کا سامان پیدا کیا گیا ہے۔ یہ ناول قبل ازیں پاکستان میں شائع ہوا تھا۔

اجلے دامن

مصنف : ابن حیات

ناشر : پرنس بکڈپو، نیو روہتک روڈ، قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 336 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ابن حیات کا گھریلو اور اصلاحی ناول ہے جو ہماری معاشرت کے کئی نادیدہ اور پنہاں گوشوں کو بے نقاب کرتا ہے۔ مصنف کے کئی دوسرے ناول بھی منظر عام پر آچکے ہیں۔

احساس

مصنفہ : میناناز

ناشر : اہلووالیہ بکڈپو، نیو روہتک روڈ، نئی دہلی

قیمت : پچپن روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 278 صفحات، ایڈیشن پہلا طبع مکرر، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

میناناز کا نیا رومانی ناول ہے جس میں سماج کے ناہموار پہلوؤں کی عکاسی بھی شامل ہے۔ مصنفہ کے درجنوں ناول ہندوپاک سے شائع ہو چکے ہیں۔

اُلجھن

مصنف : رابندرناتھ ٹیگور

مترجم : یزدانی جالندھری

ناشر : پرنس بکڈپو نیو، روہتک روڈ، قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : پچاس

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ رابندرناتھ ٹیگور کے ایک ناول کا اردو ترجمہ ہے۔

ایک جہاں اور بھی ہے

مصنفہ : رضیہ فصیح احمد

ناشر : نسیم بک ڈپو، لکھنؤ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت264 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت لیتھو

یہ ایک سماجی ناول ہے جس میں مصنفہ نے اپنے مختلف کرداروں کی مدد سے انسانی زندگی میں آنے والے جذباتی حادثوں کو کہانی کی بنیاد بنایا ہے۔ ایک حسین لڑکی کی زندگی میں کس طرح تغیرات آتے ہیں اور وہ ان سے کیسے عہدہ براہوتی ہے یہی اس کا تھیم ہے۔

ایک چادر میلی سی

مصنف : راجندر سنگھ بیدی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : اکیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت116 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

راجندر سنگھ بیدی کا مشہور ناولٹ ہے جس کا نیا ایڈیشن منظر عام پر آیا ہے۔

باغ و بہار

مصنف : میر امن دہلوی

مرتب : رشید حسن خاں

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر نئی، دہلی25

قیمت : ستائیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

قصہ چہار درویش پر مشتمل میر امن دہلوی کی مشہور داستان ہے۔

یہ کتاب مکتبہ جامعہ کے حکومت جموں کشمیر کے مالی تعاون سے جاری کردہ اشاعتی پروگرام 'معیاری ادب کے سلسلے کی ایک کڑی ہے، کتاب کا پیش لفظ رشید حسن خاں نے لکھا ہے۔

بڑا آدمی

مصنف : محسن علی

ناشر : مصنف، حیدر آباد

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 338 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

'بڑا آدمی' محسن علی کا ایک معاشرتی ناول ہے۔ کتاب کی اشاعت اردو اکادمی آندھرا پردیش کی مالی اعانت سے ہوئی ہے۔

بھکارن

مصنف : ریاض ارشد

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 282 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ریاض ارشد کا پیش نظر ناول 'بھکارن' ہماری سوسائٹی کے کئی گھناؤنے پہلوؤں کو روشنی میں لاتا ہے ان کی اصلاح کے لیے قارئین کے ذہنوں کو انگیخت کرتا ہے۔

بیان

مصنف : مشرف عالم ذوقی

ناشر : تخلیق کار پبلیشر ز، نئی دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 259 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

'بیان' مشرف عالم ذوقی کا ایک اور ناول ہے جس میں ہندوستانی معاشرے میں فرقہ وارانہ منافرت کا زہر پھیلانے والے عناصر اور سیاست کی گندگیوں کو نشانۂ ملامت بنایا گیا ہے۔

بیر بہوٹیاں

مصنف : پی وے ای لن

مترجم : ارشد مسعود ہاشمی

ناشر : مصنف مظفرپور

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

بیر بہوٹیاں، جس کا اصل عنوان ایک رسی پانچ لڑکیاں ہے، ایک چینی ناولٹ ہے جس کا اردو ترجمہ ارشد مسعود ہاشمی نے کیا ہے۔

پرایا جسم

مصنف : کنور حشمت علی خاں

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

حشمت علی کا قلمبند کردہ ایک سنسنی خیز ناول ہے۔

پرچھائیاں

مصنف : امتاو گھوش / مترجم: قدیر زماں

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 312، صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب انگریزی ناول ڈی شیڈ ولا ئنز کا اردو ترجمہ ہے اپنے اس ناول پر مصنف کو ساہتیہ اکادمی انعام سے نوازا گیا تھا۔ ناول میں دوسری جنگ عظیم میں لندن کی تباہی کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔

تعبیر

مصنفہ : ثریا ملک شمع

ناشر : پرنس بک ڈپو، نیو روہتک روڈ قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ثریا ملک شمع کا ایک رومانی ناول ہے جس میں پیار اور سماج کے تصادم کی پر لطف داستان بیان کی گئی ہے۔

تیمور لنگ

مصنف : الیاس سیتاپوری

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 172 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس تاریخی ناول میں الیاس سیتا پوری نے مختلف کرداروں کی مدد سے تیمور لنگ کی زندگی پیدائش، تخت نشینی فتوحات وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے ایک رومانی کہانی کی شکل دی ہے۔

جانگلوس (حصہ اول)

مصنف : شوکت صدیقی

ناشر : ساقی بک ڈپو،،اردو بازار، دہلی6

قیمت : دوسو چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 632 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداددرج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ ایک طویل معاشرتی ناول ہے جو سولہ حصوں پر محیط ہے۔ اس ناول میں سماج کے جائزو ناجائز فیصلے ، حق تلفی، حالات کی کشاکش اور سماج کی ناانصافی کا بیان پر لطف انداز میں کیا گیا ہے۔

جذبہ دل

مصنف : سلمیٰ کنول

ناشر : توصیف بک ڈپو، دہلی

قیمت : ستر روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 384 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

سلمیٰ کنول نے بہت سے رومانی اور سماجی ناول لکھے ہیں۔ ’جذبہ دل‘ ان کا نیا ناول ہے جس میں حسن و عشق کی روداد کے ساتھ سماجی حقائق بھی پیش کیے گئے ہیں۔

جلوہ ایثار

مصنف : منشی پریم چند

ناشر : پرنس بکڈپو، نیو روہتک روڈ، قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداددرج نہیں، طباعت آفسیٹ

پریم چند کا مشہور ناول ہے، اس کے ابواب کے عنوانات اس طرح ہیں:۔

ویراگ، کایاپلٹ، کملاچرن کی دوست، حسد، بارات کی رخصتی، سرد مہری، محبت کو بھلا نہیں سکتی وغیرہ۔

جہنم کدہ (حصہ اول)

مصنف : ایم اے راحت

ناشر . کتاب والا پہاڑ بھوجلہ دہلی 6

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 258 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

'جہنم کدہ' در جنوں ناولوں کے مصنف کا سنسنی خیز طویل ناول ہے جس کا پہلا حصہ پیش نظر کتاب پر مشتمل ہے۔ یہ ناول قبل ازیں ڈائجسٹ میں بالاقساط چھپ چکا ہے۔

جہنم کدہ (حصہ دوم)

مصنف : ایم اے راحت

ناشر : کتاب والا، پہاڑی بھوجلہ، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 258 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

ایم اے راحت کے متعدد دلچسپ اور مہماتی ناول قبل ازیں بھی شائع ہوئے ہیں پیش نظر کتاب ان کے ایک اور سنسنی خیز ناول کا دوسرا حصہ ہے۔

چلمن

مصنفہ : نادرہ خاتون

ناشر : پرنس بکڈپو، قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 440 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

نادرہ خاتون کے متعدد ناول چھپ چکے ہیں 'چلمن' موصوفہ کا تازہ کارنامہ ہے جس میں ایک رومانی اور سماجی داستان قلم بند کی گئی ہے۔

حضرت جان

مصنف : قاضی عبدالستار

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 520 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

قاضی عبدالستار کا ایک اور دلچسپ تاریخی ناول اس کتاب کی صورت میں منظر عام پر آیا ہے۔

خالد بن ولیدؓ

مصنف : قاضی عبدالستار

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی 6

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 231 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب خالد بن ولید کے کارناموں پر مشتمل ہے۔ یہ کارنامے ایک دلچسپ تاریخی ناول کی ہیئت میں قلمبند کیے گئے ہیں، قبل ازیں مصنف کے تاریخی ناول دارا شکوہ، صلاح الدین ایوبی، غالب وغیرہ منظر عام پر آچکے ہیں۔

خوفناک حویلی

مصنف : وکیل نجیب

ناشر : مصنف، نجیب منزل، لال اسکول، مومن پورہ، ناگپور18

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ایک طویل کہانی ہے جو قبل ازیں دہلی سے شائع ہونے والے بچوں کے ماہنامہ "امنگ" میں تیرہ قسطوں میں شائع ہو چکی ہے اور اب یہ ناول مکمل کتابی شکل میں شائع ہوا ہے۔اس مختصر سے ناول میں واقعات بڑی تیزی سے گردش کرتے ہیں یہ ناول بچوں کے مزاج، ان کی دلچسپی ،ان کی سوچ اور ان کی نفسیات کو سامنے رکھ کر لکھا گیا ہے۔

داستان ایمان فروشوں کی

مصنف : عنایت اللہ التمش

ناشر : ادبی دنیا، مٹیا محل، دہلی6

قیمت : پینسٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 464 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب صلاح الدین ایوبی کے دور کی حقیقی کہانیوں کا مجموعہ ہے جس میں "ام غرارہ کا اغوا" اور "صلاح الدین ایوبی کے قتل کی سازش" بطور خاص لائق ذکر ہیں۔

دشت آدم

مصنف : سلیم شہزاد

ناشر : مصنف، جلگاؤں

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 182 صفحات، اڈیشن ری پرنٹ، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

سلیم شہزاد نے اپنے اس ناول کو تیس ابواب پر منقسم کیا ہے۔ علامتی پیرایہ اظہار میں تحریر کردہ اس ناول کا پیش لفظ "اس دشت میں" عنوان کے تحت ناول نگار نے خود لکھا ہے۔

فخر الدین علی احمد میموریل اردو کمیٹی حکومت یوپی کی جزوی مالی اعانت اس کتاب کی اشاعت میں شامل ہے۔

دل نشیں

مصنف : مشرف تمیز

ناشر : ناز کتاب گھر، شاندار مارکیٹ، دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 502 صفحات، اڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

مشرف تمیز کا نیا ناول ہے جس میں ایک رومانی داستان کے تناظر میں ہمارے معاشرے کے مختلف اچھے اور برے پہلوؤں کی عکاسی کی گئی ہے۔

دمشق کے قید خانے میں

مصنف : عنایت اللہ التمش

ناشر : ادبی دنیا، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 336 صفحات، اڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

عنایت اللہ التمش بھی تاریخی ناولسٹ ہیں اور ان کے کئی ناول منظر عام پر آچکے ہیں "دمشق کے قید خانے میں" ان کا نیا ناول ہے جو پہلے پاکستان میں شائع ہوا تھا اب 'ادبی دنیا' نے

اسے ہندستانی قارئین کے لیے چھپوالیا ہے۔ ناول میں تاریخ کے ساتھ رومان کی آمیزش بھی کی گئی ہے۔

دیوتا

مصنف : محی الدین نواب

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 212 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

محی الدین نواب نے یہ طویل داستان درجنوں جلدوں میں قلمبند کی ہے اس کا راوی ناول کا مرکزی کردار ہے جو سوچ نگر میں جنم لینے والے تحیر انگیز اور مہماتی واقعات کو اپنے طور پر بیان کرتا ہے یہ ناول قبل ازیں ہندوپاک کے ڈائجسٹوں میں چھپا اور اب دونوں جگہ کتابی صورت میں شائع ہوا ہے، کتاب کا یہ پینتیس واں حصہ ہے۔

دیوتا

مصنف : محی الدین نواب

ناشر : کتاب والا گلی، جھوت والی، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 320 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"دیوتا" محی الدین نواب کی تخلیق کردہ بے حد طویل اور انتہائی پراسرار طویل کہانی ہے۔ جو سوچ نگر کے شہزادے فرہاد علی تیمور کی سرگزشت ہے۔ یہ ناول کا چھتیس واں حصہ ہے۔

راکھ اور انگارے

مصنف : گلشن نندہ

ناشر : آہلووالیہ بکڈپو، نیو روہتک روڈ، نئی دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد ضخامت، صفحات 144، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

گلشن نندہ درجنوں ناول لکھ چکے ہیں ان کا یہ ناول ایک ایسے سماج دشمن کی کہانی ہے جو ایک معصوم دوشیزہ کے ارمانوں کا خون کرنا چاہتا ہے یہ ناول سولہ ابواب پر پھیلا ہوا ہے۔

رشتے ناطے

مصنفہ : رضیہ بٹ

ناشر : توصیف بک ڈپو، دہلی6

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 592 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"رشتے ناطے" رضیہ بٹ کا نیا سماجی و رومانی ناول ہے۔ قبل ازیں موصوفہ کے متعدد ناول چھپ چکے ہیں۔

ریاض دلربا

مصنف : منشی گمانی لعل / مرتب: ابن کنول

ناشر : ہریانہ اردو اکادمی، چنڈی گڑھ

قیمت : تمیں روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 118 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

بقول مرتب یہ اردو ناول کا نقش اول ہے اس کا دعائیہ حکم سنگھ نے ابتدائیہ خورشید احمد نے حرف آغاز کشمیری لال ذاکر نے اور پیش لفظ کنول ڈبائیوی نے لکھا ہے، مبسوط مقدمہ مرتب

نے قلم بند کیا ہے۔

زبدۃ الرموز

مصنف : عبدالرحیم عمرانی ٹونکی

ناشر : خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 172 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اردو کی مشہور داستان امیر حمزہ کا قدیم ترین ماخذ پٹنہ کی خدا بخش پبلک لائبریری نے شائع کیا ہے۔

زر سے ذات

مصنف : عفت قریشی

ناشر : ناز کتاب گھر، شاندار مارکیٹ، چتلی قبر، دہلی

قیمت : ستر روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 520 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

'زر سے ذات' عفت قریشی کا ایک دلچسپ ناول ہے جس میں لالچ حرص اور خود غرضی کی ایک ایسی داستان ہے جو ایک دولت مند خاندان کی مغرور اور خود غرض عورت اور اس کی بہو کے گرد گھومتی ہے۔

زمین

مصنف : خدیجہ مستور

ناشر : ہمالیہ بک ہاؤس، دہلی 6

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 238 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو سو، طباعت آفسیٹ

'زمین' خدیجہ مستور کا نیا ناول ہے۔ کتاب کے فلیپ پر ممتاز حسین اور سلیم اختر کی آراء بھی شائع کی گئی ہیں۔ یہ ناول قبل ازیں پاکستان میں شائع ہو چکا ہے۔

سندھ کا سورما

مصنف : اسلم راہی

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 196 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اسلم راہی کے تاریخی ناول اکثر شائع ہوتے رہے ہیں 'سندھ کا سورما' ان کا نیا ناول ہے جس کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے۔

شب رفتہ

مصنف : وارث رشید قدوائی

ناشر : مصنف، نئی دہلی

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 260 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

وارث قدوائی کی یہ کتاب ایک سماجی ناول ہے جو دہلی اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع ہوا ہے۔

شمیم جان وفا

مصنف : فدا حسین

ناشر : نصرت پبلشرز، حیدری مارکٹ، امین آباد، لکھنؤ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 238 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"شمیم جان وفا" فدا حسین کا ایک رومانی ناول ہے۔

شہید

مصنف : ملک راج آنند

ناشر : اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 116 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں طباعت آفسیٹ

"شہید" ملک راج آنند کا ایک ناول ہے جو قبائلی حملے کے دہشت انگیز ایام اور کشمیر کے پس منظر میں لکھا گیا ہے، جس میں آزادی کے جذبہ سے سرشار ایک نوجوان کی داستان بیان کی گئی ہے۔

صفیہ

مصنف : حبیب کیفی

ناشر : راجستھان اردو اکادمی، سبھاش مارگ، جے پور

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ حبیب کیفی کا ایک رومانی ناول ہے جس میں عہد رواں کی معاشرتی اونچ نیچ کی جھلکیاں بھی شامل ہیں۔

طارق بن زیاد

مصنف : اسلم راہی

ناشر : عظیم پبلشرز، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 596 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اسلم راہی کا نیم تاریخی ناول طارق بن زیاد کے مرکزی کردار کے گرد گھومتا ہے، قبل ازیں ان کے کئی دوسرے ناول بھی چھپے ہیں۔

فرض کی قربان گاہ پر

مصنف : جمیل مظہری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 46 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب جمیل مظہری کا مشہور ناولٹ ہے۔ قبل ازیں یہ 1935 میں 'ندیم' کے بہار نمبر میں شائع ہو چکا ہے۔

قربان گاہ

مصنف : الیاس سیتاپوری

ناشر : کتاب والا، پہاڑی بھوجلہ، دہلی 6

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 215 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

قربان گاہ ایک معاشرتی اور رومانی ناول ہے۔ الیاس سیتاپوری کے متعدد ناول اس سے پہلے بھی چھپ چکے ہیں۔

کوٹھا (حصہ دوم)

مصنف : ایم اے راحت

ناشر : کتاب والا، پہاڑی، بھوجلہ دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 286 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

ایم اے راحت نے درجنوں دلچسپ اور سنسنی خیز ناول تخلیق کیے ہیں 'کوٹھا' موصوف کا تازہ ناول ہے جس میں سماج کے ایک رستے ہوئے ناسور کی عکاسی کی گئی ہے۔ یہ ناول کا پہلا حصہ ہے۔

گرداب

مصنف : ضیا عظیم آبادی

ناشر : پرنس بکڈپو، نیو روہتک روڈ، قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ایک گھریلو ناول ہے جو رومان اور حقیقت کے دو رنگوں سے مزین کیا گیا ہے۔ ضیاء عظیم آبادی کے دوسرے کئی ناول بھی زیور طبع سے آراستہ ہو چکے ہیں۔

گلوں میں رنگ بھرے

مصنف : ست پرکاش سنگھ

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، دہلی 6

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 174 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد ایک ہزار،

طباعت آفسیٹ

ہم عصر ناول نگاروں میں اور افسانہ نگاروں میں ست پر کاش سنگھ کو مقام حاصل ہے ان کی پیش نظر تصنیف ایک معاشرتی اور اصلاحی ناول ہے ان کے یہاں حقیقت اور تخیل کا امتزاج ملتا ہے وہ جا بجا طنز و مزاح سے کام لیتے ہیں۔

ناول کے فلیپ پر 'ہندوستان ٹائمز' نئی دہلی میں چھپے تبصرے کا اقتباس نیز کنھیالال کپور کوثر چاندپوری اور دیویندر ستیارتھی کی رائیں درج ہیں۔

گھاٹ کا پتھر

مصنف : گلشن نندہ

ناشر : اہلووالیہ بکڈپو، نیو روہتک روڈ، نئی دہلی

قیمت : ستر روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

گلشن نندہ کے اس نئے ناول میں پتھر دل انسانوں اور انسانی دل رکھنے والے پتھروں کی کہانی ہے یہ کتاب تیرہ ابواب میں پھیلی ہوئی ہے۔ قبل ازیں گلشن نندہ کے درجنوں ناول بازار میں آچکے ہیں۔

مسرتوں کا شہر

مصنفہ : رضیہ بٹ

ناشر : ناز کتاب گھر شاندار مارکیٹ، دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 270 صفحات، ایڈیشن پہلا ہندستانی، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"مسرتوں کا شہر" متعدد ناولوں کی خالق رضیہ بٹ کا ایک اور رومانی ناول ہے جس میں

رومان کی چاشنی بھی ہے اور حقیقت کی تلخی بھی۔

منگل سوتر

مصنف : دت بھارتی

ناشر : اہلووالیہ بکڈپو، نیو روہتک روڈ، نئی دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 153 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

دت بھارتی نے کئی ناول لکھے ہیں 'منگل سوتر' ان کا نیا رومانی و معاشرتی ناول ہے جس میں ہمارے سماج کے کئی جلتے ہوئے مسائل زیر بحث آئے ہیں۔

میری شناخت تم ہو

مصنف : کشمیری لال ذاکر

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی 6

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 184 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

کشمیری لعل ذاکر کے افسانے ، ڈرامے، ناول وغیرہ شائع ہوتے رہتے ہیں 'میری شناخت تم ہو' موصوف کا نیا سماجی رومانی ناول ہے۔

ندی

مصنف : شموئل احمد

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی 6

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

شموئل احمد کا یہ دوسرا ناولٹ ہے اس کے مصنف نے مردوں کی کمزوریوں کو اپنا موضوع بنایا ہے۔

نگاہوں کے چراغ

مصنفہ : عطیہ پروین

ناشر : نسیم بک ڈپو، لکھنؤ

قیمت : چون روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 284 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

نسیم بک ڈپو نے عطیہ پروین کے بہت سے ناول شائع کیے ہیں اور اب موصوفہ کا تازہ سماجی ناول "نگاہوں کے چراغ" چھاپا ہے۔ اس ناول میں ہمارے معاشرے کی خامکاریوں اور پستیوں کی عکاسی کی گئی ہے۔

تنجا

مصنف : ایم اے راحت

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 174 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ایک سنسنی خیز ناول، جو ایم اے راحت نے قلمبند کیا ہے قبل ازیں راحت کے کئی ناول شائع ہو چکے ہیں۔

نواب حیدر علی

مصنف : عبدالوحید

ناشر : کتاب والا، دہلی

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 84 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

نواب حیدر علی جنگِ آزادی کے سورما ٹیپو سلطان شہید کے والد تھے ان کی زندگی اور عہد حکومت کے واقعات کو موضوع بنا کر عبدالوحید نے یہ تاریخی ناول تخلیق کیا ہے۔

نیتو

مصنفہ : فریدہ حق منجو

ناشر : ناز کتاب گھر، شاندار مارکیٹ، چتلی قبر، دہلی 6

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 360 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"نیتو" مصنفہ کا نیا معاشرتی ناول ہے یہ ان کا چوتھا ناول ہے۔ "اس سے قبل خوشبو وفا کی۔ 'جینے کی آرزو' اور 'مینا' جیسے ناول منظر عام پر آچکے ہیں اس ناول کا پیش لفظ اقبال نے لکھا ہے۔

یادش بخیر

مصنف : آمنہ ابوالحسن

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 348 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"یادش بخیر" آمنہ ابوالحسن کا ایک اور نیا ناول ہے، قبل ازیں ان کے کئی رومانی اور معاشرتی ناول شائع ہو چکے ہیں۔

یہ راستے

مصنفہ : رفیعہ منظور الامین

ناشر : انجمن ترقی اردو آندھرا پردیش، اردو ہال، حمایت نگر، حیدر آباد

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 338 صفحات، اڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنفہ کا تیسرا ناول ہے۔ اس سے قبل ان کے دو ناول "سارے جہاں کا درد" اور "عالم پناہ" کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ یہ ناول معاشرتی اور سماجی زندگی کے کرب، مسرت اور کشمکش کی ترجمانی کرتا ہے۔

4-افسانہ / لوک کتھا

آئینہ ایام

مصنف : قاضی عبدالستار

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، 3108۔ گلی عزیز الدین، لال کنواں، دہلی 6

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب قاضی عبدالستار کے اٹھائیس افسانوں کا مجموعہ ہے جسے غیاث الدین نے مرتب کیا ہے، مرتب نے اپنے مقدمہ میں قاضی عبدالستار کے افسانوں کو تین عنوانات 'دیہات' شہر، اور تاریخ، میں بانٹا ہے اور ان افسانوں پر تنقیدی مضمون بھی تحریر کیا ہے، کتاب کے اہم افسانوں میں، روپا سینگ، وارث، جنگل، ایک دن، دھندلے آئینے، کرم لہو میں غلطاں، ٹھاکر دوارہ، پیتل کا گھنٹہ وغیرہ شامل ہیں۔

آئینے زندگی کے

مصنف : بہاری لال بہار شملوی

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکٹ، دریاگنج، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کی دوسری اردو تصنیف ہے جو ان کے افسانوں کا مجموعہ ہے، پہلی کتاب خاکوں کا مجموعہ حسن کوہسار کے عنوان سے شائع ہوئی تھی۔ پیش نظر کتاب میں بہار شملوی کے چودہ افسانے شامل ہیں۔ ان میں سے چند کے عنوانات نیچے لکھے جاتے ہیں:۔

آشیر واد، ٹونا، امانت بر ہم بھوت، ستا مال اور سودا مہنگا، الفاظ کا المیہ خانوں کے خان مہمان، جھینار انااور اس کی بیگم، اپریل فول، کنبہ بندی وغیرہ۔

اجنبی چہرے

مصنفہ : قمر جہاں

ناشر : مصنفہ، دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 212 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"اجنبی چہرے" قمر جہاں کے افسانوں کا دوسرا مجموعہ ہے جس میں ان کے پندرہ افسانے شامل ہیں ان کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

اجنبی چہرے۔ خواب خواب زندگی، کٹی ہوئی شاخ، محافظ، صاحب، ردّ عمل، چاند نگر کے نواسی کے نام، بے سود سفر، تمنا کا دوسرا سفر، چادر کی شکن، کہانی ایک شب کی، قانون، سفر اور ہم سفر، ایک کہانی ادھوری سی وغیرہ۔

اردو افسانہ

مصنفہ : رضیہ سجاد ظہیر

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، نئی دہلی

قیمت : گیارہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 248 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

رضیہ سجاد ظہیر کی مرتب کردہ یہ کتاب اس سے قبل 1974 میں نیشنل بک ٹرسٹ نے شائع کی تھی۔ یہ اس کا دوسرا ایڈیشن ہے۔ اس میں ترقی پسند فنکاروں اور اس کے بعد کے پچیس افسانہ نگاروں کے افسانے شامل ہیں۔ ان افسانوں میں سے چند کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

ایک سے آگے (احمد یوسف) چاند اور کمند (بلونت سنگھ) میری میاؔ (آمنہ ابوالحسن) موم کی مریم (جیلانی بانو) لال اور پیلا (خواجہ احمد عباس) اللہ دے بیک سے (رضیہ سجاد ظہیر) تفریح (صالحہ عابد حسین) خوشی کے موسم (علی باقر) کارمن (قرۃالعین حیدر) وغیرہ۔

افسانے اور ڈرامے

مصنف : سعادت حسن منٹو

ناشر : ساقی بک ڈپو، اردو بازار، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ساقی بکڈپو نے سعادت حسن منٹو کی تصنیفات کے نئے ایڈیشن چھاپنے شروع کیے ہیں، پیش نظر کتاب سعادت حسن منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ہے جس میں تیرہ نگارشات شامل ہیں جن میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

بلاؤز، قانون کی حفاظت، شیرو، ایک مرد، آم، دو ہزار سال بعد، خونی تھوک، تحفہ، غسل خانہ وغیرہ۔

انتخاب افسانہ

مرتب : اتر پردیش اردو اکادمی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، بلمرہ ہاؤس، لکھنؤ

قیمت : تیرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 268 صفحات، ایڈیشن چھٹا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اتر پردیش اردو اکادمی نے "انتخاب افسانہ" میں سات ممتاز افسانہ نگاروں کے دو دو منتخب افسانے شائع کیے ہیں۔ کتاب میں شامل افسانہ نگاروں کے نام ہیں پریم چند، علی عباس حسینی، کرشن چندر۔ راجندر سنگھ بیدی، سعادت حسن منٹو، عصمت چغتائی اور قرۃالعین حیدر،

کتاب کا پیش لفظ محمود الٰہی نے قلم بند کیا ہے۔

انگارے

مصنف : خالد علوی

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، لال کنواں، دہلی

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مختلف افسانہ نگاروں کی کہانیوں کا وہ مجموعہ ہے جو "جدید اردو افسانے کا نقطۂ آغاز" کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کتاب میں خالد علوی نے "انگارے" کا تاریخی پس منظر، فنی خصوصیات اور مصنفین کے کارناموں کا تذکرہ تفصیل سے کیا ہے اس مجموعے میں سجاد ظہیر، احمد علی، رشید جہاں، اور محمود الظفر کی کہانیاں شامل ہیں ان کہانیوں کے کچھ نام ہیں۔" نیند نہیں آتی، دلاری (سجاد ظہیر)" بادل نہیں آتے (احمد علی) دلی کی سیر (رشید جہاں) جواں مردی (محمود الظفر)۔

ایوان اردو کے منتخب افسانے

مرتبین : زبیر رضوی، مخمور سعیدی

ناشر : دہلی اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 424 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں دہلی اردو اکادمی کے ماہنامہ ایوان اردو میں مئی 1987 سے اپریل 1995 کے دوران چھپنے والے پینتالیس افسانوں کا انتخاب شائع کیا گیا ہے، جس کے لکھنے والوں میں مندرجہ ذیل اہل قلم شامل ہیں۔ طارق چھتاری، انور خاں، غضنفر، غلام جیلانی، عبد الصمد، انجم

عثمانی، اسرار گاندھی، مہدی ٹونکی، تسنیم کوثر، اقبال متین، مشرف عالم ذوقی، الیاس احمد گدی، انل ٹھکر، عابد سہیل، رتن سنگھ وغیرہ۔ کتاب کے آخر میں تصاویر کے ساتھ متعلقہ افسانہ نگاروں کا مختصر تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔

بائی فوکل

مصنفہ : آمنہ ابوالحسن

ناشر : مصنفہ، نئی دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب آمنہ ابوالحسن کے سولہ افسانوں پر مشتمل ان کا دوسرا مجموعہ ہے اور اس کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1990 میں شائع ہوا تھا۔ کتاب میں شامل افسانوں میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

دریچہ، چاپ ایک بوند عطر کی، مولی، میری میا، کرسی، بائی فوکل، طواف وغیرہ

کتاب کا مقدمہ سید ضیاءاللہ نے قلم بند کیا ہے۔ مصنفہ کا پہلا مجموعہ "کہانی" کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔

بگولے

مصنف : شموئل احمد

ناشر : سرخاب پبلیکیشنز، پٹنہ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 138 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"بگولے" شموئل احمد کے افسانوں کا مجموعہ ہے جو چودہ مختصر افسانوں پر مشتمل ہے۔

بلونت سنگھ کے بہترین افسانے

مصنف : گوپی چند نارنگ

ناشر : ساہتیہ اکادمی رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 380 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں بلونت سنگھ کے اکیس منتخب افسانے شامل کیے گئے ہیں۔ کتاب کے آغاز میں گوپی چند نارنگ کے بلونت سنگھ کے افسانوں پر تین مضامین بھی شامل ہیں۔ تفصیل یوں ہے:۔

(1) بلونت سنگھ کا فن (2) سوانحی خاکہ (3) بلونت سنگھ کی کتابیں

بلونت سنگھ کے کچھ افسانے یہ ہیں: (1) جگا (2) با مہنگا سنگھ (3) تین باتیں (4) کالے کوس۔ لمحے (5) ہندوستان ہمارا (6) پہلا پتھر (7) سورما سنگھ (8) نہال چند (9) دیمک (10) کٹھن ڈگریا۔

بھولی ہوئی کہانیاں

مصنفہ : بچنت کور

ناشر : مصنفہ، دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنفہ کی پندرہ کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ ان میں سے چند کہانیوں کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

دکھ نیوارن، قتل، مینا، اول جلول، پت جھڑ، ٹوٹتے بت، کوئلہ جل بھئی راکھ،

خوشبو، جیتے پل موئے پل، خاموش عمارتیں، دودھ اور پوت، سلیم کا مول، زرخرید عورت وغیرہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے منظر عام پر آئی ہے۔

بونسائی

مصنف : تسنیم کوثر

ناشر : مصنف، بیت المکرّم، دریاپور، گولہ، پٹنہ، بہار

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 134 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"بونسائی" تسنیم کوثر کے افسانوں کا مجموعہ ہے کتاب میں شامل افسانوں کی تعداد سترہ ہے۔ ان افسانوں میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں۔

"ملگچھن"، "ادھورے خواب"، "انوکھا رشتہ"، "دو تین" وغیرہ

پھندنے

مصنف : سعادت حسن منٹو

ناشر : ساقی بک ڈپو، اردو بازار، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

سعادت حسن منٹو کے بارہ افسانے اس مجموعے میں شریک اشاعت ہیں۔ چند کے عنوان ہیں:۔

ٹوبہ ٹیک سنگھ، فرشتہ، بدصورتی، دو پہلوان، مسٹر معین الدین، منظور، اس منجدھار میں، عشقیہ کہانی، مس مالا

پہچان

مصنفہ : صغرا مہدی

ناشر : ادب پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 84 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پہچان مصنفہ کے افسانوں کا تیسرا مجموعہ ہے۔ افسانوں کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں:۔"چوتھا کھونٹ" "غریب خانہ" "کتابوں والا باغ" "نیلم شہزادی" "پہچان" "بھروسا" "دیوالی" "سمجھوتہ" "فیصلہ" "نام" "آخر کیوں" "دوہری پرچھائیاں" "دکھ کے دن اب بیتت ناہیں" "میرے دل میرے مسافر"۔

ان افسانوں کا موضوع زندگی اور اس کے گوناگوں مسائل ہیں۔

پیاسے لوگ

مصنف : ممتاز شارق

ناشر : ادارۂ بزم، آزاد نگر، جمشید پور

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

ممتاز شارق کی سولہ کہانیوں کا مجموعہ ہے جن میں سے چند کے عنوانات ہیں: امام صاحب، پیاسے لوگ، ننگا آدمی، کراہتی انسانیت، مسیحا کی موت، اشتہار وغیرہ، عرض، ناشر کے تحت تنویر اختر رومانی نے ایک صفحہ پر، دیباچہ کے تحت رضوان واسطی نے چار صفحات پر اور مختصر تعارف کے تحت خود ممتاز شارق نے ایک صفحہ پر اپنی تحریریں شامل کی ہیں۔ فلیپ اول پر انور امام، دوم پر رضا احمد ادیب اور سلطان احمد ساحل نیز اخیر پر حسن نظامی کیراپی اور منظر کلیم کی مختصر آراء شامل ہیں۔

جو کہا نہیں جاتا

مصنف : عظیم اقبال

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی 2

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب عظیم اقبال کے انتیس افسانوں کا مجموعہ ہے اس سے پہلے مصنف کی ایک کتاب اپنی آہٹیں شائع ہو چکی ہے۔

ان کہانیوں کا مواد اپنے ماحول سے اخذ کیا گیا ہے۔ کہانیوں میں کرداروں کے نفسیات کی اچھی عکاسی کی گئی ہے۔

زبان میں سادگی اور برجستگی ہے۔

خاموش حسن

مصنف : رابندر ناتھ ٹیگور

ناشر : پرنس بک ڈپو، نیو روہتک روڈ، قرول باغ، نئی دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب رابندر ناتھ ٹیگور کے بنگلہ افسانوں کے اردو تراجم پر مشتمل ہے۔ ان کے عنوانات ہیں:۔ انار کلی، ہڈیوں کا پنجر، خاموش حسن، آپ بیتی، آزمائش کی رات، دولت کی نذر، آخری بوسہ مزدور کا بہشت، گم گشتہ گوہر وغیرہ۔

خواب کنارے

مصنف : سلیم سرفراز

ناشر : سلیم سرفراز، عدنان پبلیکیشنز، کے ٹی روڈ، آسنسول

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سلیم سرفراز کے سولہ افسانوں کا مجموعہ ہے۔ یہ افسانے عہد حاضر کا منظر نامہ ہیں۔

خواب کی پرچھائیاں

مصنف : تسکین زیدی

ناشر : بزم خضر راہ، گوالٹولی، کانپور

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

تسکین زیدی کے افسانوں کا دوسرا مجموعہ ہے۔ قبل ازیں ان کے افسانوں کا مجموعہ 'فصیل' بھی شائع ہو چکا ہے۔

دوسرا بھوروخاں

مصنف : نور پرکار

ناشر : مصنف قلم کار، پبلی کیشنز، بمبئی

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب نور پرکار کے افسانوں پر مشتمل مجموعہ ہے جن کی تعداد سترہ ہے۔ چند افسانوں کے عنوانات نیچے رقم کیے جاتے ہیں:۔

دوسری قبر، پاماتر کے، سویرا، کہانی کی کہانی، جب رات ڈھلتی ہے، نورن، تین دیپک، شکنتلا، لہو لہو گلاب، غور طلب، تنہا درخت، بازدید

منیر فراز اور الیاس شوقی نے مصنف کے فن پر اظہار خیال ہے، کتاب کے فلیپ پر رام لعل اور عابد سہیل کی رائیں شائع کی گئی ہیں۔

دھوپ کی چادر

مصنف : سید احمد قادری

ناشر : مصنف، نیو کریم گنج، بہار

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کے افسانوں کا مجموعہ ہے ان کا پہلا مجموعہ 1985 میں 'ریزہ ریزہ خواب' کے نام سے شائع ہوا تھا۔ پیش نظر مجموعہ بیس افسانوں پر مشتمل ہے۔ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔ شامل مجموعہ افسانوں کے عنوانات نیچے لکھے جاتے ہیں:۔

اپنی عدالت، ریت کی دیوار، آئینے کی گرد، ہنسانے والے، تشویش، دلدل، کوئی صدا نہیں، سائے کا تعاقب، اسٹار وار، آگ کی روشنی میں، کتاب کی پشت پر ارتضا کریم کی رائے بھی شامل اشاعت ہے۔

ڈھانچہ

مصنف : محمود شاہد

ناشر : ایم ایس پبلی کیشنز، کڈپہ، آندھرا پردیش

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 124 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب محمود شاہد نے افسانوں کا مجموعہ ہے جو پندرہ افسانوں پر مشتمل ہے ان

میں سے چند افسانوں کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

غبار کائنات میں گم ایک وجود، ڈھانچہ، تار عنکبوت، نیم کے پیڑ سے برآمد شہد، تکون، ہوا پر بیٹھا ہوا مہارشی، سمندر کا قتل، خوشبو کا سفر، دیوار سے جھانکتی سرخ آنکھ، ماحول، ازل سے تا ابد وغیرہ۔

راہ میں اجل ہے

مصنفہ : زاہدہ حنا

ناشر : تخلیق کار پبلیشرز، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 304 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں زاہدہ حنا کے افسانے اور ناولٹ شامل ہیں۔ افسانوں کے عنوان حسب ذیل ہیں:۔ زمین آگ کی، آسماں آگ کا، یکے بود، یکے نہ بود، تتلیاں ڈھنڈنے والی، جسم وزباں کی موت سے پہلے، تنہائی کے مکان میں، آخری بوند کی خوشبو، اور ناولٹ کا عنوان ہے، نہ جنوں رہا نہ پری رہی۔

یہ کتاب پہلے پاکستان میں شائع ہو چکی ہے۔ زاہدہ حنا کی فکشن نگاری اور پیش نظر کتاب کے بارے میں انتظار حسین، جیلانی کامران، ثریا جبیں انیس امروہوی کے تاثرات بھی شامل اشاعت ہیں۔

رنگ ترنگ

مصنف : کرشن مراری

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکٹ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کا شعری مجموعہ ہے جس میں ان کی غزلیں، نظمیں اور دو ہے شامل ہیں کتاب میں 53 غزلیں 5 نظمیں اور 52 دوہے شائع کیے گئے ہیں، کتاب کا پیش لفظ پریم گوپال متل نے لکھا ہے۔

روتا ہوا آدمی

مصنف : رئیس نجمی امروہوی

ناشر : مصنف، امروہہ

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب مصنف کی بائیس کہانیوں پر مشتمل ہے۔ علاوہ ازیں کتاب کی ابتداء میں سید غیور حسن نقوی، محمد علی صدیقی، زبیر رضوی، کمال امروہوی، رام لال اور خود رئیس نجمی کے تعارفی اور تنقیدی مضامین شامل ہیں۔

یہ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

زاویے

مصنف : ہربنس لال

ناشر : آنچل شملہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کے افسانوں کا مجموعہ ہے، جس میں ان کی بارہ کہانیاں شامل ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ الدناز نے لکھا ہے "چند الفاظ" پریم عالم کے ہیں۔ کہانیوں کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

پھوموں، غلط فہمی، امتحان، مائی باپ، رشتہ، ایماندار، چاچا، علاج، کرشمہ، ضبط، انتیشٹی، طوفان۔

سپنوں کی شام

مصنف : برج پریمی

ناشر : مصنف، نصیب نگر، پمپوش کالونی، جموں

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 134 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت لیتھو

زیر نظر کتاب برج پریمی کے افسانوں کا مجموعہ ہے جس میں ان کے سولہ افسانے شامل ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ کشمیری لال ذاکر نے قلم بند کیا ہے اس میں شامل افسانوں کے کچھ عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

خوابوں کے دریچے، ٹیسیں درد کی، لمحوں کی راکھ، امر جیوتی، میرے بچے کی سالگرہ، سپنوں کی شام، ہنسی کی موت، لرزتے آنسو، شرنارتھی، یاد، بہتے ناسور، آنسوؤں کے دیپ وغیرہ۔

سدا بہار پھول

مصنف : ویدراج ٹونچہ

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولہ مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی 2

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ویدراج ٹونچہ کی اردو کہانیوں کا دوسرا مجموعہ ہے قبل ازیں ایک مجموعہ منظر عام پر آچکا ہے، یہ کتاب اخلاقی کہانیوں اور دو مزاحیہ کہانیوں پر مشتمل ہے۔ ان کے عنوانات نیچے درج کیے جاتے ہیں:۔

ایک راجہ اور درویش، مسئلہ تناسخ، مقدر اپنا اپنا سوامی رگھوناتھ جی، ٹھن ٹھن گوپال نہلے پہ دہلا۔

سناٹوں کی چیخ

مصنف : محمد الیاس نوناروی

ناشر : نوناروی فرینڈ شپ آرگنائزیشن، 22ایچ42، اقبال، پور لین، کلکتہ 23

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

محمد الیاس کا ایک افسانوی مجموعہ ہے۔

سونے کا ہرن

مصنف : فرحت کمال

ناشر : مصنف، بنگلور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

"سونے کا ہرن" مصنف کے افسانوں کا دوسرا مجموعہ ہے۔ جس میں ان کے پچیس افسانے شامل اشاعت ہیں۔ چند افسانوں کے عنوان یہ ہیں۔

"ایک چٹھی پیار کی"، "آنکھیں"، "گناہوں کا دیوتا"، "جل پری"، "دلدل"، "سونے کا ہرن"۔ اس کا پیش لفظ م۔ ن۔ سعید نے لکھا ہے۔ کتاب کو کرناٹک اردو اکادمی کی جزوی مالی اعانت ملی ہے۔

صورت حال

مصنف : معین الدین عثمانی

ناشر : مترجم، شاہو نگر، جلگاؤں

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 124 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

پیش نظر کتاب مراٹھی کی منتخب کہانیوں کے اردو تراجم کا مجموعہ ہے۔ اس کا پیش لفظ یونس اگاسکر نے لکھا ہے۔

کتاب میں شامل کہانیوں کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں:۔

صورتحال، سات سمندر، بیمہ ایجنٹ، عذاب گزیدہ، پالتو جانور، دو گھڑی کا سکھ، یاسمین

عبرت ناک قرآنی قصے

مصنف : مائل خیر آبادی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن نواں، تعداد گیارہ ہزار، طباعت آفسیٹ

کتاب کا عنوان ہی اس کا موضوع ہے اس میں چند ایسے قصوں کو بیان کیا گیا ہے، جن کا ذکر قرآن میں آیا ہے۔ کتاب میں شامل چند قصوں کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

بدر کی لڑائی، ہاتھی والے، صندوق والے، ملکہ سبا، وغیرہ۔

فسادات کے افسانے

مصنف : زبیر رضوی

ناشر : مکتبہ ذہن جدید، 7042، نئی دہلی 2

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 310 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

فسادات کے موضوع پر لکھے گئے افسانے اور ان کے تجزیے اس کتاب میں شامل ہیں نیز چار مضامین بھی شامل کیے گئے ہیں۔ جن میں دو "فسادات اور ادب" کے موضوع پر ہیں۔ یہ محمد حسن عسکری اور اختر حسین رائے پوری کے مضمون ہیں جو 1947 کے فسادات کو ذہن میں رکھ کر لکھے گئے تھے۔ ممتاز شیریں کا مضمون "فسادات اور ہمارے افسانے" بھی اسی زمانے سے تعلق رکھتا ہے۔ اشفاق احمد کا "گڈریا" اور قدرت اللہ شہاب کا "یاخدا" اہم افسانے ہیں۔ کتاب کا دوسرا حصہ آزادی کے بعد کے فسادات پر لکھے گئے افسانوں اور ان کے الگ الگ تجزیوں پر مشتمل ہے۔ اس حصے میں سات افسانے اور ان کے تجزیے شامل ہیں۔ کتاب کا تیسرا حصہ ان افسانوں پر مشتمل ہے جو "حالیہ فسادات پر" لکھے گئے ہیں۔ ان افسانوں کے پس منظر میں "بابری مسجد" کے انہدام کے بعد کے حالات کی لہر موجود ہے۔

قرۃ العین حیدر کی منتخب کہانیاں

مصنفہ : قرۃ العین حیدر

ناشر : ڈائریکٹر، نیشنل بک ٹرسٹ، انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ ۔

نیشنل بک ٹرسٹ نے قرۃ العین حیدر کی بارہ کہانیوں کا انتخاب شائع کیا ہے اس میں مندرجہ ذیل افسانے شامل ہیں:۔

قلندر، کارمن، فوٹوگرافر، جگنوؤں کی دنیا، کہرے کے پیچھے، ملفوظات حاجی گل بابا بیکتاشی، حسب نسب، روشنی کی رفتار، سینٹ فلورا آف جارجیا کے اعترافات، ڈالن والا، لکڑ بگے کی ہنسی، اگلے جنم موہے بٹیانہ کیجو۔

کھلے آسمان کے نیچے

مصنف : فیروز عابد

ناشر : سلیم رضوی، عثمانیہ بکڈپو، کلکتہ 73

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت درج نہیں

فیروز عابد کا زیر نظر مجموعہ ان کے سولہ افسانوں پر مشتمل ہے۔ جن کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں:۔

(1) نوحہ بے رنگ صدا کا (2) ریزہ ریزہ سنگ (3) کہانی مجھے لکھتی ہے (4) تو شاہیں ہے..... (5) چپ چپ شام کا نوحہ (6) آنسو آنسو امید (7) بددعا (8) آف ٹائمر (9) لفظ لفظ شکایت (10) منزل بے منزلی (11) لاموجود موجود (12) لمحہ لمحہ، سانس سانس (13) نورمل ڈیلیوری (14) قصہ چاند کو چھونے کا (15) مکمل نامکمل (16) کھلے آسمان کے نیچے۔

گیہوں اور گلاب

مصنف : خواجہ احمد عباس

ناشر : اپندر ناتھ چوپڑا ایشیا پبلشرز، دہلی

قیمت : ستر روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 224 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب خواجہ احمد عباس کے افسانوں کا مجموعہ ہے جس کا نیا ایڈیشن ایشیا پبلشرز دہلی نے شائع کیا ہے۔ کتاب میں سات افسانے شامل ہیں جن کے عنوانات نیچے لکھے جاتے ہیں:

گیہوں اور گلاب، میرا بیٹا میرا دشمن، آسمانی تلوار، نئی برسات، لال اور پیلا، مونتاژ، معجزہ۔

لمحے بھر کا ہم سفر

مصنف : محمود عالم

ناشر : دین ودانش پبلیکیشنز، دہلی6

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 137 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب محمود عالم کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔ ان افسانوں میں معاشرے کی بے سمتیت اور سماجی کشمکش کو موضوع بنایا گیا ہے۔

لیکن جزیرہ نہیں

مصنفہ : تبسم فاطمہ

ناشر : مصنفہ، ملکی محلہ، آرہ، بہار

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنفہ کے افسانوں کا پہلا مجموعہ ہے جس میں ان کی چودہ کہانیاں شامل ہیں۔ چند کے عنوانات نیچے رقم کیے جاتے ہیں:۔

کوئی قبر میں نہیں، خوف، جرم، نیا قانون، اندر اتری ہوئی دہشت، ندامت، کتھا، ایک دن سب پرندے اُڑ جائیں گے، ہی مین، حصار شب کا طلسم وغیرہ

یہ کتاب فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔ کتاب کی پشت پر خورشید اکرم کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔

لیلیٰ کے خطوط اور مجنوں کی ڈائری

مصنف : قاضی عبدالغفار

ناشر : ادارہ تحقیقات اردو، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 66 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

قاضی عبدالغفار کی مشہور تصانیف 'لیلیٰ کے خطوط' اور 'مجنوں کی ڈائری' کو اس کتاب میں یکجا طور پر شائع کر دیا ہے۔

مطلع

مصنف : حسین الحق

ناشر : قاضی علی حق اکیڈمی، سہسرام، بہار

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 119 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب حسین الحق کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔ کل سولہ افسانے کتاب میں شامل کیے گئے ہیں۔ کچھ کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں:۔

(1) ڈوبتے ہوئے (2) وہ بات (3) ہاں نہیں (4) زخمی پرندہ (5) درانداز وغیرہ، یہ کتاب بہار اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

معبّر

مصنف : سلام بن رزاق

ناشر : کہانی پبلیکیشنز، بمبئی 70،

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

جدید افسانہ نگار سلام بن رزاق کے پندرہ نمائندہ افسانوں کا مجموعہ ہے۔ عنوانات

ہیں ندی، دو دچراغ، یک لویہ، تصویر، ستی، معتبر، درمیانی صف کے سورما، خصی، ایک اور شرون کمار، خوں بہا، دست بریدہ لوگ، کام دھینو، صلیب، مسٹر نویڈی اور مراجعت

کسی کا پیش لفظ مقدمہ یا رائے شامل نہیں ہے۔

کتاب کی اشاعت میں فخر الدین علی احمد میموریل اردو کمیٹی لکھنؤ کا مالی اشتراک شامل ہے۔

منتخب افسانے 1994

مرتب : نند کشور وکرم

ناشر : پبلشرز اینڈ ایڈورٹائز، نئی دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

نند کشور وکرم ہر سال مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہونے والے افسانوں کا ایک معیاری انتخاب کتابی شکل میں پیش کرتے ہیں زیر نظر کتاب 1994 کے منتخب افسانوں پر مشتمل ہے جس میں احمد جاوید، احمد ندیم قاسمی، جوگندر پال، حجاب امتیاز علی، دیویندر اسر، سریندر پرکاش، عبد الصمد، کرامت اللہ غوری، گلزار، محمود احمد قاضی، مرزا حامد بیگ، مہدی ٹونکی، نیلم احمد بشیر، کے ایک ایک افسانے شامل ہیں۔

منڈیر پر بیٹھا پرندہ

مصنف : احمد صغیر

ناشر : تخلیق کار پبلشرز، کوچہ دکھنی رائے، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مصنف کے بیس افسانوں کا مجموعہ ہے۔ جس میں شامل افسانے مندرجہ ذیل ہیں:۔

منڈیر پر بیٹھا پرندہ، سرنگ، کچھ بھی تو نہیں بولا شگاف، کرب کالاوا، عجوبہ، قطرہ قطرہ زہر، آگے بڑھتا ہوا آدمی، منظر دھواں دھواں، اپنا اپنا پنجرہ، کرفیو کب ٹوٹے گا، محض انتظار، وغیرہ اس کتاب کی اشاعت میں بہار اردو اکادمی کا مالی تعاون شامل ہے۔

میں بوند بوند زہر پیتا ہوں

مصنف : موہن لال

ناشر : شبد آلوک پرکاشن، ابوہر (پنجاب)

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن طبع ثانی ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

موہن لال پنجابی کے مصنف میں انکی کئی کتابیں پنجابی میں شائع ہو چکی ہیں۔ اردو میں ان کی با قاعدہ پہلی تصنیف ہے جو کتابی صورت میں شائع ہوئی ہے۔ پہلے یہ کتاب "شب خون" (الہٰ آباد) سے شائع ہوئی تھی۔ یہ کتاب پنجابی سرکار کے محکمہ السنہ کی مالی اعانت سیشائع ہوئی ہے۔

نمائندہ مختصر افسانے

مرتب : محمد طاہر فاروقی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 152 صفحات، ایڈیشن پہلا (ری پرنٹ)، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب طلبا کی نصابی ضروریات کے پیش نظر شائع کی گئی ہے اس میں پریم چند، علی عباس حسینی، سہیل عظیم آبادی، اُپندر ناتھ اشک، اختر اورینوی، اختر انصاری، کرشن چندر،

منٹو، بیدی اور عصمت چغتائی کے اہم افسانے شامل کیے گئے ہیں اور افسانے کی تعریف، تبصرہ و ارتقاء پر مضامین ہیں۔

نیا اردو افسانہ: ایک انتخاب

مرتبین : رام لال، اظہار عثمانی

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ، اے 5 گرین پارک، نئی دہلی 16

قیمت : باون روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ستائیس جدید افسانوں کا مجموعہ ہے۔ چند افسانوں کے عنوانات اور ان کے افسانہ نویسوں کے نام ہیں (1) آدم خور (ذکیہ مشہدی) (2) خوں بہا (سلام بن رزاق) (3) آدمی (سید اشرف) (4) پہچان (غضنفر) (5) بھومیکا (کنور سین) (6) بزدل (نسرین بشیر) وغیرہ۔

وسیلہ

مصنف : منصور احمد اعجازی

ناشر : مصنف، اعجازی ہاؤس، ڈاکٹر اعجاز مارگ، مظفر پور (بہار)

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

منصور احمد اعجازی کی کہانیوں کا مجموعہ ہے۔

ہندی کہانیاں

مرتبین : بھیشم ساہنی، / مترجم، خورشید عالم

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : دوسوروپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 320 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ساہتیہ اکادمی نے حال ہی میں ''ہندی کہانیاں'' کے نام سے گزشتہ پچاس برسوں میں تخلیق کی گئی ہندی کہانیوں کا ایک جامع انتخاب شائع کیا ہے۔ زیر نظر کتاب میں پھنیشور ناتھ رینو سے لے کر شانی، اصغر وجاہت، متھلیشور تک تمیں ممتاز کہانی کاروں کی نمائندہ کہانیاں شامل ہیں۔

5- ڈراما

آؤ

مصنف : سعادت حسن منٹو

ناشر : ساقی بک ڈپو، اردو بازار دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن جدید طبع مکرر، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"آؤ" سعادت حسن منٹو کے گیارہ ڈراموں پر مشتمل مجموعہ ہے جن کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

آؤ سنو، آؤ کہانی لکھیں، آؤ تاش کھیلیں، آؤ خط سنو، آؤ کھوج لگائیں، آؤ ریڈیو سنیں، آؤ بات تو سنو، آؤ بحث کریں، آؤ چوری کریں، وغیرہ منٹو کی تصنیفات کے نئے ایڈیشن ساقی بک ڈپو نے شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے یہ اسی سلسلے کا ایک قدم ہے۔

پیکر آواز

مصنف : محمد خالد عابدی

ناشر : مصنف، بھوپال

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت لیتھو

مصنف کے مندرجہ ذیل آٹھ ڈراموں (ریڈیائی) کا مجموعہ ہے۔

(1) باز آئے ایسے پڑوسی سے (2) خاندانی شاعر (3) غلط فہمی (4) نیا سیپ کا موتی (5) حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں (6) پرائشچت (7) انار کلی کا مقدمہ (8) غالب فلم انڈسٹری میں۔

ڈاک گھر

مصنف : رابندر ناتھ ٹیگور / مترجم:راحت آرا بیگم

مرتب : فہمیدہ بیگم

ناشر : مرتب، کلکتہ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 56 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد سات سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں بنگالی کے رابندر ناتھ ٹیگور کا دو ایکٹ پر مشتمل ایک ڈراما شامل ہے۔ ڈرامہ ''ڈاک گھر'' کے بارے میں مترجم راحت آرا بیگم نے اور ''راحت آرا بیگم اور ڈاک گھر'' کے بارے میں مرتب نے مضامین لکھے ہیں۔

زندگی اک سفر

مصنف : رفعت سروش

ناشر : مصنف، نوئیڈا

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

''زندگی اک سفر'' دو ریڈیائی ڈراموں پر مشتمل مجموعہ ہے۔ کتاب کے شروع میں 20 صفحات پر مشتمل بسیط مقدمہ ہے جس میں ریڈیائی ڈرامے کی تکنیک پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب میں شامل ڈراموں کے عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

''امراؤ جان ادا''۔ ''زندگی اک سفر''

یہ کتاب دہلی اردو اکادمی کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

زندگی کی موت اور سورج پور کا پنچایت گھر

مصنف : ابرارالرحمٰن قدوائی

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 76 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری نے مصنف کے دو ڈرامے شائع کیے ہیں جن کے نام کتاب کے عنوان سے ظاہر ہیں۔

کنیادان

مصنف : وجے تنڈولکر / مترجم: صادق

ناشر : تخلیق کار، پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 108 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

کنیادان سرسوتی سمان یافتہ مراٹھی ڈرامہ ہے وجے تنڈولکر مراٹھی کے صف اول کے ڈراما نگار ہیں۔ جدید ہندوستانی ڈرامہ کی تاریخ میں ان کا ایک بلند مقام ہے۔ انہوں نے مختصر افسانے، ناول، فیچر ایکانکی ڈرامے، بچوں کے ڈرامے فلموں، ٹی وی سیریل کے متعدد اسکرپٹ اور مکالمے بھی لکھے ہیں انہیں کئی انعامات سے نوازا جاچکا ہے۔ مترم ڈاکٹر صادق اس سے پہلے بھی مراٹھی کی کئی کتابوں کو اردو میں منتقل کرچکے ہیں۔

یہ کتاب کے کے برلا فاؤنڈیشن کے منصوبہ برائے اشاعتی تعاون کی تحریک وترغیب اور ان کے مالی اشتراک سے شائع ہوئی۔

کینسر (ڈرامہ)

مصنف : نورالعین علی

ناشر : نورالعین علی، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

کینسر نورالعین علی کا ذرامہ ہے جس پر انہیں ساہتیہ کلا پریشد دہلی کا اول انعام ملا ہے جس سے انہیں اس ذرامے کو کتابی شکل میں پیش کرنے کی تحریک ملی پردہ اٹھنے سے پہلے، عنوان کے تحت مصنف نے پیش لفظ خود لکھا ہے اس کتاب کی اشاعت میں فخرالدین علی احمد میموریل اردو کمیٹی لکھنؤ کی جزوی مالی اعانت شامل ہے۔

مٹّی کا بلاوا

مصنف : شمیم حنفی

ناشر : نئی آواز جامعہ نگر، نئی دہلی 25

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد سات سو پچاس، طباعت آفسیٹ

شمیم حنفی کے ڈراموں کا نیا مجموعہ ہے جس میں مندرجہ ذیل ڈرامے شامل ہیں:۔

مٹی کا بلاوا، دھوپ کی دستک، کھویا ہوا لمحہ، پانی پانی، خلا کے باشندے، جزیروں سے آگے۔

کتاب کا دیباچہ مصنف نے ہی لکھا ہے۔ اس کا پہلا ایڈیشن 1980 میں شائع ہوا تھا۔

6- انشائیہ / خاکہ / مضمون

آنچل کے ستارے

مصنف : عزیز عرفان

ناشر : صابرہ صدیقی، بمبئی

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد پانچ سو پچاس، طباعت لیتھو

لڑکیوں کی علمی، ادبی، تہذیبی اور ذہنی تربیت کے مقصد سے لکھے گئے اور روز نامہ اردو ٹائمز کے خواتین کے مخصوص صفحہ میں شائع شدہ عزیز عرفان کے ۳۲ مضامین کا مجموعہ ہے چند عنوانات ہیں۔ عورت مرد کی نظر میں، تعلیم نسواں کا سرسری جائزہ 'جہیز ایک نمائش' اردو شاعری میں عورت 'بچہ کی تعمیر میں ماں کا کردار' وغیرہ۔ آغاز سخن کے تحت عزیز عرفان نے کتاب کے تعلق سے چند سطریں بطور مقدمہ شامل کی ہیں۔

اپنی اصلاح آپ

مصنف : نعیم صدیقی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پانچ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن ساتواں، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں انسانی سیرت و کردار میں صالح اور بنیادی تبدیلی پیدا کرنے کے قابل عمل اور رہنما اصول بتائے گئے ہیں۔ کتاب کے کئی ایڈیشن پہلے شائع ہو چکے ہیں۔

ایڈیپس ارضِ کولونو میں

مصنف : سوفوقل اعظم / مترجم: محمد سمیع الحق

ناشر : مظہر پبلشرز، رانچی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

سوفوقل دنیا کے چار بڑے المیہ نگاروں میں سے ایک ہے اس کے تین تھسپیائی المیے دستیاب ہیں۔ زیر نظر ڈراما اس کی زندگی کا آخری کارنامہ ہے جس کا ترجمہ اردو میں سمیع الحق نے کیا ہے۔

بال و پر

مصنف : کنھیالال کپور

ناشر : مسکین بکڈپو، جے پور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد تین سو پچاس، طباعت آفسیٹ

"بال و پر" مصنف کے بیس طنزیہ و مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ اس کا پیش لفظ مصنف نے ہی لکھا ہے۔ مضامین سے پہلے مصنف کا تعارف بھی قلمبند کیا گیا ہے۔ کتاب میں شامل مضامین کے چند عنوان حسب ذیل ہیں:۔

سبز باغ، کاٹھ کا الو، گرفتاری، جانشین، حماقت، آزادی کی قسم، چوپٹ راجا وغیرہ

بجنگ آمد

مصنف : محمد خاں

ناشر : کتاب والا، گلی جھوت والی، پہاڑی بھوجلہ، دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 248 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

فوجی ملازمت کے دلچسپ تجربات پر مشتمل کرنل محمد خاں کی مشہور مزاحیہ تصنیف ہے جس کے مندرجات میں سے چند کے عنوان درج ذیل ہیں:۔

عشق لفٹینی،، نزول لفٹینی، نیم لفٹین پشاور میں۔ کوہستان جنگ، سات دن سمندر میں۔ موصل سے طرق: پندرہ سو میل کا سفر، جنگ سے پہلے، روز جنگ۔ قاہرہ: آخری ایام، سیالکوٹ میں ایک سال برما سے پاکستان براہِ مدراس وغیرہ۔

جمہور

مصنفہ : عابدہ سمیع الدین

ناشر : مدینہ بک ایجنسی، محلہ، مردھنگاں، بجنور، یوپی

قیمت : تین سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 606 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد سات سو، طباعت آفسیٹ

'جمہور' (کلکتہ) ایک اخبار تھا جو 1917 میں شائع ہوتا تھا لیکن سال بھر کے بعد بند ہو گیا زیرِ نظر کتاب میں اسی اخبار کے چیدہ چیدہ اداریے شائع کر دیے گئے ہیں۔ کتاب کے مشمولات اس دور کے سماجی اور مذہبی حالات وواقعات کی منھ بولتی تصویریں ہیں۔ اس کا پیش لفظ بشمبھر ناتھ پانڈے نے لکھا ہے۔

حق تو یہ ہے کہ......

مصنف : شبیب احمد کاف

مرتب : آمنہ تحسین

ناشر : آمنہ پبلیکیشنز اینڈ بک پرموٹرس، پدمانابھانگر، حیدرآباد

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت208 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب شیب احمد کاف کے بیس انشائیوں اور مزاحیہ وطنزیہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ جس کا پیش لفظ مرتبہ نے لکھا ہے۔ رضاء الجبار، انور کمال، مشرف عالم ذوقی اور علیم صبانویدی نے مصنف کے فن پر روشنی ڈالی ہے۔ چند مضامین کے عنوان اس طرح ہیں:۔

ثالث، ترجیح، یہاں انسانیت دفن ہے، لہو پکارے، مجھے معاف ہی رکھو، رکھا گیا ہے، کاتب صاحب، جنازہ کیوں میرے مولیٰ، صوفی وغیرہ۔

خاکے، انشائیے، ڈرامے اور افسانے

مرتب : محمد قاسم صدیقی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت222 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے پیش نظر کتاب مختلف اصناف پر مشتمل ہے، اس میں تین خاکے شامل ہیں سر اقبال مرحوم (رشید احمد صدیقی) سر سید راس مسعود (عبدالحق) اور حکیم اجمل خاں (قاضی عبدالغفار) نیز ملا رموزی، مشتاق یوسفی، خواجہ حسن نظامی کے انشائیے قدسیہ بیگم، محمد حسن، اوپندر ناتھ اشک کے ڈرامے اور عزیز احمد، سہیل عظیم آبادی، اختر انصاری، قرۃ العین حیدر، حیات اللہ انصاری، شفیق الرحمٰن کے افسانے شامل اشاعت ہیں۔ آخر میں مصنفین کا مختصر تعارف بھی شائع کیا گیا ہے، کتاب کا حرف آغاز مرتب نے قلم بند کیا ہے۔

خامہ بگوش کے قلم سے

مصنف : مشفق خواجہ (خامہ بگوش)

مرتب : مظفر علی سید

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ 2

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 328 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ممتاز طنز و مزاح نگار اور کالم نویس مشفق خواجہ (خامہ بگوش) کے نکاہیوں کا مجموعہ ہے۔ جس میں 1983 سے 1990 تک کے طنزیہ مزاحیہ کالموں کا انتخاب شامل کیا گیا ہے۔ یہ کتاب کی جلد اول ہے۔

دریچے

مصنف : شفیق الرحمٰن

ناشر : کتاب والا، گلی جھوت والی، پہاڑی بھوجلہ، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 194 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

شفیق الرحمٰن کے نو افسانے اور مزاحیہ مضامین اس کتاب کی زینت ہیں۔ ان کے عنوان اس طرح ہیں:۔

انٹرویو استفسارات و جواب، تعارف، عکس تقدیر، کام چور بھوت، کون کیا ہے، دو مزاح نگار، غار کابت، افواہیں۔

دیا نرائن نگم اور رسالہ زمانہ و اخبار آزاد

مصنف : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ 4

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 298 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ اردو کے اہم رسالے زمانہ (کانپور) کے انتیس برسوں میں شائع ہونے والی تحریروں کا انتخاب ہے۔ یہ کام بتیس جلدوں میں پھیلا ہوا ہے، بتیس ویں جلد میں دیانرائن نگم، رسالہ زمانہ اور اخبار آزاد کے بارے میں تفصیل چھاپی گئی ہے۔

ذرا نم ہو تو یہ مٹی......

مصنف : اندر کمار گجرال

ناشر : ادارہ روزنامہ سیاست، حیدر آباد

قیمت : بائیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

حیدر آباد کے روزنامہ سیاست نے اپنے صفحات پر شائع شدہ موضوعاتی مضامین کا جو کتابی سلسلہ شروع کیا تھا پیش نظر کتاب اسی کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں گجرال کے قلم بند کردہ سیاسی اور مذہبی مسائل پر مضامین شائع کیا گیا ہے، کتاب میں سولہ مضامین شامل ہیں۔ اس کے آغاز میں اندر کمار گجرال کا تعارف کرایا گیا ہے اور مجتبیٰ حسین کا قلمبند کردہ گجرال کا خاکہ بھی شامل کتاب ہے۔

سگ گزیدہ

مصنف : عابد معز

ناشر : زندہ دلانِ حیدر آباد

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب عابد معز کے طنزیہ مزاحیہ مضامین کا دوسرا مجموعہ ہے جس میں پندرہ مضامین شامل ہیں۔ان مضامین کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔

سگ گزیدہ، فلمی پلاننگ، شریف بد معاش، ہم نے گواہی دی، گھڑی نامہ، کوٹھیوں کا شہر، کالے کالے دانے، گھونگھٹ الٹنے سے پہلے، اقبالیہ، اتفاق کہ زندہ ہیں وغیرہ۔

کتاب کا پیش لفظ مصنف نے اور مقدمہ یوسف ناظم نے لکھا ہے۔

سمتِ سفر

مصنف : سلمان ماہی

ناشر : زبیر ماہی، بمبئی

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت لیتھو

یہ ہفت روزہ فوزان تھانہ کے اداریوں کا انتخاب ہے جو اس کے مدیر سلمان ماہی نے یکجا کر کے کتابی شکل میں شائع کیا ہے۔1983 سے 1994 کے درمیان فوزان میں شامل 76 اداریے اس کتاب میں شامل کیے گئے ہیں جو درپیش حالات کے پس منظر کو ابھارتے ہیں۔ابتدائی صفحات پر م۔ افضل ،ڈاکٹر یونس اگاسکر، رضوان احمد، ہارون رشید اور یوسف ناظم جیسے معروف صحافیوں اور ادیبوں کی آراء شامل ہیں۔ بیاں اپنا'' کے تحت سلمان ماہی نے دو صفحات پر اپنا مافی الضمیر تحریر کیا ہے۔فلیپ اول پر یوسف ناظم، فصیح اکمل، ایچ بی مقدم، رفیع انصاری، یونس اگاسکر نیز دوم پر م۔ افضل، ہارون رشید اور علی ایم شمسی کی مختصر آراء شامل ہیں۔

سوندھی مٹی کے بت

مصنف : اقبال متین

ناشر : مکتبہ شعر و حکمت، پنجہ گٹہ، حیدر آباد

قیمت : ستانوے روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 352 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد سات سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب اقبال متین کے رقم کردہ شخصی خاکوں کا مجموعہ ہے، جس میں مخدوم محی الدین، شاذ تمکنت، سلیمان ادیب، عبدالمنان، حسن چشتی، ہارون سیٹھ، راشد آزر، عنایت صدیقی، فخر الدین، لطیف ساجد، ابراہیم شفیق، یوسف سرمست وغیرہ کے خاکے شامل ہیں۔

یہ کتاب اے پی اردو اکادمی (حیدر آباد) اور ادبی ٹرسٹ (حیدر آباد) کے جزوی مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

عیادت سے تعزیت تک

مصنف : ناوک حمزہ پوری

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی

قیمت : چار روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 28 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے اس کتابچہ میں عیادت سے تعزیت تک کے بارے میں اور اس طرح کی دوسری باتوں پر مصنف نے روشنی ڈالی ہے۔

کلدیپ اختر۔ شخصیت اور فن

مرتب و ناشر: احباب اردو مجلس، 162/اے 2 سی، جنک پوری، نئی دہلی۔58

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں کلدیپ اختر کی شخصیت پر مختصر سے مضمون کے ساتھ ان کی بیشتر تخلیقات کو یکجا کر کے شائع کیا گیا ہے۔ اس میں کلدیپ کا کلام ان کے کچھ ریڈیائی ڈرامے اور انشائیے بھی شامل ہیں۔

گنجے فرشتے

مصنف : سعادت حسن منٹو

ناشر : ساقی بک ڈپو، اردو بازار، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 320 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں،

طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب سعات حسن منٹو کے قلمبند کردہ خاکوں کا مجموعہ ہے، جس میں ان کے تیرہ خاکے شامل ہیں۔ ان کے عنوانات نیچے رقم کیے جاتے ہیں:۔

میرا صاحب، تین گولے، باری صاحب، عصمت چغتائی، مرلی کی دھن، نرگس، آغا شیرانی سے چند ملاقاتیں، آغا حشر سے دو ملاقاتیں، اشوک کمار، پری چہرہ نسیم بانو وغیرہ

7-سوانح/انٹرویو/یادداشت

ابوالکلام آزاد

مصنف : عرش ملسیانی

ناشر : ڈائرکٹر پبلی کیشنز، ڈویژن، وزارت اطلاعات ونشریات،

حکومت ہند، پٹیالہ ہاؤس، دہلی۔1

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 188 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

عرش ملسیانی کی زیر نظر کتاب مولانا آزاد کی زندگی اور سماجی، صحافتی، سیاسی، تعلیمی حالات پر محیط ہے، اس میں "ایک صحافی" "رانچی کے بعد عملی سیاست" "1922 کے بعد" "صدرِ کانگرس" "بحیثیت وزیر تعلیم" کے عنوانات سے مضامین نیز "رام گڑھ کانگرس کا خطبہ" اور "جامع مسجد کی تقریر" شامل اشاعت ہیں۔

اتاترک، مصطفیٰ کمال پاشا

مصنف : صادق حسین صدیقی

ناشر : عظیم پبلشرز، نئی دہلی25

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 242 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اڑسٹھ ابواب پر مشتمل یہ ایک تاریخی اور سوانحی ناول ہے۔ جس میں ترکی کے مصطفیٰ کمال پاشا کی سوانح حیات اور کارناموں کا تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔

اکبرالہ آبادی

مصنفہ : صغرامہدی

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون 35 فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اکبر الہ آبادی کی سوانح اور شخصیت کے علاوہ ان کی شاعری کے طنزیہ، مزاحیہ، سنجیدہ پہلوؤں اوران کی نثر نگاری کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے آخر میں اکبرالہ آبادی کی نثر اور کلام کا انتخاب بھی شامل ہے۔

المودودی

مصنف : نعیم صدیقی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پینسٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 372 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں ابوالاعلیٰ مودودی کے حالات زندگی اوران کی دینی و علمی خدمات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ان کی جاری کردہ تحریک جماعت اسلامی کی جامع تاریخ بھی بیان کی گئی ہے۔

امام احمد ابن حنبلؒ

مصنف : نصراللہ خاں عزیز

ناشر : اسلامک بک فاؤنڈیشن، 1781 حوض سوئی والان، نئی دہلی 2

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 111 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار،
طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں امام احمد بن حنبلؒ کے علمی مرتبے، بحث و مناظرہ سے اجتناب سیرت واخلاق، کارنامہ تجدید، عملی کام اور حنبلی عقیدے کی اشاعت سے متعلق اہم مضامین قلم بند کیے گئے ہیں کتاب کا پہلا ایڈیشن 1991 میں منظر عام پر آیا تھا۔

امیر خسروؒ

مصنف : غلام سمنانی
ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی 16
قیمت : پچیس روپے
سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 126 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں،
طباعت آفسیٹ

یہ کتاب نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا کے اشاعتی پروگرام قومی سوانح حیات کے سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں صوفی شاعر امیر خسرو کی مختصر سوانح عمری بیان کی گئی ہے اور ان کے علمی و ادبی کارناموں سے متعارف کیا گیا ہے۔ کتاب میں خسرو کا منتخب کلام بھی شائع کیا گیا ہے۔

بابا فرید گنج شکر

مصنف : شبیر حسن چشتی نظامی
ناشر : آستانہ بک ڈپو، 1565 سوئی والان، نئی دہلی 2
قیمت : تیس روپے
سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 244 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار،
طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بابا فرید الدین مسعودؒ گنج لشکر اجودھنی کے متبرک حالات زندگی اور ملفوظات گرانمایہ کا قابلِ قدر مجموعہ ہے۔

بابائے قوم مہاتما گاندھی

مرتب : پریم گوپال متل

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس،9 گولا مارکیٹ دریاگنج، نئی دہلی2

قیمت : سوروپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات،ایڈیشن پہلا ، تعدادپانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں گاندھی جی کی شخصیت پر اردو کے گیارہ ادیبوں کے گیارہ مضمون یکجا کیے گئے ہیں۔ ابتداء میں مرتب کا پیش لفظ ہے جس میں گاندھی بطور امن کا پیامبر اوران کے قول وعمل کو اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب میں شامل مشاہیر ادباء کے مضامین بھی مہاتما گاندھی کی شخصیت کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتے ہیں۔

بالمشافہ

مصنف : معصوم مراد آبادی

ناشر : تخلیق کار پبلشرز،1779 کوچہ دکھنی رائے، دریاگنج، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 120 صفحات،ایڈیشن پہلا ، تعدادپانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں عوام کے جذبات واحساسات کے نمائندہ فنکاروں، ادیبوں اور مزاحمتی شاعروں کے انٹرویوز شامل ہیں ۔ شعر وادب کی ان معروف شخصیات میں اختر الایمان کیف بھوپالی، حبیب جالب، علی سردار جعفری، احمد فراز وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ مصنف نے ادب کی ان اہم شخصیات سے ہم عصر ادب کے مسائل وامکانات پر بے تکلفانہ سیر حاصل گفتگو کی ہے۔

بری عورت کی کتھا

مصنفہ : کشور ناہید

ناشر : ادب پبلیکیشنز، نئی دہلی

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 148 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

کشور ناہید پاکستان کی بے باک شاعرہ اور نثر نگار ہیں جن کی کئی کتابیں چھپی ہیں۔ زیر نظر کتاب کشور ناہید کو خود نوشت ہے، جس میں موصوفہ نے اپنے حالات زندگی بے کم و کاست کھلے ڈلے انداز میں بیان کیے ہیں۔

پانچواں چراغ

مصنف : قمر آزاد ہاشمی

ناشر : صفدر ہاشمی میموریل ٹرسٹ، 8 وٹھل بھائی پٹیل ہاؤس، نئی دہلی 1

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن پہلا ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"پانچواں چراغ" صفدر ہاشمی کی یاد میں لکھی گئی وہ کتاب ہے جس میں اس کا درد، اس کے متضاد حالات موافق حالات، تکلیفیں اور ماں کی ممتا کے مکمل نقوش نظر آتے ہیں۔

کتاب کے فلیپ پر سہی رام (راشٹریہ سہارا) کی رائے بھی شائع کی گئی ہے۔

پرانے چراغ (حصہ دوم)

مصنف : ابوالحسن ندوی

ناشر : مکتبہ فردوسی مکارم نگر (برولیا) لکھنؤ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 432 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں علی میاں کی معاصر شخصیتوں، بزرگوں، اور عزیزوں سے متعلق
تعارفی مضامین، تاثرات، مشاہدات وواقعات اور معلوماتی مضامین شامل ہیں۔

پیارے نبی کے چار یار (حصہ اول)

مصنف : عرفان خلیلی صفی پوری
ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی
قیمت : آٹھ روپے
سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد تین ہزار، طباعت
آفسیٹ

مکتبہ کے اشاعتی پروگرام میں نبی کریم حضرت محمدؐ کے خلفاء کی سیرت سے بچوں کو روشناس کرنے کا ایک سلسلہ شامل ہے اس سلسلے کی ایک کتاب کا یہ پہلا حصہ ہے اس میں رسول اکرمؐ کے پہلے خلیفہ اوریارِ غار حضرت ابو بکر صدیقؓ کی سیرت کو پیش کیا گیا ہے۔

تذکارِ صحابیات

مصنف : طالب الہاشمی
ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی
قیمت : ایک سو دس روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 544 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت
آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں تاریخ وسیرت کے مستند حوالوں سے 219 مسلم خواتین کی سبق آموز اور بصیرت افروز رودادِ زندگی بیان کی گئی ہے۔ یہ مسلم خواتین اس گروہ انسانی سے تعلق رکھتی ہیں جو انبیاء علیہم السلام کے بعد انسانوں میں سب سے افضل گروہ تصور کیا جاتا ہے۔

تذکرۂ علمائے بہار (جلد اول)

مصنف : ابوالکلام قاسمی شمسی

ناشر : شعبہ نشرواشاعت، جامعہ اسلامیہ قاسمیہ، بالاساتھ، سیتامڑھی

قیمت : ایک سو پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 500 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

دو جلدوں پر مشتمل مذکورہ کتاب کے حصہ اول میں بہار کے پانچ سو علماء کے تذکرے شامل ہیں اور یہ سبھی وفات یافتگان ہیں۔ کتاب کی ترتیب و تدوین بہ اعتبار حروف تہجی کی گئی ہے۔

تعارف نامہ

مصنف : علیم صبانویدی

ناشر : تمل ناڈو اردو پبلیکیشنز، 26 امیر النساء بیگم اسٹریٹ، مدراس 2

قیمت : درج نہیں

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 16 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتابچہ مصنف کی سوانح حیات پر مشتمل ہے۔

تورودت

مصنف : پدمنی سین گپتا / مترجم: بلراج کومل

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رو بندر بھون، 35 فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب تورودت کی زندگی، خاندان، بچپن، جواں مرگی، ان کی ناول نگاری، قصص و حکایات، سے متعلق مضامین و تفصیلات پر مشتمل ہے۔

ٹیپو سلطان

مصنف : سید امجد علی اشہری

ناشر : ہمالیہ بک ہاؤس، دہلی6

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 236 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب "ٹیپو سلطان" کے حالات زندگی اوران کے کارناموں کی تفصیل پر مبنی ہے کتاب میں 57 عنوانات کے تحت مضامین ہیں ٹیپو سلطان اوران کی اولاد وغیرہ کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

جمیل مظہری

مصنف : مظہر امام

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مظہر امام نے جمیل مظہری کے سوانح زندگی اورادبی کارناموں پر مشتمل یہ مونوگراف ساہتیہ اکادمی کے لیے قلم بند کیا ہے جو قومی ادب کے معمار سیریز کے تحت شائع ہوا ہے۔

چند ادبی شخصیتیں

مصنف : شاہد احمد دہلوی

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9 گولا مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی2

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 270 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

شاہد احمد دہلوی نے مختلف اربابِ ادب پر جو خاکے لکھے ہیں انہیں اس کتاب میں یکجا کردیا گیا ہے مندرجہ ذیل حضرات کے خاکے اس میں شامل ہیں:۔

مولوی نذیر احمد دہلوی، میر ناصر علی، استاد بیخود دہلوی، خواجہ حسن نظامی، بشیر الدین احمد دہلوی، مولانا عنایت اللہ، مرزا عظیم بیگ چغتائی، میر اجی، منٹو، جگر مراد آبادی، کیف دہلوی، مرزا محمد سعید، استاد بندو خاں، ایم اسلم، جوش ملیح آبادی، جمیل جالبی، مزید بر آں خود شاہد احمد دہلوی کا خاکہ بھی شامل کتاب ہے۔

اس کا مقدمہ جمیل جالبی نے لکھا ہے۔

حالی

مصنف : مالک رام

مترجم : ایم حبیب خاں

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی۔1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"حالی" مالک رام کی انگریزی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے حصہ اول حالی کے حالات زندگی سے متعلق ہے۔ جس میں ان کے خاندان ابتدائی زندگی، تعلیم، شعر و شاعری کا شوق، سفر، آخری ایام اور وفات کا ذکر شامل ہے۔ حصہ دوم الطاف حسین حالی کی علمی اور ادبی خدمات کے بارے میں ہے۔ اس میں دہلی کی معاشرتی حالت، غدر، 1857 لاہور کا مشاعرہ وغیرہ کا ذکر بھی ہے۔ آخر میں ضمیمہ اور کتابیات بھی درج ہیں۔

حضرت ابو سفیانؓ بن حرب

مصنف : ابن عبد الشکور

ناشر : کوثر پبلی کیشنز، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 238 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مصنف نے مشہور صحابی حضرت ابوسفیان بن حربؓ کی سوانح حیات لکھی ہے۔ آپ کی پیدائش، آبائی پس منظر، بچپن، جوانی اور بڑھاپے کے ایام کے علاوہ ان کی طرز معاشرت اور حب رسول پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔

حیات رسول صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف : علی اصغر چودھری

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : اٹھارے روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 148 صفحات، اڈیشن تیسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

سوال وجواب کی صورت میں سیرت رسول پر علی اصغر چودھری کی ایک کتاب ہے۔ اس کتاب میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے تعلق سے تقریباً نو سو سوالوں کے جواب دیے گئے ہیں۔

حیات عمران (جلد اوّل)

مصنف : مسعود الرحمن خاں ندوی

ناشر : مکتبہ دین ودانش بھوپال

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 290، صفحات، اڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مولانا محمد عمران خاں کی سوانح حیات اور ان کی علمی ادبی، سماجی وثقافتی خدمات کا احوال لکھا گیا ہے۔

خلفاء اربعہ

مصنف : خواجہ عبدالحئی فاروقی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی25

قیمت : بارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 148 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اسلام کے چاروں خلیفہ حضرت ابو بکرؓ صدیق حضرت عمر فاروقؓ حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علیؓ کی زندگی اور کارناموں سے متعلق تفصیلی معلومات دستیاب ہیں۔

ڈاکٹر ذاکر حسین

مرتب : خورشید عالم خاں، بی شیخ علی

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت148 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

ساہتیہ اکادمی کی کتابوں کی سیریز 'قومی ادب کے معمار' میں معروف شخصیتوں پر لکھی جانے والی کتابوں میں سے ایک یہ بھی ہے جسے خورشید عالم خان اور بی شیخ علی نے ترتیب دیا ہے۔ اس میں ممتاز دانشور اور ہندوستان کے سابق صدر ڈاکٹر ذاکر حسین کی سوانح اور خدمات کا تفصیلی ذکر ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین (شخصیت و معمار)

مرتب : فہمیدہ بیگم

ناشر : ترقی اردو بیورو، ویسٹ بلاک1، آر کے پورم، نئی دہلی66

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت400 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب ذاکر حسین کی شخصیت اور کارناموں پر مختلف اہل قلم کے لکھے ہوئے

مضامین کا مجموعہ ہے۔ سوانح و شخصیت پر دس مضمون ہیں، 'تعلیم بچے اور ذاکر حسین' کے عنوان سے بارہ مضامین ہیں جن میں سے آٹھ خود ذاکر حسین کے لکھے ہوئے ہیں۔ 'مترجم اور زبان داں' کے عنوان سے دو معمار کے عنوان سے دو مضامین شائع کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں منظومات اور گوشۂ خطوط بھی ہے۔

ذکر جمیل

مصنف : عارف عزیز

ناشر : مدھیہ پردیش اردو اکادمی، بان گنگا روڈ، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب مصنف کے قلم بند کردہ 38 شخصی خاکوں پر مشتمل ہے۔ جنھیں مشائخ و مصلح، سیاسی و سماجی رہنما ادیب و صحافی، احباب و اقرباء کے عنوانات کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کے مشمولات میں سے کچھ کے عنوانات نیچے لکھے جاتے ہیں:۔

شاہ محمد یعقوب، مولانا محمد عمران خان، مولانا برکت اللہ بھوپالی، ڈاکٹر شنکر دیال شرما، خان شاکر علی خان، ارجن سنگھ، شعری بھوپالی، ممنون حسن خاں، مولانا محمد مسلم، جوہر قریشی، ملا فخر الدین وغیرہ۔

رحیم

مصنف : سمر بہادر سنگھ / مترجم شیخ سلیم احمد

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ، انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی 16

قیمت : ستائیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 94 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب نیشنل بک ٹرسٹ کے اشاعتی پروگرام 'قومی سوانح حیات کا سلسلہ' کی ایک کڑی ہے جس میں رحیم خانِ خاناں کے حالات زندگی اور ان کی شاعری پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

رو بہ رو

مرتب : مناظر عاشق ہرگانوی

ناشر : مصنف، بھاگلپور، بہار

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 175 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

مصنف نے تیرہ ادبی افراد کو سوالنامے بھیج کر جواب حاصل کیے اور بیشتر ان کی مدد سے یہ انٹرویو مکمل کیے ہیں۔ متعلقہ شخصیتوں کے نام ہیں:۔

جمیل جالبی، وزیر آغا، گوپی چند نارنگ، گیان چند، سلام سندیلوی، رام لال جوگندرپال، انور سدید، قمر رئیس، محمد حسن، شمس الرحمٰن فاروقی، مظہر امام، فہیم اعظمی اور دیپک قمر۔

کتاب میں مرتب نے رو بہ رو کے عنوان سے انٹرویوز کے آرٹ کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا ہے۔

سعادت حسن منٹو

مصنف : وارث علوی

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 100 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب ساہتیہ اکادمی کے اشاعتی پروگرام "ہندوستانی ادب کے معمار" کے سلسلے کی ایک اور کڑی ہے، کتاب میں سعادت حسن منٹو کی زندگی، شخصیت، ڈرامانگاری، مضمون نویسی خاکہ نگاری اور افسانہ نگاری پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

سوانح منشی نولکشور

مصنف : سید امیر حسن نورانی

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 236 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں نولکشور پریس لکھنؤ کے بانی نولکشور کی سوانح حیات اور ان کے ادبی وعلمی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

سید عابد حسین

مصنف : عبیدالرحمٰن ہاشمی

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، نئی دہلی 1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 100 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ساہتیہ اکادمی نے قومی ادب کے معمار سیریز میں نامور دانش وروں کی حیات وخدمات سے متعلق مونوگراف شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے، پیش نگاہ کتاب اسی کی ایک کڑی ہے جس میں عبیدالرحمان ہاشمی نے مشہور دانشور اور ماہر تعلیم سید عابد حسین کی زندگی اور کارناموں کا جائزہ لیا ہے۔

سیرۃ النبی کامل (حصہ دوم)

مصنف : ابن ہشام / ترجمہ: عبدالجلیل صدیقی

ناشر : اعتقاد پبلشنگ ہاؤس، سوئیوالان، دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 834 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

رسول اکرمؐ کی سیرت سے متعلق زیر نظر کتاب ستر ابواب پر مشتمل ہے۔ اس کے چند ابواب مندرجہ ذیل ہیں: "غزوۂ احد" اور غزوۂ احد و قرآن مجید"، "جنگ خندق"، "غزوۂ خیبر"، "فتح مکہ"، "حجۃ الوداع"، "رسولؐ کی وفات" وغیرہ

شورشِ دوراں

مصنفہ : حمیدہ سالم

ناشر : ادب پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : دو سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 330 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

حمیدہ سالم کی آپ بیتی ہے جس کے ابواب اس طرح ہیں:۔
باتیں گئے دنوں کی، یادوں کے سائے، انمٹ نقوش، آنچل اور پرچم کا ملاپ، بستی بستی دیس بدیس، جہاں در جہاں، گوشۂ عافیت۔

عالمی سائنس داں

مصنف : سبھاش چندر

ناشر : سادھنا پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں شہرت یافتہ سائنس دانوں کے حالات زندگی اور ان کے کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

قاضی سید رضا حسین

مصنف : عبدالمغنی

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد ضخامت، صفحات 104، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب 'سلسلہ 'یادگار روزگار، کی ایک کڑی ہے جس میں قاضی سید رضا حسین کے حالات زندگی اور ان کے علمی و ثقافتی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

گاندھی جی کے افکار

مرتب : پریم گوپال متل

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولا مارکیٹ، دریاگنج نئی دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں گاندھی جی کے منتخب مضامین شائع کیے گئے ہیں، علاوہ ازیں ان کا ایک اہم انٹرویو اور مختلف موضوعات پر گاندھی جی کے پر اثر اقوال بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔

گنجہائے گرانمایہ

مصنف : رشید احمد صدیقی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی 25

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 288 صفحات، ایڈیشن پہلا)جدید)، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اردو کے سولہ مشہور ادبا و شعراء کے قلمی خاکوں کا مجموعہ ہے۔

مائیکل مدھوسدن دت

مصنف : املندو بوس / مترجم شافع قدوائی

ناشر : ساہتیہ اکادمی، رابندر بھون، فیروز شاہ روڈ، دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

قومی ادب کے معمار سیریز کی یہ کتاب مائیکل کی حیات اور شخصیت کے بارے میں ہے اس کے علاوہ ان کی شعری تخلیقات اور ادبی تحریروں کا انتخاب بھی شامل اشاعت ہے۔

محمد علی جناح

مصنف : مرزا ارشد علی بیگ / مترجم: عابد رضا بیدار

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 44 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب جناح کے سکریٹری مرزا راشد علی بیگ کی خود نوشت سوانح عمری "ان ڈفرنٹ سیڈلز" کا ترجمہ ہے۔

مدر ٹریسا کی کہانی

مصنف : فاطمہ اشرف حسین

ناشر : پارس پبلیکیشنز، اکبر باغ، حیدر آباد

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 68 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مدر ٹریسا کے حالات زندگی اور ان کے کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے کتاب آندھرا پردیش اردو اکادمی حیدر آباد کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

معاصرین

مصنف : عبدالماجد دریابادی

ناشر : ادارہ انشائے ماجدی، رابندر سرانی، کلکتہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب عبدالماجد دریابادی کے تحریر کردہ اسی خاکوں کا مجموعہ ہے۔

اس میں مصنف کے قریب ترین عزیزوں، بزرگوں اور جو لوگ کسی بھی حیثیت سے اپنا اثر موصوف پر ڈال گئے ان کے خاکے شامل ہیں۔ کتاب تین حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ پہلے حصے میں مصنف سے بڑے 43 لوگوں کے خاکے شامل ہیں دوسرے حصے میں اپنے برابر کے 29 لوگوں کے خاکے شامل ہیں اور تیسرے حصے میں مصنف سے چھوٹے آٹھ لوگوں کے خاکے شامل کیے گئے ہیں۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1979 میں شائع ہوا تھا۔

مقدمۂ تفسیر سر سید

مصنف : سید حامد

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 238 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سر سید احمد کی زندگی کے حالات پر مشتمل ہے مزید بر آں ان کے عہد کی تفسیر بھی شامل کتاب ہے۔

مہاتما گاندھی اہنسا کے۔ پیامبر

مرتب : پریم گوپال متل

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پریم گوپال کی مرتب کردہ اس کتاب میں تین ابواب ہیں۔ پہلے باب میں گاندھی جی کے خاندانی پس منظر ابتدائی حالات زندگی اور ولایت کے سفر کا ذکر ہے۔ دوسرا باب ان کی جنوبی افریقہ کی سرگرمیوں سے متعلق ہے اور آخری باب ہندوستانی سیاست میں ان کی سرگرمیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ آخر میں شہلا خان کا مرتب کردہ ''گاندھی جی: ایک سوانحی اشاریہ'' بھی شامل کتاب ہے۔

مہاتما گاندھی پہلی ملاقات

مرتب : شنکر دیال سنگھ

ناشر : سیمانت پرکاشن، نئی دہلی

قیمت : دوسو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 198 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

تین حصوں پر مشتمل اس کتاب میں 79 لوگوں نے گاندھی جی سے پہلی ملاقات کا احوال رقم کیا ہے۔ کتاب کا حرف آغاز ہیرانند سوز نے لکھا ہے۔

میرا مطالعہ

مرتب : تابش مہدی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، 1353 چتلی قبر، دہلی 4

قیمت : باون روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اردو ادب کی بعض مشہور و معروف ہستیوں پر تابش مہدی کے مضامین شامل ہیں۔

نرالا

مصنف : پرمانند شری واستو / مترجم: عقیل احمد صدیقی

ناشر : ساہتیہ اکادمی، نئی دہلی۔1

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب ہندستانی ادب کے معمار سیریز کے تحت شائع کی گئی ہے۔ نرالا جدید ہندی شاعری کی تاریخ میں منفرد شعری طریقِ اظہار کے شاعر ہیں، ان کے یہاں روایت اور جدت ،رومانیت پسندی اور حقیقت نگاری کی کشمکش بھی ہے اور ان کا اچھا امتزاج بھی۔ ان کی نظموں، کتابوں اور ناول کا تعلق ان کے نجات اور آزادی کے تصور سے جڑا ہوا ہے۔ کتاب کے مصنف مشہور شاعر اور نقاد پرمانند شری واستو ہیں۔ انہوں نے نرالا کے شعری کردار کو تاریخی تناظر میں رکھ کر اس طرح دیکھا ہے کہ نرالا کے متنوع فن پاروں کے مرکزی احساس کی پہچان آسانی کے ساتھ ہو جاتی ہے۔

نواب والا جاہ اور حضرت العلام عبد العلی بحر العلوم فرنگی محلی

مصنف : علیم صبا نویدی

ناشر : تمل ناڈو اردو پبلی کیشنز، مدراس

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد سات سو چھیاسی، طباعت آفسیٹ

ارکاٹ کے نواب محمد علی والا جاہ اور بحر العلوم عبد العلی فرنگی محلی کے مابین تعلقات اور ارکاٹ میں ان کی علمی و مذہبی، خدمات کا جائزہ اس کتاب میں پیش کیا گیا ہے۔

یادگار حالی

مصنفہ : صالحہ عابد حسین

ناشر : انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی 2

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 272 صفحات، ایڈیشن ششم، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

خواجہ الطاف حسین حالی کی مشہور تالیف جسے غالب شناسی کی خشت اوّل کہا جاتا ہے، یادگار غالب کے نام سے منظر عام پر آئی تھی۔ مصنفہ نے حالی سے متعلق کتاب اسی نہج پر لکھی ہے۔ پیش لفظ مولانا ابوالکلام آزاد نے قلمبند کیا ہے: اس کے مندرجات میں سے چند کے عنوانات ہیں: نشو و نما، آب و رنگ، برگ و بار، حالی کی دریافت، غالب، وغیرہ۔

8- سفر نامہ / رپورتاژ / مکتوبات

آوارگی آشنا

مصنف : دلیپ سنگھ

ناشر : ساحل پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

"آوارگی آشنا" مصنف کا سفر نامہ ہے۔ جس میں انہوں نے اسکینڈے نیویائی ملکوں کے سفر کے دلچسپ تجربات قلمبند کیے ہیں جن میں ناروے، سویڈن اور ڈنمارک شامل ہیں یہ سفر نامہ اس لیے بھی اہم ہے کہ دلیپ سنگھ نے ہندوستان اور اسکینڈے نیویائی ملکوں کی تہذیب وزندگی کو تقابلی نظر سے دیکھا ہے اور اپنے پُر مزاح تبصروں سے نمایاں کیا ہے۔

انتخاب غبار خاطر

مصنف : ابوالکلام آزاد

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : تین روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن دوم، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب مولانا آزاد کے نو خطوط پر مشتمل ہے، جو انہوں نے احمد نگر جیل میں 1942 سے 1945 کے دوران تحریر کیے تھے۔ ان خطوط سے ان کے خاندان، تعلیم، عادات، نفسیات وغیرہ سامنے آتے ہیں۔

تسکین قریشی: کلام اور خطوط کے آئینے میں

مرتبین : سیف الدین احمد، حسین ماجد

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، گلی عزیزالدین وکیل، لال کنواں دہلی 6

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 202 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

تسکین قریشی، جوش اور جگر کے معاصرین میں سے تھے۔ اپنے عصر کے دیگر ادیبوں سے بھی ان کی خط و کتابت تھی۔ مرتبین نے ان تمام خطوط کو اس کتاب میں یکجا کردیا ہے تسکین قریشی نے کافی شعری سرمایہ بھی چھوڑا۔ زیرنظر کتاب میں ان کے شعری کارناموں پر تنقیدی اور تحقیقی مضامین بھی شامل ہیں۔ مضمون نگاروں میں کمال احمد صدیقی، مالک رام اور ماہرالقادری کے نام اہم ہیں۔ کتاب کے دوسرے حصے میں تسکین قریشی کا غیر مطبوعہ کلام، تیسرے حصے میں وہ خطوط ہیں جو تسکین قریشی کے نام مشاہیر نے لکھے۔ آخری حصے میں سیف الدین احمد کے نام لکھے ہوئے جگر، جوش، ذاکر حسین، مجروح وغیرہ کے خطوط شامل اشاعت ہیں۔

ٹک ٹک دیدم

مصنفہ : بشریٰ رحمٰن

ناشر : ساقی بک ڈپو، دہلی

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 444 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بشریٰ رحمان کا یہ سفر نامہ قبل ازیں پاکستان میں شائع ہوا تھا اب اس کا ہندستانی ایڈیشن چھاپا گیا ہے۔

ذاکر صاحب کے خط

مصنف : ذاکر حسین

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دو سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 806 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب ڈاکٹر ذاکر حسین کے خطوط کا عکسی ایڈیشن ہے۔ اس کے مکتوب الیہ مندرجہ ذیل افراد ہیں:۔ اخلاق الرحمٰن قدوائی، محمد اجمل، اسلوب احمد انصاری، اشفاق محمد خاں، اطہر علی علامہ اقبال، امتیاز حسین خاں، انوار الحسن، بہاء الدین احمد، جوہر نظامی، خرم میاں، رضی الدین احمد، ریاض الرحمٰن، صالحہ عابد حسین، ظفر محمود قدوائی، عبد القوی دسنوی، گلزار دہلوی، طلبا جامعہ، رشید کوثر، احسن جاوید، وغیرہ، آخر میں خطوں کی تاریخی ترتیب کا اشاریہ اور ضمیمہ بھی درج ہے کتاب کا پیش گفتار، عابد رضا بیدار نے لکھا ہے۔

رشید احمد صدیقی کے کچھ خطوط، کچھ رقعات

مرتب : مسعود حسین

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 186 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں رشید احمد صدیقی کے وہ خطوط اور رقعات، جو انہوں نے مسعود حسین خان کے نام لکھے تھے، یکجا کر دیے گئے ہیں۔

سفر لخت لخت

مصنف : مجتبیٰ حسین

ناشر : حسامی بک ڈپو، مچھلی کمان، حیدر آباد

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 149 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت لیتھو

یہ کتاب ان سفر ناموں کا مجموعہ ہے جو مصنف نے اسی کی دہائی میں مختلف ملکوں کی سیاحت کے بعد لکھے تھے اس میں کل سترہ مضامین ہیں جن میں سے چند حسب ذیل ہیں۔

او دیس سے جانے والے بتا۔ سفر کرنا ہمارا مردانہ ہوائی جہاز میں، لندن میں ہمیں دفن کرنے کی تیاریاں، قیام الدین کے گھر ہمارا قیام، کچھ ذکر خیر دشر ساقی فاروقی کا، کچھ نقی تنویر کے بارے میں، ایروفلوٹ میں ہمارا پہلا سفر، رام پور میں دو دن۔

شگرف نامہ ولایت

مصنف : منشی اعتصام الدین / مترجم: امیر حسن نورانی

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب انگلستان کے اولین ہندوستانی سیاح اعتصام الدین کا سفر نامہ ہے جو انہوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی کی ملازمت کے دوران شاہ عالم بادشاہ کے ایلچی کے معاون کی حیثیت سے 1767 میں کلکتہ سے بحری جہاز سے شروع کیا تھا۔ اور انگلستان سے دو سال نو ماہ کے بعد واپس آئے تھے اسی کی روداد اس کتاب میں قلمبند کی گئی ہے۔

گل افکار

مرتب : اطہر بنارسی

ناشر : شمع ادب بکڈپو، وارانسی، بنارس

قیمت : بیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں بنارس میں 1994 میں ہونے والے ایک مشاعرے کی روداد بیان کی گئی ہے ساتھ ہی مشاعرے میں پیش کردہ کلام کا انتخاب بھی شامل ہے۔

مآثر غالب

مرتب : قاضی عبدالودود

ناشر : ادارہ تحقیقات اردو، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں غالب کی کم یاب اردو و فارسی نثر و نظم کا انتخاب ہے، جبکہ دوسرے حصے میں ان کے خطوط شائع کیے گئے ہیں، غالب کی ان نگارشات نثر و نظم اور خطوط پر حواشی مرتب نے قلمبند کیے ہیں۔

مکاتیب

مرتب : محمد روشن شاہ قاسمی

ناشر : مکتبہ العلیم، امیر خسرو نگر، نئی دہلی-110013

قیمت : درج نہیں

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مولانا انعام الحسن کے بائیس مکاتیب کو مرتب کر کے شائع کیا گیا ہے یہ خطوط اسلامی مسائل وغیرہ کے بارے میں توضیحات و تشریحات پر مشتمل ہیں۔

مکاتیب میرزا مظہر جان جاناں

مصنف : میرزا مظہر جان جاناں

مرتب : عبدالرزاق قریشی / مترجم: محمد عمر

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت

آفسیٹ

زیر نظر کتاب میرزا مظہر جان جاناں کے فارسی خطوط کا مجموعہ ہے جنہیں عبدالرزاق قریشی نے مرتب کیا ہے۔اس میں کل ایک سو پینتالیس خط شامل ہیں۔ جن میں سے ایک سو تیس قاضی ثناراللہ کے نام اور بقیہ ان کے اہل خاندان اور دوسرے متعلقین کے نام ہیں، انھیں فارسی سے اردو میں محمد عمر نے منتقل کیا ہے یہ مکتوبات دہلی میں درگاہ شاہ ابوالخیرؒ کے کتب خانے میں محفوظ تھے۔

مولانا ابواللیث ندوی اور مولانا حسین احمد مدنی کی مراسلت

مرتب : مکتبہ اسلامی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : اٹھارہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب ابواللیث ندوی اور حسین احمد مدنی کے مابین ہونے والی اس خط وکتابت کا مجموعہ ہے جو تحریک اسلامی کے تعلق سے ہوئی تھی، اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1984 میں شائع ہوا تھا یہ اس کا دوسرا ایڈیشن ہے۔

ہمارا ابنِ بطوطہ

مصنف : مائل خیر آبادی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 208 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

سفرنامے کے اسلوب میں انسانی ذہنوں کو نیکی کی طرف مائل کردینے والے چودہ کرداروں کا تعارف اس کتاب میں پیش کیا گیا ہے۔

9- زبان

آیئے اردو سیکھیں

مصنف : مرزا خلیل احمد بیگ

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اردو رسم خط کی تدریس پر ایک کتاب ہے۔ جس میں مفرد حروف، مرکب حروف، عبارات اور نثر و نظم کو الگ الگ حصوں میں تقسیم کر کے ان کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

ادب، زبان، قواعد

مرتب : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں شامل مضامین خدا بخش لائبریری میں دستیاب رسائل کی فائلوں سے منتخب کیے گئے ہیں۔ ان میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں۔

لٹریچر کا قرض، ادب کیا ہے، تقسیم ابجد، خطاب از کتب، اردو مختصر نویسی، تذکرہ خوشنویسان، اردو کے اسم فاعل ترکیبی، علم و ادب، میٹھی چٹکی، سرقہ و توارد، تنظیم دریائے لطافت وغیرہ۔

ادبی اصطلاحات کی وضاحتی فرہنگ

مرتب : عتیق اللہ

ناشر : اردو مجلس، غالب اپارٹمنٹس، دہلی

قیمت : چھ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 701 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

اردو تنقید میں رائج اور عالمی ادبیات میں استعمال کی جانے والی ادبی اصطلاحات کی اس وضاحتی فرہنگ میں A تا D اندراجات شامل ہیں۔ کئی دفتروں میں پھیلے ہوئے کام کے سلسلے کی یہ پہلی جلد ہے۔ دیباچہ میں عتیق اللہ نے اس کام کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں اشارے کیے ہیں۔

اردو رسائل 1993 میں (جلد اول)

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دو سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 408 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب خدابخش صدی تقریبات کے اشاعتی پروگرام کی ایک پیش کش ہے جس میں 1993 میں شائع ہونے والے اردو رسائل کی فہرست اور ان کی اشاعت کا سنہ نیز دیگر متعلقہ جانکاریاں درج کر دی گئی ہیں۔ یہ کتاب دو جلدوں پر مشتمل ہے یہ اس کی پہلی جلد ہے۔

اردو رسائل 1993 میں (جلد دوم)

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 430 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب خدا بخش صدی تقریبات کے اشاعتی پروگرام کی ایک کڑی ہے جس میں 1993 میں شائع ہونے والے اردو رسائل کی فہرست ان کی اشاعت کا مقام سنہ اجرا اور دیگر معلومات یکجا کر دی گئی ہیں۔ یہ اس سلسلہ کی دوسری جلد ہے۔

اردو زبان کی تاریخ

مصنف : مرزا خلیل احمد بیگ

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 400 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب اردو کے آغاز وارتقا کے بارے میں خلیل بیگ کے مضامین کا مجموعہ ہے یہ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ "اردو کی ابتداء اور ارتقاء کے نظریے" دوسرا حصہ "اردو کا آغاز وارتقا" ہے ان میں شامل چوالیس مضامین اردو زبان کی ابتداء اور ارتقا کے نظریوں سے بحث کرتے ہیں، کتاب کا تیسرا حصہ "دکنی اردو ہے" اس میں پانچ ماہرین دکنیات کی نگارشات شامل ہیں، چوتھا حصہ "اردو اور ہندی کا لسانیاتی رشتہ" ہے اس میں اردو ہندی لسانیات سے متعلق پانچ مضامین شامل ہیں. کتاب کا تعارف مصنف نے لکھا ہے۔

اردو زبان و قواعد (حصہ اول)

مصنف : شفیع احمد قریشی

ناشر : مصنف، 7 لین، ذاکر نگر، نئی دہلی-25

قیمت : اکیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 184 صفحات، ایڈیشن چھٹا، تعداد چار ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب مڈل، سکنڈری اور جامعہ اردو علی گڑھ کے نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے اور یہ اردو قواعد انشاء، تاریخ اور اردو زبان سے متعلق تقریباً ڈیڑھ سو مختلف موضوعات پر مشتمل ہے۔

اردو کا مسئلہ

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت درج نہیں

زیر نظر کتاب میں سولہ اہم ارباب نظر کے مقالے شائع کیے گئے ہیں، یہ مقالے اردو کے مسائل سے متعلق ہیں اس کے علاوہ تینتالیس اہل نظر کے مابین اس موضوع پر ہونے والی بحث بھی شامل اشاعت ہے۔

اردو کشمیری بول چال

مولف : محمود مقبول

ناشر : گلشن پبلشرز، گاو کدل چوک، سرینگر

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 175 صفحات، ایڈیشن دوم، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اردو اور کشمیری زبانوں کے بولنے والوں کے لیے ایک دوسرے کی بول چال

سے واقفیت حاصل کرنے کی غرض سے لکھی گئی ہے۔

اردو کی ابتدائی نشو نما میں صوفیائے کرام کا کام

مصنف : مولوی عبدالحق

ناشر : انجمن ترقی اردو ہند، اردو گھر، راؤز ایونیو، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 72 صفحات، ایڈیشن سولہواں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مولوی عبدالحق نے اردو زبان وادب کی ترقی وترویج میں صوفیاء کی خدمات کا جائزہ لیا ہے۔ چند عنوانات ہیں:۔ صوفی اور اس کی اہمیت۔ مسلمان درویشوں کی آمد ہندستان میں۔ کتاب میں 26 صوفیائے کرام کا ذکر خیر کیا گیا ہے۔

اردو محاورے مع تذکیر وتانیث الفاظ وضرب الامثال

مرتب : فخر الدین صدیقی اثر

ناشر : عثمانیہ بک ڈپو، 104 لورچیت پور روڈ، کلکتہ

قیمت : دوسو تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 856 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہوتا ہے اس میں چار ہزار سے زیادہ اردو محاورے پہلے باب میں شامل ہیں، دوسرے باب میں ضرب الامثال ہیں، تیسرا باب مذکر اور مونث الفاظ سے متعلق وضاحتوں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ستر کی دہائی میں شائع ہوا تھا۔

اردو مراٹھی کے تہذیبی رشتے

مرتب : یحییٰ نشیط

ناشر : کاشانہ گل گاؤں، ایوت محل

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مصنف نے مختلف عنوانات کے تحت اردو مراٹھی ادب کے باہمی روابط پر گفتگو کی ہے۔ چند مضامین کے عنوان ہیں:۔ اردو مراٹھی کے تہذیبی رشتے، مراٹھی کے مسلم شعراء کی اردو کاوشیں، اردو مراٹھی ثقافتی ہم آہنگی وغیرہ۔

اردو نشریات آل انڈیا ریڈیو پٹنہ

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں آل انڈیا ریڈیو پٹنہ سے نشر ہونے والے اردو پروگراموں کی فہرست شائع کی گئی ہے جو خدابخش لائبریری میں محفوظ تھی۔

اسلوب اور اسلوبیات

مصنف : طارق سعید

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 400 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش لفظ کے ساتھ یہ کتاب پچیس ابواب پر مشتمل ہے جو مندرجہ ذیل ہیں:۔

نثر کیا ہے۔ نثر: لفظ و معنی کا رشتہ۔ انواع نثر اردو۔ نثر کا آہنگ۔ تعبیر فقرہ اور اس کی تخلیقی تشکیل۔ تخلیقی نثر۔ تخلیقی نثر اور استعارہ۔ اسلوب کیا ہے۔ اسلوب کی تشکیل اور اس کی

صفات۔ محاورہ۔ تمثیل کیا ہے اسلوب اور اسانیات۔ اسلوب اور عہد وغیرہ۔

کتاب میں نیر مسعود، شمس الرحمان فاروقی، محمد حسن وغیرہ کی آراء بھی شائع کی گئی ہیں یہ فخر الدین علی احمد میموریل کمیٹی (لکھنؤ) کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

الترجمۃ العربیہ

مصنف : مسعود عالم ندوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 164 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں عربی سے اردو اور اردو سے عربی میں دونوں زبانوں میں ترجمہ کرنے کے رموز بیان کیے گئے ہیں جن کے ذریعے ترجمہ نگاری اور ترجمانی کا ہنر سیکھا جا سکتا ہے۔

بہار اردو لغت

مرتب : احمد یوسف

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 264 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب بہار کے الفاظ و محاورات پر مشتمل لغت ہے کتاب کے لیے پیش گفتار عابد رضا بیدار ڈائرکٹر خدا بخش لائبریری نے لکھا ہے۔

پیر محمد درگاہ شریف کتب خانہ (جلد پنجم)

مرتب : پیر محمد درگاہ شریف ٹرسٹ

ناشر : سکریڑی ٹرسٹ، بانکورناکہ، احمد آباد

قیمت : دو سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد ضخامت 300 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں پیر محمد درگاہ شریف کتب خانہ کے فارسی، عربی اور اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست شائع کی گئی ہے کتاب آرکائیوز آف انڈیا کے مالی تعاون سے منظر عام پر آئی ہے۔

داستان تاریخ اردو

مصنف : حامد حسن قادری

ناشر : عاکف بک ڈپو مٹیا محل، دہلی

قیمت : تین سو ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 948 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

'داستان تاریخ اردو' اردو زبان کی ابتداء سے بیسویں صدی کے شروع تک اردو زبان و ادب کے نشو نما کی تاریخ ہے نیز مصنفین نثر اردو کے حالات اور تفصیلات کے نمونے وغیرہ بھی شامل کیے گئے ہیں۔

روہیلکھنڈ اردو لغت

مرتب : رئیس رام پوری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 70 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

رئیس رامپوری نے اس لغت میں روہیلکھنڈ رام پور میں بول چال کے ان الفاظ اور متعلقہ مطالب کو یکجا کر دیا ہے جو دوسرے علاقوں کے لیے نامانوس ہیں۔

زبان شناسی، اردو / فارسی

مصنف : قاضی عبدالودود

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 178 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب قاضی عبدالودود کے لسانی مضامین کا مجموعہ ہے اس میں لسانیات لفظیات اور لغات کے بارے میں مقالات شامل ہیں مشمولات کے عنوان نیچے درج کیے جاتے ہیں:۔

زبان شناسی، لسانیات، فرہنگ آصفیہ پر تبصرہ، چند الفاظ و طریق استعمال، بعض کتب فارسی کے مستعملہ مفردات و مرکبات، حافظ اور ذال فارسی، فرہنگ ابو حفص سعدی، مجمع الفرس۔

زبان کی آفتیں اور بچنے کی تدابیر

تالیف : محمد ظفیر احمد

ناشر : ادارہ ترجمہ و تالیف

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

چار فصلوں پر محیط اس کتاب میں زبان کے غیر محتاط استعمال سے آنے والی آفت اور خرابی، فحش گوئی، دشنام طرازی، زبان درازی، مسخرہ پن، زیادہ گوئی، دروغ گوئی، غیبت، لعن، نفاق، ہجو، مدح وغیرہ کی آفت کو بیان کرنے کے بعد اس کا علاج بھی قرآن و حدیث کی رو سے ہی تجویز کیا گیا ہے۔

عروض میں نئے اوزان کا وجود

مصنف : شارق جمال ناگپوری

ناشر : صالحہ بک ٹریڈرس، نزد جامع مسجد، مومن پورہ، ناگپور، (مہاراشٹر)

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد سات سو، طباعت آفسیٹ

علم عروض پر مصنف کی یہ دوسری تصنیف ہے اس سے قبل ان کی کتاب "تفہیم العروض" شائع ہو چکی ہے۔ پیش نظر کتاب میں مصنف نے کم و بیش تہتر اوزان کا استخراج کر کے ثابت کیا ہے کہ اردو شاعری میں نئے اوزان کی کافی گنجائش ہے۔

علم شرح، تعبیر اور تدریس متن

مرتب : نعیم احمد

ناشر : شعبۂ اردو، اے، ایم، یو، علی گڑھ

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب "علم شرح تعبیر اور تدریس متن" کے موضوع پر منعقدہ ایک سہ روزہ سمینار کے مقالات پر مشتمل ہے جس میں تعبیر کیا ہے؟ تشریح کیا ہے؟ تعبیر اور تشریح میں کیا فرق ہے جیسے موضوعات کا تفصیل کے ساتھ جائزہ لیا گیا ہے۔

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی مولانا آزاد لائبریری کے اردو مخطوطات

مرتب : عطا خورشید / نگراں: نور الحسن خاں

ناشر : خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ

قیمت : دو سو روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 474 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، تعداد درج نہیں،

طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مولانا آزاد لائبریری کے اردو مخطوطات کی فہرست مرتب کی گئی ہے یہ دو حصوں میں ہے دونوں حصوں کے موضوعات دوشقوں میں منقسم کیے گئے ہیں ایک حصہ نثر ہے دوسرا نظم۔ کتاب کا تعارف نورالحسن خان لائبریرین نے قلمبند کیا ہے۔

فارسی وارد وادب میں تلمیحات واشارات

مصنف : مجیب الرحمٰن

ناشر : عثمانیہ بکڈپو، 125 رابندرا سرانی، کلکتہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 244 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب فارسی کے ایک تحقیقی مقالے کا اردو ترجمہ ہے۔ کتاب کا پیش لفظ سنیتی کمار چٹرجی نے لکھا ہے، کتاب میں چھ سو تلمیحات واشارات کے مطالب درج کر دیے گئے ہیں۔

فن ترجمہ نگاری

مرتب : خلیق انجم

ناشر : ثمر آفسیٹ پرنٹرس، دہلی

قیمت : پچاسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ترجمہ سے متعلق بارہ مضامین کا مجموعہ ہے، جس میں مرتب کے اپنے تین مضامین بھی شامل ہیں اہم عنوانات میں اردو ترجمے کا ارتقاء (خلیق انجم) ترجمے کی ضرورت (مرزا حامد بیگ) ترجمے کے بنیادی مسائل (ظ۔ انصاری) دریافت اور بازیافت (شمس الرحمٰن فاروقی) وغیرہ ہیں۔

فن شاعری

مصنف : اخلاق حسین دہلوی

ناشر : کتب خانہ انجمن ترقی اردو، جامع مسجد، دہلی

قیمت : چھتیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن نو، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں علم عروض اور علم قافیہ کی جانکاری فراہم کی گئی ہے نیز تقطیع کی مشکلات، اور فن عروض سے بھی بحث کی گئی ہے، قافیہ اور ردیف کے اجزائے ترکیبی کے علاوہ عروض کی مبادیات کا ذکر کیا گیا ہے علاوہ برایں مخلوط حروف، ہائے علت، علامات جمع کی تشریح و توضیح بھی کی گئی ہے۔

فہرست مخطوطات و مسودات (اردو ریسرچ سینٹر حیدر آباد)

مصنف : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 40 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

خدا بخش لائبریری نے اردو ریسرچ سینٹر حیدر آباد میں دستیاب ہونے والے مخطوطات اور مسودات کی فہرست کتابی شکل میں شائع کی ہے۔

فیروز اللغات

مرتب : فیروز الدین

ناشر : ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : تین سو پچیس روپے

سائز : 20X30/8 مجلد، ضخامت 1472 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

نئی ترتیب اور جدید اضافوں کے ساتھ فیروز اللغات کا نیا ایڈیشن شائع کیا گیا ہے جس میں تقریباً ایک لاکھ پچیس ہزار قدیم اور جدید الفاظ کے اندراجات شامل ہیں۔

قومی کتابیات

مرتب : اقبال احمد

ناشر : بھاشا وبھاگ، اتر پردیش سرکار، لکھنؤ

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 242 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں انڈین نیشنل ببلو گرافی 1991-1993 کے تحت درج شدہ اُن 681 اردو مطبوعات کا اندراج ہے جو مندرجہ بالا مدت میں مختلف مطبعوں سے نیشنل لائبریری کلکتہ کو موصول ہوئیں، کتاب حکومت اتر پردیش نے سنٹرل ریفرنس لائبریری کے لیے شائع کی ہے۔

کتب خانہ جامع مسجد بمبئی کے اردو مخطوطات

مصنف : حامد اللہ ندوی

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولا مارکیٹ دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : دو سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 296 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب جامع مسجد بمبئی کے اردو مخطوطات کی کتابیات ہے جس میں شامل اردو مخطوطات کی تعداد تقریباً دو سو کے قریب ہے یہ کتاب کوکن اردو گلڈ کی سرپرستی میں شائع ہوئی

ہے مرتب کا تعارف یونس اگاسکر نے اور کوکن اردو گلڈ کا تعارف شیخ اسماعیل نے قلمبند کیا ہے اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1990 میں شائع ہوا تھا۔

مدھیہ پردیش میں اردو زبان وادب

مرتب : آفاق احمد

ناشر : مدھیہ پردیش اردو اکادمی، ملار موزی سنسکرتی بھون، بان گنگا روڈ، بھوپال

قیمت : اسّی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 216 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

مدھیہ پردیش اردو اکادمی کے لیے آفاق احمد نے اس کتاب میں مختلف لکھنے والوں کے مضامین جمع کر دیے ہیں جن سے ریاست مدھیہ پردیش میں اردو زبان کی ترقی اور اس زبان کی مختلف اصناف کی سمت ور فتار کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

مضمون نویسی اور ترجمہ نگاری

مصنف : خوشحال زیدی

ناشر : ادارہ خضر راہ، غفار منزل، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 110 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مضمون نگاری کے اصول، ابتدا، ارتقاء، مستقبل اور معیار وغیرہ سے متعلق مضامین ہیں۔ اس کے علاوہ ترجمہ نگاری کی اقسام، اہمیت، افادیت، مسائل، وغیرہ پر مضامین بھی شامل اشاعت ہیں اور تنقیدی جائزے بھی شائع کیے گئے ہیں۔

مقدمہ تاریخ زبان اردو

مصنف : مسعود حسین خاں

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 274 صفحات، ایڈیشن گیارہواں، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اردو زبان کے عہد بعہد ارتقاء کی تاریخ اور اس کی ابتداء سے متعلق لسانیاتی نظریوں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے، یہ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے جو حسب ذیل ہیں:۔
پہلا باب۔ ہند آریائی کا ارتقاء۔ دوسرا باب۔ ہندوستان کی جدید آریائی زبانیں۔ تیسرا باب۔ اردو زبان کا ارتقاء۔ چوتھا باب۔ اردو کی ابتدا: لسانی نظریات۔ پانچواں باب۔ "زبان دہلی واپ بھرنش" آخر میں کتابیات بھی درج ہے، اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1948ء میں شائع ہوا تھا۔ اس کا پیش لفظ مصنف نے ہی لکھا ہے۔

ہندوستانی زبان کا مسئلہ

مصنف : دیانرائن نگم

ناشر : خدابخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 324 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ان تریسٹھ منتخب مضامین کا مجموعہ ہے جو رسالہ "زمانہ" (کانپور) میں چھپے تھے۔ یہ مضامین اردو زبان، رسم الخط، اردو کی ترقی کا مسئلہ، ہندوستانی زبان کی تیاری، اردو قومی زبان، مشترکہ زبان، وغیرہ عنوانات کے تحت ہیں۔

ہندوستانی محاورے

مرتب : محمد حسن

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، لال کنواں، دہلی

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 182 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ہندوستانی پروجیکٹ کے تحت شائع ہونے والی کتابوں کی ایک کڑی ہے جس میں عام بول چال میں مستعمل ہندوستانی محاورے شائع کیے گئے ہیں، کتاب میں تقریباً سات ہزار محاورے ردیف وار ترتیب سے شائع کئے گئے ہیں، کتاب کا پیش لفظ مرتب کے قلم سے نکلا ہے۔

10- تاریخ / تہذیب / سیاست

آیئے اپنے دیش کو بچائیں

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 86 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب قومی یکجہتی کے موضوع پر لائبریری میں منعقدہ اجلاس میں پیش کردہ خدابخش خطبات کا مجموعہ ہے۔

اردو میں دانشوری

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دوسو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 670 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں خدابخش لائبریری میں 1986ء میں منعقد ہونے والے سمینار کی روداد قلمبند کی گئی ہے نیز اس سمینار میں پڑھے جانے والے مقالات بھی شائع کیے گئے ہیں۔

اسلام، ابدی خطوط اور نئے زاویے

مصنف : شمیم اختر

ناشر : حیا پبلشنگ ہاؤس، حوض رانی، مالویہ نگر، نئی دہلی

قیمت : اسّی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

شمیم اختر کے دس مضامین کا مجموعہ ہے جن کے عنوانات نیچے درج ہیں:۔

اسلام ابدی خطوط اور نئے زاویے، بے خدا نظریہ تخلیق: ایک جائزہ، آج کا مسلمان، مسلمان اور بنیاد پرستی، ہندوستانی علماء کا کردار، چھیڑ خوباں سے، مسلمانوں میں لیڈر شپ کا مسئلہ، مسلمان کیا کریں؟ خود شناسی کا سفر۔ کتاب کا تعارف موہن چراغی نے لکھا ہے اخلاق حسین قاسمی کے تاثرات بھی شائع کیے گئے ہیں۔

اسلام اور جدید معیشت و تجارت

مصنف : محمد تقی عثمانی

ناشر : دارالاشاعت اسلامیہ، دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 174 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مصنف نے معیشت و تجارت کے جدید طرز اور اسلامی اصولوں کے ساتھ اس کی بیگانگی پر روشنی ڈالی ہے۔ یورپی طرز کی تجارت نے انسانوں کو کس طرح گمراہ کیا ہے اور پیسے کی حرص میں مبتلا کیا ہے اس کی نشاندہی کرتے ہوئے تقی عثمانی نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اس کے تدارک و اصلاح کے راستے بتائے ہیں۔

اسلامیان ہند کے مسائل

مصنف : سید حامد

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 114 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

سید حامد صاحب کی یہ کتاب ''ہندوستانی مسلمانوں کے مسائل'' کا دوسرا حصہ ہے اس کا

پہلا حصہ سید کی زندگی سے متعلق ہے، پیش نظر کتاب میں آٹھ مقالات اور کتاب کے اجراء کی روداد ہے۔ یہ مقالات علی گڑھ سمینار 1986ء میں پڑھے گئے تھے۔

اصولِ معاشیات

مصنف : سید علی

ناشر : ترقی اردو بیورو، آر کے پورم، نئی دہلی-66

قیمت : سترہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد تین ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ درسی کتاب آندھرا پردیش کے انٹر میڈیٹ نصاب کے بموجب ہے جو نو ابواب میں پھیلی ہوئی ہے۔ مندرجات یوں ہیں:۔

معاشیات کی تمہید، معاشیات کے بنیادی تصوّرات، صرف پیداوار، قدر اور مبادلہ، زر اور بنک کاری، بین الاقوامی تجارت، عوامی مالیہ یا حکومتی مالیہ۔

انسان کے بنیادی حقوق

مصنف : ابوالاعلیٰ مودودی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 24 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتابچہ میں انسان کا مقام و مرتبہ، حقوق کی تعریف اور انسانوں کے ساتھ ان کا تعلق اور عہد حاضر میں حقوق انسانی کے شعور کا ارتقاء سے متعلق باتیں بیان کی گئی ہیں۔

بین الاقوامی ایجنسیوں کا تعارف اور ان کا طریقہ کار

مصنف : اسرار عالم

ناشر : دارالعلم، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 54 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں "بین الاقوامی ایجنسیوں کا تعارف اور ان کے طریقۂ کار" سے بحث کی گئی ہے جو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سرگرم عمل ہیں اور ان کے تعلقات یہودیوں سے ہیں یا جو براہ راست یہودیوں کے زیر انتظام ہیں۔

تاج المساجد بھوپال کی کہانی

مصنف : کوثر صدیقی

ناشر : مصنف، زیب ولا کنوری، بھوپال

قیمت : درج نہیں

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے پیش نظر کتاب میں تاج المساجد، بھوپال کی مختصر تاریخ بیان کی گئی ہے۔

تاریخ اسلام (جلد اول)

مصنف : اکبر شاہ خاں نجیب آبادی

ناشر : دارالکتاب، دیوبند

قیمت : پانچ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 535 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر تاریخ اسلام، اکبر شاہ خاں نجیب آبادی کی محنت کا نتیجہ ہے اور ایک مفصل اسلامی تاریخ ہے۔ اس کتاب کے کئی ایڈیشن آزادی سے پہلے شائع ہو چکے ہیں یہ کئی جلدوں پر

مشتمل ہے تاریخ اسلام کی اس جلد میں ابتدائے اسلام سے لیکر خلافت راشدہ کے عہد کے واقعات کو سمیٹا گیا ہے۔

تاریخ اسلام (جلد دوم)

مصنف : اکبر شاہ خاں نجیب آبادی

ناشر : دارالکتاب، دیوبند

قیمت : پانچ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 616 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب تاریخ اسلام کی دوسری جلد ہے۔ اس کتاب میں اکبر شاہ خاں نجیب آبادی نے عہد بنی اُمیہ سے لیکر خلافت بنی عباس (مصر) کا احوال قلمبند کیا ہے۔

تاریخ اسلام (جلد سوم)

مصنف : اکبر شاہ خاں نجیب آبادی

ناشر : دارالکتاب، دیوبند

قیمت : پانچ سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 574 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب "تاریخ اسلام" اکبر شاہ خاں نجیب آبادی کی قلمبند کردہ اسلام کی ایک مفصل اور مستند تاریخ ہے۔ اس کتاب کے کئی ایڈیشن آزادی سے پہلے شائع ہو چکے ہیں۔ یہ کتاب کی تیسری جلد ہے اس میں بنو اُمیہ کے عہد میں اندلس سے لیکر خوارزم شاہی تک تمام مسلمان حکومتوں کے تفصیلی حالات درج کئے گئے ہیں۔

تاریخ الامّت (خلافت بنی اُمیہ) سوم

مصنف : محمد اسلم جیراجپوری

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اسلم جے راج پوری کی اس تصنیف میں اسلامی تاریخ قلمبند کی گئی ہے پیش نظر جلد کے اہم موضوعات ہیں:

خلافت بنی اُمیہ، امیر معاویہ بن ابی سفیان، فرقہ ہائے امت، خلافت و سلطنت، یزید اول، محاصرہ مکہ، ازواج و اولاد، معاویہ ثانی، عبدالملک بن مروان، ابن زبیر، ولید اول، خلافت بنی اُمیہ کے اسباب زوال، عہد امیہ میں مدنیت اسلام۔

تاریخ الامت (عباسیہ بغداد) پنجم

مصنف : محمد اسلم جیراجپوری

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : ستائیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 164 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اسلم جیراجپوری کی قلمبند کردہ تاریخ کا پانچواں ایڈیشن ہے جس میں خلفائے عباسیہ کے کارنامے اور بغداد کے عروج و زوال کی روداد بیان کی گئی ہے۔ قبل ازیں اس سلسلے کی چار جلدیں منظر عام پر آچکی ہیں۔

تاریخ الامت (تاریخ اسلام اور قرآن) ہشتم

مصنف : محمد اسلم جیراجپوری

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : چھتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 148 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اسلم جیراجپوری کی مشہور تاریخ کا نیا ایڈیشن ہے جس میں اسلام کے عہد بعہد ارتقاء اور تدوین قرآن کی روداد قلمبند کی گئی ہے۔ قبل ازیں اس سلسلے کی سات جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔

تاریخ تہذیب عہدِ وسطیٰ

مصنف : فیروز عابد

ناشر : مغربی بنگال اردو اکادمی، کلکتہ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

درجہ ہفتم کی "تاریخ" بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن کے عین مطابق لکھی گئی ہے۔ اس میں عہد وسطیٰ کے حالات، ابتدائی تاریخ، عہد وسطیٰ کا یورپ، جاگیردارانہ نظام، صلیبی جنگ، اور اس کے نتائج کی تفصیلات بیان کی گئی ہے۔

جرنیلی سڑک

مصنف : رضا علی عابدی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 310 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

رضا علی عابدی نے پاک و ہند کی تاریخی شاہراہ شیر شاہ سوری کی تعمیر کردہ جرنیلی سڑک (گرانڈ ٹرنک روڈ) کی تعمیر و تشکیل، مسافرت و مشاہدات نو سے لیکر اس کے اطراف کی تہذیب و ثقافت کی داستان رقم کی ہے، جس کے پینتیس میں سے چند ابواب مندرجہ ذیل ہیں:

کتاب ایک خراج، حکمرانوں کی حکومت، پھولوں سے پتھر تک، جب پیسہ آیا، شہر نہ دیکھو شہر والے دیکھو، ایک گاؤں ایک شہر، اب دلی دور نہیں، قیامت کے گلی کوچے، اداس عمارتیں، حسرت کا شہر، ٹھیکری بولتی ہے، دم توڑتا ہوا شہر، کل کیا ہوگا وغیرہ۔

کتابی صورت میں اشاعت سے قبل یہ پروگرام بی بی سی (لندن) سے قسط وار نشر ہوتا رہا ہے۔

جغرافیہ عالم اسلام

مصنف : ماجد حسین

ناشر : فاونڈیشن فار ایجوکیشنل ڈیولپمینٹ، جوگا بائی، نئی دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 214 صفحات، ایڈیشن پہلا ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مسلم ممالک میں روس کی حالیہ آزاد شدہ چھ مسلم ریاستوں سے متعلق جغرافیائی اور تاریخی معلومات قلمبند کی گئی ہیں، تمام ممالک کے نقشے، موسم، نقل و حمل کے ذرائع، محل وقوع، طول البلد اور عرض البلد، اہم پیشے، درآمداتی و برآمدتی اشیاء اور اہم بندرگاہوں وغیرہ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

حیدر آباد کے محلے

مرتب : ادارہ روزنامہ سیاست، حیدر آباد

ناشر : مرتب، حیدر آباد

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 148 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ستاون مضامین پر مشتمل اس کتاب میں حیدر آباد کے تقریباً سبھی چھوٹے بڑے محلوں کے بارے میں کار آمد اور دلچسپ معلومات قلمبند کی گئی ہیں۔

دلّی اور طب یونانی

مصنف : سید ظل الرحمن

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 216 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت درج نہیں

اس کتاب میں دلی کی تہذیبی زندگی اور اطبائے دلی کی خدمات و روداد قلمبند کی گئی ہے "دہلی میں عہد سلطنت میں طب کی ترقی" عہد مغلیہ ،طب کا دور زریں" وغیرہ اس کے مبسوط مضامین ہیں۔

دلی کی تاریخی مساجد (حصہ اول)

مصنف : عطاء الرحمن قاسمی

ناشر : مولانا آزاد اکیڈمی، ڈی 34، ابوالفضل انکلیو اوکھلا، نئی دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 354 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ راجدھانی دہلی کی اہم تاریخی مسجدوں کا مستند و مفصل تذکرہ ہے جو مسجدوں کی دلکش تصویروں سے مزین ہے ایک تاریخی دستاویز، مسجدوں پر بیتے حادثوں کے ہولناک اثرات، محکمہ آثار قدیمہ کی روش کا جامع تذکرہ جس میں شہید اور مقبوضہ مساجد کی نشاندہی کی گئی ہے اور ان کے تاریخی کتبوں کا بھی ذکر شامل ہے۔

سرسید کی فکر اور عصر جدید کے تقاضے

مصنف : خلیق احمد نظامی

ناشر : انجمن ترقی اردو ہند، نئی دہلی

قیمت : پچاسی روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت288 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں سولہ مضامین شامل ہیں۔ 'حرف آغاز' کے تحت خلیق انجم نے اظہار خیال کیا ہے اہم عنوانات میں سر سید کی فکر و نظر کے نئے زاویئے، مولانا آزاد پر سر سید کے اثرات، سر سید اپنے افکار کی روشنی میں اور سر سید اور ان کے جانشین وغیرہ خاص ہیں۔

۵۷ء سے پہلے کا ہندوستان: بہار کے اخبار

تقدیم : قاضی عبدالودود

ناشر : خدا بخش اورینٹل لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت74 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

جنگ آزادی (غدر 1857) سے قبل کے اخبار پٹنہ ہرکارہ کے شماروں کو شائع کیا گیا ہے، کتاب کا تعارف قاضی عبدالودود نے پیش کیا ہے جس میں اس اخبار کی تاریخی حیثیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

سیاہ فام ادب

مرتبین : شمیم حنفی، سہیل احمد فاروقی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب ایک نئی زندہ اور متحرک حسیت کا منظر نامہ ہے جس میں سیاہ فام جمالیات اور سیاہ فام ادب پر روشنی ڈالی گئی ہے اس کتاب میں افریقی اور امریکی ممالک میں بسنے والے سیاہ فام باشندوں کی تہذیبی شناخت اور معاشرتی مسائل کی آئینہ دار تحریریں شامل اشاعت ہیں۔

شیر دریا

مصنف : رضا علی زیدی

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 340 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب کے سارے باب اصل میں ریڈیائی پروگرام کے مسودے ہیں اس کتاب میں ایک مخصوص علاقے میں بسنے والوں کا سماجی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ کتاب میں اکتیس مضامین شامل ہیں۔

فن صنم تراشی

مصنفین : کملیش سنہا، دنیش چندر / مترجم: اظہار عثمانی

ناشر : ترقی اردو بیورو، آر کے پورم، نئی دہلی

قیمت : بائیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 154 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے پیش نظر کتاب فن صنم تراشی سے متعلق ہے، کتاب میں شامل مضامین میں سے چند اس طرح ہیں:۔

فن صنم تراشی کے مطالعہ کی اہمیت، مورتی پوجا کی توسیع، اہم ہندو دیوتا، شیو اور وشنو، دیوی، مورتیوں اور گرنتھوں کا تعلق، تیر تھ کار، گھاٹی تہذیب اور فن صنم تراشی، آخر میں تصاویر بھی شائع کی گئی ہیں کتاب کا تعارف ایچ صدیقی نے قلم بند کیا ہے۔

فنون لطیفہ

مرتب : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 106 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

خدا بخش لائبریری کی جانب سے مختلف اہلِ قلم کی فنون لطیفہ سے متعلق نگارشات رسالہ زمانہ، (کانپور) کی 1903ء سے 1942ء تک کی فائلوں سے تلاش کر کے اس کتاب میں یکجا کر دی گئی ہیں۔

قلم اور قدم

مصنف : سید حامد

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

قوم کی اصلاح، ملّت کے مفاد اور ملک کی بہبود کے پیش نظر مصنف کے رقم کردہ تیرہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ چند کے عنوانات ہیں:۔

بچوں کی تربیت، دو دشمن، اصلاح گھر سے شروع ہوتی ہے، یاد اللہ، پُر فریب ظواہر، انسانیت، حاصلِ زندگی وغیرہ۔

گاندھی جی کے افکار

مصنف : پریم گوپال متل

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پریم گوپال کی زیر نظر کتاب میں گاندھی جی کے منتخب مضامین، یادداشتیں، انٹرویو اور

قیمتی اقوال شامل ہیں، جو مذہب کی ہم آہنگی، ہندو مسلم اتحاد، تعلیم، سماجی خدمت اور ستیہ گرہ سے متعلق گاندھی جی کے خیالات کو واضح کرتے ہیں۔ آخر میں جانسن کی کتاب "عہد ماؤنٹ بیٹن" کی تلخیص ہے جس سے تقسیم ہند کے پس منظر پر روشنی پڑتی ہے۔ اس کتاب کا پیش لفظ "مت سہل انھیں جانو" میں مرتب نے لکھا ہے۔

مراۃ سکندری

مصنف : شیخ سکندر / مترجم: ریاض حسین قریشی

ناشر : ہسوپاکنک اردو ساہتیہ اکادمی، حکومت گجرات، الکیشیک بلڈنگ، گاندھی نگر

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 454 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب فارسی زبان سے اردو میں ترجمہ کی گئی ہے۔ اس میں 92-1591 تک گجرات کے مسلم سلاطین کی تاریخ بیان کی گئی ہے یہ کتاب پہلے 1831 میں اور پھر دوبارہ 1890 میں بمبئی سے شائع ہوئی تھی۔ اس کا پیش لفظ شیخ عبدالرشید نے لکھا ہے دیباچہ ج. س. مصرا اور م. ل. رحمٰن کا لکھا ہوا ہے یہ کتاب 36 ابواب میں پھیلی ہوئی ہے۔

نبضِ دوراں

مصنف : عارف عزیز

ناشر : عزیز پبلی کیشنز، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب عارف عزیز کی صحافتی تحریروں کا مجموعہ ہے جس میں مختصر مختصر ستر مضامین کو نقطہ آغاز، جذب و اثر، مطمحِ نظر، صحافت کا آئینہ، قومی مطلع، گردوپیش، رفتارِ عالم، قدر و قیمت جیسے عنوانات کے تحت شائع کیا گیا ہے۔ چند مشمولات کے عنوان نیچے لکھے جاتے ہیں۔

لڑکیوں کی نسل کشی، کامن سول کوڈ کی ڈھال، اردو اور اس کا رسم الخط، مسلم اوقاف کا ارتقا، تاریخ کا چہرا بگاڑنے کی سعی، قومی سیاست میں دَل بدل، انسانیت اور مذہب کے دُشمن، پنچایتی راج کی افادیت، ناوابستہ تحریک کی معنویت، مغربی معاشرہ میں نسل پرستی وغیرہ۔

نیا ہندستان مشاہیر کے آئینے میں (حصہ اول)

مصنف : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 410 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب خدا بخش لائبریری کے سلسلۂ انتخاب رسالہ زمانہ کانپور (1942-1903) کی ایک کڑی ہے جس میں چھیاسی مشاہیر کے تاثرات اور خیالات یکجا کردیے گئے ہیں ان میں مندرجہ ذیل مشاہیر قابلِ ذکر ہیں:

آغا ذ" ، حکیم اجمل خاں، محمد اسحٰق، امبیکا پرساد، پنڈت امر ناتھ جھا، مختار احمد انصاری، بشمبر ناتھ، ایشور چند ودّیا ساگر، کرنل بھولا ناتھ، جی این شرما، مہاراجہ بیکانیر، بیگم بھوپال، پرتاپ چندر، ڈبلیو سی بنرجی، رنگا سوامی، سروجنی نائیڈو، سری نواس شاستری وغیرہ۔

نیا ہندستان مشاہیر کے آئینے میں (حصہ دوم)

مرتب : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 418 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب 'سلسلۂ انتخاب رسالہ زمانہ کانپور (1942-1903) کی ایک کڑی ہے جس

میں انہتر مشاہیر عصر کے تاثرات اور خیالات یکجا کردیے گئے ہیں یہ کتاب کا دوسرا حصّہ ہے۔ اس میں شامل مشاہیر میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:۔

عبدالرحیم، عبدالقیوم، عزیز مرزا، علی امام، راجہ کندن لال، کے۔ سی۔ رائے، مہاتما گاندھی، گنگا پرشاد، گنیشن، موتی لال نہرو، مظہر الحق، لاجپت رائے، گوکھلے، محمد علی جوہر، مدن موہن مالویہ، بنی اللہ، ہرکشن وغیرہ۔

والعصر

مصنف : ابوالکلام آزاد

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 12 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مولانا ابوالکلام آزاد نے 25/اگست 1921 کو آگرہ میں منعقدہ مجلس خلافت کے اجلاس میں جو صدارتی خطبہ دیا تھا اس کو کتابی شکل میں شائع کیا گیا ہے۔

ہر دور میں مصلوب

مصنف : خالد سہیل

ناشر : شرجیل آرٹس پبلی کیشنز، 11۔ ایری پوکھر فرسٹ لین، کلکتہ-19

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 288 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب "یادوں کے آئینے میں" ہے اس میں ماضی کی داستان ہے۔ دوسرے باب میں "تاریخ کے آئینے میں" ہم جنسی کے گناہ کا تصور، موت کی سزا، قانون کی تبدیلی، کتابوں پر پابندی، کے عنوانات سے مضامین شامل ہیں۔ اس کے

علاوہ دیگر ابواب میں قانون، سائنس، نفسیات، اردو ادب، افسانے، بین الاقوامی ادب، وغیرہ سے متعلق نگارشات شائع کی گئی ہیں۔

ہمارا بھارت (خلدِ بریں سے اونچا)

مصنف : اربندو گھوش / مترجم: ایس ایم عبداللہ
ناشر : ہریانہ اردو اکادمی، پنچکولہ (ہریانہ)
قیمت : درج نہیں
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

سری اروبندو کی تصنیفات "ہمارا بھارت" اور "ہندوستان کی زندگی اور تہذیب" کے عنوان سے علاحدہ علاحدہ انگریزی میں شائع شدہ کتابوں کا ترجمہ ہے۔ یہ کتاب اربندو اور مدر کے ارشادات پر مشتمل ہے، اس کا پیش لفظ آر۔ ایل سدھیر نے اور ابتدائیہ کشمیری لال ذاکر نے لکھا ہے۔

ہند اسلامی فن تعمیر

مرتب : صہبا وحید
ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی-2
قیمت : دو سو روپے
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 578 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں سلاطین کے عہد کے مشترکہ فنِ تعمیر کے معلوم اور نامعلوم نمونوں کی نشاندہی کی گئی ہے اور اس نشاندہی میں مفروضوں سے زیادہ تاریخی اور تہذیبی اعتبار کو وزن دیا گیا ہے۔ تصاویر، نقشے اور خاکے بھی کتاب میں خاصی تعداد میں شامل کیے گئے ہیں۔

ہندستان پر مغلیہ حکومت

مصنف : شوکت علی فہمی

ناشر : دین دنیا پبلشنگ کمپنی، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 376 صفحات، ایڈیشن نہم، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مغلیہ حکومت کی مکمل تاریخ درج ہے اور مغل بادشاہوں کے حالات پر بڑی تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے اور مغلیہ حکمرانوں کی شان اور رواداری کا تذکرہ نیز حکومت کے زوال کے اسباب بھی مرقوم ہیں۔ اس کے علاوہ اس بات کی طرف بھی روشنی ڈالی گئی ہے کہ انگریزوں نے کس عیّاری اور مکّاری کے ساتھ مغلیہ حکومت پر غاصبانہ قبضہ جمایا تھا۔

ہندستان کے عہد وسطیٰ پر مقالات

مصنف : سید حسن عسکری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 512 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب تاریخ اور تہذیب و ادبیات سے متعلق حسن عسکری کی نگارشات پر محیط ہے۔ اس کتاب کے پانچ ابواب ہیں۔ باب اوّل "تاریخ" کے نام سے ہے جس میں علم التاریخ، ترکی سلاطین کے ابتدائی دور، ظفرنامہ عالم گیری اور صوبۂ بہار کے آخری ہندوستانی گورنر سے متعلق مضامین ہیں۔ باب دوم "تصوف" سے متعلق ہے۔ باب سوم میں تہذیب، مذہب اور ادب سے متعلق مضامین ہیں۔ دیگر ابواب میں محفوظ الحق مرحوم اور دوسرے تاریخ نگاروں پر مضامین شریک اشاعت ہیں۔

ہندستانی سماج

مصنف : شیاما چرن ڈوبے / مترجم: عزیز پری ہار

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ، گرین پارک، نئی دہلی

قیمت : اکتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 168 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

سماجیات کی یہ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے جو مندرجہ ذیل ہیں:

ہندوستانی سماج کی تشکیل، کثرت اور وحدت، ورن اور ذات، کنبہ اور ایک جدی رشتہ داریاں، دیہاتی اور شہری تناظر، شہری آبادکاری کے نمونے، مرد عورت تعلقات، تبدیلی کے رجحانات، مزید مطالعہ کے لیے۔ کتاب کا دیباچہ مترجم نے لکھا ہے۔

11- تعلیم

تاریخ کے ساتھ کھلواڑ (درسی کتابوں میں زہریلا مواد)

مرتب : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 264 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب ایک سمینار میں پڑھے گئے مقالات اور مباحث پر مشتمل مجموعہ ہے خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کے زیر اہتمام مارچ 88 کو (عہد وسطیٰ) کی ہندوستانی تاریخ سے متعلق مخطوطات پر جنوبی ایشیائی ریجنل سمینار منعقد ہوا تھا جو تاریخی درسیات کے تنقیدی جائزے کے لیے مخصوص تھا۔ سمینار میں شرکت کرنے والوں میں چند کے نام ہیں: ظفر الاسلام، تقی رحیم، رفاقت علی خاں، اکبر رحمانی، الیاس قریشی، احمد یوسف وغیرہ۔

تدریسی مسائل

مصنف : ساجد علی ٹونکی

ناشر : مدرستہ النساء، ٹونک، راجستھان

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں ٹونک کے علماء، ادباو شعرا کے درس و تدریس سے متعلق مضامین شامل ہیں۔ اس کا دیباچہ شمس الرحمٰن فاروقی نے تحریر کیا ہے اور ابوالحسن ندوی کی رائے بھی شامل اشاعت ہے۔

تعلیم ایک تحریک

مصنف : محمد اسحاق

ناشر : مصنف، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں تعلیم کے مختلف پہلوؤں پر اٹھارہ مضامین شامل ہیں۔ چند مضامین کے عنوان اس طرح ہیں:

بچہ اسکول سے کیوں بھاگتا ہے، تعلیم میں مسابقت کا جذبہ، انگریزی زبان کی اہمیت، ابراہم لنکن کا خط (اپنے بیٹے کے ٹیچر کے نام)، دینی درسگاہوں میں عصری تعلیم کا امتزاج، کتاب کا پیش لفظ سید حامد نے لکھا ہے۔ محمود بن محمد اور جعفر نظام کے تاثرات بھی شائع کیے گئے ہیں۔

تعلیم، پنچایتی راج اور اکیسویں صدی

مصنف : کے. کے. کھلر

ناشر : راجیشن ڈون اوشن پبلی کیشنز، دریا گنج، نئی دہلی-2

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 142 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

کے. کے. کھلر کے بارہ مضامین کا مجموعہ ہے جن کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں: قومی تعلیمی پالیسی، تعلیم اور پنچایتی راج، روٹی کپڑا اور تعلیم، غیر رسمی تعلیم، تعلیم بالغان، قومی خواندگی مشن، تکنیکی تعلیم اقلیتیں، تعلیم اور ماحول وغیرہ۔ کتاب کے آخر میں ضمیمہ بھی شامل ہے۔

تعلیم، فلسفہ اور سماج

مصنف : سلامت اللہ

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 312 صفحات، ایڈیشن چہارم، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں شامل مضامین کو چھ حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ اوّل میں چار مضمون ہیں۔ ان میں اُن حقائق پر روشنی ڈالی ہے جو تعلیم میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ دوسرے حصّے میں سات مضمون ہیں اور اس میں تعلیم کے اہم پہلوؤں سے بحث کی گئی ہے۔ تیسرا حصہ بنیادی قومی تعلیم سے متعلق ہے اس میں تین مضمون شامل ہیں۔ چوتھے حصّے میں چار مضامین شامل ہیں جن میں ملک کے تعلیمی حالات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پانچواں حصہ تین مضامین پر مشتمل ہے ان میں تعلیمی مسائل کا ذکر کیا گیا ہے۔ چھٹے حصّے میں چار مضمون شامل ہیں جن میں ڈاکٹر ذاکر حسین، رابندر ناتھ ٹیگور، محمد اسماعیل میرٹھی اور ترلوک چند محروم کے تعلیمی کارناموں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

تعلیمی مسائل (حصہ دوم)

مصنف : محمد اسحاق

ناشر : مصنف، حیدر آباد

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 174 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

ہندوستان میں موجودہ تعلیم کے متعلق مختلف عنوانات پر مشتمل محمد اسحٰق کے ستائیس مضامین کا مجموعہ ہے کتاب کا پیش لفظ سید حامد نے لکھا ہے۔

عربی اسلامی مدارس کا نصاب و نظام تعلیم اور عصری تقاضے

(اوّل)

مرتب : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 222 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں 1968 میں دہلی میں منعقدہ سیمینار کی روداد اور اس میں پڑھے جانے والے مقالات اور بحثیں شائع کی گئی ہیں، یہ سیمینار مدارس کے طریقِ کار کا جائزہ لینے اور اس کے نصابی نظام کو جدید زمانے سے مطابق بنانے کی غرض سے منعقد کیا گیا تھا۔ یہ اس سلسلے کی جلد اوّل ہے۔

عربی اسلامی مدارس کا نصاب و نظام تعلیم اور عصری تقاضے
(دوم)

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 234 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مدرسہ سسٹم پر 1990 کے رانچی اور دہلی کے سیمناروں کی روداد، مقالات اور بحثیں شامل ہیں۔ کئی جلدوں پر مشتمل اس سلسلے کی یہ جلد دوئم ہے۔

عربی اسلامی مدارس کا نصاب و نظام تعلیم اور عصری تقاضے (سوم)

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مسلمانوں کے اسلامی تعلیمی نظام سے متعلق مضامین شامل ہیں۔ چند کے عنوان ہیں:۔ قدیم تعلیم، درس نظامیہ، تعلیم قدیم و جدید، ندوہ اور نصاب تعلیم، مصر کی یونی ورسٹی، علمی گروہ وغیرہ۔ چار جلدوں پر مشتمل اس سلسلۂ مضامین کا یہ تیسرا حصہ ہے۔

عربی اسلامی مدارس کا نصاب و نظام تعلیم اور عصری تقاضے (چہارم)

مصنف : خدا بخش لائبریری

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 138 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مدرسہ تعلیم نظام سے متعلق منعقدہ سمیناروں کی روداد، مضامین اور مباحثے شامل ہیں۔ ہندوستانی دینی مدارس، علوم قدیمہ کا تحفظ وغیرہ پر خاص زاویے سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ اس سلسلہ کی چوتھی کتاب ہے۔

مستقبل کی طرف

مرتبین : خواجہ محمد شاہد، خالد کمال فاروقی

ناشر : مکتبۂ جامعہ، نئی دہلی-25

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 268 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ارباب نظر کے ان خطبات کا مجموعہ ہے جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے جلسۂ تقسیم اسناد کے موقع پر دیے گئے تھے۔ یہ خطبات علم و عمل کے منظر نامے اور علمی اقدار کی تازگی کے نمونے پیش کرتے ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ بشیر الدین احمد نے لکھا ہے اور خواجہ محمد شاہد و خالد کمال فاروقی نے مقدمہ و تعارف قلمبند کیے ہیں۔

مفکّرین تعلیم

مصنف : محمد اکرام خان

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : ایک سو بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت184 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مفکرین تعلیم کے تعارف اور تحریروں کے حوالوں سے تعلیم کے بہت سے پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ نگارشات کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں: فلسفہ اور تعلیم، افلاطون، جوکومینیس، جان لاک، ہربارٹ اسپینر، مادام مانٹے سوری، مہاتما گاندھی، ڈاکٹر ذاکر حسین۔ کتاب کا پیش لفظ ضیاء الحسن فاروقی نے لکھا ہے، دیباچہ مصنف نے قلم بند کیا ہے۔

ہمارا تعلیمی نظام

مصنف : محمد تقی عثمانی

ناشر : زم زم بک ڈپو، دیوبند

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب تعلیمی نظام سے متعلق بارہ مضامین پر مشتمل ہے۔ کتاب میں شامل مضامین میں سے چند کے عنوان حسب ذیل ہیں: آنحضرت ﷺ کا انداز تعلیم و تربیت، علمی تعلیمی کانفرنس، پاکستان میں دینی تعلیم کا سرسری جائزہ، دینی مدارس کا نصاب و نظام، علماء کے لیے لمحہ فکریہ وغیرہ۔

ہندو مسلم یونی ورسٹیاں / کتابخانے / علمی خبریں / کتابیں

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 280 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب دیانرائن نگم کے رسالہ "زمانہ" کانپور سے انتخاب ہے اس سلسلے کی یہ ستائیس ویں جلد ہے۔ اس کے مندرجات درج ذیل ہیں:۔ ہندو مسلم یونی ورسٹیاں، مسلم یونی ورسٹی، ہندو یونی ورسٹی، اسلامی یونی ورسٹی، قومی یونی ورسٹی، ہندو یونی ورسٹی کا سنگ بنیاد، بنارس ہندو یونی ورسٹی، عثمانیہ یونی ورسٹی، علمی خبریں، حال کی بعض کتابیں، کتاب تنقید۔

12- سائنسی علوم

اشاراتِ قلب

مصنف : سید اسلم

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں مصنف نے طبّی نقطۂ نظر سے دل کی حرکات و سکنات پر روشنی ڈالی ہے اور امراض قلب کی علامتوں کی نشاندہی کی ہے۔ دل کی دھڑکن، اسکا گھٹنا، بڑھنا، ٹینشن اور ڈیپریشن سے دل پر پڑنے والے اثرات پر خاص طور پر بحث کی گئی ہے۔

امراض اُذن و اَنف و حلق

مصنف : وسیم احمد اعظمی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 268 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب وسیم احمد کی دوسری نصابی طبّی تالیف ہے۔ اس کتاب میں امراض کے متعلق تفصیل اور تشریح بیان کی گئی ہے اور اصولِ علاج پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے امراض کے تفصیلی تذکرے میں ماہیت مرض، اسباب، علامات اور علاج کا علاحدہ علاحدہ جائزہ لیا گیا ہے۔

اناٹومی

مصنف : مسعود حفیظ رفاعی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس،2060، کوچہ چیلان، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 290 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اناٹومی یعنی تشریح الابدان سے متعلق اس کتاب میں تشریح الابدان کی تعریف، اہمیت، موضوع، ڈھانچے کے عضلات، علم الاعصاب، علم العروق، دروں افرازیات، اعضائے حواسِ خصوصی، اعضائے تناسل وغیرہ کی تفصیلات مرقوم ہیں۔

ایئر کنڈیشنر گائیڈ

مصنف : محمد یونس طاہر

ناشر : کتاب والا، پہاڑی بھوجلہ، دہلی-6

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت248 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب پندرہ ابواب میں پھیلی ہوئی ہے جس میں مصنف نے بتایا ہے کہ ایئر کنڈیشنر کو کیسے ٹھیک کیا جا سکتا ہے، یہ کتاب بے روزگار لوگوں کو تربیت دینے کے مقصد سے لکھی گئی ہے۔

بڑھاپا اور اس کا سدِّ باب

مصنف : محمد اقبال حسین

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 100 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب بڑھاپے کی افسردگیوں، ناتوانیوں، محرومیوں اور اندوہناکیوں سے محفوظ رہنے کے لیے آسان، صحت منداور آزمودہ اصولوں اور عملی طریقوں کے بیان پر مشتمل ہے۔

ٹیلی ویژن نشریات تاریخ، تحریر، تکنیک

مصنف : انجم عثمانی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : ایک سو پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت180 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

مصنف نے 'وجہ تصنیف' بیان کرنے کے بعد اپنی کتاب کو مندرجہ ذیل ابواب میں تقسیم کیا ہے: تاریخ: ہندوستان میں ٹیلی ویژن کا فروغ، ٹیلی ویژن اور اردو، تحریر: ٹیلی ویژن رائٹنگ، فیچر، نیوز وغیرہ، تکنیک:فلمنگ، اسٹوڈیو وغیرہ۔ کتاب کے آخر میں ٹیلی ویژن اصطلاحات کی فہرست بھی شامل اشاعت ہے۔

حفظان صحت و نرسنگ

مصنف : نیاز احمد اعظمی

ناشر : مصنف، دہلی

قیمت : اڑتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت142 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں عام امراض، ان کے اسباب، علامات اور ان کے سلسلے میں احتیاطی تدابیر وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی ہے اور پیتھیلوجی کی اہمیت کا احساس دلایا گیا ہے۔

ریفریجریٹر گائیڈ

مصنف : محمد یونس طاہر

ناشر : کتاب والا، پہاڑی بھوجلہ، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 254 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب میں سولہ ابواب ہیں جن میں ریفریجریٹر کے بارے میں مکمل جانکاری فراہم کی گئی ہے اور اس کی خرابیوں کو درست کرنے کے طریقے بتائے گئے ہیں۔

طلسماتِ سامری

مصنف : سید ناظر حسین شاہ زنجانی

ناشر : عظیم پبلشر، گلی راجان، کوچہ چیلان، نئی دہلی-2

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 194 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب میں کتاب السیمیا، کتاب الکیمیا، کے علاوہ تقویم سے متعلق اہم معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

علم الصیدلہ

مصنف : وسیم احمد اعظمی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، دہلی

قیمت : پچاس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب دواسازی کے موضوع پر مختلف مضامین کا مجموعہ ہے۔ اہم عنوانات میں صیدلہ، ایک تعارف، اعمال دواسازی کی اصطلاحات، تصویل و تفیل، تعریق، تقطیر، امراق، روغن، حبوب، مرہم، دواؤں کی عمر، ترکیب استعمال وغیرہ شامل ہیں۔

غذا سے علاج

مصنف : عبداللطیف فاروقی

ناشر : بیسویں صدی پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : بیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں غذا سے علاج کی ترکیبیں شامل ہیں کس بیماری میں کون سی غذا سے کس طرح علاج ہو سکتا ہے ان سب باتوں کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ کتاب کے کئی ایڈیشن منظر عام پر آچکے ہیں۔

کتاب المرکبات المعروف مخزن المرکبات

مصنف : غلام جیلانی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، 2060 کوچہ چیلان، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 502 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

علم طب سے متعلق یہ کتاب دو ہزار مرکباتِ طبی کے بارے میں معلومات کا مجموعہ ہے اس میں علاج الامراض و معلّم دواسازی سے متعلق تفصیلات بھی شامل ہیں۔

کمپیوٹر اور اس کی بیسک زبان

مصنف : عبدالباری مومن

ناشر : مہاراشٹر اردو اکادمی، ممبئی

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 72 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد سات سو پچاس، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں کمپیوٹر کی عملی مشق، ہدایات اور مشقی پروگرام شائع کیے گئے ہیں۔

کیڑے: قدرت کا شاہکار

مصنف : شمس الاسلام فاروقی

ناشر : مصنف، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 111 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب کیڑوں کے متعلق سات مضامین پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کی اشاعت میں دہلی اردو اکادمی کا مالی تعاون شامل ہے۔ کتاب میں شامل مضامین میں سے چند کے عنوان مندرجہ ذیل ہیں:۔ حشرات الارض، انسانی زندگی میں کیڑوں کی اہمیت، کیڑوں کے پر اور قوتِ پرواز، کیڑوں کی آوازیں، کیڑوں کی چمک وغیرہ۔

گھریلو طبّی علاج

مصنف : بیسویں صدی بک ڈپو

ناشر : بیسویں صدی بک ڈپو، مٹیا محل، دہلی-6

قیمت : بیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 238 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں سر سے لے کر پاؤں تک کے ایسے امراض اور ان کا گھریلو علاج تجویز کیا گیا ہے جو روزمرّہ کی زندگی میں واقع ہوتے رہتے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی

مترجم : محمد صبغۃ اللہ

ناشر : کرناٹک اردو اکادمی، بنگلور

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 44 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

ماحولیات کے موضوع پر دس ابواب میں پھیلی ہوئی یہ کتاب اسچور شانتا کی کنڑ، کتاب کا اردو ترجمہ ہے جس کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے۔

مجربات لقمانی

مصنف : عبدالرحیم جلیل

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب طب یونانی سے متعلق ہے، کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں امراض راس تا امراض متفرقہ کا ذکر ہے جبکہ حصہ دوم جنسی امراض کے علاج پر مشتمل ہے، اس کتاب کا پیش لفظ طاہر محمود نے قلم بند کیا ہے۔

مجلس خلوت

مولف : یوسف حسن

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب علم طب سے متعلق ہے جس میں ہر عمر کے مرد اور عورت کے دیرینہ، پیچیدہ جذباتی مسائل اور الجھنوں کے بارے میں معلومات اور ان سے نجات پانے کے طریقے مرقوم ہیں۔

مخزن المرکبات

مصنف : غلام جیلانی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی-2

قیمت : ایک سو پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 492 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

غلام جیلانی نے اس قرابادین میں طب یونانی میں تجویز کیے جانے والے مرکبات اور ادویات کی معلومات فراہم کی ہیں۔ اس کتاب میں دو ہزار مرکبات اور علاج الامراض و معلم دوا سازی سے متعلق تفصیلات قلمبند کی گئی ہیں۔

مڈوائفری (علم الولادت)

مصنف : مسعود حفیظ رفاعی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، دریاگنج، نئی دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 380 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلے حصے میں زنانہ اعضائے جنسی کی مکمل تشریح بیان کی گئی ہے دوسرے حصے میں اعمالِ ولادت کی پوری طرح توضیح کی گئی ہے اور تیسرے حصے میں امراض زچہ کے دوران میں مریضہ کی دیکھ بھال سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

مقدمہ علم الادویہ

مصنف : احتشام الحق قریشی

ناشر : اعجاز پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

قیمت : ایک سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 312 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں انسانی ماکولات و مشروبات کے انسان کے بدن پر اثرات کی تحقیق اور اس کے اصول و ضوابط کا بیان شائع کیا گیا ہے۔

13- مذہبیات

اتباعِ رسولؐ

مولف : محمد ظفیر احمد

ناشر : ادارہ ترجمہ و تالیف، 18 سر سید احمد روڈ، کلکتہ

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت، 144 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

ظفیر احمد کی زیر نظر کتاب تین فصلوں پر محیط ہے۔ جس میں اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کے متعلق قرآنی آیات اور تراجم شامل ہیں۔ اس کے علاوہ احادیث نبویؐ، رسولؐ کی زندگی، سنّت، سیرت، اطاعت، ایمانِ کامل اور بدعت، سے متعلق مضامین شائع کیے گئے ہیں۔ طلحہ بن ابو سلمہ ندوی نے کتاب کا 'تعارف' لکھا ہے۔

احوالِ برزخ

مصنف : محمد عاشق الٰہی بلند شہری

ناشر : فرید بک ڈپو بازار چتلی قبر، دہلی

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں موت کے وقت اور موت کے بعد یعنی برزخ کے زمانے کے حالات، مومن کا قبر میں اعزاز اور کفار کی ذلت و عذاب وغیرہ کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

اچھوت ہندو نہیں ایک الگ عنصر ہیں

مصنف : بھیم راؤ امبیڈکر / مترجم: مدحت کریم

ناشر : مترجم، ضلع مئو، محمد آباد

قیمت : پانچ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 12 صفحات، ایڈیشن اول، تعداددرج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتابچہ ہندوازم اور اچھوت برادری سے متعلق اس کے برتاؤ کے بارے میں ہے، مصنف نے دلائل و براہین کے ساتھ ثابت کرنے کی سعی کی ہے کہ ہریجن ہندوؤں سے مختلف ذات کے ہیں۔

اردو نعت کا شرعی محاسبہ

مصنف : محمد شمشاد حسین رضوی

ناشر : مدرسہ شمس العلوم، گھنٹہ گھر، بدایوں

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن اول، تعداددرج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اردو کے نعتیہ کلام کا شرعی محاکمہ کیا گیا ہے اور نعت کے حقیقی تصور وافسانوی پہلو کا جائزہ لیا گیا ہے نیز اس خیال کو تقویت پہنچائی گئی ہے کہ نعت گویوں کو بے حد محتاط رہ کر ایسے خیالات نظم کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے جن سے شرک کا پہلو نکلتا ہو۔

اسلام اور فیملی پلاننگ

مصنف : جاوید جمیل

ناشر : مشن پبلی کیشنز، محلہ قاضی، سہارنپور

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک لاکھ، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے کتاب خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں عقائد اسلام کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔ اس میں شامل عنوانات یہ ہیں:۔ خاندانی منصوبہ بندی، معنی، وسعت اور گنجائش، قرآن کیا فرماتا ہے، احادیث پاک کی روشنی میں، اسلام میں حرمت و حلّت، ایک سائنسی تجزیہ، ضبطِ ولادت کے مختلف طریقے: جائز اور ناجائز، ماں اور بچے کی صحت اور ضبطِ ولادت۔ پیش لفظ مصنف نے خود لکھا ہے۔

اسلام ایک دینِ دعوت

مصنف : سید جلال الدین عمری

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پانچ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں اسلام کا مختصر تعارف، بعض دعوتی پہلوؤں کی وضاحت اور دعوت کے لیے مطلوبہ صفات کا تعیّن کیا گیا ہے۔

اسلام کامیابی کا واحد راستہ

مصنف : سیّد حامد علی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : تین روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 8 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتابچہ میں اسلام کا مختصر اور جامع تعارف اور اس کے اچھے ثمرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

اسلام کس چیز کا علم بردار ہے؟

مصنف : ابوالاعلیٰ مودودی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : بارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 34 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اسلام کے بنیادی تقاضوں کی وضاحت، توحید، آخرت اور رسالت کی جامع تشریحات کا مجموعہ ہے۔ دراصل یہ وہ مقالہ ہے جو اپریل 1976 میں اسلامک کونسل آف یورپ کے زیر اہتمام لندن کی ایک بین الاقوامی کانفرنس میں پڑھا گیا تھا۔

اسلام کے معتقدات اور قرآن کا طرزِ استدلال

مصنف : محمد فاروق خاں

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 68 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

قرآن حکیم میں اسلام کے بنیادی عقائد، توحید رسالت اور آخرت کا بیان اور انھیں انبیائے آدم کے سامنے پیش کرنے کے لیے قرآن نے استدلال کا جو انداز و اسلوب اختیار کیا ہے، اس کی جامع تشریح اس کتاب میں شائع کی گئی ہے۔

اسلامی تحریکیں 1947 کے بعد ہندوستان میں

مصنف : اقتدار محمد خاں

ناشر : مصنف، رام پور

قیمت : ڈھائی سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 463 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چار سو، طباعت آفسیٹ

کتاب میں آزادی کے بعد کی اسلامی تحریکات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پس منظر کے طور پر

انیسویں صدی اور بیسویں صدی کے پہلے نصف میں مسلمانوں کے سیاسی حالات درج ہیں۔ جماعت اسلامی، تبلیغی جماعت، جمعیۃ علماء ہند، دارالعلوم دیوبند، دارالعلوم ندوۃ العلما کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اترپردیش کے مالی تعاون سے شائع ہوئی ہے۔

اسلامی فقہ

مصنف : منہاج الدین مینائی

ناشر : مکتبہ الحسنات، دریاگنج، دہلی-2

قیمت : پچھتر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت700 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

مؤلف نے اس کتاب میں انسانی زندگی میں پیش آنے والے تقریباً ایک ہزار مسائل کا شرعی جواب دیا ہے یہ جدید دور کے مسائل کے فقہی جوابات پر مشتمل کتاب ہے جس کا اندازِ بیان عام فہم ہے۔

اصلاحی خطبات (حصّہ چہارم)

مصنف : محمد تقی عثمانی

ناشر : کتاب خانہ نعیمیہ، دیوبند (یوپی)

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت،266 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب اولاد کی اصلاح و تربیت، والدین کی خدمت، غیبت، سونے کے آداب، ابراہیمؑ اور تعمیر بیت اللہ، اسلام اور انسانی حقوق وغیرہ عنوانات کے تحت اہم و معلوماتی تقریروں کا مجموعہ ہے۔ یہ تقریریں قرآن و احادیث کی روشنی میں تیار کی گئی ہیں۔ خطبات کا یہ سلسلہ کئی

جلدوں پر مشتمل ہے یہ اس سلسلے کی چوتھی کڑی ہے۔

اصلاحی خطبات (حصہ پنجم)

مصنف : محمد تقی عثمانی

ناشر : کتب خانہ نعیمیہ، دیوبند (یوپی)

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 306 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب تواضع، حسد، خواب کی حیثیت، کھانے پینے کے آداب، لباس کے شرعی اصول سے متعلق قرآن واحادیث کی روشنی میں لکھی گئی تقریروں کا مجموعہ ہے۔ یہ سلسلہ کئی جلدوں میں پھیلا ہوا ہے یہ کتاب اس کی پانچویں جلد ہے۔

اصلاحی خطبات (حصہ ششم)

مصنف : محمد تقی عثمانی

ناشر : کتب خانہ نعیمیہ، دیوبند

قیمت : ستر روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 270 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب توبہ، درود شریف، ملاوٹ، سلام، مصافحہ، سے متعلق تقریروں کا مجموعہ ہے۔ یہ تقریریں قرآن واحادیث کی روشنی میں تحریر کی گئی ہیں۔ یہ اس سلسلۂ خطبات کی چھٹی کڑی ہے۔

افضل نماز

مصنف : عبدالرحمٰن

ناشر : صائم پبلیکیشن، شکور روڈ، کمر ہٹی

قیمت : نو روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 68 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں نماز کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں اور ساتھ ہی کچھ مسنون دعائیں بھی کتاب میں شامل کر دی گئی ہیں۔

اقامت دین اسلام کا تقاضا

مصنف : سید حامد علی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں اقامت دین کا مفہوم، اس میں عقلی دلائل اور کتاب و سنت کے واضح فیصلے کی توضیح کی گئی ہے۔

الجہاد فی الاسلام

مصنف : ابوالاعلیٰ مودودی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، اوکھلا، نئی دہلی-25

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 600 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد دوہزار، طباعت آفسیٹ

سات ابواب پر مشتمل اس کتاب میں اسلامی جہاد کی حقیقت، مدافعانہ جنگ، مصلحانہ جنگ، اشاعتِ اسلام اور تلوار، اسلامی قوانینِ صلح و جنگ، جنگ دوسرے مذاہب میں، جنگ تہذیبِ جدید میں، عنوانات کے تحت اہم معلومات اور تفصیلات قلمبند کی گئی ہیں۔

اللؤلؤ والمرجان (جلد اوّل)

مرتب : محمد فواد عبدالباقی / مترجم: سید شبیر احمد

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : ایک سو پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت، 416 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں احادیث نبویہ کے دو سمندر یعنی جامع صحیح امام بخاری اور جامع صحیح امام مسلم یکجا کر دیے گئے ہیں۔ کتاب دو جلدوں میں شائع کی گئی ہے۔ یہ جلد اوّل ہے۔

امثال القرآن

مصنف : محمد ثناء اللہ عمری

ناشر : ادارہ تحقیقات اسلامی، جامعہ دار السلام، عمر آباد (ضلع نارتھ آرکاٹ)

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت، 224 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب قرآن کریم کی ہدایتوں اور احکام کا مجموعہ ہے جنھیں مثالوں کے ذریعے ذہن نشین کرایا گیا ہے۔

امر دیپ (حصّہ دوم)

مصنف : صابر جالندھری

ناشر : سنت نرنکاری منڈل، دہلی

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب کے ذریعے مصنف نے سنت نرنکاری منڈل کے عقائد کی تبلیغ کی ہے۔

انبیائے کرام

مؤلف : مقبول انور داؤدی

ناشر : تاج کمپنی، ترکمان گیٹ، دہلی

قیمت : بارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں انبیائے کرام کے حالات زندگی قرآن حکیم کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں، کتاب کا پیش لفظ مؤلف نے ہی لکھا ہے۔ کتاب میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد تک کا تذکرہ قلم بند کیا گیا ہے۔

انتخاب الفرقان

مرتب : ولی اللہ کلیم سرونجی

ناشر : مرتب، سرونج

قیمت : بارہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

غوامض کلام مجید پر مشتمل ہے۔ اس کا پیش لفظ جمیل ارشاد حسینی نے قلم بند کیا ہے۔

انوارِ احمدیؐ

تلخیص : ارشد القادری

ناشر : مکتبہ جامِ نور، نئی دہلی-2

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 188 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب منصب رسالت کی عظمت و تکریم کے بارے میں لکھی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مختلف اختلافی مسائل میں فاضل مصنف نے اپنا مؤقف، احادیث کی روشنی میں واضح کیا ہے۔

انوارِ خطابت

مصنف : محمد الدین نعیمی

ناشر : مکتبہ نعیمیہ، دیپا سرائے، سنبھل، مراد آباد، یوپی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 288 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اسلامی احوال و مسائل کے تذکرے پر محیط ہے۔ اس میں فیضانِ اسم محمدؐ، نعمتِ عظمٰی، تعظیمِ رسول، زکوٰۃ، اعمالِ صالحہ، برکاتِ اسلام، الدعا، وغیرہ سے متعلق معلومات مرقوم ہیں۔

انوارِ عصمت

مصنف : ذیشان حیدر جوادی

ناشر : تنظیم المکاتب، گولہ گنج، لکھنؤ

قیمت : چوبیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعدا ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں روزانہ کی دعاؤں اور زیارتوں کا اردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے کتاب کے آخر میں تذکرۂ حدیث کساء بھی شامل ہے۔

انوارِ قرآن

مصنف : نثار احمد فاروقی

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت، 88 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں اسلامی تصوّف کے حوالے سے قرآن فہمی کے چند پہلوؤں پر مضامین شامل ہیں جن کے عنوانات حسبِ ذیل ہیں:۔ قرآن کریم: ایک اجمالی تعارف، اعمال و

اشغالِ صوفیہ اور قرآن کریم، حضرت خواجہ نظام الدین اولیا اور تفہیم قرآن کریم، حضرت چراغ دہلی اور تفہیم قرآن کریم۔ نباتات قرآن (ایک تبصرہ) کتاب کا پیش لفظ حسن ثانی نظامی کے قلم سے نکلا ہے۔

اہلبیت: کتاب و سنت کی روشنی میں

مصنف : محمدی شہری / مترجم: ذیشان حیدر جوادی

ناشر : تنظیم المکاتب گولہ گنج، لکھنؤ

قیمت : ایک سو پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 640 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب اہلبیت کے احوال پر مبنی ہے جس میں عظمت اہلبیت سے متعلق ہزار سے زیادہ اقوال وارشادات کا ذکر کیا گیا ہے، مقدمہ مصنف نے اور حرف آغاز مترجم نے لکھا ہے۔

بکھرے موتیوں کی مالا

مصنف : من موہن چھابڑا

ناشر : مصنف، دہلی

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 200 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب "بکھرے موتیوں کی مالا" میں من موہن چھابڑا نے ہر مذہب اور مسلک کے بارے میں اپنی معلومات اور خیالات یکجا کر دیے ہیں۔ پیش لفظ بعنوان 'حرفے چند' مخمور سعیدی نے لکھا ہے۔

بہار شریعت (حصہ اوّل تا نہم)

مصنف : محمد امجد علی

ناشر : فرید بکڈپو رجسٹرڈ، 422مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی-6

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت728صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر تصنیف حصہ اوّل تا نہم پر مشتمل ہے۔ یہ اردو زبان میں فقہ حنفی پر مبنی مسائل و احکام شرعیہ کی جامع تالیف ہے۔ اس کی تالیف کا زمانہ 1916 سے 1943 تک کے 27سالہ عرصے پر محیط ہے۔ ہر باب کی ابتدا میں پہلے متعلقہ آیات کریمہ اور احادیث نبوی بیان کی گئی ہیں بعد ازاں ان کی روشنی میں فقہ حنفی کی معتبر و مستند کتابوں سے مسائل جزئیہ و فرعیہ بیان کیے گئے ہیں اور ہر مسئلہ کے اختتام پر خطوط وحدانی میں حوالہ نقل کر دیا گیا ہے۔

بہار شریعت (حصہ دہم تا ہفت دہم)

مصنف : محمد امجد علی

ناشر : فرید بک ڈپو رجسٹرڈ، 422مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی-6

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت728صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر تصنیف حصہ دہم تا ہفت دہم پر مشتمل ہے۔ اس میں فقہ حنفی پر مشتمل مسائل اور احکام شرعیہ کو سلیس اردو زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ قرآن و احادیث نبوی کی روشنی میں مختلف اسلامی و شرعی مسئلوں پر مفصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کتاب کی جلد اوّل قبل ازیں منظر عام پر آچکی ہے۔ جو تصنیف کے حصہ اوّل تا نہم کا احاطہ کرتی ہے۔

بیاض الاولیاء

مصنف : شبیر حسن چشتی

ناشر : آستانہ بک ڈپو، 1565، سوئی والان، نئی دہلی-2

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 288 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب وظائف و عملیات کی مشہور کتابوں کا نادر خلاصہ وانتخاب ہے۔ اس میں تقریباً ہر ضرورت سے متعلق اولیاء اللہ کے نادر اور کمیاب وظائف، مجرّب عملیات اور زود اثر تعویذات کو سلیقے سے ترتیب دیا گیا ہے۔

پاک و ہند میں علمائے اہلحدیث کی خدمات حدیث

مؤلف : ارشد الحق اثری

ناشر : فخر العبید ہ اعظمی، مرکزی مکتبہ اہلحدیث، مئوناتھ بھنجن، یوپی

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ہندوستان و پاکستان کے علمائے اہلحدیث کی دینی خدمات، اور اسلامی کارکردگی کے تذکرے پر محیط ہے۔

تبلیغی نصاب ایک مطالعہ کا جواب قرآن و حدیث کی روشنی میں

مصنف : عبدالکریم مفتاحی

ناشر : خلیل بکڈپو، جامع مسجد، انعامدار پورہ، آکولہ، مہاراشٹر

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 240 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جماعت اسلامی کے ایک رکن تابش مہدی کی ایک کتاب "تبلیغی نصاب ایک مطالعہ" ہے جس میں انہوں نے مولانا محمد زکریا، شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور ان کی مقبول خواص و عوام

کتبِ فضائل اور علمائے دیوبند پر اعتراضات کیے تھے یہ کتاب ان کا جواب ہے اور جماعت اسلامی کی خامیوں کے متعلق بھی اس کتاب میں اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔

تحریر فی اصول التفسیر

مصنف : سر سید احمد خاں

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 62 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سر سید کی وہ تفسیر ہے جو قرآن و حدیث کی روشنی میں تحریر کی گئی ہے۔

تحریک اسلامی عصر حاضر میں

مصف : محمد نجات اللہ صدیقی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دہلی

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 230 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

یہ مجموعہ نجات اللہ صدیقی کی چار تقریروں اور آٹھ مقالات پر مشتمل ہے۔ انھیں جن مواقع پر پیش کیا گیا تھا ان کی نشاندہی بھی ہر مقالے کے آغاز میں کر دی گئی ہے۔

تفسیری نکات

مصنف : ابوالکلام آزاد / مرتب: قمر آستاں خاں

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 26 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مولانا ابوالکلام آزاد کے خطبات سے ماخوذ تفسیری نکتے اس کتاب میں یکجا کر دیے گئے

ہیں۔

توحید کیا ہے

ترجمہ : عطاء اللہ ثاقب

ناشر : مکتبہ ترجمان، دہلی

قیمت : مفت

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

مصنف نے اس کتابچے میں وحدانیت کے موضوع پر عام فہم اسلوب میں گفتگو کی ہے۔

حجتہ ابراہیمی

مصنف : ابوالکلام آزاد

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب سورہ بقرہ میں حضرت ابراہیمؑ اور ایک بادشاہ کے مناظرے کے سلسلے میں مولوی عبدالحق سکندر آبادی کے ایک استفسار کا جواب (جو "الہلال نومبر 1927 میں ابوالکلام آزاد کی طرف سے قلمبند کیا گیا تھا) شائع کیا گیا ہے۔

حضرت جبرئیل علیہ اسلام

مولف : ابن عبدالشکور

ناشر : کوثر پبلی کیشنز، بنگلور

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت184 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جبرئیلؑ سے متعلق اس کتاب میں مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت معلومات فراہم کی گئی ہیں:۔ سلطان کائنات، اس کے کارندے، اس کے بندے، نماز اور جبرئیل، سفر معراج، حضرت جبرئیل علیہ السلام میدان جہاد میں، نورانی مجلس، دشمنانِ رسول اور حضرت جبرئیل علیہ السلام، سفر آخرت اور آخیر میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کا تعارف بھی بیان کیا گیا ہے۔

حیات واصل شہید

مرتب : محمد حسین قادری

ناشر : واصلیہ اکیڈمی، بریلی

قیمت : اکیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت112 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

محمد حسین قادری کی صوفی ازم سے متعلق ایک معلوماتی کتاب ہے۔

خطباتِ ظہیر

مصنف : احسان الٰہی ظہیر

مرتب : عمر فاروق قدسی

ناشر : الکتاب انٹرنیشنل، نئی دہلی-25

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت448 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

احسان الٰہی ظہیر ایک عالم دین اور سیاسی رہنما تھے ان کا تعلق جماعت اہل حدیث سے تھا۔ ان کے مختلف موقعوں پر دیے گئے خطبات کو کتابی شکل میں جمع کر دیا گیا ہے، خاص طور پر

صحابہ کرامؓ کی مخالفت کرنے والوں اور ان کے دشمنوں کو اس کتاب میں شامل کئی خطبوں میں مدلل جواب دیا گیا ہے۔

خلافت کوئیز

مصنف : لطف اللہ کوہیر

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب 'خلافت راشدہ، بنو اُمیّہ اور بنو عبّاس کے متعلق معلومات کا ایک ذخیرہ ہے۔

خلفائے راشدین کوئز

مصنف : علی اصغر چودھری

ناشر : ادارہ بیت القرآن، 2882، بلبلی خانہ، ترکمان گیٹ، دہلی-6

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 256 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیقؓ، عثمان غنیؓ، عمر فاروقؓ، علیؓ مرتضٰی کی زندگی کارناموں، اقوال و اعمال سے متعلق تفصیلات سوالات اور جوابات کے پیرائے میں بیان کی گئی ہیں۔

خیر البشرؐ کے چالیس جاں نثار

مصنف : طالب ہاشمی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، جامعہ نگر، اوکھلا، نئی دہلی-25

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 520 صفحات، ایڈیشن چہارم، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب حضرت محمدؐ کی زندگی اور ان کے عہد کا تذکرہ ہے۔ اس کے علاوہ چالیس صحابہ کرامؓ کے بے مثال تذکرے اور کارنامے بھی شامل کتاب ہیں۔

درس حدیث

مصنف : عبدالمالک فہیم

ناشر : مکتبہ الحسنات، 2241، کوچہ چیلان، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : سولہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بچوں کے لیے آسان احادیث پر مشتمل ہے۔ اس میں علم کی اہمیت، صحت، صفائی اور پاکیزگی کے طریقے، کھانا، پینا اور مہمان نوازی، والدین کا احترام، اخلاق و کردار سے متعلق تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

درس قرآن

مرتب : مکتبہ الحسنات، دہلی

ناشر : مکتبہ الحسنات، 2241، کوچہ چیلان، دریاگنج، دہلی-2

قیمت : اٹھارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں بچوں کو قرآن فہمی کے طریقے اور قرآن کی روشنی میں زندگی گزارنے کی باتیں بتائی گئی ہیں۔

دعوتِ فکر

مصنف : شعبہ نشر و اشاعت امام خمینی میموریل ٹرسٹ، کرگل

ناشر : کوثر، نئی دہلی

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت106 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداددو ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش لفظ 'امریکا اسلام کے لیے پریشان ہے' محمد حسین ذاکری نے قلم بند کیا ہے۔ کتاب ولی امر مسلمین سے پوچھے گئے سوالوں اوران کے جوابوں کا ترجمہ ہے۔ "حضرت اعظمیٰ خامنہ ای کی مرجعیت آیات عظام اور علمائے کرام کی نگاہ میں" کے عنوان سے مفصل مضمون بھی شامل کتاب ہے۔

ذات پات اور اسلام

مصنف : ابو مسعود اظہر ندوی

ناشر : مکتبہ اشاعت القرآن، دہلی

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت112 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں انسانی مساوات کے اسلامی اصولوں پر بحث کی گئی ہے، کتاب کے اہم عناوین ہیں: انسانیت ایک بڑا کنبہ، فرد کے حقوق، قرآن اور انسانی مراتب، مذہبی آزادی کی ضمانت اور انسانی مساوات اور ذات پات۔

ذکر اللہ

مصنف : محمد ظفیر احمد

ناشر : ادارہ ترجمہ و تالیف، 28سر سید احمد روڈ، کلکتہ-14

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت132 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں مصنف نے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے قرآن وحدیث کی روشنی میں کارآمد مضامین تحریر کیے ہیں، چند مضامین کے عنوانات ہیں: ذکر سے متعلق آیات قرآنی، افضل ذکر آیاتِ قرآن، احادیث ذکر میں، ذکر کے معنی، اقسام، درجات وغیرہ۔

رسول اللہ کی وصیتیں

مصنف : ابو مسعود اظہر ندوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

کتاب کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے۔

رشتہ ازدواج: اسلام کی روشنی میں

مصنف : محمد احمد اعظمی مصباحی

ناشر : دارالعلوم قادریہ، چڑیاکوٹ، مئو اعظم گڑھ-29

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 40 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں ازدواجی زندگی کے اصول و ضوابط اسلام کی روشنی میں مرتب کیے گئے ہیں۔

روضۃ الصالحین (اردو)

مصنف : محفوظ الحسن سنبھلی

ناشر : مکتبہ عالیہ، 6972 گلی کارخانہ، بیری والا باغ، آزاد مارکیٹ، دہلی-6

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت128 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اخلاص، عذاب قبر، قیامت، جنت، رحمت، امر بالمعروف، توبہ، صلہ رحمی، حقوق جار، کذب، غیبت، چغلی، حسد، تکبر، غصہ، زبان وغیرہ سے متعلق قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل جانکاریاں فراہم کی گئی ہیں۔

روشنی کی لکیریں

مترجم : ابو مسعود اظہر ندوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت209 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب محمد قطب کی مقبول کتاب ''قبسات من الرسول'' کا ترجمہ ہے جس میں رسول اللہ ﷺ کے چند فرمودات کی جدید اسلوب میں تشریح کی کوشش کی گئی ہے۔

شاہراہِ اعتدال

مصنف : محمد غزالی / مترجم: ابو مسعود اظہر ندوی

ناشر : اُسامہ پبلیکشنز، غفار منزل، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت، 280 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب محمد غزالی کی عربی تصنیف ہے جس میں مصنف نے ملّی امراض کی نشاندہی کی ہے اور ان کا علاج بھی تجویز کیا ہے۔ چند مشمولات کے عنوانات ہیں:

ملت اسلامیہ، قرآن وسنت، اوہام نہیں حقائق، ملکی تعصب، فقہی اخبار احاد کی علمی منزلت، تقلید واجتہاد، بدعت کا مطلب۔

شریمد بھگوت گیتا

مترجم : خلیفہ عبدالحکیم

ناشر : ہریانہ اردو اکادمی، 516، سیکٹر 12، پنچکولہ

قیمت : سینتیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 203 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ شریمد بھگوت گیتا کا اردو ترجمہ ہے۔

صحابہ کرامؓ کوئز

مصنف : علی اصغر چودھری

ناشر : مکتبہ الحسنات، 2241، کوچہ چیلان، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : سولہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں حضرت محمدؐ کے اُن جاں نثار رفقاء کی حیات مقدسہ اور سیرت و کردار کے تذکرے شامل ہیں جو انبیائے کرام کے بعد اولاد آدم میں سب سے زیادہ بزرگ و برتر سمجھے جاتے ہیں اس سلسلے کے تمام بیانات، سوالات وجوابات کے لحاظ سے ترتیب دیے گئے ہیں۔

صوفیا اور ان کے افکار (کتاب و سنت کی روشنی میں)

مصنف : شیخ عبدالرحمٰن عبدالخالق / مترجم: محمد صادق خلیل

ناشر : مکتبہ ترجمان، اردو بازار، دہلی-6

قیمت : درج نہیں

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد پانچ ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں صوفیائے کرام کے احوال اور کے نظریات پر روشنی ڈالی گئی ہے، یہ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے:۔ اسلامی عقائد و اعمال کا سر چشمہ کتاب و سنت ہے، شریعتِ اسلامیہ کی بنیاد کتاب و سنت ہیں، تصوف کے علم بردار ابراہیم ادہم کا ذکر، اسلام اور تصوّف، عقیدۂ تصوّف اور اس کے ادوار۔ کتاب کا ابتدائیہ اس کے مترجم محمد صادق خلیل اور مقدمہ مصنف نے قلم بند کیا ہے۔

عالم اسلام کی روحانی صورت حال

مصنف : اسرار عالم

ناشر : دار العلوم، نئی دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 129 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں اسرار عالم نے اسلام کے ایک مخصوص روحانی پہلو پر مباحث شائع کیے ہیں۔ یہ کتاب 23 عنوانات کے تحت پھیلی ہوئی ہے جن کی تفصیل اس طرح ہے: عالم اسلام کی روحانی صورت حال، انہدام نظام روحانی، نظام کائنات، اسلام کے روحانی نظام کا انہدام، روحانی نظام پر یہودی حملے، انہدام کے محاورے، طریقۂ باطلہ، طریقہ جائزہ وغیرہ۔ کتاب کا پیش لفظ مصنف کا ہی لکھا ہوا ہے۔

عالم اسلام کی اقتصادی صورت حال

مصنف : اسرار عالم

ناشر : دار العلوم، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں اسلامی مملکتوں کی اقتصادی صورت حال پر بحث کی گئی ہے اور اقتصادی امور کے ذیل میں ایسے سیاسی مباحث زیر بحث لائے گئے ہیں جو گزشتہ دو سالوں کے حالات وواقعات پر مبنی ہیں۔

عالم اسلام کی سیاسی صورت حال

مصنف : اسرار عالم

ناشر : دارالعلوم، نئی دہلی

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اُس سیاسی منظر نامے کا جائزے لیا گیا ہے جس سے عالم اسلام کا عہد حاضر میں سابقہ پڑتا ہے۔

عثمانؓ و حیدرؓ

مصنف : ع.س. صدیقی

ناشر : مصنف، بی چوپال اسٹریٹ، اوکھلا، نئی دہلی-25

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 104 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

خلفائے راشدہ میں سے تیسرے اور چوتھے خلیفہ کی حیات اور دینی خدمات کے بارے میں صدیقی کی اس کتاب کے ابواب نیچے درج کیے جاتے ہیں: عثمانؓ اور حیدرؓ، ایمان و آگہی، خلافت راشدہ، حضرت عثمان سے تعارف، حضرت عثمانؓ کیسے خلیفہ منتخب ہوئے، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علیؓ ابن ابو طالب کی زندگی، حضرت علیؓ، مسلم ممالک، استفادہ۔

عشق رضا کی سرفرازیاں

مصنف : مبارک حسین مصباحی

ناشر : المجمع المصباحی، جامعہ اشرفیہ، مبارکپور اعظم گڑھ-4

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد بائیس سو، طباعت آفسیٹ

یہ کتابچہ امام احمد رضا کی وارداتِ عشق و عرفان کا تذکرہ ہے جس میں پیرایۂ بیان کی اثرانگیزی نے ایک طلسماتی کیفیت پیدا کر دی ہے۔

عہد نبویؐ کے نادر واقعات

مصنف : علی اصغر چوہدری

ناشر : اسلامک بک فاؤنڈیشن، 1781 حوض سوئیوالان، نئی دہلی-2

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 272 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد سات سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اناسی مضامین کا مجموعہ ہے۔ یہ مضامین تاریخ اسلام میں پیش آنے والے ایسے واقعات اور حالات پر محیط ہیں جنھیں پڑھ کر سبق حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کتاب میں نزول قرآن کا واقعہ، رسول کا خطبہ، خلفائے راشدین اور اسلامی نظام کا تذکرہ بھی شامل ہے۔

فتنۂ وضع حدیث اور موضوع احادیث کی پہچان

مصنف : محمد سعود عالم قاسمی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 178 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں حدیث کے نام پر من گڑھت روایتوں کو عام کرنے کی کوشش کا

تجزیہ کیا گیا ہے نیز موضوع احادیث کی شناخت جعلی اور من گھڑت روایتوں کو پہچاننے کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1987 میں منظر عام پر آیا تھا۔

فقہ اسلامی

مصنف : محمد یوسف اصلاحی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، 1353، چتلی قبر، دہلی-6

قیمت : پینتالیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 336 صفحات، ایڈیشن مکرر، تعداد اکہتر سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ارکانِ اسلام، ایمان کی شہادت، طہارت کی اہمیت و تاکید، نجاست حقیقی سے پاکی کے مسائل، نجاست حکمی، پانی کے احکام، اصول، متفرق مسائل، وضو کے فرائض، فضیلت، مکروہات، نواقض وضو، اذان و اقامت کے متفرق مسائل، قرآت، اقتداء، نماز جمعہ کے مسائل وغیرہ کی تفصیلات پر مشتمل ہے۔

فکرِ آخرت

مصنف : محمد ظفیر احمد

ناشر : ادارہ ترجمہ و تالیف، 28 سر سید احمد روڈ، کلکتہ-14

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

مذہبی معلومات پر مبنی زیر نظر کتاب چار فصلوں پر مشتمل ہے۔ جس میں مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت مضامین ہیں: اصحاب الفیل، موسیٰ علیہ السلام و خضر علیہ السلام، فاحشہ کی بخشائش پیاسے کتے کو پانی پلا کر جان بچانے پر، سلیمان علیہ السلام کا عدل، قصہ زم زم و تعمیر خانہ کعبہ سعی صفا و مروہ، دابتہ الارض، دنیا کی حقیقت، بشارت، حرص کی مذمت، وغیرہ آخر میں حب النبیؐ سے متعلق ایک مضمون بھی چھاپا گیا ہے۔

قرآن اور سائنس

مصنف : سید قطب شہید / مترجم: محمد نجات اللہ صدیقی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی

قیمت : تیرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں جدید تعلیم یافتہ حضرات کے اذہان کو سامنے رکھ کر قرآن اور سائنس کے باہمی تعلق کی وضاحت کی گئی ہے اور اس کے متعلق اٹھنے والے سوالوں کے جواب بھی دیے گئے ہیں اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1988 میں منظر عام پر آیا تھا۔

قرآن سے ایک انٹرویو

مصنف : محمد رفیق چودھری

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 116 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں کلام پاک کا ایک جامع تعارف، قرآن کے برحق اور منزل من اللہ ہونے سے لے کر انسان کے انفرادی و اجتماعی زندگی تک کے تعلق سے سوال و جواب کے پیرائے میں قرآن کے ہمہ گیر پیغام کی تصریح کی گئی ہے نیز انٹرویو کے اسلوب میں قرآن حکیم کا ایک مختصر اشاریہ بھی شائع کیا گیا ہے۔

قرآن کیوں پڑھیں؟

مصنف : عبدالمغنی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : تین روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 20 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے قرآن کیوں پڑھیں؟ کیسے پڑھیں اور اس کے فائدے کیا ہیں وغیرہ کا ذکر اس کتاب میں عام فہم اسلوب میں ہے۔

قرآن مجید کا تعارف

مصنف : صدر الدین اصلاحی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

صدر الدین اصلاحی کی پیش نظر کتاب میں قرآن مجید کا خدائی تصنیف کی حیثیت سے تعارف، قرآن کے کلام الٰہی ہونے کے عقلی ثبوت، قرآن اور دوسری آسمانی کتابوں کا باہمی ربط نیز بعض قرآنی اصطلاحات کی تشریح بھی شامل اشاعت ہے، اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1986 میں شائع ہوا تھا۔

قرآن مجید کی تفسیریں چودہ سو برس میں

مرتب : خدابخش لائبریری

ناشر : خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

قیمت : دوسو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 500 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

خدابخش لائبریری میں 1989 میں 'قرآنیات' پر منعقدہ سیمنار میں پڑھے جانے والے مقالات کا مجموعہ ہے۔

قیامت کب آئے گی

مصنف : محمد عاشق الٰہی بلند شہری

ناشر : تاج کمپنی، دہلی-6

قیمت : تیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات گرامی کا ترجمہ عام فہم زبان میں کیا گیا ہے جن میں آپؐ نے قیامت سے پہلے پیش آنے والے حالات کی خبر دی تھی۔

کردار کے غازی

مصنف : سراج الدین ندوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : چودہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 124 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں خلفائے راشدین رضوان اللہ اجمعین کے ساتھ ساتھ دوسرے بزرگان دین اور ائمہ کرام کے ایمان افروز واقعات شامل ہیں۔ کتاب کا دیباچہ فاروق خان نے لکھا ہے۔

کلام اقبال میں قرآنی آیات واحادیث اور مذہبی اصطلاحات کا جائزہ

مصنف : محمد منظور عالم

ناشر : ثمر آفسیٹ پرنٹرس، دہلی

قیمت : اسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 184 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مصنف نے علامہ اقبال کے کلام میں جگہ جگہ پائی جانے والی قرآنی اصطلاحات، حدیثوں اور مذہبی رنگ میں ملنے والی علامتوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کا پس منظر اور اقبال کے کلام کے ساتھ ان کے تعلق کو واضح کیا ہے۔ ساتھ ہی اقبال کے مذہبی تصورات کا بھی تجزیہ کیا گیا ہے۔

کم سنی کی شادی اور اسلام

مصنف : سلطان احمد اصلاحی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

سلطان اصلاحی کی پیش نظر کتاب میں کم سنی کی شادی کا جواز، حدیث وفقہ سے اس کا ثبوت، کم سنی کی شادی کے جسمانی اور طبی نقصانات وغیرہ بیان کیے گئے ہیں۔

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں

مصنف : محمد بدیع الزماں

ناشر : دانش بک ڈپو، فیض آباد

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 294 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں علامہ اقبال کے اشعار قرآنی آیات کی روشنی میں سمجھے اور سمجھائے گئے ہیں۔

محمدؐ، جنت کا راستہ

مولف : محمد ظفیر احمد

ناشر : ادارۂ ترجمہ و تالیف، 28 رسید احمد روڈ، کلکتہ-4

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب انبیائے کرام علیہم السلام کی سیرت، ان کی آئیڈیل لائف، تاریخیت، کاملیت، جامعیت اور عملی پہلو کے تجزیوں پر محیط ہے اس کے علاوہ احادیث رسولؐ اور کچھ مضامین بعنوان، اسلام عورتوں میں، عورتوں کا حقِ جائیداد، بدترین دشمن وغیرہ کے عنوان سے لکھے گئے ہیں۔

مختصر تاریخ خلافت راشدہ

مصنف : محمد سلیمان قاسمی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 180 صفحات، ایڈیشن دوم، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

خلفائے راشدین اور ان کے دورِ خلافت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ مختلف ادوار کے مشہور حادثات و واقعات سے کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔

مسلم نوجوانوں کے لیے مخلصانہ نصیحتیں

مصنف : یوسف القرضاوی / مترجم: سلمان ندوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، 1353، چتلی قبر، دہلی-6

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 43 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب چند مخلصانہ نصیحتوں کا مجموعہ ہے۔ یہ نصیحتیں مسلم نوجوانوں کی اصلاح کے لیے رقم کی گئی ہیں۔

مسئلہ قیادت سازی اور قرآن

مصنف : محمد فاروق خان

ناشر : اسٹوڈنٹس اسلامی پبلی کیشنز، دہلی-25

قیمت : چودہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 46 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں قیادت کے مختلف پہلوؤں پر عالمانہ گفتگو کی گئی ہے اور قیادت سازی اور قائدین کے اوصاف کا قرآن کی روشنی میں جائزہ لیا گیا ہے۔

مقام صحابہؓ

مصنف : ابوالاعلیٰ مودودی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 44 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں ابوالاعلیٰ مودودی نے صحابہ کرام کے مقام و مرتبے کی عظمت کا تذکرہ کیا ہے۔

نبی کریمؐ کی نمازیں

مصنف : طاہر رسول قادری

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں اسلام میں نماز کی اہمیت، نماز کی حقیقت و فضیلت، نیز نماز کے فلسفے کے تعلق سے اہم توضیحات اور فقہ حنفی کے اعتبار سے نماز، طہارت اور وضو کے ضروری مسائل بیان کیے گئے ہیں۔

نکاح اور طلاق شریعت کی روشنی میں

مرتب : رمیش پرساد گرگ
ناشر : مصنف، زیر گولہ وارانسی
قیمت : بارہ روپے
سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 40 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں نکاح اور طلاق سے متعلق مختلف پہلوؤں کا اسلامی شریعت کی روشنی میں جائزہ شامل ہے۔ کچھ مندرجات اس طرح ہیں:۔ اسلام کی تعلیم سب کے لیے، شاہ بانو کا مقدمہ کیا تھا، مسلم پرسنل لا کیا ہے؟ اسلام میں عورت کا حق، طلاق کیا ہے؟ طلاق کا طریقہ، نفقہ کیا ہے، اس کتاب کی تقریظ مقتدیٰ حسن نے لکھی ہے۔

نماز اور ترقی کی تین راہیں

مرتب : خورشید عالم
ناشر : مکتبہ اشاعت الحق، باراں پتھر بٹہ مالو سرینگر، کشمیر-9
قیمت : درج نہیں
سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 128 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب کے ذریعے مرتب نے یہ ذہن نشین کرانے کی سعی کی ہے کہ پابندی سے نماز پڑھنے والوں کے لیے اللہ ترقی کے بہت سے راستے کھول دیتا ہے۔

نماز پڑھیے

مصنف : محمد علی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چار روپے پچاس پیسے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 40 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں بچوں کو نماز کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا ہے اور انھیں دلچسپ اور لطیف پیرائے میں پابندیٔ نماز کی تلقین کی گئی ہے۔

واقعہ کربلا اور اس کا پس منظر

مصنف : عتیق الرحمٰن سنبھلی

ناشر : الفرقان بکڈپو، لکھنؤ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 264 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

کتاب کا پورا نام کتاب کے مقصد کو واضح کرتا ہے، پورا نام یوں ہے "واقعہ کربلا اور اس کا پس منظر ایک نئے مطالعے کی روشنی میں" کتاب میں واقعہ کربلا اور ہندوستان میں محرم منانے کے طریقے کا تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

ہماری عزاداری

تالیف : عبدالحسین الامینی / مترجم: ذیشان حیدر جوادی

ناشر : تنظیم المکاتب، گولہ گنج، لکھنؤ، یوپی (انڈیا)

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 324 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب عزاداری کے جواز اور شرعی حیثیت سے متعلق ہے بقول مصنف اس کے مضامین قرآن و سنت کی روشنی میں لکھے گئے ہیں۔

ہماری فقہ

مصنف : سراج الدین ندوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : اٹھارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 148 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں بچوں اور نوجوانوں کے لیے عام فہم اسلوب میں ارکانِ اسلام (ایمان، نماز، روزہ، حج، اور زکوٰۃ) کے اہم اور ضروری مسائل بیان کیے گئے ہیں اور ہر سبق کے آخر میں مشقی سوالات بھی درج ہیں۔

ہمارے رسول پاکؐ

مصنف : طالب ہاشمی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : بائیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

طالب ہاشمی نے نوجوانوں کے لیے پیغمبر اسلام کی سیرت پاک پر مشتمل ایک جامع کتاب زبان کی سادگی اور اسلوب کی سلاست و ندرت کے ساتھ قلمبند کی ہے۔

ہندُتو

مصنف : اسرار عالم

ناشر : دارالعلم، نئی دہلی

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 38 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب میں 'سنگھ پریوار اور بھارتیہ جنتا پارٹی میں رائج 'ہندو تو' کی اصطلاح کو ایک مخصوص انداز سے پرکھا گیا ہے ہندو تو کی حقیقت، فکری قدامت، تنقیح، ہندو تو کی تاریخ، ترکیب و عمل، اتساع و انقباض کی کیفیت، ہندو تو کے اقدامات کی میکانکیت، نشاۃ جدید، چت کا مفہوم وغیرہ اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں۔ اس کا پیش لفظ مصنف نے ہی قلم بند کیا ہے۔

ہندو مذہب کیا ہے

مصنف : مہاتما گاندھی / مترجم: مسعود فاروقی

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی-16

قیمت : اکتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں مہاتما گاندھی نے ہندو مذہب کی رُوح کو اپنے نقطہ نظر سے دیکھنے کی سعی کی ہے۔

14- ادبِ اطفال

آؤ گائیں، خوشی منائیں

مؤلفین : خطیب سید مصطفیٰ / مہ جبیں انجم

ناشر : سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف انڈین لینگویجز، میسور اور کرناٹک اردو اکادمی، بنگلور

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 120 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

کرناٹک اردو اکادمی کے تعاون سے سنٹرل انسٹی ٹیوٹ نے اس کتاب میں بچوں کے لیے آسان اور دلچسپ نظمیں شائع کی ہیں۔ دو حصوں میں منقسم اس کتاب کا پہلا حصہ تین چار سال کی عمر والے بچوں کے لیے ہے اور دوسرا حصہ چار پانچ برس کے بچوں کے لیے مختص ہے چند نظموں کے عنوان ہیں: تتلی، جگنو، بندر، کاٹھ کا گھوڑا، آنکھ مچولی وغیرہ۔

اچھی کہانیاں

مرتب : شعبہ تصنیف و تالیف ہمدرد فاؤنڈیشن

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : تین روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت، 24 صفحات ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے اخلاقی اور سبق آموز کہانیوں کی دلچسپ کتاب ہے جس میں مندرجہ ذیل کہانیوں کو جگہ ملی ہے: ایک سچی کہانی، بکری دو گاؤں کھا گئی، پانچ ریل، چرواہے کا احسان، عقل مند بڑھیا، وفادار بندر، شیر اور چوہا وغیرہ۔

اسلامی تاریخ کی سچی کہانیاں (حصّہ اوّل)

مصنف : محوی صدیقی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : نو روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

محوی صدیقی کی زیر نظر کتاب بچوں کے لیے ہے۔ اس کے دونوں حصّوں میں اسلام کی تاریخ سے ماخوذ مختصر قصّے شامل ہیں۔

اسلامی تاریخ کی سچی کہانیاں (حصّہ دوم)

مصنف : محوی صدیقی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : نو روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

تاریخ اسلام سے ماخوذ واقعات کو محوی صدیقی نے بچوں کے لیے کہانیوں کا جامہ پہنادیا ہے یہ قصّے دو جلدوں میں ہیں کتاب کا یہ دوسرا حصّہ ہے۔ محوی صدیقی نے بچوں کے لیے 'بالک باغ' میں نظمیں بھی پیش کی ہیں۔

اُمنگ کی منتخب کہانیاں (حصّہ اوّل)

مرتبین : زرینہ و فوزیہ خورشید

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی-2

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 74 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب بچوں کے ماہنامہ "امنگ" (دہلی) میں شائع ہونے والی بارہ کہانیوں پر مشتمل ہے۔ یہ ساری کہانیاں نونہالوں کے لیے دلچسپی کا سامان رکھتی ہیں اور سبق آموز ہیں۔ ان میں چور دروازہ، مونٹو میاں، اصلی نقلی چہرہ، نئی صبح، بلبل اور کوا قابلِ ذکر کہانیاں ہیں۔

امنگ کی منتخب کہانیاں (حصّہ دوم)

مرتبین : اشافرقان و ثناخانم

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی-2

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے رسالے 'امنگ' (دہلی) میں شائع ہونے والی کہانیوں میں سے بارہ سبق آموز کہانیوں کا یہ انتخاب بچوں کو نئی زندگی، کائنات کی کشمکش سے آشنا کراتا ہے، پنڈت جی کی مٹکی، بھیڑیا کیسے مرا، چوری، دھبہ، اس کی اہم اور معلوماتی کہانیاں ہیں۔

امنگ کی منتخب کہانیاں (حصّہ سوم)

مرتبین : ثمینہ خاں و سراج الحق

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی-2

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 58 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ماہنامہ 'امنگ' (دہلی) میں شائع شدہ بارہ کہانیوں کی یہ کتاب بچوں کے لیے دلچسپی کا سامان رکھتی ہے۔ نقلی ہاتھ، ہمدرد، فرشتہ، منّی اور چنّی، حسن آرا، آٹھ آدمی ایک کمرہ وغیرہ شامل ہیں۔

امنگ کی منتخب کہانیاں (حصّہ چہارم)

مرتبین : سراج الحق و نجم الدین

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی-2

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 46 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ماہنامہ 'امنگ' (دہلی) میں مطبوعہ بارہ منتخب کہانیوں کا یہ مجموعہ بچوں کے لیے تفریح کا سامان فراہم کرتا ہے۔ خوفناک رات، خزانے کا محافظ، دو بوڑھے، غرور کا انجام، ماں کی یاد وغیرہ اس کی سبق آموز کہانیاں ہیں۔

امنگ کی منتخب کہانیاں (حصّہ پنجم)

مرتبین : زین الدین، فوزیہ خورشید

ناشر : اردو اکادمی دہلی، گھٹا مسجد روڈ، نئی دہلی-2

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 50 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اردو اکادمی دہلی کے ماہنامہ (برائے اطفال) 'امنگ' کی منتخب کہانیوں پر مشتمل ہے۔ تیرہ کہانیوں پر محیط یہ مجموعہ سبق آموز ہے۔ جھوٹ کی بو، جیت، انڈے والی دادی، کالا دیو، لفافہ، وغیرہ ہم اس کی اہم کہانیاں ہیں۔

ایک تھا مرغا: ککڑوں کوں

مصنف : قمر علی عباسی

ناشر : مکتبۂ پیام تعلیم، جامعہ نگر، دہلی-25

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بچوں کی کہانیوں پر مشتمل ہے۔

ایلس کی انوکھی دنیا

مترجم : سید حامد حسین

ناشر : مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

قیمت : دس روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 106 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے لوئس کیرال کی انگریزی کہانی "ایلس ان ونڈر لینڈ" کا آزاد ترجمہ ہے جس کی زبان عام فہم اور اسلوب دلکش ہے۔

بچوں کی آپا جان

مصنفہ : صغرا مہدی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت،32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے اس کتاب میں گرڈا فلسی بورن کے حالات زندگی اور ان کے کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

بچوں کی رباعیاں

مصنف : عادل اسیر دہلوی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : چھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر مجموعہ عادل اسیر کی ان رباعیوں پر مشتمل ہے۔ جو انھوں نے بچوں کے لیے تخلیق کی ہیں۔

بچوں کے اسماعیل میرٹھی

مرتب : نعیم الدین زبیری

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : اکیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 223 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اسماعیل میرٹھی کی اسّی منتخب نظموں پر مشتمل ہے۔ اسماعیل میرٹھی نے بچوں کے لیے کافی تعداد میں نظمیں لکھی ہیں۔ جس میں بچوں کے شوق، ان کی استعداد کا خیال رکھا گیا ہے۔ ساتھ ہی ان نظموں کے ذریعے اخلاقی درس بھی دیے گئے ہیں۔ تعارف مرتب نے لکھا ہے۔ ہر نظم کے آخر میں مشکل الفاظ کے معنی بھی درج کر دیے گئے ہیں۔ پیش لفظ حکیم محمد سعید نے لکھا ہے۔

بچوں کے افسر

مرتب : مکتبہ پیام تعلیم

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 72 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے شاعر افسر میرٹھی کی نظموں کی کتاب ہے جس میں سات برس کے بچوں کے لیے اٹھارہ نظمیں اور سات سے چودہ برس تک کے بچوں کے لیے ستائیس نظمیں شامل ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ نورالحسن ہاشمی نے لکھا ہے۔ چند نظموں کے عنوانات نیچے رقم کیے جاتے ہیں۔ اے خدا اے خدا، چاند کی بڑھیا، چندا ماموں، ماں کا پیار، آج کی نیکی، کسان کی دعا، ایک بادشاہ، علم کی مایا، دنیا میں جنت، جادو کی چھڑی، کہانی کا جنگل، صبح کا خزانہ، کاغذ کی ناؤ، بہار کے دن، وقت کی ڈبیا وغیرہ۔

بچوں کے غالب

مصنفہ : بیگم افتخار صدیقی

ناشر : غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب مارگ، نئی دہلی-2

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 84 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب کے توسط سے غالب کی سیرت و زندگی، شاعری، تصوف، انداز شاعری، شوخی و ظرافت، اخلاق و نصیحت، مزاج و شخصیت وغیرہ کا احاطہ عام فہم زبان میں کیا گیا ہے۔ یہ کتاب بچوں کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ اس میں غالب کے اشعار کے وسیلے سے ان کی زندگی اور ادبی کارکردگی بچوں کے ذہن تک پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے۔

بکرے کی تعریف میں

مصنف : یوسف ناظم

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بچوں کی نو چھوٹی چھوٹی کہانیوں پر مشتمل ہے اس میں 'بکرے کی تعریف میں'، 'مقابلہ'، 'یہ میری کمزوری'، 'ہم اور خانے 'اہم کہانیاں ہیں۔

بیچارے فرشتے

مصنف : عبدالرحیم نشتر

ناشر : نرالی دنیا پبلیکیشنز، دہلی گیٹ، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"بیچارے فرشتے" مصنف کی بچوں کے لیے تخلیق کردہ نظموں کا مجموعہ ہے ان نظموں کی تعداد تمیں ہے چند کے عنوان ہیں:۔

حضرت بلالؓ کی اذان، شکایت، سچائی، انگولی مار، وغیرہ

پریشانی سانپ کی

مصنف : رسکن بونڈ / مترجم: بشیر احمد

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی-16

قیمت : سات روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے معلومات افزا اور سبق آموز کہانی کی کتاب ہے یہ ایک ایسے سانپ کی کہانی ہے جو ایک خاندان کا فرد بن جاتا ہے اور پھر دلچسپ واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں۔

پھول ایک ہی چمن کے

مصنف : کوثر صدیقی

ناشر : دھیرو پبلی کیشن، بھوپال

قیمت : پچاس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 196 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بچوں کے لیے کوثر صدیقی کی نظموں پر مشتمل مجموعہ ہے جس میں چونسٹھ نظمیں شامل ہیں چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں: ترنگا پرچم، ہندوستان کی مسجد، ہندوستان کا مندر، اردو ہندی ایکتا، ہولی اور عید، چاچا نہرو، کتاب، گنگا ندی، چڑیا گھر، بارش، نرس، ماں، آم، نیم، ریل وغیرہ۔ یہ نظمیں بیک وقت اردو اور دیوناگری رسم الخط میں چھاپی گئی ہیں۔ تعارفی مضامین کوی راج اندر دیو اور عبد القوی دسنوی نے لکھے ہیں۔

پیار کا پنچھی

مصنفہ : فرخندہ لودھی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چار روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے رقم کردہ اخلاقی، سبق آموز اور پر لطف کہانیوں کی کتاب ہے جس میں پیار کا پنچھی، ذرا سی غلطی، ہریل طوطا اور سبز پری، تین کہانیاں شامل ہیں۔

پیڑ

مصنفہ : مارتی

ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی-16

قیمت : سات روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 20 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

کہانی کی اس کتاب کے وسیلے سے ننھے منے بچوں کو پیڑ کے بارے میں جانکاری فراہم کی گئی ہے کتاب تصویروں سے مزیّن ہے۔

تابوت سمندر میں

مصنف : اے. حمید
ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25
قیمت : دس روپے
سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سلسلے وار ناول ہے جو خلائی ایڈونچر سیریز کی نویں کڑی ہے اس میں سمندر کی تہہ میں خلائی مخلوق کی خوفناک سرگرمیوں کا پر لطف احوال قلمبند کیا گیا ہے۔

توڑا اور تاہر

مصنف : ای آر سی دعویدار / مترجم: پروانہ ردولوی
ناشر : نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک، نئی دہلی-16
قیمت : نو روپے پچاس پیسے
سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے اس کتاب میں سبق آموز کہانی قلمبند کی گئی ہے جس میں جنوبی ہندوستان کی ایک خاص قبائلی زندگی کی جھلک ملتی ہے۔

چارلی چیپلن اور کینتھ اینڈرسن

مصنف : ریحان عباسی
ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25
قیمت : نو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب بچوں کے لیے لکھی گئی ہے، چارلی چیپلن اپنے دور کا عظیم کامیڈین تھا۔ اسی طرح کینیتھ ایک عظیم شکاری، مصنف نے اس مختصر کتابچے میں ان دونوں کے حالاتِ زندگی اور ان کے کارناموں کا ذکر کیا ہے۔ کتاب چونکہ بچوں کے لیے لکھی گئی ہے اس لیے بے جا طوالت اور تفصیل سے پرہیز کیا گیا ہے اور اسلوب وزبان سادہ استعمال کی گئی ہے۔

چمن در چمن

مرتب : منظور عثمانی

ناشر : مرتب، دہلی

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بیت بازی میں شرکت کرنے والے طلبہ اور شائقین کی رہنمائی کے لیے یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے۔ یہ کتاب دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے جو مندرجہ ذیل ہیں (حصہ اوّل) معین بیت بازی: بے مثال شعری انتخاب (حصہ دوم) غالب خستہ کی شگفتہ بیانی، اکبر کے تیر ونشتر، واعظ وزاہد وغیرہ سے متعلق اشعار کا انتخاب۔

حدیث کیا ہے؟

مصنف : احمد خاں خلیل

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چار روپے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب حدیث کے بارے میں وضاحتوں پر مشتمل ہے اور انداز بیان ایسا اختیار کیا گیا ہے کہ بچوں کو اس سلسلے کی بنیادی باتیں آسانی کے ساتھ سمجھ میں آجائیں۔

حضرت شیخ مخدوم علیؒ فقیہ مہائمی

مصنف : محمد یوسف کھتری

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چار روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

اسلامی دنیا کی برگزیدہ شخصیت شیخ مخدوم علی فقیہ مہائمی کی زندگی کے حالات پر مشتمل ایک کتابچہ ہے جس میں موصوف کے کارنامے بچوں کے لیے عام فہم زبان میں رقم کیے گئے ہیں۔

حضرت یوسفؑ

مصنف : نصیر احمد

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چار روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 مجلد، ضخامت 30 صفحات، ایڈیشن دوئم، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

نصیر احمد کی زیر نظر کتاب بچوں کے لیے اس طور پر قلمبند کی گئی ہے کہ حضرت یوسفؑ کی زندگی اور کارنامے کہانی کے روپ میں اُن کے ذہن نشین ہو جائیں۔

خطرناک سفر

مصنف : ریاض احمد خاں

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : تین روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 36 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بچوں کے ادب سے تعلق رکھتی ہے۔اس میں صرف "خطرناک سفر" کے عنوان سے ایک کہانی چھاپی گئی ہے جس میں سفر کے دوران مختلف نوعیتوں کی پریشانی اور پھر سفر کے فائدے بیان کیے گئے ہیں۔

خطرناک سگنل

مصنف : اے حمید
ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25
قیمت : دس روپے
سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 62 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب بچوں کا ایک سلسلے وار ناول ہے۔ جو خلائی سائنسی ایڈونچر سیریز کی پہلی کڑی ہے اس میں سیارہ اوٹان کی خلائی مخلوق انسانی نسل کو ختم کرنے کے لیے زمین پر حملے کا منصوبہ بناتی ہے اس داستان کو عام فہم زبان اور دلچسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

خطرناک فارمولا

مصنف : اے. حمید
ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25
قیمت : دس روپے
سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے ایک سلسلے وار ناول ہے جس کی پیش نظر جلد خلائی ایڈونچر سیریز کی آٹھویں کڑی ہے اس میں زمین کی تباہی کے لیے خلائی مخلوق ایک خطرناک فارمولا ایجاد کرتی ہے۔

خلائی سرنگ سے فرار

مصنف : اے. حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 62 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سلسلے وار ناول ہے۔ سیارہ اوثان کے باشندوں کا زمین پر حملہ اور خلائی سائنسی ایڈونچر سیریز کی چوتھی کڑی اس ناول کی صورت میں شائع کی گئی ہے جس میں خلائی سرنگ سے پُراسرار سانپ شیبا کو فرار ہونے میں مدد کرتا ہے۔

خلائی مخلوق بمبئی میں

مصنف : اے. حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں ویران سیارہ، خلائی عفریت، راکٹ فائر ہوگئے، عمران غائب، شیبا غائب، خلائی مخلوق بمبئی میں، کے عنوانات کے تحت بچوں کے لیے مختصر کہانیاں شائع کی گئی ہیں۔

خلائی مخلوق کا حملہ

مصنف : اے. حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 60 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سلسلے وار ناول ہے جو خلائی ایڈونچر سیریز کی دسویں کڑی ہے اس میں خلائی قاتل مارگن مسجد کے کنوئیں میں گر پڑتا ہے پھر وہ وہاں سے کیسے نکلتا ہے اس کا پر لطف احوال لکھا گیا ہے۔

دلچسپ کہانیاں

مرتب : امتیاز علی

ناشر : سمیع پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر بچوں کے لیے چند سبق آموز اور دلچسپ کہانیوں کی کتاب ہے اس میں شہزادی افشین، پرستان کی ملکہ، انوکھا درخت، ناگن ملکہ وغیرہ کہانیاں شامل ہیں۔

روشن ستارے

مصنف : عبدالعزیز عرفان

ناشر : صابرہ صدیقی، ممبئی

قیمت : آٹھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت، 52 صفحات ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

مصنف نے اسے ہر عمر کے بچوں کے لیے مضامین اور کہانیوں کے مجموعے سے موسوم کیا ہے لیکن دراصل اس کتاب میں تیرہ مضامین یا کہانیوں کے عنوانات ہی سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ صرف کم عمر بچوں کے لیے لکھی گئی تخلیقات ہیں مثلاً آداب گفتگو، ہماری نماز، صحبت کا اثر، پتنگ بازی کا شوق، لالچ کا پھل وغیرہ ابتدائی صفحات میں سابقہ تصنیف آنچل کے ستارے پر ڈاکٹر محبوب راہی کا تبصرہ، غنی غازی کا پیش لفظ اور منشاء الرحمٰن منشاء کے تاثرات شامل ہیں آخری صفحات پر طفیل سیماب اور شجاع شاہد کی نیک خواہشات ہیں۔ کتاب مہاراشٹر اردو اکادمی کی مالی اعانت سے شائع ہوئی ہے۔

روشنی ہی روشنی

مصنف : مرزا ادیب

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سبق آموز، اخلاقی اور پر لطف کہانیوں کی کتاب ہے۔ اس میں مرزا ادیب کی رقم کردہ مندرجہ ذیل کہانیاں شامل ہیں: پرانا پنکھا، لالٹین کی روشنی، رات کے اندھیرے میں، ایک ننھی نوری، باباجی کا فیصلہ، قمری کی آواز، حامد کے دادا جان، اماں، پندرہ سال بعد، دو صندوق وغیرہ۔

سائنس کی دنیا

مصنف : فریدالدین احمد

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : آٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 74 صفحات، ایڈیشن طبع مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سائنسی معلومات پر مبنی اس کتاب میں نظام شمسی، روشنی، آواز اور توانائی سے متعلق مضامین شامل ہیں۔

سبق آموز کہانیاں

مرتب : اسد بخاری جونیئر

ناشر : سمیع پبلی کیشنز، نئی دہلی

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں بچوں کی سبق آموز کہانیاں شامل ہیں۔ کتاب میں شامل کہانیوں میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں:۔ اتفاق میں برکت ہے، خوبصورت کون، دوستی کے بغیر، بہادر یا بزدل، پتے کی کہانی، اچھا سلوک، وغیرہ۔

سنو بچو

مصنف : شیخ رحمٰن اکولوی

ناشر : مصنف، دیپک چوک ہاروں چال، آکولہ

قیمت : پندرہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد چھ سو، طباعت لیتھو

"سنو بچو" شیخ رحمٰن آکولوی کی بچوں کے لیے تخلیق کردہ نو کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ جن میں سے چند کے عنوان درج ذیل ہیں:۔ نٹ کھٹ کی ناسمجھی، خان بابا کا طوطا، بہادر لڑکا، اے کاش!! کہانی قسمت کی وغیرہ۔ کتاب پر اظہارِ خیال منشاء الرحمٰن منشا نے کیا ہے۔ تاثرات مائل خیر آبادی کے ہیں۔

شہر پتھر بن گیا

مصنف : اے۔ حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 72 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے ایک سلسلے وار ناول ہے یہ خلائی ایڈونچر سیریز کی بارھویں کڑی ہے جس

میں سارا شہر سفاک مارگن کی شعاعوں سے پتھر کا بن جاتا ہے۔

شیر خاں

مصنف : اوپیٹ فسکایا / مترجم: قرۃ العین حیدر

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چار روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 52 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں بچوں کے لیے جانوروں کے بارے میں جانکاری کہانی کے انداز میں قلمبند کی گئی ہے، کتاب انگریزی سے اردو میں ترجمہ کی گئی ہے۔

عام معلومات

مصنف : افضل حسین

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، 1353، چتلی قبر، دہلی-6

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن مکرر، تعداد دس ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب چھبیس عام معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے۔ چند اہم مضامین یہ ہیں:۔
ہمارا گھر، ہمارا مدرسہ، ہمارے مددگار، ہمارے مہمان، ہمارا وطن، پیارے نبی کا وطن، برف کا ملک، افریقہ کے بونے وغیرہ

عمران کی زندہ لاش

مصنف : اے۔ حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے ایک سلسلے وار ناول ہے جو خلائی ایڈونچر سیریز نمبر 3 کی گیارھویں کڑی ہے اس میں عمران اور شیبا کے سر فروشانہ کارنامے بیان کئے گئے ہیں۔

عمون کی تباہی

مصنف : ظفر محمود

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : سات روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سبق آموز ناول ہے۔

کالا جنگل نیلی موت

مصنف : اے۔ حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 60 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے ایک دلچسپ سلسلے وار مہماتی ناول ہے یہ خلائی ایڈونچر سریز کی تیسری کڑی ہے جس میں عمران جنگل میں شیبا کو تلاش کرتا ہے۔

کھلونا نگر

مصنف : غازی کمال رشدی

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے ایک سبق آموز اور دلچسپ ناول ہے جس کی زبان عام فہم اور نونہالوں کی سہولت کے لیے اسلوب سادہ رکھا گیا ہے۔

لاش چل پڑی

مصنف : اے۔ حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 58 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے دلچسپ خلائی سائنسی ایڈونچر سیریز کی دوسری کڑی سے متعلق مہماتی ناول ہے جس میں سیارہ اوہ ثان کے زمین پر حملے کو موضوع بنا کر داستان بیان کی گئی ہے۔

موت کی شعاعیں

مصنف : اے۔ حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 59 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے سلسلے وار ناول ہے جو خلائی ایڈونچر سریز کا ساتواں حصہ ہے، اس میں عمران اور شیبا سکندر کے زمانے میں جا پہنچتے ہیں۔

ننھا سُراغ رساں

مصنف : مکتبہ پیام تعلیم

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سراغ رسانی اور دلاوری کے بے مثال کارناموں پر مشتمل ہے اس میں چھ کہانیاں ہیں۔ لکڑی کا گھوڑا، ننھا سراغ رساں، بہادر چیکی، بوڑھا شیر، وغیرہ ان کے عنوانات ہیں۔

ننھا سیّاح

مصنف : محمد زکریا مائل

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : آٹھ روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 94 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ بچوں کے لیے زکریا مائل کا قلمبند کردہ ایک ناول ہے جس میں عجیب و غریب جزیرے میں ایک ننھے سیاح کے سفر کے حیرت انگیز واقعات قلم بند کیے گئے ہیں۔

ننھی منی باتیں

مصنف : حیدر بیابانی

ناشر : مصنف، اچلپور شہر، امراؤتی

قیمت : چھبیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

حیدر بیابانی کی کتاب کا دوسرا حصہ ہے جو بچوں کی نظموں اور گیتوں پر مشتمل ہے۔

وہ خلا میں بھٹک گیا

مصنف : اے۔ حمید

ناشر : مکتبہ پیام تعلیم، جامعہ نگر، نئی دہلی-25

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 65 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

بچوں کے لیے ایک دلچسپ سلسلے وار ناول ہے جو کئی حصّوں میں شائع کیا گیا ہے یہ اس سلسلے کا پانچواں حصّہ ہے اس داستان میں عمران اور شیبا کو خلائی کیپسول میں قید کر کے خلا میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔

15- درسیات

ادبی سی پارے (حصۂ نظم)

مولف : خلیل الرب

ناشر : سری رام مہرا اینڈ کمپنی، ایجوکیشنل پبلشرس، آگرہ

قیمت : دس روپے پچاس پیسے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 143 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب یوپی انٹرمیڈیٹ بورڈ کے نصاب کا خیال رکھ کر تیار کی گئی ہے، کتاب کا پیش لفظ مؤلف نے ہی لکھا ہے۔ اس کے مندرجات اس طرح ہیں:۔ غزلیات، مثنویات، قصائد، مراثی، قطعات ورباعیات اور منظومات جدید نیز ان پر تبصرے بھی شامل کیے گئے ہیں۔

اُردو شناسی

مرتب: دہلی اردو اکادمی

ناشر : دہلی اردو اکادمی، گھٹا مسجد روڈ، دریا گنج، نئی دہلی-2

قیمت : چار روپے

سائز : 18X22/4 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد چھ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتابچہ اردو سکھانے کے لیے دہلی اردو اکادمی کی جانب سے ترتیب دیا گیا ہے یہ دراصل ورک بک ہے اس میں کل اکیس سبق شامل ہیں۔

اردو قاعدہ مع انتخاب نثر و نظم

مرتب : ہارون ایوب

ناشر : پنجاب پرکاشن، 2254، سیکٹر 22 / سی، چندی گڑھ

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت118 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

ہارون ایوب نے اردو سیکھنے والوں کے لیے بالکل ابتدائی سطح کی درسی کتاب تیار کی ہے اوراس میں منتخب نثرپارے و منظومات بھی بطور اسباق شامل کی ہیں۔

اردو کی پہلی کتاب

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : پانچ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت78 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد دس ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو زبان کی یہ درسی کتاب درجہ اوّل کے طلبہ کے لیے تیار کرائی گئی ہے۔

اردو کی کتاب-2

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : بارہ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 118 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد گیارہ ہزار، طباعت آفسیٹ

مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم نے اردو کے درجہ دوم کے لیے یہ اردو زبان وادب سے متعلق درسی کتاب تیار کی ہے کتاب میں شامل اسباق میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں: دعا، میں اور میرا اسکول، نوری کا بستہ، مزے دار کھیل، اپنا اپنا گھر، جانوروں کی آوازیں، عید، کہانی، کھیل، پہلیاں، معلومات، آسمان گرا، تصویری کہانیاں۔ وغیرہ۔

اردو کی کتاب-3

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد دس ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو زبان وادب کے اسباق پر مشتمل یہ کتاب تیسری جماعت کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اس کے چند اسباق کے عنوان نیچے درج کیے جاتے ہیں: خدا کی شان، دو بکرے، رات اور چاند، پانی، تتلی، مہاتما گاندھی، چھپا خزانہ، اچھی باتیں، نیم کا پیڑ، سونے والو جاگو، دیوالی، وغیرہ۔

اردو کی کتاب-5

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 124 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد آٹھ ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو کی یہ درسی کتاب درجہ پنجم کے لیے تیار کی گئی ہے جس میں سیرت سے متعلق سوانحی مضامین بہادری، فطرت، ماحولیات، حب الوطنی کے جذبات بیدار کرنے والی نگارشات، سائنسی معلوماتی اور تاریخی کہانیاں، مضامین اور نظمیں وغیرہ شامل ہیں۔

اردو کی کتاب-6

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : چھ روپے

سائز . : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن ساتواں، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو زبان وادب کے اسباق پر مشتمل یہ درسی کتاب درجہ ششم کے لیے تیار کی گئی ہے

جس میں نظمیں کہانی مضامین وغیرہ شامل ہیں۔ کتاب میں اسماعیل میرٹھی، میر امّن دہلوی، میر تقی میر، پریم چند وغیرہ کی نگارشات کو جگہ ملی ہے۔

اردو کی کتاب-7

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت100 صفحات، ایڈیشن چھٹا، تعداد پانچ ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو زبان وادب سے متعلق یہ درسی کتاب درجہ ہفتم کے لیے تیار کی گئی ہے کتاب میں شامل چند اسباق کے عنوان ہیں: ترانہ وحدت، اتحاد، اناتھ لڑکی، خالہ، مانڈو، پانچ روپے، میگھالے، نوجوانوں سے خطاب وغیرہ۔

اردو کی کتاب-8

مرتب: مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : آٹھ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت188 صفحات، ایڈیشن چھٹا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

درجہ ہشتم کے طلبہ کے لیے اردو زبان و ادب کے اسباق پر مشتمل یہ درسی کتاب مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم نے تیار کی ہے کتاب میں غزلیں، نظمیں، افسانے، خطوط، مضامین، ڈرامے، رباعیات اور قطعات شامل ہیں۔

اردو کی نئی کتاب

مولّفین : محمد صابرین، سیّد فرحت حسین

ناشر : نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، اربندو مارگ، نئی دہلی

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 172 صفحات، ایڈیشن ری پرنٹ، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب چوتھی جماعت کے لیے این سی ای آر ٹی کی اردو زبان کی کمیٹی نے تیار کرائی ہے۔

ارمغانِ حجاز

مصنف : اقبال

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، یونیورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : دس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 50 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

"ارمغان حجاز" علامہ اقبال کا مشہور شعری مجموعہ ہے۔ ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ نے طلبہ کی ضرورت کے پیش نظر اس کا سستا ایڈیشن شائع کیا ہے۔

امکان

مصنف : ابو بکر رضوی

ناشر : پرویز بک ڈپو، سبزی باغ، پٹنہ

قیمت : پچانوے روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 360 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

مرتب نے طالب علموں کی ضرورت کے تحت نصاب سے متعلق مختصر مختصر مضامین اس کتاب میں شائع کیے ہیں۔ جن کے ذریعے بی اے اور اس کے مساوی امتحانات کی تیاری کی جاسکتی ہے۔ کتاب میں غزل، مثنوی، قصیدہ، مرثیہ، نظم، ناول، ڈرامہ، مکاتیب، انشائیہ، خاکے،

تنقید، تاریخ زبان اردو اور جدیدیت کے بارے میں معلومات یکجا کر دی گئی ہیں۔

انتخاب منظومات (حصہ دوم)

مرتبہ : محمود الٰہی وغیرہ

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : سات روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 144 صفحات، ایڈیشن آٹھواں، تعداد دس ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب یونی ورسٹی اور کالج کے طلبہ کی درسی ضرورت کے لیے منتخب منظومات پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں صرف نظمیں شامل کی گئی تھیں اس حصے میں غزل قصائد، مراثی، رباعیات اور مثنویات کا انتخاب شامل کیا گیا ہے ہر صنف کے معروف شعرا کی نمائندہ تخلیقات کو اس انتخاب میں جگہ دی گئی ہے تاکہ طلبہ واقف ہو سکیں۔

انتخاب نثر (حصہ اوّل)

مرتب : اتر پردیش اردو اکادمی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : چار روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 132 صفحات، ایڈیشن ساتواں، تعداد دس ہزار، طباعت آفسیٹ

درسی کتاب ہے جس میں شامل چند اسباق کے عنوانات اس طرح ہیں: سر سید اور لٹریچر، مرزا غالب کے اخلاق و عادات، انتخاب آب حیات، عمر رفتہ، جان عالم کا طوطا، لکھنؤ، رانی کیتکی کی کہانی، سیر پہلے درویش کی، افسر سے ملاقات، وغیرہ۔

اندھ وِشواس بگاڑے کام

مصنف : رام کمار

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب تعلیم بالغان اور حرف شناسی مہم کے تحت غیر تعلیم یافتہ بڑوں کو علم سے روشناس کرانے کی ایک کوشش ہے جس میں کہانی کے ذریعے نہ صرف تعلیم دی گئی ہے بلکہ توہم پرستی کے مضر اثرات سے بھی آگاہ کیا گیا ہے۔

انڈین ہسٹری

مرتبین : محمد ہارون الرشید، ریاض افضل

ناشر : عثمانیہ بک ڈپو، 125، رابندر اسرانی، کلکتہ-73

قیمت : سو روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 534 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

طلبہ کی سہولت کے لیے شائع کردہ زیر نظر کتاب میں ہندوستان کی تواریخ (1765 سے 1947 تک) سہل اور عام فہم زبان میں لکھی گئی ہے۔

انشاء اور معلومات (سوم)

مرتب : متین طارق

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : نو روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب درجہ ششم، ہفتم، ہشتم کے طلبہ کے لیے مرتب کی گئی ہے تاکہ طلبہ کی عام معلومات میں اضافہ ہو۔

اے کمپلیٹ بک آف لائف سائنس (حصہ اوّل)

مصنف : خورشید اقبال

ناشر : ڈبل زیڈ پبلی کیشنز، نیابازار، جگتدل اتر، 24 پرگنہ

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 232 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اردو کے درجہ نہم کے لیے مغربی بنگال بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن کے جدید نصاب کے مطابق ترتیب دی گئی ہے۔ یہ کتاب مدھیامک امتحانات (مغربی بنگال) کے پرچوں کے پس منظر میں لکھی گئی ہے اور نوری ترکیب اور تنفس، تغذیہ استحالہ اور ہاضمہ، دورانِ خون، حرکت اور چلنا پھرنا، عمل اخراج، جیسے اسباق پر مشتمل ہے اس کتاب کے ہر باب کے آخر میں مشقی سوالات ہیں نیز ہر ایک باب میں تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں۔

بالِ جبریل

مصنف : اقبال

ناشر : ایجوکیشنل بک ہاؤس، یونی ورسٹی مارکیٹ، علی گڑھ

قیمت : بیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 170 صفحات، ایڈیشن جدید، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ علّامہ اقبال کا مشہور شعری مجموعہ ہے ایجوکیشنل بک ہاؤس نے طلبہ کے لیے اس کا سستا ایڈیشن شائع کیا ہے۔

پرائمری تاریخ (حصہ چہارم)

مصنف : محمد ابو حسن انصاری

ناشر : ناز پبلشنگ سنٹر، ناز بک ڈپو، 77 مولانا شوکت علی اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : بارہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 48 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ درسی کتاب ڈی پی آئی کے منظور کردہ نصاب جدید کے مطابق اردو کے درجہ چہارم کے لیے لکھی گئی ہے۔ اس میں زمانہ قدیم کے غیر مہذب باشندے، گوسوامی اور بھومی داس، گھریلو صنعتیں، تجارت اور کاروبار میں ترقی، محمدؐ، مہاتما گاندھی، بدھ، مہابیر سوامی، چیتنیہ دیو، سوامی دیویکانند، وغیرہ کے متعلق اسباق شامل ہیں۔

پرائمری لائف سائنس

مصنف : محمد ابو حسن انصاری

ناشر : ناز پبلشنگ سنٹر، بلائی دتہ اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : بارہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 54 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر درسی کتاب اردو کے درجہ چہارم کے طلبہ و طالبات کے لیے منظور شدہ نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے اس میں طالب علم اور اس کا ماحول، مشق، جاندار اور بے جان، جاندار کی قسمیں، پیڑ اور پودے کی غذا، طاقت، ہوائی توانائی، برقی توانائی، بادل اور مینہ جیسے اسباق شامل ہیں۔

پڑھی لکھی عورت کی کہانی

مصنف : راج پال

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب تعلیم بالغان اور حرف شناسی مہم کے تحت شائع ہوئی ہے جس میں غیر تعلیم یافتہ بڑے لوگوں کے لیے سبق آموز کہانی قلمبند کی گئی ہے۔

تاریخ

مصنف : ایم ایم افتخار حسین حسینی

ناشر : مغربی بنگال اردو اکادمی، 16 سندری موہن ایونیو، کلکتہ -14

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"تاریخ" درجہ ششم کے لیے مغربی بنگال اردو اکادمی نے کم قیمت پر فروخت کرنے کے لیے تیار کرائی ہے اس درسی کتاب میں شامل مضامین میں سے چند کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں: ہمیں تاریخ کیوں پڑھنا چاہیے، تاریخ جاننے کے ذرائع، مصر کی قدیم تہذیب، لوہے کے عہد کا سماج وغیرہ۔

تاریخ

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : تیرہ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 192 صفحات، ایڈیشن پانچواں، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

تاریخ کی یہ درسی کتاب اردو کی آٹھویں جماعت کے طلبا کے لیے تیار کی گئی ہے، دس ابواب میں پھیلی ہوئی ہے جن میں سے چند کے عنوانات نیچے رقم کیے جاتے ہیں:۔

ہندوستان اور جدید دنیا، برطانوی حکومت کا آغاز اور توسیع، برطانوی حکومت کے خلاف جدوجہد، 1858ء کے بعد ہندوستان میں برطانوی پالیسیاں اور حکومت وغیرہ۔

تاریخ وجغرافیہ (دوسرا حصہّ)

مصنف : ڈائریکٹریٹ آف اسکول ایجوکیشن

ناشر : ڈائریکٹریٹ آف اسکول ایجوکیشن، حکومت مغربی بنگال

قیمت : مفت

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن چہارم، تعداد پانچ ہزار، طباعت آفسیٹ

ریاستی کونسل برائے تحقیقات کے زیر اہتمام یہ کتاب اردو کے چوتھے درجے کے طلبہ وطالبات کے لیے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب تاریخ وجغرافیہ کے علی الترتیب سات اور بارہ ابواب پر مشتمل ہے تاریخ سے متعلق پرانے زمانے کی باتیں، مختلف ملکوں کی نئی تہذیبیں، سلطنتیں اور صنعتی حالات کی تفصیلات اور جغرافیہ سے متعلق جنگل کی پیداوار، معدنیات، زراعتی و صنعتی ترقی، ذریعہ آمدورفت و مواصلات کا انتظام وغیرہ کے مفصل تذکرے شامل اشاعت ہیں۔

تدریسی متن انتخاب نظم ونثر

مرتب : سلیم رضوی

ناشر : عثمانیہ بک ڈپو، کلکتہ

قیمت : درج نہیں

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 520 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت لیتھو

کلکتہ یونی ورسٹی کے بی۔ اے۔ کے نصاب کے پیش نظر سلیم رضوی نے "تدریسی متن انتخاب نظم ونثر" کالج کے طلبہ وطالبات کو مواد کی فراہمی کے لیے مرتب کی ہے۔

جدید فزیکل سائنس

مصنف : مختار عالم

ناشر : ظفر پبلی کیشنز، 3 سر سید احمد روڈ، کلکتہ-14

قیمت : بتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 14+194 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ درسی کتاب درجہ ہشتم کے طلبہ کی ذہنی استعداد کے پیش نظر جدید نصاب کے عین مطابق لکھی گئی ہے۔ اس میں سائنسی اصطلاحات سلیقے سے سمجھائی گئی ہیں، کتاب کل نو ابواب پر مشتمل ہے۔ آخر میں ہر ایک باب کے متعلق اہم سوالات بھی ہیں۔

جغرافیہ

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : نو روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 109 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

جغرافیہ کی یہ کتاب اردو کی آٹھویں کلاس کے طلبہ کے لیے تیار کی گئی ہے۔

جمہوری نظام

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم

ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال

قیمت : چھ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 80 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

ہندوستان کے جمہوری نظام سے متعلق یہ درسی کتاب اردو کی آٹھویں جماعت کے طلبہ کے لیے تیار کی گئی ہے۔

جوہی ٹیبل بک

مصنف : ایم. عالم

ناشر : ذاکر بک سینٹر، 79 مولانا شوکت علی اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : سات روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں بچوں کی سہولت کے لیے پہاڑے اور گنتی ذہن نشین کرنے کے آسان طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ آخر میں اسلامی، ہندی اور انگریزی مہینوں اور دنوں کے نام شامل کتاب ہیں۔

رہبر اردو خوشخطی

مرتب : عثمانیہ بکڈپو

ناشر : عثمانیہ بکڈپو-125، رابندرا سرانی، کلکتہ-73

قیمت : آٹھ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 24 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب درجہ اوّل کے طلبہ کے لیے ہے۔ اس میں حرف کی ترکیب اور الفاظ بنانے کے طریقے اور انھیں خوشخط لکھنے کے طریقے بتائے گئے ہیں۔

رہبر طلبہ

مصنف : خواجہ عمر

ناشر : مصنف، فرحت نگر، پوسٹ صحفہ، حیدر آباد

قیمت : ساٹھ روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 125 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب کا پہلا ایڈیشن 1983 میں منظر عام پر آیا تھا، کتاب طلبہ کی ذہانت کو جلا

بخشنے اور ان کی معلومات میں اضافہ کرنے کے مقصد سے لکھی گئی ہے۔

ریاضی

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم
ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال
قیمت : آٹھ روپے
سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 98 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد سات ہزار، طباعت آفسیٹ

ریاضی کی یہ کتاب اردو کے درجہ دوم کے طلبہ کے لیے تیار کی گئی ہے۔ کتاب میں اعداد، دہرانا، اکائی دہائی، ترتیب وار اعداد، پہاڑے، پیائش، ناپ، تول وغیرہ کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

سائنس

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم
ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال
قیمت : بائیس روپے
سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت، 160 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

سائنس کی یہ درسی کتاب اردو کی آٹھویں جماعت کے لیے نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے۔

سلیس اردو

مولف : اسد الزماں
ناشر : مغربی بنگال اردو اکادمی، کلکتہ
قیمت : نو روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت120 صفحات، ایڈیشن ساتواں، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو کے درجہ پنجم کے لیے زبان کی نصابی کتاب ہے دو حصوں (نظم اور نثر) پر مشتمل ہے اور مغربی بنگال ایجوکیشن بورڈ کے منظور کردہ نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے۔

سونو ٹیبل بک

مصنف : پرویز عالم

ناشر : شمسیہ پبلی کیشنز ،74ایس ڈی گھاٹ روڈ، کمرہٹی، کلکتہ-58

قیمت : چھ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت،32 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس ٹیبل بک میں بچوں کے لیے گنتی اور پہاڑہ ذہن نشین کرنے کے طریقے بتائے گئے ہیں۔

شہکار نظم

مولف : نذیر احمد

ناشر : ایجوکیشنل پبلشرز، آگرہ

قیمت : بارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

درسیات سے متعلق زیر نظر کتاب گیارھویں جماعت کے نصاب کے عین مطابق تیار کی گئی ہے۔ اس میں غزلیات قصائد، مثنویات مراثی شامل ہیں۔ کتاب کا آغاز راشٹر یہ گیت جن گن من سے کیا گیا ہے۔

صدف اردو

مرتب : قیصر شمیم

ناشر : جاوید بک ڈپو، مولانا شوکت علی اسٹریٹ، کلکتہ

قیمت : اٹھارہ روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 96 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اردو کی درسی کتاب "صدف اردو" درجہ چھ کے لیے قیصر شمیم نے مرتب کی ہے جس میں قصے کہانی مضمون، نظم، رباعی، گیت وغیرہ شامل ہیں۔

عام معلومات (چہارم)

مرتب : منظور الحسن ہاشمی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی-6

قیمت : بارہ روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن مکرر، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب طلبہ کے جسم، ان کی سوسائٹی اور فطری ماحول کے متعلق ہے۔ اس میں سات ابواب ہیں۔ چند مشمولات کے عنوان ہیں: آکسیجن ہے کیا چیز؟، ہوا میں آکسیجن ہے کتنی؟، پانی، محلول، تقطیر کرنا، برق، موصل اور غیر موصل، غذا، اس کی قسمیں، پروٹین، پھول اور پھل، صفائی اور صحت، ورزشیں وغیرہ۔

قدیم اردو نظم (حصہّ اوّل)

مصنفہ : فہمیدہ بیگم

ناشر : ترقی اردو بیورو، آر کے پورم، نئی دہلی-66

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

اس کتاب کے کچھ مندرجات اس طرح ہیں: حضرت شاہ برہان الدین جانم۔ (مرثیہ) سلطان محمد قلی قطب شاہ۔ (نظمیں۔ قصیدہ) احمد شاہ اوّل۔ (غزلیات) وغیرہ۔ اس کی تمہید بھی فہمیدہ بیگم کے قلم سے ہی نکلی ہے۔

گاؤں کا مسیحا

مصنف : رام کمار

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریاگنج، نئی دہلی-2

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

پیش نظر کتاب تعلیم بالغان اور حرف شناسی مہم کے تحت شائع کی گئی ہے اس میں ایک سبق آموز کہانی قلمبند کی گئی ہے۔

گولڈن جغرافیہ

مصنف : ایم. اسلم

ناشر : جدید پبلی کیشنز، 11 مولانا شوکت علی اسٹریٹ، کولوٹولہ، کلکتہ-73

قیمت : اڑتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 12+192 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب سررشتۂ تعلیم مغربی بنگال کے منظور شدہ نصاب جدید کے مطابق مرتب کی گئی ہے۔ نصاب کے ضابطوں، بچوں کی نفسیات اور صلاحیتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اس میں سلیس اور عام فہم زبان استعمال کی گئی ہے۔ مضامین کی وضاحت اور طلبہ کی دلچسپی کے لیے مناسب نقشے اور ہر باب کے اختتام پر خارجی و معروضی طرز کے مفید سوالات بھی درج کیے گئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں ابواب کے سلسلے سے سوالوں کے نمونے بھی شامل ہیں۔

گھر گھر علم سے روشن ہو

مصنف : راج پال

ناشر : موڈرن پبلشنگ ہاؤس، گولہ مارکیٹ، دریا گنج، نئی دہلی-2

قیمت : بیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 32 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب تعلیم بالغان اور حرف شناسی مہم کے تحت شائع کی گئی ہے۔ جس میں علم کو عام کرنے کی غرض سے ایک سبق آموز دلچسپ کہانی قلمبند کی گئی ہے۔

لازمی نصاب

مرتب : اتر پردیش اردو اکادمی

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

قیمت : پانچ روپے پچاس پیسے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 156 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ درسی کتاب دو حصّوں پر مشتمل ہے پہلا حصّہ نثر کا ہے اور دوسرا نظم پر مشتمل ہے۔ کتاب میں مندرجہ ذیل اہلِ قلم کی نگارشات شامل ہیں: سرسید، عبدالحق، پریم چند، خواجہ حسن نظامی، ذاکر حسین، عظیم بیگ چغتائی، شوکت تھانوی، حالؔی، نظیر، اکبؔر، سروؔر، اقبالؔ، مجاؔز، جذبؔی، نذیر، نسیم وغیرہ۔

لائف سائنس

مصنف : جاوید صدیقی

ناشر : مغربی بنگال اردو اکادمی، 16 سندری موہن ایونیو، کلکتہ-14

قیمت : پچیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 160 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

درسی کتاب "لائف سائنس" درجہ ہفتم کے لیے مغربی بنگال اردو اکادمی نے ویسٹ بنگال بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے مقررہ نصاب کے مطابق تیار کرائی ہے۔ کتاب میں شامل مضامین میں سے چند مضامین کے عنوانات مندرجہ ذیل ہیں: پیڑ پودوں کی بیرونی ساخت، چند جانوروں کی بیرونی ساخت، چند ادویاتی پودوں کا مطالعہ اور مضر جانوروں کا مطالعہ وغیرہ۔

مطالعہ ماحولیات

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم
ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال
قیمت : نو روپے
سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 130 صفحات، ایڈیشن دوسرا، تعداد پانچ ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ کتاب اردو کے طلبائے درجہ پنجم کے لیے نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے۔ کتاب میں شامل اسباق میں سے چند اس طرح ہیں: مختلف کام اور ان کے کام گار، ہمارا ضلع، غلامی کا دکھ، ہماری حکومت، بڑھتی آبادی اور ترقی، ہندوستان کی آب و ہوا، قدرتی وسائل وغیرہ۔

مطالعہ ماحولیات

مرتب : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم
ناشر : مدھیہ پردیش پاٹھیہ پستک نگم، بھوپال
قیمت : بارہ روپے
سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 164 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد دو ہزار، طباعت آفسیٹ

اردو طلبہ کے لیے یہ درسی کتاب درجہ ششم کے معیار پر تیار کی گئی ہے۔

معیاری ادب: انتخاب نظم ونثر

مرتب : سلیم رضوی

ناشر : عثمانیہ بک ڈپو، کلکتہ

قیمت : نوے روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 399 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد گیارہ سو، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں اردو کے وہ نثری اور شعری ادب پارے یکجا کر دیے گئے ہیں جو کلکتہ یونی ورسٹی کے بی۔ اے پاس کے نصاب میں شامل ہیں، تاکہ طالب علموں کو مواد کی تلاش میں دشواری نہ پیش آئے۔

نیچرل سائنس (دوسرا حصہ)

مرتب : ڈائرکٹریٹ آف اسکول ایجوکیشن

ناشر : ڈائرکٹریٹ آف اسکول ایجوکیشن، حکومت مغربی بنگال

قیمت : مفت

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن چہارم، تعداد پانچ ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب اردو کی چوتھی جماعت کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ اس میں "جاندار، جانور اور پیڑ پودے، کام اور قوت، حرارت کے اثرات، آسمان، جسم کے چند اہم کام، جیسے عنوانات کے تحت اہم معلومات فراہم کی گئی ہیں اور آخر میں ابواب سے متعلق اہم سوالات بھی شائع کیے گئے ہیں۔

نیو فزیکل سائنس

مصنف : قربان علی انصاری

ناشر : ناز بک ڈپو نمبر-6، بولائی دت اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : اڑتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 4+238 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

درسیات سے متعلق زیر نظر کتاب مغربی بنگال بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے تبدیل شدہ نصاب کے مطابق درجہ ہفتم کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ آٹھ ابواب پر مشتمل اس کتاب کی زبان نہایت سادہ اور سلیس ہے۔ یہ سائنس اس کے مقاصد اور استعمال، ہوا، کرہ باد اور دباؤ، عنصر، مرکب، آمیزش، پانی، پانی کا دباؤ اور اُچھال، کائناتی کشش جیسے اہم ابواب پر مشتمل ہے۔ آخر میں چند مختصر سوالات مع جوابات اور اہم سوالات شامل ہیں۔

نیو فزیکل سائنس

مصنف : قربان علی انصاری

ناشر : محمد عرفان ناز بک ڈپو، (کولوٹولہ مسجد کا اندرونی احاطہ)، نمبر 6، بولائی دت اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 48+208 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

درسیات سے متعلق زیر نظر کتاب نو ابواب پر مشتمل ہے اور ویسٹ بنگال بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے تبدیل شدہ نصاب کے مطابق ترتیب دی گئی ہے اس میں طلبہ کے ذہن و شعور کو مدِ نظر رکھتے ہوئے زبان سلیس اور عام فہم استعمال کی گئی ہے۔ اس کتاب کے اہم ابواب ''تیزاب اور الکلی، پانی، علامت اور فارمولا، مقناطیس، رواں برق، ہیں۔ اکثر مضامین کی وضاحت کے لیے تصاویر شامل کی گئی ہیں کتاب کا اختتام خارجی اور معروضی طرز کے سوالات پر ہوا ہے۔

نیو لائف سائنس (حصہ اوّل)

مصنف : قربان علی انصاری

ناشر : محمد عرفان، ناز پبلشنگ سینٹر، کلکتہ-73

قیمت : تیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 136 صفحات، ایڈیشن اول، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر درسی کتاب ویسٹ بنگال بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے مطابق درجہ ششم کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ آخر میں حصہ نو اور دس کے تحت چند بہت مختصر جوابات والے اہم سوالات اور چند حیاتیات کی اصطلاحات شائع کی گئی ہیں۔ طلبہ کی سہولت کی خاطر ہر باب میں تصویریں چھاپی گئی ہیں۔

ہائر سیکنڈری منتخبات اردو کی مکمل شرح

مرتبین : شاہ حفیظ الرحمٰن، عبدالجبار

ناشر : ناز پبلشنگ سینٹر، 77 مولانا شوکت علی اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : چوراسی روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 566 صفحات، ایڈیشن دوم، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب ہائر سیکنڈری کے نصاب کے مطابق ترتیب دی گئی ہے یہ نیا ترمیم واضافہ شدہ ایڈیشن ہے اس میں ڈرامہ کھیتی، نیرنگ خیال، پریم پچیسی، باسی پھول کے تعلق سے بھی سوالات اور ان کے جوابات ہیں، ساتھ ہی ساتھ 1995 تک امتحان میں آنے والے سوالات اور ان کے جوابات بھی شامل اشاعت ہیں۔

ہماری تاریخ

مرتبین : سعید پریمی، جعفر حسین

ناشر : مغربی بنگال اردو اکادمی، کلکتہ

قیمت : اکتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 390 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

درجہ نہم کی یہ درسی کتاب مغربی بنگال اردو اکادمی نے بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے نصاب کے عین مطابق کم قیمت میں فراہم کرائی ہے۔ کتاب کئی ابواب پر مشتمل ہے جن میں سے چند کے عنوانات حسب ذیل ہیں: ہندوستان کے خط و خال، ویدوں کے دور کی تہذیب، ہندوستان کی قدیم تاریخ وغیرہ۔

ہماری تاریخ

مصنف : سعید پریمی

ناشر : مغربی بنگال اردو اکادمی، سندری موہن ایونیو، کلکتہ

قیمت : اکتیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 243 صفحات، ایڈیشن چوتھا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

یہ درسی کتاب مغربی بنگال اردو اکادمی نے مغربی بنگال بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے تبدیل شدہ نصاب کے مطابق درجہ دہم کے لیے تیار کرائی ہے۔ کتاب کا پہلا ایڈیشن 1992 میں شائع ہوا تھا یہ اس کا چوتھا ایڈیشن ہے۔

ہماری جدید تاریخ

مصنف : جعفر حسین

ناشر : مکتبہ تعلیمات، 26، زکریا اسٹریٹ، کلکتہ-73

قیمت : چالیس روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 208 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر درسی کتاب نئے نصاب کے مطابق درجہ ہشتم کے لیے تیار کی گئی ہے۔ تاریخ

کی یہ کتاب سترہ ابواب پر مشتمل ہے۔ کتاب کے آغاز میں "دنیا کی چند عظیم شخصیتیں" کے عنوان سے اہم ہستیوں کی تصویریں شامل ہیں۔ جغرافیائی دریافت، یورپ میں مذہبی اصلاح، ہندوستان میں سلطنت مغلیہ، مرہٹوں کا عروج، پہلی جنگ عظیم، انقلاب روس، اور دوسری جنگ عظیم اس تاریخ کے اہم باب ہیں۔ ہر ایک باب کے اختتام پر سوالات بھی دیے گئے ہیں۔

یوریکا لائف سائنس

مصنف : خرم اسلم پرویز

ناشر : اے۔ ون پبلی کیشنز، بی ایل نمبر-3، کانکی نارہ، نارتھ 24 پرگنہ، (مغربی بنگال)

قیمت : تمیں روپے

سائز : 18X22/8 غیر مجلد، ضخامت 176 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر درسی کتاب مغربی بنگال بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے تبدیل شدہ نصاب کے مطابق درجہ ہفتم کے طلبہ کی استعداد کا لحاظ رکھتے ہوئے ترتیب دی گئی ہے۔ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ مضامین کی وضاحت کے ساتھ طلبہ کی تربیت کے لیے مناسب نقشے اور ہر باب کے اختتام پر خارجی و معروضی طرز کے مفید سوالات بھی درج کیے گئے ہیں۔

16- متفرقات

آپ کی تاریخ ولادت

مصنف : ناظر حسین شاہ

ناشر : عظیم پبلشرز، گلی راجان، کوچہ چیلان، نئی دہلی-2

قیمت : چالیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 228 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں نجوم کے متعلق "انوارِ نجانیہ" کے عنوان سے تفصیلات اور تمام ستاروں کے وجود اور نقل و حرکت سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

بچوں کے کپڑوں کے ڈیزائن

مصنفہ : صبیحہ انجم

ناشر : شالیمار پبلشنگ ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی

قیمت : سولہ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 60 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

اس کتاب میں بچوں کے جدید طرز کے ملبوسات تیار کرنے کی آسان ترکیبیں بتائی گئی ہیں۔ چند مندرجات یہ ہیں: باڈی بلاک، کالر کی ڈرافٹنگ، بیل باٹم کی ڈرافٹنگ وغیرہ۔

جامع النجوم

مصنف : ناظر حسین شاہ

ناشر : عظیم پبلشرز، گلی راجان، کوچہ چیلان، نئی دہلی-2

قیمت : پینتیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 158 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب فن اختر شناسی اور فلکیات پر ایک اہم تصنیف ہے۔ اس میں نظام شمسی، عناصر دوازدہ بروج، خصوصیات بروج، زائچہ کشید کرنا، اور اوضاعِ فلکی کے متعلق مضامین شامل ہیں۔

حرمتِ سود

مصنف : ابوالاعلیٰ مودودی

ناشر : مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی

قیمت : سات روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 64 صفحات، ایڈیشن تیسرا، تعداد چار ہزار، طباعت آفسیٹ

مولانا مودودی نے اسلامی نظم معیشت کا تعارف اور سود کے اخلاقی، روحانی تمدنی و اجتماعی نقصانات کا تجزیہ اس کتاب میں پیش کیا ہے۔

خطاّطی: ترجمہ تذکرۂ خوشنویسان کشمیر

مصنف : غلام محمد ہفت قلمی دہلوی / مترجم: محمد عبدالحیٔ فائز

ناشر : مولانا ابوالکلام آزاد عربک اینڈ پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، راجستھان، ٹونک-1

قیمت : بیالیس روپے

سائز : 18X22/8 مجلد، ضخامت 50 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب فارسی دستاویز "تذکرۂ خوشنویساں" کا اردو ترجمہ ہے۔ جس میں قلم کی تاریخ، رسم خط کی ایجاد اور اس کی قسمیں وغیرہ اختصار کے ساتھ بیان کی گئی ہیں مزید برآں خوشنویساں کا تذکرہ، عربی رسم الخط کی ابتدا اور اس کی ابتدا، نیز اسلامی دور میں فن خوشنویسی کی مختصر تاریخ قلمبند کی گئی ہے۔

روحی نٹنگ بک

مصنف : صبیحہ انجم

ناشر : شالیمار پبلشنگ ہاؤس، کوچہ چیلان، نئی دہلی-2

قیمت : تیرہ روپے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 70 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد درج نہیں، طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں عورتوں مردوں اور بچوں کے اونی ملبوسات تیار کرنے کی ترکیبیں بتائی گئی ہیں۔

رہنمائے تصویر کشی

مصنف : مختار احمد انصاری

ناشر : انصاری مختار احمد، دہلی

قیمت : ستائیس روپے دس پیسے

سائز : 20X30/8 غیر مجلد، ضخامت 100 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

"رہنمائے تصویر کشی" جو بچوں کے لیے مختار انصاری نے تیار کی ہے ڈرائنگ گریڈ امتحان کے تمام پرچوں کے حل پر مشتمل ہے۔

غزلات

مصنف : اختر حسین اختر

ناشر : مصنف، کمہار واڑہ، جمالپور، احمد آباد

قیمت : درج نہیں

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 85 صفحات، ایڈیشن پہلا، تعداد پانچ سو، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب میں کشیدہ کاری اور سلائی کے ٹانکے وغیرہ کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا ہے۔اس کے مندرجات اس طرح ہیں:

کشیدہ کاری کی اہمیت: کشیدہ کاری کے آلات واسباب، کپڑے پر ڈیزائن اُتارنے کے طریقے وغیرہ۔ یہ کتاب گجرات اردو اکادمی کے جزوی مالی تعاون سے شائع کی گئی ہے۔

مصباح الاعداد

مصنف : ناظر حسین شاہ زنجانی

ناشر : عظیم پبلشرز، گلی راجان، کوچہ چیلان، نئی دہلی-25

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت، 112 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

سولہ ابواب پر مشتمل اس کتاب میں اعداد کی خاصیتیں، حصول، مستقبل، نظام اوسیر، علم الاعداد وغیرہ سے بحث کی گئی ہے۔

مفاتح الغیب

مصنف : امام محمد جعفر صادقؑ

ناشر : عظیم پبلشرز، گلی راجان، کوچہ چیلان، نئی دہلی

قیمت : پچیس روپے

سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 88 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار، طباعت آفسیٹ

زیرِ نظر کتاب میں فال دیکھنے کا طریقہ، صادق آل محمد کے متفرق مختصر حالات، اور سورۂ یٰسین، سورۂ صافات، سورۂ قمر، سورۂ الرحمٰن وغیرہ کے فیوض بیان کیے گئے ہیں۔

مفاتح ریمیا

مصنف : ناظر حسین شاہ زنجانی

ناشر : عظیم پبلشر، گلی راجان، کوچہ چیلان، نئی دہلی-2
قیمت : پچیس روپے
سائز : 20X30/16 غیر مجلد، ضخامت 112 صفحات، ایڈیشن اوّل، تعداد ایک ہزار،
طباعت آفسیٹ

زیر نظر کتاب میں شعبدات کے علم اور جواہر ارضی اور اس کے فنون کی بنیاد کے متعلق تفصیلی مضامین شامل ہیں۔ بیس ابواب پر مشتمل اس کتاب میں عجائب البیوت، عجائب الخواتیم، عجائب البیضہ، عجائب مراقد، عجائب الکتاب، کے حوالے سے بھی نکات پیش کیے گئے ہیں۔